كنسبة السموم الى الهلاك لا شك انه كما يجتنب عن قليل السم وكثيره خوفا عن الهلاك كذلك
جیسی زہر واسطی ہلاک کی تو بیشک وہ جیسی زہر کی قلیل اور کثیر سی موت کی ڈر کا مارا بچتا ہی ایسی ہی

يجتنب عن قليل الذنوب وكثيرها وكبيرها وصغيرها خوفا من العقاب فان سبب ارتكاب المعاصي
نافرمانی کی قلیل اور کثیر سی اور صغیرہ اور کبیرہ سی عذاب کی ڈر کا مارا بچیگا کیونکہ باعث معاصی

والفجور ليس الا بسبب فساد العلم فان من علم ما في المعاصي من المضرة حقيقة العلم لا يوثرها الا ترى
اور فجور کی اختیار کرنی پر سوای فساد علم کی اور کچہ نہیں ہی اسلئی کہ معاصی کی مضرت جسکو حق الیقین کی مرتبہ میں ثابت ہی وہ معاصی کو کبہی نہیں اختیار

ان من علم من طعام لذيذ انه مسموم لا يقدم على تناوله فيعلم من هذا ان الايمان الحقيقي هو
کہانا کیسا ہی مزہ دار لذیذ ہو جب معلوم ہو کہ اسمیں زہر ملا ہی تو کبہی نہیں کہائیگا اس معلوم ہوا کہ حقیقی ایمان وہ

الايمان الذي يحمل صاحبه على فعل ما ينفعه في الاخرة وعلى ترك ما يضره فيها فاذا لم يفعل ما ينفعه
ہوتا ہی جو مؤمن کو اوس کام کی رغبت دی جسکی آخرت میں نفع ہو اور اوس کام سی روکی جو آخرت میں ضرر دی پہر اگر ایسی نافع کو عمل میں نہ لاوی

فيها ولم يترك ما يضره فيها لا يكون ايمانه حقيقيا بل لسانيا لا قلبيا فان المؤمن بالنار حقيقة الايمان
اور ایسی مضر کو نہ چہوڑی تو وہ حقیقی مؤمن نہیں ہی بلکہ صرف زبانی ہی دلی نہیں ہی کیونکہ دوزخ کا ایسا حقیقی مؤمن

حتى

حتی کانه یرها لا یسلك طریقها الموصل الیها فضلا عن السعی فی تحصیل دخولها وان المؤمن بالجنة حقیقة الایمان
گویا دوزخ سامنے نظر آتا ہے اوسکی رستہ کیجو دوزخ میں گرادے کبھی نہیں چلیگا چہ جائے کہ اوسکی وصول میں کوشش کرے ایسے ہی ایسا حقیقی مومن جنت کا

حتی کانه یرها لا یترك طلبها بل یسعی فی تحصیل دخولها وهذا امر یجده الانسان فی نفسه عند سعیه
گویا جنت سامنے نظر آتا ہے اوسکی طلب میں کبھی قصور نکریگا بلکہ اوسکی دخول کی کوشش کریگا اور یہہ بات ہر شخص اپنے دلمیں جانتا ہے

فی امور الدنیا فی دفع ما یضره وجلب ما ینفعه یسرنا الله من الاعمال ما یوافق رضاه المجلس الخامس
جب امور دنیاوی میں مضر باتونسے کیسا اجتناب اور مفید باتون میں کیسی کوشش کرتا ہے اسد تعالی ہمپر وہ کام آسان کرے جو اوسکی رضا کی موافق ہیں پانچویں مجلس

فی لزوم الایمان بما جاء به النبی صلی الله علیه وسلم ولا یجوز
ایمان کی لازم ہونے میں اون احکام پر جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم لائے ہیں اور اونکی مخالفت

المخالفة فیه قال رسول الله صلی الله علیه وسلم والذی نفس محمد بیده لا یسمع بی
جایز نہیں فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اوس ذات کی جسکی قبضہ میں محمدؐ کی جان ہے جو سنیگا میری

احد من هذه الامة یهودی ولا نصرانی ثم یموت ولم یؤمن بما ارسلت به الا کان من اصحاب
نبوت کو اس امت میں سے کوئی یہودی ہو یا نصرانی پھر وہ مرے اس حال پر کہ ایمان نہ لایا ہو میری سرلیف پر وہ دوزخی ہوگا

النار هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه ابو هریرة ولیس المراد بالامة ههنا امة الاجابة بدلیل
یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہے ابو ہریرہ کی روایت سے اور امت سے مراد اسجگہ امت اجابت یعنی اہل اسلام نہیں ہے اس لیے

کون الیهودی والنصاری مذکورا فیه بل المراد بها امة الدعوة فعلی هذا یدخل فیه جمیع اهل الملل
کہ اس حدیث میں یہودی اور نصرانی کا بھی ذکر ہے بلکہ مراد تمام امت دعوت ہے اس تقریر پر اس امت میں تمام باطل مذہب والے بھی داخل ہیں

الباطلة وتخصیص الیهود والنصاری بالذکر لیعلم انهما مع کونهما اهلی کتاب وصاحبی شریعة
اور یہود اور نصاری کا خاص جو نام لیا تو اسلئے کہ یہہ دونو اہل کتاب اور صاحب سرلیعت ہوکر

اذا کانا من اهل النار بترك الایمان بما جاء به النبی علیه الصلوة والسلام فغیرهما ممن لم یکن له کتاب
جب شریعت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نلانے سے دوزخی ہوے تو ماتی جس کے پاس نہ کتاب ہے

ولا شریعة اولی بذلك فکانه علیه الصلوة والسلام قال اقسم بالله الذی نفسی بقدرته
اور نہ شریعت بطریق اولی دوزخی ہوں گے تو گویا نبی علیہ السلام نے یہہ فرمایا کہ قسم ہے اوسکی جسکی قبضہ میں میری جان ہے

ان کل من یسمع بنبوتی ولا یؤمن بما جئت به من عند الله تعالی حتی یموت یکون من اهل النار
کہ بیشک جو جو میری نبوت کو سنیگا اور میری شریعت پر مرتی دم تک ایمان نہ لائیگا تو وہ دوزخی ہوگا

ویعلم منه ان الایمان وان کان فی اللغة بمعنی التصدیق مطلقا لکنه فی الشریعة تصدیق الرسول
اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایمان اگرچہ لغت میں مطلق تصدیق کو کہتے ہیں پر شرع میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کو

فی کل ما علم ضرورة انه جاء به من عند الله واشتهر کونه من دینه علیه الصلوة والسلام بحیث
کہتے ہیں ہر ایک احکام میں جو صاف معلوم ہوتی ہیں کہ یہہ احکام خدا کی طرف سے لائے ہیں اور دین نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں مشہر چکے ہیں ایسا کہ

یعلم کل احد من غیر افتقار فی معرفته الی الاستدلال اصلا لا بدلیل العقل ولا بدلیل النقل وان کان
ہر شخص بدون استدلال کی سمجھ لے غایت ظہور سے نہ عقلی دلیل کی حاجت ہو نہ نقلی دلیل کی اگرچہ

فی نفسه یتوقف معرفته علی الاستدلال علیه بدلیل من دلیلی العقل والنقل کوجود الصانع
نفس امر میں اوسکی معرفت عقلی یا نقلی دلیل پر موقوف ہو جیسے صانع کا وجود

روجوب الصلوۃ وحرمۃ الخمر واحوال الاخرۃ فان کل واحد منها وان کان فی نفسه یتوقف

اور نماز کا وجوب اور شراب کی حرمت اور آخرت کی احوال ان مطالب کی معرفت اگرچہ نفس الامر میں

معرفته علی الاستدلال علیه اما بدلیل العقل کوجود الباری تعالی وصفاته او بدلیل النقل

استدلال پر موقوف ہی یا تو عقلی دلیل پر جیسی باری تعالی کا وجود اور اوسکی صفات یا نقلی دلیل پر

کوجوب الصلوۃ وحرمۃ الخمر واحوال الاخرۃ لکن کونه من دینه علیه الصلوۃ والسلام

جیسی نماز کا وجوب اور شراب کی حرمت اور آخرت کی احوال لیکن ہر ایک کو صاف معلوم ہی کہ یہہ دینی احکام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیں

معلوم بالضرورۃ لکل احد من غیر احتیاج فی معرفته الی الاستدلال علیه بدلیل ویکفی

اسکی معرفت میں اصلا کسی دلیل کی حاجت نہیں ہی اور جو احکام

الاجمال فیما یلاحظ اجمالا ویشترط التفصیل فیما یلاحظ تفصیلا حتی ان من لم یصدق بوجوب

مجمل لحاظ کی جاتی ہیں وہاں اجمال کفایت کرتا ہی اور جہاں ملاحظہ تفصیلی چاہئی وہاں تفصیل شرط ہی یہانتک کہ سوال کی وقت جو شخص وجوب

الصلوۃ عند السوال عنها وبحرمۃ الخمر عند السوال عنها لا یکون مؤمنا بل یکون کافرا لکون

نماز اور حرمت شراب کی تصدیق نکری وہ مؤمن نہیں ہی بلکہ کافر ہوویگا کیونکہ

کل منهما مما علم بالتواتر انه من دینه علیه الصلوۃ والسلام والحاصل ان من اراد ان

یہہ دونو حکم تواتر سی معلوم ہو چکی ہیں کہ دین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی ہیں اور حاصل یہہ ہی کہ جو شخص ایمان لایا چاہی

یکون مؤمنا وقال بلسانه لا اله الا الله محمد رسول الله وصدق معناه بقلبه یکون مؤمنا

وہ اپنی زبان سی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہی اور دل سی اسکی معنی کی تصدیق کری وہ مؤمن ہوجاتا ہی

وان لم یعرف الفرائض والمحرمات ثم اذا قبل الصلوات الخمس فی کل یوم ولیلۃ فرض علیك فان

اگرچہ اوسکو فرائض اور محرمات معلوم نہوں پھر اگر اوس سی کہا جاوی کہ ہر رات دن میں پانچ نمازیں تجھ پر فرض ہیں پھر اگر

صدقها وقبلها یکون ثابتا علی ایمانه وان انکرها ولم یقبلها یکون خارجا عن الایمان وکذلك

اوسی اوسکی تصدیق کی اور مان لیا تو وہ اپنی ایمان پر ثابت رہا اور اگر انکار کیا اور نہ مانا تو ایمان سی خارج ہوا اور ایسی ہی

سائر الفرائض والمحرمات الثابتۃ بدلیل قطعی من الکتاب والسنۃ واجماع الامۃ وان اشکل

اور تمام فرائض اور محرمات جو دلیل قطعی کتاب اور سنت اور اجماع امت سی ثابت ہو چکی ہیں اور اگر

علیه مسئلۃ من مسائل الایمان یجب علیه فی الحال ان یعتقد علی الاجمال ما هو الصواب عند الله تعالی

کوئی مسئلہ ایمان کی مسائل میں سی اوسپر مشتبہ ہوجاوی تو اوسپر بالفعل تو یہہ واجب ہی کہ مجمل یہہ اعتقاد کری کہ جو اللہ کی نزدیک

بان یقول اعتقدت ما هو الصواب عند الله تعالی وهذا القدر یکفی الی ان یجد عالما یعلم مسائل

حق ہی میں نی قبول کیا اور ایسا کہی کہ جو اللہ کی نزدیک حق ہی وہ میں نی مانا مجملا اتنا اعتقاد تبتک کفایت کرتا ہی کہ کوئی عالم دینی مسائل کا میسر آوی

الایمان فیساله عما اشکل علیه ولا یجوز له تاخیر الطلب لقوله تعالی فسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون

اور سنا ہا دی پیر اوس سی وہ مسئلہ مشتبہ پوچھ لی اور جایز نہیں کہ اوسکی تلاش میں تاخیر کری کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی پوچھ لو یاد رکھنی والوں سی اگر تم نہیں جانتی ہو

ولا یکون معذورا بالتوقف فیما اشکل علیه بل یکون کافرا بالتوقف ان کان ما اشکل علیه من ضروریات

اور اوس مسئلہ مشتبہ میں توقف کی باب میں معذور نہیں ہوگا بلکہ اگر وہ مسئلہ ضروریات دینی سی ہی تو محض توقف کرنی سی کافر ہوجاویگا

الدین لان التوقف فی المؤمن به یمنع التصدیق فیکون کفرا مثلا من اشکل علیه وحدانیۃ الله تعالی

کیونکہ توقف کرنا ایمان کی بات میں تصدیق میں خلل پیدا کرتا ہی سو یہہ کفر ہی مثلا کسی شخص کو اللہ کی وحدانیت میں

اوقدرته على شئ اوعلمه بكل شئ من الكليات والجزئيات اوحشر الاجساد اوحدوث العالم
یا اسکی قدرت میں کسی شی پر یا اوسکی علم میں تمام کلیات اور جزئیات پر یا بدن کی پیدایش میں بعد مرنی کی یا عالم کی حادث ہونی میں
ونحو ذلك فقال اعتقدت ما هو الحق عند الله تعالى يثبت ايمانه الاجمالي لوجود التسليم والقبول
یا ایسی ہی کسی اور بات میں شبہ واقع ہوا ہو پھر وہ قایل ہوا کہ جو خدا کی نزدیک حق ہی میں نی مانا تو اوسکا اجمالی ایمان ثابت رہیگا کیونکہ اجمالی قبولیت اور تسلیم موجود ہی
اجمالا لكن ان لم يسئل عما اشكل عليه من هذه المذكورات بل انه اخر الطلب اولم يطلب اصلا
لیکن اگر اوسنی اوس مشتبہ مسئلہ کو ان مذکورات میں سی ٹال رکھا اور نہیں پوچھا یا کبھی بھی نہ پوچھا تو اوسکی تسلیم
لا يبقى مؤمنا بقوله اعتقدت ما هو الحق عند الله تعالى بل يكون كافرا بترك السؤال و
اجمالی کہ جو خدا کی نزدیک حق ہی وہ میں نی مانا سو مومن نہیں رہیگا بلکہ بسبب ترک سوال اور
الطلب لان هذه المذكورات من ضروريات الدين يعلمها كل عاقل نشا بين المؤمنين والحاصل
تلاش کی کافر ہوجاویگا کیونکہ یہہ تمام مذکورات ضروریات دین سی ہیں انکو ہر ایک عاقل جو مسلمانوں میں پیدا ہوا ہی جانتا ہی خلاصہ یہہ ہی
ان من اشكل عليه كون اله العالم واحدا او متعددا ولم يمل قلبه الى واحد منهما يجب عليه
کہ جس شخص پر یہہ مسئلہ مشتبہ ہوجاوی کہ پروردگار عالم کا ایک ہی یا کئی ہیں اور اوسکی دل میں کوئی ایک جانب راسخ نہو تو اوسپر واجب ہی
ان يقول في الحال اعتقدت ما هو الحق عند الله تعالى ثم يجب عليه الطلب والسؤال بلا توقف
کہ فوراً یہہ کہی میں نی مانا جو اسد کی نزدیک حق ہی پھر اوسپر ترنت بلا توقف تلاش اور دریافت کرنا واجب ہی
ولا تاخير حتى لو اخر الطلب او تركه ولم يعتقد كون اله العالم واحدا لا يكون مؤمنا بل يكون
اتنا کہ اگر اسنی اس تلاش کو ٹال رکھا یا چھوڑ دیا اور پروردگار عالم کو واحد نہ جانا تو مؤمن نہوگا بلکہ کافر ہوگا
كافرا وكذا من توقف في يوم القيمة او في الجنة او في النار او في الميزان او في الحساب او في الصراط
ایسی ہی جو شخص قیامت کی دن یا بہشت یا دوزخ یا میزان یا حساب یا پل صراط
او في الصحائف التي كتب فيها اعمال العباد او في شفاعة الشافعين لا يكون مؤمنا بل يكون كافرا
یا نامہ اعمال جسمیں بندوں کی اعمال لکھی جاتی ہیں یا شفاعت شافعین میں توقف کری مؤمن نہیں ہوتا بلکہ کافر ہوتا ہی
لان التوقف والتردد ينافي التصديق المفسر به الايمان وتحقيقه ان الايمان في اللغة التصديق وهو
اسلئی کہ توقف اور سوچ بچار اوس تصدیق کی برخلاف ہی جسکو ایمان کہتی ہیں اسکی تحقیق یہہ ہی کہ ایمان لغت میں تصدیق کو کہتی ہیں اور وہ
اذعان حكم المخبر وقبوله وجعله صادقا بعد العلم بصدقه ولم ينقل في الشرع الى معنى اخر بدليل
یقین کر کر مان لینا خبر کی حکم کا اور اوس مخبر کو سچا جان کر سچا ٹہرانا اور شرع میں تصدیق کو اوس معنی سی اور معنی کی طرف نقل نہیں کیا دلیل یہہ ہی
انه عليه الصلوة والسلام خاطب العرب به وامتثل منهم من امتثل من غير استفسار ولا
کہ رسول صلی اسد علیہ وسلم نی عرب سی گفتگو میں تصدیق طلب کی اور جو اونمیں سی مطیع ہوا تو اوسنی تصدیق کی نہ معنی پوچھی نہ
افتقار الى بيان الا بحسب المتعلق وهو ما يجب الايمان به فبينه عليه الصلوة والسلام وفصله
بیان طلب کیا ہاں متعلق کا فرق ہوتا ہی یعنی جسپر ایمان لانا چاہی سو رسول صلی اسد علیہ وسلم نی اوسکو بیان فرمایا اور کچھ تفصیل کی
بعض التفصيل حين جاءه جبرئيل عليه السلام على صورة رجل غريب يسئل عن الايمان فقال يا محمد اخبرني
جب کہ جبرئیل علیہ السلام نی ایک مرد مسافر کی صورت میں آکر ایمان کو دریافت کیا عرض کیا یا محمد بتاؤ
عن الايمان فقال عليه الصلوة والسلام الايمان ان تؤمن بالله وملئكته وكتبه ورسله الى اخر الحديث
ایمان کیا ہی آپ نی فرمایا ایمان یہہ ہی کہ تو یقین کری اسد کا اور اوسکی فرشتوں کا اور کتابوں کا اور رسولوں کا آخر حدیث تک

فانه علیه الصلوة والسلام بین فیه معنی الایمان بهذا اللفظ تعویلا علی ظهور معناه عندهم
ثم قال هذا جبرئیل اتاکم یعلمکم دینکم فلو کان الایمان نقل الی معنی غیر التصدیق تبین نقله
کما تبین نقل الصلوة والزکوة ونحوهما والا لکان هذا خطابا لهم بما لم یفهموه ولما صح ان یکون تعلیما لهم
ولما صح امتثالهم من غیر استفسار فظهر ان الایمان لم یعتبر فیه شرعا الا الخصوص باعتبار
متعلقه بعد ما ارید به التصدیق بالمعنی اللغوی وهو ما یعبر عنه فی الفارسیة بگرویدن وفی الترکیة
باناندق ثم التصدیق من ضرورته المعرفة والیقین فعلی هذا لا یتحقق تصدیق الرسول الا بعد
اثبات رسالته بالمعجزة الدالة علی صدقه ودلالة المعجزة علی صدقه تتوقف علی العلم بکون المعجزة
فعلا من افعاله تعالی خارقا للعادة اظهره علی ید رسوله عند ادعائه الرسالة تصدیقا له فانه تعالی
باظهار المعجزة علی یده صار کانه قال صدق رسولی فی کل ما یبلغ عنی سواء کان تبلیغه بقوله او فعله
او سکوته وقد مثل العلماء بشخص قام فی مجلس ملک بحضور جماعة وقال انا رسول هذا الملک بعثنی
الیکم بکذا وکذا من التکالیف وطلبوا منه حجة تدل علی صدقه فقال آیة صدقی ان اطلب من
الملک ان یخالف عادته یقوم من مقامه ویقعد ثلث مرات ففعل الملک ذلک بطلبه فلا شک ان
ذلک الفعل من الملک قائم مقام قوله صدق هذا الشخص فی کل ما یبلغ عنی ومفید للعلم الضروری
بصدقه لمن شاهد ذلک الفعل من الملک ولمن لم یشاهده بل وصل الیه خبره بالتواتر ولا ریب ان
هذا المثال مطابق لحال الرسول علیه الصلوة والسلام فی افادة معجزته العلم الضروری بصدقه
لمن شاهدها ولمن لم یشاهدها بل وصل الیه خبرها بالتواتر وقد وصل الینا بالتواتر

انه

انه علیه الصلوة والسلام ادعی النبوة واظهر المعجزة حتی جری ذلک مجری الشمس فی الظهور فـ

کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت کا دعوی کیا اور معجزہ ایسا ظاہر کیا کہ آفتاب کی مانند روشن ہے سو

علینا تصدیقه فی جمیع ما جاء به من عند الله تعالی من الاحکام التکلیفیة التی هی وجوب الواجبات

ہم پر اوسکی تصدیق تمام احکام تکلیفی میں جو جو خدا کی طرف سے لائے ہیں واجب ہے اور وہ احکام یہ ہیں واجبات کا واجب ہونا

وندب المندوبات واباحة المباحات وحرمة المحرمات وکراهة المکروهات ومنه امور الاخرة التی اول

اور مندوبات کا ندب اور مباحات کی اباحت اور محرمات کی حرمت اور مکروہات کی کراہیت اور بعضے انہیں امور آخرت ہیں جسکی

منزل من منازلها القبر واحیاء المیت فیه وسوال منکر ونکیر ثم کونه اما روضة من ریاض الجنة

منزلوں میں سے پہلی منزل قبر ہے اور اوس میں مردہ کا جینا اور منکر نکیر کا سوال پھر وہ قبر یا جنت کی باغ کا

او حفرة من حفر النار ثم البعث منه یوم القیمة الی العرصات ثم اعطاء الکتب التی کتب فیها اعمال

یا گڑہا ہے دوزخ کا پھر وہاں سے قیامت کے دن محشر کے میدان میں جانا پھر نامہ اعمال کا دینا جسمیں تمام عمل بندوں کے لکھے ہوئے

العباد فیؤتی کتاب بعضهم بیمینه وکتاب بعضهم بشماله او من وراء ظهره ثم الحساب ثم نصب

ہونگے پھر کسیکو دہنے ہاتھ میں دیا جاویگا اور کسیکو بائیں ہاتھ میں یا اوس کے پیٹھ سے پھر حساب کا ہونا پھر

المیزان لوزن الاعمال فمن ثقلت حسناته وخفت سیاته فهو فی عیشة راضیة ومن خفت

ترازو کھڑی کرنی اعمال تولنے کے لئے سو جسکی نیکیاں بھاری ہونگی یعنی زیادہ اور گناہ ہلکی یعنی کمتر ہونگی وہ تو اچھے چین میں رہا اور جسکی نیکیاں کمتر

حسناته وثقلت سیاته فامه هاویة ثم وضع الصراط علی متن جهنم لمرور الناس علیه فیمر بعضهم

اور گناہ زیادہ ہونگے تو اوسکا ٹھکانا گڑھا ہے پھر دوزخ کے اوپر صراط کا تان دینا آدمیوں کے چلنے کے لئے پھر کوئی تو

کالبرق الخاطف وبعضهم کالریح العاصف وبعضهم کالفرس الجواد وبعضهم یعدو عدوا وبعضهم یمشی

مثال چمکتی بجلی کی اور کوئی مانند تند ہوا کی اور کوئی مثل دوڑتی گھوڑے کی اور کوئی دوڑتا ہوا اور کوئی لپکتا ہوا

متسبا وبعضهم یجر حبوا وبعضهم یسقط الی النار ویلقونه الزبانیة بالسلاسل والاغلال نسال الله تعالی

اور کوئی گھسٹتا ہوا جاویگا اور کوئی دوزخ میں گر پڑیگا اور دوزخ کے موکل اوسکو ترت زنجیروں اور طوق میں قید کرینگے ہمکو

ان یحفظنا من جمیع هذه الاهوال وقد تبین بجمیع ما ذکر ان تصدیق الرسول علیه الصلوة والسلام لم یتحقق

ان تمام ہولوں سے محفوظ رکھیو اس تمام تقریر سے ظاہر ہوا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق

الا بعد اثبات رسالته بالمعجزة الدالة علی صدقه ودلالة المعجزة علی صدقه تتوقف علی العلم بکون تلک المعجزة

بدون ثبوت رسالت کی معجزہ سے جو اوسکی صدق پر دلالت کرتا ہے متحقق نہیں ہوتی اور معجزہ کی دلالت اوسکی صدق پر اس علم پر موقوف ہے کہ یہ معجزہ

فعلا من افعاله تعالی والعلم بکونها فعلا من افعاله تتوقف علی العلم بوجوده تعالی وکونه قدیما واحدا

ایک فعل ہے افعال الہی سے اور معجزہ کا فعل ہونا افعال الہی سے اس علم پر موقوف ہے کہ اللہ تعالی موجود قدیم واحد

متصفا بالقدرة والارادة والعلم والحیوة لانها لکونها فعلا من افعاله تعالی یتوقف وجودها علی وجوده تعالی

قدرت والا ارادہ والا علیم حی ہے کیونکہ معجزہ جب فعل ٹھہرا افعال الہی سے تو بیشک اوسکا عمل میں آنا وجود الہی

وکونه موصوفا بهذه الصفات والعلم بوجوده تعالی لا یمکن ان یحصل بالحس لانه تعالی لیس محسوسا کالشمس

اور ان تمام صفات پر موقوف ہوگا اور علم وجود باری تعالی کا حواس کے وسیلہ سے حاصل ہونا ممکن نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالی آفتاب اور مہتاب کی طرح

والقمر حتی یعلم وجوده بالحس ولیس العلم بوجوده ضروریا کالعلم بکون الاثنین اکثر من الواحد حتی یعلم

محسوس نہیں ہے جو حواس کے وسیلہ سے معلوم ہو جاوے اور نہ علم وجود الہی کا ایسا بدیہی ہے کہ جیسا ہم دو کو ایک سے بڑھتی جانتے ہیں تاکہ بداہت سے

وجوده بالبداية بل انما يعلم وجوده بالاستدلال من المصنوع الى الصانع ومن الاثر الى المؤثر كما روى ان
معلوم ہو جاوی اسے بجز استدلال کی مصنوع سی صانع پر اور اثر سی مؤثر پر کوئی طریق نہیں ہی چنانچہ روایت ہی

اعرابيا سئل عن الدليل الدال على وجوده تعالى فقال البعرة تدل على البعير والروث على الحمير وآثار الاقدام
کہ ایک اعرابی سی ایسی دلیل پوچھی جس سی وجود آپکی ثابت ہو جاوی اوسنی جواب دیا کہ مینگنی اونٹ پر اور لید گدھی پر اور پاؤں کا نشان

على المسير افلا تدل سماء ذات ابراج وارض ذات فجاج وبحار ذات امواج على الصانع القدير وروى ان ابا
چلنی والی پر دلالت کرتا ہی پھر کیا برجوں والا آسمان اور رستوں والی زمین اور موج مارتا دریا صانع قدیر پر دلالت نہیں کرتی اور روایت ہی کہ

حنيفة كان سيفا حادا على الدهرية وكانوا ينتهضون الفرصة ليقتلوه فبينما هو قاعد فى المسجد يوما
امام ابو حنیفہ دہریوں کی حق میں مثل تیز تلوار کی تہی اور دہریہ اونکی قتل کی لئی فرصت کی تاک میں رہتی تہی ایک روز امام صاحب تنہا مسجد میں بیٹھی تہی

وحده اذ هجم عليه جماعة منهم بسيوف مسلولة وهموا بقتله فقال لهم اجيبوني عن مسئلة ثم افعلوا
ناگاہ دہریوں کا غول ننگی تلواریں کہینچکر قتل کی لئی چڑہ آیا امام صاحب نی کہا میری ایک بات کا جواب دیدو پھر جو چاہو

ما شئتم فقالوا ما مسئلتك فقال لهم ما تقولون فى رجل يقول انى رايت سفينة مشحونة بالاحمال
سو کرنا بولی وہ کیا بات ہی امام نی کہا کیا کہتی ہو ایسی شخص کو جو یہہ کہتا ہی میں نی ایک کشتی مال اسباب کی بہری ہوئی دیکہی ہی

مملوة بالاثقال قد احتوشتها فى لجة البحر امواج متلاطمة ورياح مختلفة وهى من بينها تجرى مستوية
کہ دریا کی اندر موجوں کا طماچہ اور مختلف ہواؤں کا صدمہ اوسپر پڑتا تہا پر وہ کشتی

من غير ملاح يجريها ولا مدبر يدبر امرها هل يجوز هذا فى العقل قالوا لا هذا شئ لا يقبله العقل فقال
بدون ملاح کی جو تدبیر سی اوسکی خبرداری کری برابر لی کہنکر چلی جاتی تہی آیا یہہ بات عقل کی نزدیک ہو سکتی ہی وہ بولی اس بات کو عقل قبول نہیں کرتی پہر

الامام ابو حنيفة يا سبحان الله اذا لم يجز فى العقل ان تجرى سفينة مستوية من غير ملاح
امام صاحب نی کہا سبحان اللہ جب ایک کشتی عقل کی نزدیک بدون ملاح کی

يدبر امرها فى جريانها فكيف يجوز فى العقل قيام هذه الدنيا على اختلاف احوالها وتغير اعمالها
جو تدبیر سی چلی برابر سیدہی درست نہیں چل سکتی تو کیونکر عقل یہہ قبول کرتی ہی کہ دنیا جسکی احوال مختلف اور اعمال متفرق

وسعة اطرافها وتباين اكنافها من غير صانع يدبر امرها وحافظ يحفظ حالها فلما سمعوا كلامه
اطراف وسیع کنارے الگ الگ بغیر صانع کی جو اوسکی حال کو سنبہالی اور حفاظت کری قایم رہی یہہ کلام سنتی ہی

بكوا جميعا فقالوا صدقت واغمدوا سيوفهم وتابوا واسلموا بين يديه وروى ان بعض الزنادقة انكر الصانع
سب کی سب روئی اور بولی آپ سچ فرماتی ہیں اور اپنی تلواریں میان کرلیں اور توبہ کرکر اونکی سامنی مسلمان ہوگئی اور روایت ہی کہ کسی زندیق نی

عند جعفر الصادق فقال له جعفر هل ركبت البحر قال نعم قال هل رايت اهواله قال نعم قال هاجت
حضرت جعفر صادق کی آگی خدا کا انکار کیا حضرت جعفر نی فرمایا تو نی دریا کا سفر بہی کیا ہی بولا ہاں پہر فرمایا اوس سفر کی سختیاں بہی دیکہی ہیں بولا ہاں

يوما رياح هائلة فكسرت السفينة واغرقت الملاحين فتعلقت بلوح ثم ذهب عنى ذلك
ایکروز ایسی تند آندہی چلی کہ کشتی ٹوٹ گئی اور ملاح ڈوب گئی میں ایک تختہ پر چڑہ رہا پہر وہ تختہ بہی چھوٹ گیا

اللوح وانا مدفوع فى تلاطم الامواج حتى وقعت الى الساحل فقال جعفر كان اعتمادك اولا على السفينة
اور میں موجوں میں غوطہ کہاتا ہوا کنارہ جا لگا حضرت جعفر نی فرمایا تجہکو پہلی تو کشتی

مع الملاح ثم على اللوح بانه ينجيك فلما ذهبت عنك تلك الاشياء هل اسلمت نفسك الى الهلاك
اور ملاح پر بہروسا تہا پہر اوس تختہ پر بہروسا کہ یہہ بچالیگا پہر جب تیری ہاتہ سی یہہ سب چیزیں چھوٹ گئیں تو بول کیا تو نی اپنی جان موت کی حوالہ کی تہی

ام كنت ترجو سلامة بعدُ قال بل رجوت السلامة قال فمن كنت ترجوها فسكت الرجل فقال جعفر
یا یہی نجات کی امید باقی تھی تو نجات کی امید باقی تھی فرمایا پھر امید کسکی تھی اب وہ شخص چپ ہو رہا پھر امام جعفر نے فرمایا
ان الصانع هو الذی ترجوه فی ذلك الوقت من غير شعورك به وهو الذی انجاك من الغرق فلما
وہ ہی خدا ہے تو اس وقت بھی نجات کی امید رکھتا تھا گو تجھکو معلوم نہ تھا اور اسی نے تجھکو ڈوبنے سے بچایا جب
سمع ذلك الرجل هذا الكلام منه قبله واسلم بين يديه فقد علم من هذا ان طريق معرفة
اس شخص نے یہ بات سنی دل سے مان گیا اور انکے سامنے مسلمان ہو گیا اس سے معلوم ہوا کہ معرفت الٰہی کا طریق
الله تعالى بالاستدلال الذی هو النظر فی الدليل فيكون النظر واجبا لانه تعالى امر به فقال
استدلال ہی ہے یعنی دلیل میں غور کرنا سو نظر کرنا واجب ہے کیونکہ اللہ تعالی کا یہ حکم ہے
قل انظروا ماذا فی السموت والارض فمن تركه يكون آثما لانه تعالى اعطى الانسان نعمة العقل
تو کہہ نظر کرو کیا ہے آسمانوں میں اور زمین میں پھر جو شخص استدلال نہ کرے وہ گنہگار ہوگا کیونکہ اللہ تعالی نے انسان کو عقل کی نعمت اسی لئے دی ہے
ليستدل به على وجوده تعالى وقدمه ووحدته وسائر صفاته التی تدل عليها افعاله وهی القدرة و
کہ وجود الٰہی پر اور اسکی قدم اور وحدت اور تمام اوصاف پر جو افعال الٰہی سے ثابت ہوتی ہیں یعنی قدرت اور
الارادة والعلم والحيوة فاذا لم يستدل به لا يكون مؤديا شكر نعمة العقل فيكون آثما فان لم يغفر
ارادہ اور علم اور حیات استدلال کیا کرے پھر جب استدلال نہ کیا تو اسنے عقل کی نعمت کا شکر ادا نہ کیا سو یہ شخص گنہگار ہوگا اگر اسکو اللہ نے بخشی
الله له فانه وان كان عاقبته الجنة لكن بعد ان يعذب بقدر ذنبه فعلى هذا يجب على كل مؤمن
تو اختیار ہے یہ شخص اگرچہ اسکا انجام بہشت ہے پر گناہ کی موافق عذاب بھگت کر اب اس تقریر کی موافق ہر مومن پر واجب ہے
ان يعتنی فی معرفة الله تعالى ومعرفة ما يجب عليه اعتقاده بالنظر والاستدلال حتى يخرج
کہ معرفت الٰہی اور تمام اعتقادی امور میں نظر اور استدلال کیا کرے تاکہ اہل تقلید سے
من التقليد ويكون من اهل اليقين لان المقلد لا يقين له اصلا لانه هو الذی لم يتفكر فی خلق
نکل کر اہل یقین میں داخل ہو جاوے کیونکہ مقلد کو یقین کا مرتبہ کبھی حاصل نہیں ہوتا کیونکہ مقلد تو وہ ہوتا ہے جو
السموت والارض واختلاف الليل والنهار حتى يعرف خالقه وسائر ما يجب عليه اعتقاده بل اخبره
آسمانوں اور زمین کی پیدایش اور رات دن کی اختلاف میں غور اور فکر نہیں کرتا تاکہ اپنے خالق کو اور تمام اعتقادی امور کو دریافت کرے بلکہ اوسکو
احد بها وصدقه فيها ففی صحة ايمانه اختلاف بين العلماء واما الذين نشأوا فی دار الاسلام وسمعوا
کسی نے کچھ بتا دیا اوسنے تسلیم کر لیا سو ایسی شخص کی ایمان میں علما اختلاف کرتے ہیں کہ صحیح ہے یا نہیں اور جو لوگ دار اسلام میں پیدا ہوئے ہیں اور
معجزات النبی عليه الصلوة والسلام وتفكروا فی خلق السموت والارض واختلاف الليل والنهار فلا خلاف
معجزات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی پیدایش اور رات دن کی اختلاف میں فکر کرتے ہیں سو
فی صحة ايمانهم لكونهم من اهل النظر والاستدلال ولا يشترط الاقتدار على التقرير والتحرير ومجادلة
انکی ایمان میں اصلا اختلاف نہیں ہے کیونکہ وہ لوگ نظر اور استدلال والے ہیں اور تقریر اور تحریر اور
الخصوم ودفع شبهاتهم

المجلس السادس فی بيان من رضی بالله ربا وبالاسلام

مخالفوں کی ساتھ مناظرہ کرنا اور انکا شبہ دفع کرنا کچھ شرط نہیں ہے چھٹی مجلس اس بیان میں کہ جو خوش ہو اللہ کو رب مان کر اور اسلام کو

دينا وبمحمد صلى الله عليه وسلم نبيا ذاق طعم الايمان قال رسول
دین جان کر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی سمجھ کر اوسنی ایمان کا مزہ چکھا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذاق طعم الایمان من رضی باللہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد رسولا ھذا
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایمان کا مزہ اوس شخص نے چکھا جسنے خوشی سی مان لیا اللہ کو پروردگار اور اسلام کو دین اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول یہہ

الحدیث من صحاح المصابیح رواہ العباس بن عبد المطلب ومعناہ ان من اطمئن قلبہ بکون
حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی عباس بن عبد المطلب کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہین کہ جسکی دل میں طمانیت ہوگئی خدا کی

اللہ تعالی ربہ ولم یطلب ربا غیرہ واکتفی بکون الاسلام دینہ ولم یطلب دینا غیرہ وقنع بکون محمد
ربوبیت پر اور سوا اوسکی دوسرا رب تلاش نکری اور اسلام کو دین کافی جان کر دوسرا دین تلاش نکرے اور رسالت محمدی

صلی اللہ علیہ وسلم رسولہ ولم یطلب رسولا غیرہ یتحقق فیہ الایمان ومن لم یرض بواحد منہا لا
صلی اللہ علیہ وسلم پر قناعت کرکر دوسرا رسول تلاش نکری ایسی شخص میں ایمان متحقق ہوتا ہی اور جو شخص ان امور میں سی کسی ایک پر بھی

یوجد فیہ الایمان لان الایمان فی الشریعۃ ھو التصدیق بالمعنی اللغوی وھو اذعان حکم المخبر وقبولہ
راضی نہوگا اوسمین ایمان کا پتا نہین کیونکہ شریعت میں ایمانسی مراد تصدیق باعتبار معنی لغت کی ہی یعنی مخبر کی حکم کا یقین کرنا اور مان لینا

وجعلہ صادقا بعد العلم بصدقہ لا مجرد العلم بصدقہ اذ یلزم ان یکون کل عالم بصدق النبی علیہ
اور اوسکو سچا جان کر صادق ٹہرانا نرا علم صداقت کا مراد نہین ہی نہین تو جسکو علم صداقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوا کری

الصلوۃ والسلام مؤمنا ولیس کذلک لان کثیرا من الکفار لم یؤمنوا بہ مع کونہم عالمین بصدقہ
وہ مؤمن ہوا کری اور یہہ امر غلط ہی اسلئی کہ اکثر کفار جیسی یہود ایمان نہین لائی اور نبی کو سچا جانتی تہی

کما یدل علیہ قولہ تعالی فی حق بعض الکفرۃ والذین اتینہم الکتب یعرفونہ کما یعرفون ابناءہم فدل
چنانچہ اللہ تعالی کا ارشاد جو بعضی کفار کی حق میں نازل ہوا ہی اس دعوی پر دلالت کرتا ہی جنکو دی ہمنی کتاب وہ جانتی ہین اوسکو جیسی جانتی ہین اپنی بیٹون کو

النص علی ان التصدیق لیس مجرد العلم بل ھو اذعان لما علم وقبولہ لہ بترک الجحود والعناد وبناء الاعمال
اس آیت سی صاف معلوم ہوتا ہی کہ تصدیق صرف علم نہین ہی بلکہ تصدیق کیا ہی یقین کرنا احکام معلومہ کا اور مان لینا انکار اور مخالفت چہوڑکر اور اسی پر اعمال

علیہ وھذا امر زائد علی العلم لا یحصل فی الغالب الا بعد العلم والعلم ھو الجزم المطابق لما فی نفس الامر
کی بنا ہی اور یہہ امر علم سی جدا ہی اکثر اوقات یہہ امر بعد حصول علم کی ہوتا ہی اور علم کیا ہی یقین کرنا نفس الامر کی مطابق

بشرط ان یحصل ذلک الجزم بسبب واما الجزم الحاصل بغیر سبب فلیس بعلم بل ھو اعتقاد وتحقیق
بشرطیکہ وہ یقین کسی دلیل سی حاصل ہوا ہو اور جو یقین کہ بے دلیل حاصل ہوتا ہی اوسکو علم نہین کہتی بلکہ وہ اعتقاد کہلاتا ہی اسکی تحقیق

ذلک علی ما ذکرہ الامام التوسی ان الحکم الحادث ینشا عن امور خمسۃ علم واعتقاد وظن ووہم
موافق تقریر امام تنوسی کی یہہ ہی کہ حکم یعنی کوئی چیز مبتدا کو ثابت کرنی یا خبر مبتدا اوسی نفی کرنی پانچ طرح پر ہوتا ہی علم اور اعتقاد اور ظن اور

وشک لان الحاکم بامر علی امر ثبوتا او نفیا اما ان یجد فی نفسہ جزما بذلک الحکم او لا والاول الذی
اور شک کیونکہ حکم کرنیوالا کسی خبر کا مبتدا پر باعتبار ثبوت کی ہو یا نفی کی یا تو اوسکی دل مین اوس حکم کا یقین جزمی ہی یا نہیں ہی پہلی صورت مین

ھو وجود الجزم ان کان بسبب من ضرورۃ او برھان فھو علم ویسمی معرفۃ ویقینا ایضا وان کان بغیر
یعنی اگر یقین کامل ہو اگر وہ اقسام بداہت سی حاصل ہوا ہی جیسی محسوسات کا یا دلیل سی حاصل ہوا تو ان دونو صورت مین یہہ حکم علم ہی اور اوسکو معرفت اور یقین بھی کہتی

سبب بل بتقلید محض فھو اعتقاد والثانی الذی ھو عدم وجود الجزم ان کان راجحا علی مقابلہ فھو ظن
دلیل سی حاصل نہین ہوا بلکہ صرف تقلید سی تو وہ اعتقاد کہلاتا ہی اور دوسری صورت مین یعنی اوسکی دل مین یقین کامل نہین تو وہ حکم ثبوت کا یا نفی کا اگر اپنی مقابل پر غالب ہی

وان کان مرجوحا فھو وھم وان کان مساویا فھو شک فالایمان ان حصل من الاقسام الثلثۃ الاخیرۃ
اور اگر مغلوب ہی تو وہم ہی اور اگر برابر ہی تو شک ہی اب ایمان اگر ان تین پچھلی قسم سی حاصل ہوا ہی جو سوا یقین کامل کی ہین

لغير الجزم وهي الظن والوهم والشك فالاجماع على بطلانه وان حصل من القسم الاول من قسمي الجزم
یعنی ظن اور وہم اور شک تو یہہ بالاتفاق باطل ہی اور اگر پہلی قسم جزم کی دو نو قسم سی یعنی بداہت یا بدلیل حاصل ہو

العلم والمعرفة فالاجماع على صحته فاما القسم الثاني من القسم الجزم وهو الاعتقاد فينقسم الى قسمين احدهما مطابق لما في نفس الامر ويسمى اعتقادا صحيحا كاعتقاد
علم اور معرفت ہی تو بالاتفاق صحیح ہی اور جزم کی دوسری قسم جو اعتقاد ہی تو کئی دو قسم ہیں ایک تو نفس الامر کی مطابق یہہ تو اعتقاد صحیح کہلاتا ہی جیسی

عامة المؤمنين المقلدين لائمة الدين والثاني غير مطابق لما في نفس الامر ويسمى اعتقادا فاسدا وجهلا مركبا
عام مسلمانوں کا اعتقاد جو ائمہ دین کی مقلد ہیں اور دوسرا نفس الامر کی برخلاف اسکو اعتقاد فاسد اور جہل مرکب کہتی ہیں

كاعتقاد كافة الكفرة المقلدين لائمة الكفر فالفاسد اجمعوا على كفر صاحبه وكونه مخلدا في النار
جیسی تمام کفار کا اعتقاد جو کفر کی پیشواؤں کی مقلد ہیں پس فاسد اعتقاد والا بالاتفاق کافر اور قدیم کو دوزخی ہی

واختلفوا في الاعتقاد الصحيح الذي يحصل بمحض التقليد والصحيح ان صاحبه يكون مؤمنا لكنه يكون
اور اختلاف ہی صحیح اعتقاد میں جو نری تقلیدی ہی اور صحیح مذہب یہہ ہی کہ ایسی اعتقاد والا مؤمن ہوتا ہی پر وہ

عاصيا بترك النظر والاستدلال فيبقى في مشية الله تعالى ان شاء يعفو عنه ويدخله الجنة بلا عذاب
نظر اور استدلال کی ترک کرنی سی گنہگار ہوتا ہی پس یہہ اللہ تعالی کی مشیت میں ہی چاہی معاف کرکر بلا عذاب جنت میں داخل کری

وان شاء يعذبه بقدر ذنبه ثم يدخله الجنة فعلى هذا يجب على كل مؤمن ان يتعلم كل مسئلة من
اور چاہی گناہ کی موافق عذاب دیکی پھر جنت میں داخل کری اس بیان کی موافق ہر مؤمن پر واجب ہی کہ اعتقادی ہر ہر مسئلہ ایمان کا

مسائل عقائد الايمان بدليل واحد حتى يكون في دينه على بصيرة لان العقائد الحاصلة بالتقليد
ایک ہی دلیل سی سیکھی تاکہ اپنی دین میں صاحب بصیرت ہو کیونکہ جو عقاید تقلیدی سی حاصل ہوتی ہیں

يخشى على صاحبها الشك عند عروض الشبهات فان التصميم على العقائد من غير تحصيلها بالدلائل
اوسمیں یہہ خوف ہی کہ اگر کچھ شبہات پیش آویں تو مقلد کو شک پیدا نہ ہو جاوی کیونکہ تصمیم عقائد کی بدون دلایل کی جب ذرہ بھر شبہہ پیش آوی

لا يامن صاحبها من زوالها عند عروض ادنى شبهة وعلى تقدير ان يقابل ذلك الشك والزوال
تو یقین نہیں ہی کہ زوال سی بچی اور یہہ مانا کہ شک اور زوال کی مقابل میں

بالتصميم اللساني فاني ينفعه والقلب الذي هو محل الايمان متحير بقول لا ادري فيدخل في زمرة
تصمیم زبانی عمل میں آوی پر کیا فائدہ جس حالت میں کہ دل جو ایمان کا گھر ہی حیران ہو کر یہہ کہی میں کیا جانوں پھر تو منافقین کی زمرہ میں داخل

المنافقين الذين يقولون بافواههم ما ليس في قلوبهم ولذلك قيل النفاق نوعان احدهما نفاق يعرفه
جو منہہ سی ایسی باتیں بنایا کرتی ہیں جو اونکی دلمیں نہیں ہوتی اسیلئی کہتی ہیں کہ نفاق کی دو قسم ہیں ایک تو وہ نفاق جو منافق

صاحبه من نفسه وهو نفاق الذين يظهرون الاسلام بين الناس ويضمرون الكفر في قلوبهم كنفاق الذين
ہی دلمیں سمجھتا ہی یہہ نفاق اون شخصوں کا ہی جو ظاہر میں لوگوں کی سامنی اسلام ظاہر کرتی ہیں اور دلمیں کفر چھپا رکھتی ہیں جیسی نفاق اونکا

كانوا في عهد النبي عليه الصلوة والسلام ومن في معناهم من الزنادقة والملاحدة والثاني نفاق لا يعرفه
جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد میں تھی اور اور زندیق اور ملحد اونکی مثل دوسرا وہ نفاق ہی کہ اوسکو

صاحبه من نفسه وهو نفاق الذين يولدون بين المؤمنين فيسمعون منهم كلمات الايمان فيقولون
منافق دلمیں تمیز نہیں کرتا یہہ اونکا نفاق ہی جو مسلمانوں میں پیدا ہوتی ہیں پھر اونسی ایمان کی باتیں سنکر جیسی سنی

مثل ما سمعوا اتباعا وتقليدا حتى انهم لو ولدوا بين اليهود والنصرى لقالوا مثل قولهم ولفعلوا مثل
ویسی ہی تقلیدا بولنی لگی اتنا کہ اگر اتفاقا یہود یا نصاری میں پیدا ہوتی تو اونکی سی کہا کرتی اور ویسا ہی کیا کرتی

فعلهم اتباعا او تقليدا من غير ان يلاحظوا من ای شیء خلقوا ولای شیء خلقوا ليعرفوا خالقهم وما امرهم به
یہہ لحاظ نہیں ہوتا کہ ہم کہاں سی پیدا ہوئی اور کس لئی پیدا ہوئی تاکہ اپنی خالق کو جانی اور اوسکی امر

وما نهاهم عنه بانزال الكتب وارسال الرسل فيكونون من الذين يقولون اذا ماتوا ووضعوا فی القبر
اور نہی کو جو بواسطہ انزال کتب اور ارسال رسل بھیجی ہین پہچانی پہر وہ اون لوگون مین ہین کہ جب مرکر قبر مین جاوینگی

وسألهم منكر ونكير لا ندری سمعنا الناس يقولون قولا فقلناه فانهم اذا اتاهم الملكان فی القبر ينطقون
اور منکر نکیر اونسی سوال کرینگی تو جواب دینگی ہم کچہہ نہیں جانتی ہم تو جو اور ونسی سنتی تہی وہ ہی ہم بہی کہتی تہی کیونکہ اونکی پاس گور مین جب دو فرشتی آوینگی

بما عندهم من غير زيادة ولا نقصان لان الانسان فی ذلك المحل لا يتدارك كما فی الدنيا ان يتكلم بما ليس فی
تو بی کم وکاست وہی بول اوٹہینگی جو دلمین تہا اسلئی کہ انسان گور مین ایسا مختار نہوگا جیسا دنیا مین تہا کہ زبان پر کچہہ اور دلمین کچہہ

قلبه بل ان كان عالما بالحق ينطق به وان كان شاكا فيه غير عالم به يقول لا ادری كما كان يقول بقلبه
بلکہ اگر حق جانتا تہا تو ویسا ہی کہیگا اور اگر اوسکو شک تہا تو کہیگا مین نہیں جانتا جیسی کہ جیتی جی دلمین کہتا تہا

فی حال حيوته لا ادری وقد روی انه عليه السلام قال اذا كان يوم القيمة ينادی مناد من كان يعبد
مین نہین جانتا اور روایت ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی قیامت کی دن منادی پکاریگا جو شخص جسکو پوجتا تہا

شيئا فليتبعه فمن عبد الشمس اتبعها ومن عبد القمر اتبعه ومن عبد الطواغيت اتبعها فيبقى هذه الامة
اب اوسکی ساتہہ رہی پہر جو آفتاب کی پوجا کرتا تہا اوسکی ساتہہ ہوگا اور جو گور پوجتا تہا گور کی ساتہہ ہوگا اور جو بتون کی پوجا کرتا تہا اونکی ساتہہ ہوگا پہر یہہ امت

وفيهم منافقوهم والمراد بالمنافقين فی هذا الحديث ليس الذين عبدوا الاصنام فی منازلهم سرا واظهروا للناس
مع اپنی منافقون کی باقی رہ جاویگی منافق سی مراد اسحدیث مین وہ لوگ نہیں ہین جو اپنی گہرونکی اندر پوشیدہ بت پرستی کرتی تہی اور مسلمانون کی

الاسلام فانهم يتبعون الطواغيت بمن اتبعها لانهم كانوا يعبدونها فيذهبون فی جهنم معها بل المراد بهم
سامنی اسلام ظاہر کرتی تہی یہہ لوگ تو بتون کی ساتہہ ہونگی کیونکہ یہہ تو بتون کو پوجتی تہی سو اونکی ساتہہ دوزخ مین جاوینگی بلکہ منافق سی مراد

الذين كان الريب فی قلوبهم وهم لا يعرفون ذلك لغلبة التقليد عليهم فان اكثر العوام بل كثير ممن كان
وہ لوگ ہین جنکی دلمین تردد تہا اور تقلید کی غلبہ سی اوسکو نہ سمجہی بیشک اکثر عوام بلکہ اس زمانہ مین اکثر ایسی شخص

فی شكل العلماء فی هذا الزمان لا يعرف حال نفسه فيظن انه فی درجة المعرفة واليقين مع انه لم يتيقن ايمانه
جو علماء کی صورت مین ہین اپنی حال سی خبردار نہیں ہین وہ یہہ سمجہتی ہین کہ ہمکو مرتبہ معرفت اور یقین کا حاصل ہو رہا ہی اور اصل مین ایمان

ولو بدرجة التقليد بل بعض المقلدين ينطق بكلمتی الايمان من غير ان يعرف معناهما ولا ان يميز بين
اگرچہ تقلید کی درجہ کا ہو بلکہ بعضی مقلدونکو کلمی ایمان کی زبان سی تو پڑہتی ہین پر اونکی معنون سی واقف نہیں ہین اور نہ اللہ مین

الله ورسوله لان اكثر الناس فی هذا الزمان ليسوا فی درجة الاعتقاد التقليدی الصحيح المطابق بل هم
اور اوسکی رسول مین تمیز کرتی ہین کیونکہ اس زمانہ کی اکثر لوگون کو درجہ تقلیدی اعتقاد کا جو صحیح اور مطابق ہوئی حاصل نہیں ہی بلکہ اونکو

فی درجة الاعتقاد التقليدی الفاسد الغير المطابق لما فی نفس الامر وما ذلك الا لاندراس العلماء الراسخين
تقلیدی فاسد اعتقاد کا درجہ برخلاف نفس الامر کی حاصل ہی اور یہہ تمام خرابی اسکی ہی کہ علماء جنکا علم راسخ تہا

فی العلم وكثرة الضالين المضلين من الدجاجلة الذين ينتمون الى التصوف لقطع طريق الدين على المسلمين
ہو چکی اور خود گمراہ اور گمراہ کرنیوالی دجال صفت متصوف بن کر بہت پہیل گئی شیطانی جال بچہا کر دین کی مسلمانون پر

بنصب حبائل الشياطين لما روی عن ابی هريرة انه عليه السلام قال يكون فی اخر الزمان دجالون كذابون
رہ زنی کرتی ہین چنانچہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ آخر زمانہ مین دجال کی مانند جہوٹی پیدا ہونگی

یاویکم

یاتونکم من الاحادیث بما لم تسمعوا انتم ولا اباءکم فایاکم وایاہم لا یضلونکم ولا یفتنونکم فانہ
ایسی حدیثیں روایت کرینگے کہ نہ تمنی سنی اور نہ تمہاری باپ دادای سو تم دور رہو انسی اور دور کرو انکو اپنی سی ایسا نہو کہ تمکو گمراہ اور فتنہ میں مبتلا کردیں

علیہ السلام بین فی ہذا الحدیث ان جماعۃ من اہل المکر والتلبیس یخرجون فی اخر الزمان
اس حدیث میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بیہ بیان فرمایا کہ آخر زمانہ میں جماعت مکار و فریب باز

بزی العلماء والمشائخ ویقولون للناس نحن علماء ومشایخ نعلمکم دینکم ونرشدکم الی
علماء اور مشایخ کی وضع پر پیدا ہونگے کہینگے کہ ہم عالم اور شیخ وقت ہیں ہم تمکو دین سکہاتی ہیں اور راہ حق بتاتی ہیں

الحق وہم کذابون یحدثونکم بالاحادیث الکاذبۃ یعلمونکم اعتقادات فاسدۃ ویبتدعون
اور اصل میں جہوٹی ہونگے اور وضعی حدیثیں روایت کرینگے اور فاسد عقیدی تمکو سکہاوینگے اور نئی باطل

لکم احکاما باطلۃ فاحذروا عنہم ولا تقربوا منہم کیلا یضلونکم ولا یوقعونکم فی الفتنۃ فعلی
احکام تمہاری لئی گڑہ دینگے سو انسی بچو اونکے پاس نہ جاؤ مبادا تمکو گمراہ کردیں اور فتنہ میں نہ پہنسادیں اس

ہذا کل من لم یجاہد نفسہ فی ہذا الزمان لتعلم علم الایمان یموت علی انواع البدع والکفریات
مضمون کی موافق جو شخص اس زمانہ میں علم دین کیواسطے جان سی کوشش نہ کریگا تو وہ بیخبر طرح طرح بدعت اور کفریات پر مریگا

وہو لا یشعر بہا ویکون من الذین یقولون یوم القیمۃ ما حکی اللہ تعالی عنہم بقولہ یوم یقول
اور اوس زمرہ میں داخل ہوگا جنکی قول کی قیامت کی دن اللہ جل شانہ حکایت کرتاہی جسدن کہینگی

المنفقون والمنفقت للذین امنوا انظرونا نقتبس من نورکم فانہم یقولون ذلک لکونہم
منافق مرد اور عورتیں ایمان والوں کو ٹہرو ہم بہی لیلیں تمہاری روشنی سی سو یہہ لوگ یہہ ہی کہینگی کیونکہ یہہ

مشاۃ وکون المؤمنین علی رکاب تسرع بہم الی الجنۃ ونورہم بین ایدیہم وبایمانہم کما قال
پیادہ پا ہونگی اور مؤمنین گہوڑوں پر سوار کہ دوڑی جنت میں لیجاتی ہونگی اور اونکی سامنی اور داہنی روشنی ہوگی چنانچہ اللہ تعالی

یوم تری المؤمنین والمؤمنت یسعی نورہم بین ایدیہم وبایمانہم واختلف فی ذلک النور فقیل
جسدن تو دیکہی ایمان والی مرد اور عورتوں کو دوڑی چلتی ہی اونکی روشنی اونکی آگی اور اونکی داہنی اور اختلاف ہی اوس نور میں کوئی کہتاہی

المراد بہ الضیاء الذی یستضیئون بہ علی الصراط علی ما روی عن ابن مسعود رض انہ قال یؤتون
نور سی مراد روشنی ہی جسکی صراط پر روشنی ہوجاویگی ابن مسعود سی یہہ روایت ہی یہہ کہتی ہیں کہ اونکو

نورہم علی قدر اعمالہم فمنہم من یؤتی نورہم کالنخلۃ ومنہم من یؤتی نورہ کالرجل القائم وادناہم
اعمال کی موافق روشنی ملیگی بعضوں کو بمقدار کہجور کی درخت کی اور بعضوں کو بمقدار قد آدم اور کم سی کم

نورا من یکون نورہ علی ابہام رجلہ ینطفی تارۃ ویلمع اخری وقیل المراد بہ معرفۃ اللہ تعالی
نور میں وہ ہوگا کہ اوسکی پاؤں کی انگوٹہی پر روشنی ہوگی کبہی چمکتی کبہی بجہی ہوئی اور کوئی کہتاہی نور سی مراد اللہ تعالی کی معرفت ہی

فمقادیر الانوار یوم القیمۃ علی حسب مقادیر المعارف الالہیۃ المکتسبۃ فی الدنیا فلا نور
پہر قیامت کی دن روشنی باندازہ معارف الہی کی ہوگی جسقدر دنیا میں حاصل کی ہوگی سو

فی عرصۃ القیمۃ الا نور الایمان والطاعات التی اکتسب فی الدنیا باستعمال الالات البدنیۃ والقوی
قیامت کی میدان میں سوا نور ایمان اور عبادت کی جو دنیا میں بوسیلہ اعضاء بدنی اور قوای

الجسمانیۃ من الحواس الظاہرۃ والباطنۃ لتحصیل المعارف الربانیۃ فکل احد یعطی من النور یوم
جسمانی یعنی حواس ظاہر و باطن کی معارف ربانی حاصل کی ہونگی کوئی اور نور نہیں ہوگا پہر ہر ایک کو قیامت کی دن اتنا نور دیا جاویگا

القيمة مقدار ما اكتسبه في الدنيا من المعارف اليقينية ومن لم يكتسب في الدنيا شيئا من المعارف
جتنی اوسنی دنیا میں یقینی معارف حاصل کئے ہونگی اور جسنی یعنی معارف میں سی کچھ حاصل کیا ہوگا

اليقينية يمشي يوم القيمة في ظلمة بلا نور على ما روي عن ابي امامة انه قال يغشى الناس يوم القيمة
تو وہ قیامت کی دن اندھیری میں بی نور رہ جاویگا چنانچہ ابو امامہ سی روایت ہی وہ کہتی ہیں قیامت کی روز لوگوں کو

ظلمة شديدة ثم يقسم النور بينهم فيعطى كل مؤمن نورا بقدر علمه بالله تعالى وعمله ويترك
تاریک اندھیرا ڈھانپ لیگی پہر انمیں نور تقسیم ہوگا سو ہر مؤمن کو بقدر معارف الہیہ کی نور دیگا اور جو اسکی علم میں ہوگا اور

الكافر والمنافق في ظلمة لا يعطيان شيئا من النور بل يحال بينهما وبين المؤمنين بان يضرب بينهم
کافر اور منافق تاریک اندھیری میں رہ جاوینگی کچھ نور نہ ملیگا بلکہ انکی اور مؤمنین کی بیچ میں

سور دون جسر جهنم وفي الاية السابقة اشارة الى ان المراد بالمنفقين المذكورين فيها هم الشاكون
ایک دیوار جسر جہنم سی وری فاصل ہوجاویگی اور پہلی آیت میں یہہ اشارہ ہی کہ منافقین سی مراد وہ لوگ ہیں جو شک اور تردد میں گرفتار

المرتابون الذين يصلون في المساجد ويدخلون مع اهل الايمان في مداخل الاسلام ولذلك قال الله تعالى
اور مسجدوں میں نماز ادا کرتی تہی اور ایمان والوں کی ساتھ اسلامی مکانات میں آتی جاتی تہی اسی لئی اللہ تعالی فرماتا ہی

ينادونهم الم نكن معكم قالوا بلى ولكنكم فتنتم انفسكم وتربصتم وارتبتم وغرتكم الاماني حتى جاء
یہہ انکو پکاریں گی کیا ہم نہ تہی تمہاری ساتہہ وہ کہیں گی البتہ پر تمنی بچلادیا آپ کو اور راہ دیکہتی رہی اور دہوکی میں پڑی اور بہکی امیدوں میں آخر آگیا

امر الله وغركم بالله الغرور فدلت الاية على انهم لم يعبدوا صنما بل كانوا مع المؤمنين لكن لم يكونوا
حکم اللہ کا اور تمکو بہکادیا اللہ کی نام سی مغرور نی سو یہہ آیت دلالت کرتی ہی کہ وہ لوگ بت پرست نہیں تہی بلکہ مؤمنین کی ہمراہ رہتی تہی پر انہوں نی

عارفين بما وجب عليهم معرفته حتى جاءهم امر الله الذي هو الموت فقال لهم يوم القيمة فاليوم
جو انپر واجب تہا وہ معرفت الہی حاصل نکی آخر حکم الہی یعنی موت آگئی لوگوں کو قیامت کی دن یہہ حکم ہوگا سو آج

لا يؤخذ منكم فدية ولا من الذين كفروا ماواكم النار هي مولاكم وبئس المصير فاذا كان كذلك ينبغي
تمسی نہیں قبول فدیہ اور نہ کافروں سی تمہارا ٹھکانا دوزخ ہی وہی تمہارا رفیق ہی اور بری بازگشت پس جب مراد یہہ ہوئی تو

للمؤمن المقلد ان لا يغتر ويستدل بقوة تصميمه وكثرة عبادته انه على الحق لتوجه النقض عليه
مقلد مؤمن کو لایق ہی کہ ہرگز مستی نکری اور نہ اپنی تصمیم کی قوت اور کثرت عبادت سی یہہ استدلال کری کہ میں حق پر ہوں کیونکہ اسپر یہہ اعتراض ہوگا

بتصميم اليهود والنصارى على اباطيلهم تقليدا لابائهم الضالين المضلين فان تصميم المقلد على كون
کہ یہود اور نصاری بہی جہوٹی باتوں پر اپنی باپ دادا ضالین مضلین کی تقلید سی جم رہی ہیں اس لئی کہ مقلد کی تصمیم کسی

شيء حقا وعدم رجوعه عنه ولو نشر بالمناشير لا يدل على كونه في دينه على بصيرة لان جزمه
شی کی حقیقت پر اور اوس سی نہ ٹلنا اگرچہ اوسکو آری سی چیرا جاوی دلالت نہیں کرتی کہ وہ اپنی دین میں بصیرت پر ہی کیونکہ اوسکا جزم

وتصميمه على كون شيء حقا ليس من حيث معرفته بكونه حقا بل من حيث نشأته بين قوم يدينون
اور تصمیم کسی شی کی حقیقت کا باعتبار معرفت یقینی حقیت کی نہیں ہی بلکہ اس سبب سی ہی کہ وہ ایسی قوم میں پیدا ہوا ہی کہ وہ اوس شی کا

به وللنشأة والمخالطة اثر عظيم في تصميم كون شيء حقا سواء كان حقا او لم يكن الا ترى ان مثل هذا
اور پیدایش اور میل جول کو اشیا کی حقیت میں بڑا اثر ہی برابر ہی کہ وہ حق ہو یا ناحق دیکہو ایسی

التصميم يوجد عامة من ذوي الجهل المركب كاليهود والنصارى ولهذا قال بعض العلماء من جزم في
تصمیم تمام جہل مرکب میں ہوتی ہی جیسی یہود اور نصاری اسی لئی بعض علما کہتی ہیں جو شخص

قلبه

قلبه بكون شئ حقا ولم يدر لذلك الجزم سببا خاصا يرجع اليه فليس له فى دينه بصيرة

یعنی دلمیں کسی شی کو حق یقین کرلی اور اوس یقین کی ایسی خاص دلیل معلوم نہو جسکی طرف رجوع کرین تو اوسکو دین کی اندر بصیرت نہین ہی

اذ لا ملازمة بين الجزم الاعتقادى وكون ما جزم به حقا فاذا لم يكن بينهما ملازمة يجب عليه ان

کیونکہ اس اعتقادی یقین میں اور اوس شی کی حقیقت مین کوئی علاقہ نہیں ہی جب اون دونومین علاقہ نہوا تو پہر اوسپر واجب ہی کہ

ياتى بما يكون به بينهما ملازمة ليتميز ما كان عليه من الدين اهو حق ام لا حتى يكون فى دينه على

اون دونوں میں علاقہ پیدا کری تاکہ اوسکو یہہ تمیز ہو کہ آیا میرا دین حق ہی یا نہین تاکہ اوسکو دین کی

بصيرة وانما يحصل ذلك بالنظر الصحيح بالبراهين لا بالضرورة اذ قد جرت عادة الله تعالى

بصیرت پیدا ہو اور یہہ تمیز بجز نظر صحیح اور براہین کی بداہت سی نہیں ہوتی کیونکہ عادت الٰہی یوں جاری ہی

ان يحصل بالبرهان لا بالضرورة اذ لو كان حصوله بالضرورة لادركه جميع العقلاء ويكفى فى

کہ دلایل سی ہو بداہت سی نہو اگر یہہ تمیز بداہت سی حاصل ہوا کرتی تو تمام عقلا حاصل کر لیا کرتی اور مکلف کو

خروج المكلف من التقليد الدليل الجملى الذى يحصل له به فى الجملة العلم والطمانينة بعقائد

تقلید سی پاک ہونی مین مجمل دلیل بہی کافی ہی جس سی کچہہ علم اور طمانیت عقاید ایمان میں حاصل ہو جاوی

الايمان بحيث لا يقول بقلبه لا ادرى سمعت الناس يقولون قولا فقلته ولا يشترط القدرة على

اتنا کہ اپنی دل میں یوں نہ کہی کہ میں نہیں جانتا لوگوں سی جو بات سنتا ہا وہی میں بہی کہتا رہا اور یہہ شرط نہیں ہی کہ اوس دلیل کو

ترتيبه على الوجه الذى يرتبه العلماء ولا القدرة على دفع الشبهة الواردة عليه من جهة المبتدعة

علماء کی طور پر موافق قواعد منطقی کی مرتب کری اور نہ یہہ شرط ہی کہ بدعتیوں کی شبہات دفع کرنیکی استعداد ہو

ولا القدرة على التعبير عنه بل اذا فهمه بحيث يخرج به عن التقليد فهو عارف وان لم يقدر ان

اور نہ یہہ شرط ہی کہ اوسکو صاف بیان کری بلکہ اوسکو اتنا سمجہہ لیا کہ تقلید سی پاک ہو جاوی تو پہر وہ عارف ہی اگرچہ اوس مجمل دلیل کو

يعبر عما فى ضميره من ذلك الدليل الجملى ولا ان يرد شبهة يوردها مبتدع عليه لان كثيرا من

دل ہی زبان پر نہ لا سکی اور نہ یہہ شرط ہی کہ بدعتی جو شبہات وارد کرین رد کیا کری کیونکہ اکثر

العلماء يعجزون عن التعبير عما فى ضمائرهم من العلوم المحققة عندهم فكيف بالعامة والحاصل

علماء اپنی حقیقی علوم کو بیان کرنی سی عاجز ہوا کرتی ہین پہر عوام کی تو کیا اصل ہی حاصل یہہ ہی

ان من اراد ان يعلم قدر نفسه من عقائد الايمان هل هو فى مرتبة المعرفة ام فى مرتبة التقليد

کہ جو شخص اپنا حال معلوم کیا چاہی کہ عقاید ایمانی مین آیا مجہکو مرتبہ معرفت کا ہی یا ابہی مرتبہ تقلید مین ہوں اور آیا میں اپنی عقاید میں

وهل هو مصيب فى عقائده ام غير مصيب فيها يلزمه ان يسئل عن حقيقة المعرفة وعن حقيقة

صواب پر ہوں یا خطا پر تو اوسکو لازم ہی کہ معرفت کی حقیقت اور تقلید کی حقیقت

التقليد ليميز احدهما عن الاخر ويعلم ايهما حاصل له فالمعرفة هى الجزم الموافق لما عند الله تعالى

دریافت کری تاکہ ایک کو دوسری سی تمیز کری اور جان لی کہ مجہکو دونوں میں سی کیا حاصل ہی سو معرفت تو یقین کرنا موافق حکم الٰہی کی

بشرط ان يحصل ذلك الجزم بدليل واما الجزم الحاصل بغير دليل فلا يسمى معرفة بل يسمى اعتقادا

بشرطیکہ وہ یقین دلیل سی حاصل ہوا ہو اور جو یقین بی دلیل حاصل ہوا ہو تو اوسکو معرفت نہین کہتی بلکہ وہ اعتقاد کہلاتا ہی

سواء كان موافقا لما عند الله تعالى او لم يكن والتقليد هو الجزم بقول الغير من غير دليل سواء كان

برابر ہی کہ موافق علم الٰہی کی ہو یا نہو اور تقلید یقین کرنا غیر کی کہنی سی بلا دلیل برابر ہی

حقا وباطلا لان المقلد لا معرفة عنده وانما عنده الجزم بقول الغير خاصة سواء كان حقا او باطلا

کہ حق ہو یا باطل سو مقلد کو معرفت کبھی نہیں ہوتی اوسکو صرف یقین غیر کی کہنی کا ہوتا ہی برابر ہی کہ حق ہو یا باطل

فمن علم هاتين الحقيقتين ثم نظر الى ضميره ايهما حاصل له فيه فانه يعرف ما هو الحاصل له منهما

اب جو شخص ان دو حقیقت کو سمجھی پھر اپنی دل مین سوچی تو جان لیگا کہ اوسکو دونوں میں سی کونسا مرتبہ حاصل ہی

فان كان الحاصل له منهما هو التقليد لا المعرفة يجب عليه اولا اقامة البرهان لتحصيل المعرفة

پس اگر اوسکو مرتبہ تقلید کا ہی معرفت کا مرتبہ نہیں ہی تو اوسپر واجب ہی کہ پہلی دلیل قایم کری تاکہ معرفت ایمانی

في عقائد الايمان وثانيا البحث عن العقائد الصحيحة حتى يعلم هل كان مصيبا في عقائده ام

عقائد کی حاصل ہو پھر صحیح صحیح عقاید کی بحث کری تاکہ معلوم ہو کہ اپنی عقاید میں حق پہ تہا یا نہیں

لم يكن فان وجد نفسه على الصواب فيها يشكر الله تعالى على هذه النعمة العظيمة التي لا يكافيها

پھر اگر وہ اپنی آپ کو صواب پر پاوی تو اس نعمت عظیمہ پر جسکی برابر کوئی دنیا کی متاع نہیں ہی شکر اللہ تعالی کا ادا کری

من متاع الدنيا وان لم يجدها على الصواب فيها يفترض عليه ان يسعى في تصحيح اعتقاده بالبرهان

اور اگر صواب پر نہ پاوی تو اوسپر فرض ہی کہ واسطی صحت عقاید کی دلایل میں کوشش کری

حتى يحصل له النجاة من عذاب النار والدخول في دار القرار يسرنا الله تعالى بفضله المجلس السابع

تاکہ اوسکو دوزخ کی عذاب سی نجات ملی اور بہشت میں جانا میسر ہو الہی اپنی فضل سی ہمپر آسان کر ساتویں مجلس

في بيان مؤمن به وبيان لزوم الايمان به اجمالا على الاصح وتفصيلا

ان چیزوں کی بیان میں جن پر ایمان لانا چاہئی اور ان پر ایمان مجملا لازم ہی موافق مذہب اصح کی اور تفصیلا

عند البعض قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لجبريل عليه السلام حين جاءه على

بعض کی نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی جبرئیل سی فرمایا جب اوکی پاس

صورة رجل غريب وسئله عن الايمان الايمان ان تؤمن بالله وملئكته وكتبه ورسله واليوم

ایک مرد مسافر کی صورت میں آئی اور پوچھا ایمان کیا ہی ایمان یہہ ہی کہ تو ایمان لاوی اللہ پر اور اوسکی فرشتوں اور کتابوں اور رسولوں پر اور قیامت کی

الاخر وتؤمن بالقدر خيره وشره هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه عمر بن الخطاب وهو

دن پر اور تو یقین کری نیک اور بد کی تقدیر کا یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی عمر بن الخطاب کی روایت سی اور حدیث میں

جامع لاصول الدين وما يصح الاعتقاد عليه فان الاصل في الاعتقاد معرفة المبدء والمعاد وانما

تمام اصول دین کی اور جس جس پر اعتقاد کرنا چاہئی سب مذکور ہیں اسلئی کہ اصل تمام اعتقادیات میں مبدا اور معاد کی معرفت ہی اور

ذكرت الملئكة وما عطف عليه ليتوصل الى معرفة المعاد لان معرفة المبدء اقتضيها العقول

ملائکہ کا جو معہ معطوفات کی ذکر ہی تو واسطی معرفت معاد کی ہی اسلئی کہ مبداء کی معرفت کو تو سلیم عقلیں پا لیتی ہیں

السليمة لكونها ثابتة في فطرة بني ادم من مبدء خلقتهم بمقتضى قوله تعالى فطرة الله التي

اسلئی کہ بنی آدم کی اصل فطرت میں ابتداء پیدایش سی ثابت ہی موافق قول اللہ تعالی کی تراش اللہ کی جسپر

فطر الناس عليها واما معرفة المعاد والاستعداد له فلا سبيل اليها الا بتوفيق من الله تعالى

کہ تراشا آدمیوں کو اور رہی معرفت معاد کی اور اوسکا سامان سو اوسکا کوئی راہ نہیں ہی بجز توفیق الہی کی

بواسطة الانبياء الذين وصل اليهم علم ذلك بارسال الرسل من الملئكة بانزال الكتب فلذلك

بوسیلہ انبیا علیہم السلام کی جنکو اوسکا علم بواسطہ فرشتوں کی اور بوسیلہ کتب منزلہ کی حاصل ہوا ہی اسی لئی میں

دخل

دخل جميع ذلك في مفهوم الايمان وذكر كله في هذه الحديث فلابد لطالب معناه من الاستكشاف

بسبب ایمان کی مفہوم مین داخل ہین اور اس حدیث مین سب مذکور ہین سو جو اسکی معنی کا طالب ہو اوسکو ضرور ہی کہ حقیقت

عن حقيقة معنى الايمان بهذه الاشياء الستة المذكورة فيه ليكون في دينه على بصيرة

ایمان کی تہہ کو ان چہوں اسیاء مذکورہ کی تفصیل سی دریافت کری تاکہ دین مین بصیرت ہو

الاول مما يجب الايمان به الايمان بالله تعالى والمراد من الايمان به تعالى العلم بوجوده وقدمه وكونه

اول ایمان اللہ پر واجب ہی اور اللہ پر ایمان لانی سی یہہ مراد ہی کہ اوسکو موجود اور قدیم اور

واحدا ومتصفا بالقدرة والارادة والعلم والحيوة وسائر ما يليق به من الصفات لكن العلم

واحد اور صاحب قدرت اور صاحب ارادہ اور علیم اور حی اور تمام صفات لائقہ سی موصوف جانی لیکن اوسکی

بوجوده لا يمكن ان يحصل بالحس لانه تعالى ليس محسوسا كالشمس والقمر حتى يمكن العلم بوجوده

وجود کا علم حواس سی حاصل ہونا ممکن نہین کیونکہ اللہ تعالی مانند آفتاب اور مہتاب کی نظر نہین آتا تاکہ اوسکا وجود حواس کی وسیلی

بالحس وليس العلم بوجوده ضروريا كالعلم بكون الاثنين اكثر من الواحد حتى يعلم وجوده بالضرورة

معلوم ہو جاوی اور نہ علم اوسکی وجود کا ایسا بدیہی ہی جیسا دو کا عدد ایک سی زیادہ ہی تاکہ اوسکا علم بالبداہت خود بخود آجاوی

بل انما يعلم وجوده تعالى بالدليل وذلك الدليل وجود العالم فانه لكونه حادثا يحتاج الى محدث

بلکہ علم اوسکی وجود کا دلیل سی حاصل ہوتا ہی اور وہ دلیل عالم کا وجود ہی کیونکہ عالم حادث ہونی کی سبب پیدا کرنیوالیکا محتاج ہو کر

يدل على ان له محدثا وذلك المحدث لابد ان يكون قديما واحدا متصفا بالقدرة والارادة والعلم

دلالت کرتا ہی کہ اوسکا کوئی پیدا کرنیوالا ہی اور وہ پیدا کرنیوالا بالضرور قدیم واحد قدرت والا ارادہ والا علیم

والحيوة لانه لو لم يكن قديما بل كان حادثا لكان محتاجا الى محدث فيلزم الدور والتسلسل وكلاهما

اور حی ہونا چاہئی اسواسطی کہ اگر قدیم نہو بلکہ حادث ہو تو پہر وہ خود محدث کا محتاج ہو دیگا آخر یا دور لازم آویگا یا تسلسل اور یہہ دونو

محال ولو لم يكن واحدا بل كان اكثر من واحد لوقع بينهما التمانع المقتضي لعدم وجود العالم

محال ہین اور اگر واحد نہووی بلکہ کئی ہوں تو آپسمین روک ٹوک واقع ہو کی جس سی عالم کا وجود نہو سکی

ولو لم يكن متصفا بالقدرة والارادة والحيوة والعلم لكان عاجزا عن ايجاد شيء من العالم لان

اور اگر قدیر اور صاحب ارادہ اور حی اور علیم نہووی تو ایسا عاجز ہوگا کہ عالم میں سی کوئی شی بہی پیدا نہ کر سکی اسلئی

الايجاد اثر القدرة وتاثير القدرة في شيء من الاشياء يقتضي ارادة ذلك الشيء وارادة ذلك الشيء

کہ ایجاد قدرت کا اثر ہوتا ہی اور قدرت کی تاثیر کسی شی مین بدون ارادہ اوس شی کی نہین ہو سکتی اور ارادہ اوس شی کا

يقتضي العلم به لان القصد الى ايجاد شيء مع عدم العلم به محال والاتصاف بهذه الصفات الثلث

بدون علم کی نہین ہو سکتا اسلئی کہ پیدا کرنا کسی شی کا بی جانی بوجہی محال ہی اور یہہ تینوں صفتیں بدون

يقتضي الحيوة لكونها شرطا فيها فعلى هذا يكون وجود العالم بل وجود كل ذرة من ذراته دليلا قطعيا

حیات کی نہین ہو سکتیں اسلئی کہ حیات انمین شرط ہی اس بیان کی موافق عالم کا وجود بلکہ ہر ہر ذرہ کا وجود یقینی دلیل ہی

على وجوده تعالى وقدمه وكونه واحدا ومتصفا بهذه الصفات الاربع اذ لا يعرف من صفاته تعالى

اوسکی وجود اور قدم اور وحدت پر اور ان چاروں صفات سی موصوف ہونی پر اس لئی کہ اوسکی صفات

بالعقل الا ما يتوقف عليه افعاله واما ما لا يتوقف عليه افعاله كالسمع والبصر والكلام فيجوز ان

عقل سی وہی معلوم ہو سکتی ہین جن پر اللہ کی افعال موقوف ہین اور جن پر افعال موقوف نہین جیسی سمع اور بصر اور کلام سو جایز ہی کہ

یستدل علی ثبوتها له تعالی تارة بالعقل وتارة بالنقل اما وجه الاستدلال علی ثبوتها له تعالی

کہ انکی ثبوت ہے کبھی عقلی دلیل قایم کریں اور کبھی نقلی دلیل عقلی انکی ثبوت کی تو یہہ ہے

بالعقل فهو انها صفات کمال واضدادها صفات النقصان واتصافه تعالی بصفات الکمال

کہ یہہ صفتیں کمال کی ہیں اور انکی ضدیں صفتیں نقصان کی ہیں اور اللہ تعالی کا موصوف ہونا صفات کمال سے

وعدم اتصافه بصفات النقصان واجب فوجب اتصافه تعالی بتلك الصفات واما وجه

اور بری ہونا صفات نقصان سے واجب ہے اس سے لازم آیا کہ اللہ تعالی ان صفات سے موصوف ہو اور وجہ

الاستدلال علی ثبوتها له تعالی بالنقل فهو ان الشرع قد ورد بثبوتها له تعالی فوجب القطع بثبوتها

نقلی دلیل انکی ثبوت کی یہہ ہے کہ شرع سے ان صفات کا ثبوت ثابت ہے سو انکی ثبوت کا یقین کرنا واجب ہے

له تعالی ودلیل النقل فی هذه المسئلة اولی من دلیل العقل لان تلك الصفات لا یتوقف علیها

اور اس مسئلہ میں نقلی دلیل عقلی دلیل سے بہتر ہے اس لئے کہ ان صفات پر افعال الہی موقوف نہیں ہیں

افعاله تعالی حتی یستدل بها علی ثبوتها له تعالی وذاته تعالی لم یکن معلوما لاحد حتی یعلم

تاکہ اون افعال سے ان صفات کو ثابت کریں اور ذات الہی کسیکو معلوم نہیں ہے جس سے یہہ معلوم ہو

اور اونکا دل خوش کردی آخر ایسی حال میں مری کہ اوسکی ذمہ پر کوئی حق اللہ اور حق العباد باقی نہو اور بہشت میں بی

حساب يسرنا الله بفضله **المجلس التاسع في لزوم الاتباع للنبي صلى الله عليه**
حساب چلا جاوی الہی اپنی فضل سی ہمپر آسان کردی نویں مجلس ضروری ہونی میں اتباع نبوی صلی اللہ علیہ

وسلم فيما جاء به وفيه تحقيق قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يؤمن احدكم
وسلم کی تمام احکام میں جو لائی ہیں اور اسمیں تحقیق ہی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی مؤمن نہیں ہوگا کوئی تم میں سی

حتى يكون هواه تبعا لما جئت به هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه عبد الله بن عمرو بن العاص
جبتک ہووی خواہش اوسکی مطابق میری لائی ہوئی کی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی عبد اللہ بن عمرو بن العاص کی روایت سی

معناه ان احدکم لایبلغ درجة کمال الایمان حتی یخالف هواه ویتبع الحق ولا یسلط هواه علی الحق
اسکی معنی یہہ ہیں کہ البتہ کوئی تم میں سے نہیں پاویگا درجہ کمال ایمان کا یہان تک کہ اپنی ہوا ہوس کی خلاف کرے اور تابع حق کا ہو اور اپنی ہوا ہوس کو حق پر غالب نہ کرے
بل یکون الحق الذی جئت به مسلطا علی الهوی فان من یعمل بهوی نفسه لایرید نفسه شیئا الا
بلکہ حق ہی جو مین لایا ہون خواہش پر غالب رہے کیونکہ جو شخص مطابق اپنی خواہش نفسانی کے عمل کیا کرے تو پہر اسکا نفس جو خواہش کرے گا
یرتکبه ویخالف مولاه ویجعل هواه الها لنفسه کانه یعبده ولهذا قال النبی علیه السلام ما عُبِدَ تحت
سو عمل کریگا اور اپنی مولی کا مخالف ہوکر اپنی خواہش نفسانی کو اپنا معبود بنا دیگا گویا کہ اوسکی پرستش کرتا ہے اسیلئے فرمایا ہے نبی صلی اللہ علیہ نے نہیں پوجا گیا آسمان کے
السماء اله ابغض الی الله تعالی من الهوی وفی روایة ان ابغض اله عُبِد فی الارض عند الله تعالی
تلی کوئی معبود جو بدتر ہو نزدیک اللہ تعالی کی ہوا سے اور ایک روایت میں یہہ ہے بیشک بدتر معبود جو پوجا جاتا ہے زمین پر نزدیک اللہ کی
هو الهوی وفی الحقیقة ان من تامل یعلم ان من یعبد الصنم لایعبد الصنم وانما یعبد هواه لکن
ہوا ہے اور حقیقت میں جو شخص غور کرکر دیکہے تو جان لے کہ جو آدمی بت کو پوجتا ہے وہ بت کو نہیں پوجتا اپنی ہوا کی پرستش کرتا ہے کیونکہ اوسکا
نفسه مائلة الی دین اباه فیتبع ذلك المیل الذی یعبر عنه بالهوی اذ من عادة اهل الهوی ان یستحسنوا
دل باپ دادوں کی دین پر جہکتا ہے سو یہہ شخص اوسی توجہ دلی کی پیچہے لگا ہوا ہے اسی کو ہوا کہتے ہیں اسلئے کہ اہل ہوا کی یہہ عادت ہے کہ جو بات اونکی خوشی کی
کلما یوافق هواهم وان کان الکل شر ووبال وان یستقبحوا کل ما یخالف هواهم وان کان جالبا لکل خیر
موافق ہو اوسکو اچہا سمجہیں اگرچہ وہی تمام برائی اور وبال آپڑے اور جو بات اونکی خوشی کی خلاف ہو اوسکو برا سمجہیں اگرچہ اوسمین تمام بہلائی
ونوال فالسعید من یخالف هواه ویطیع مولاه والشقی من یتبع هواه ویخالف مولاه ویکون هالکا
اور خوبی ہو لیس نیکبخت وہ ہی ہے جو اپنی خواہش نفسانی کی خلاف اور مولی کی اطاعت کرے اور بدبخت وہ ہی جو اپنی خواہش نفسانی کی پیچہے مولی کا خلاف کرکر ہلاک
لان من یتبع هواه یفعل ما یضره ویهلك حالا او مالا وهو لا یشعر او یشعر لکن لخفة عقله یرجح
اسواسطے کہ جو اپنی ہوای نفسانی کا تابع ہوگا تو وہ ہی عمل کریگا جو اوسکی حق میں مضر ہو دنیا اور آخرت میں ہلاک کردے اور وہ خیال نہیں کرتا یا خیال کرتا ہے پر بیوقوفی سے
اللذة الحاضرة التی لا بقاء لها علی العقوبات العظیمة التی لا نهایة لها ویظن لعمی بصیرته وغایة حماقته
حال کی لذت کو جسکو اصلا قیام نہیں ہے اون بڑی بڑی عذابوں سے جنکی کچہہ انتہا نہیں ہے بہتر جانتا ہے اور یہہ دل کا اندہا اپنی حماقت سے یہہ گمان کرتا ہے
انه ظفر بشیء من اللذائذ ولا یعلم ذلك الاحمق انه یخرج من الدنیا ویری انه لم یظفر بشیء من اللذائذ
کہ مین نے خوب عیش اوڑائی اور احمق یہہ نہیں سمجہتا کہ دنیا سے نکلتی ہی یعنی مرتی ہی دیکہہ لیگا کہ اوسکو کچہہ بہی مزہ حاصل ہوا
اصلا لا من لذائذ الدنیا ولا من لذائذ الاخرة بل اتبع هواه فیما لیس بشیء لان لذائذ الدنیا عنه تزول
نہ تو دنیا ہی میں مزا اوٹہایا اور نہ آخرت میں کچہہ عیش پایا بلکہ بیکار نفسانی باتوں میں لگا رہا کیونکہ دنیا کا عیش تو جاتا رہیگا
ولذائذ الاخرة لیس له الیه الوصول فیبقی فی حسرة وندامة حین لا ینفعه الندم وقد قال ابن عباس
اور آخرت کا عیش کبہی میسر نہوگا ایسی طرف حسرت اور ندامت میں مبتلا رہیگا سو اب ندامت سے کیا ہوتا ہے ابن عباس کہتے ہیں
ما ذکر الله الهوی فی القران الا ذمه فانه تعالی قال بَلِ اتَّبَعَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَهْوَآءَهُمْ بِغَیْرِ عِلْمٍ وقال وَاِنَّ
کہ اللہ تعالی نے قرآن میں جہان ہوا ہوس کا ذکر کیا ہے سب برائی سے کیا ہے اللہ تعالی نے فرمایا ہے بلکہ چلے ہیں یہہ بے انصاف اپنی چاؤ پر بن سمجہے اور کہا اور بہت لوگ
کَثِیْرًا لَّیُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَیْرِ عِلْمٍ وقال وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰهُ بِغَیْرِ هُدًی مِّنَ اللّٰهِ فعلم من
بہکاتے ہیں اپنی خیال پر بغیر تحقیق اور کہا اور اوس سے زیادہ بہکا کون جو چلے اپنی چاؤ پر بن راہ بتائی اللہ کی
هذه الایات ان اتباع الهوی لا یکون فی الاکثر الا بغیر علم بالحق فلابد للمؤمن ان یعرف الحق ویمیزه عن
ان آیات سے معلوم ہوا کہ ہوا ہوس میں مبتلا ہونا اکثر اوقات بسبب ناواقفی امر حق کی ہوتا ہے سو ہر مؤمن کو لازم ہے کہ امر حق کو دریافت کرکر باطل سے

الباطل ويعمل بالحق ويختاره على الباطل لان من لم يعرف الحق فهو ضال ومن عرفه واختار علي
اوسکی تمیز حاصل کری پہر حق پر عمل کری اور باطل پر اوسکو پسند کری کیونکہ جو شخص حق کو نہیں پہچانتا وہ گمراہ ہوتا ہی اور جو شخص حق کو تو پہچانی پہر غیر حق کو
غيره فهو مغضوب عليه ومن عرفه واتبعه فهو منعم عليه وقد امرنا الله تعالى ان نسئله في كل
پسند کری تو اوسپر خدا کا غضب ہوتا ہی اور جو حق کو پہچان کر اوسکی اطاعت کری اوسپر خدا کی رحمت ہی اور ہمکو اللہ کا حکم ہی کہ ہم اوس سی یہہ دعا مانگا
وليلة مرات عديدة ان يهدينا صراط الذين انعم عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين وبين في
رات میں کئی کئی بار کہ دکہا ہمکو رستہ اون لوگوں کا جن پر تو نی رحمت کی نہ رستہ اون لوگوں کا جن پر تو نی غضب فرمایا اور نہ گمراہ ہونیکا اور
ضمنه ان اهل السعادة هم الذين عرفوا الحق واتبعوه وكانوا مهتدين وان اهل الشقاوة هم الذين
اسی کی ضمن میں بیان کیا کہ سعادتمند وہ لوگ ہوتی ہیں جنہوں نی حق کو پہچان کر اطاعت کی اور راہ سیدہی پایا اور بدبخت وہ لوگ ہیں جنہوں نی
لم يعرفوا الحق بل جهلوه وخرجوا منه وكانوا ضالين او عرفوه وخالفوه ولم يتبعوه بل اتبعوا غيره
حق کو نہ پہچانا اور جہالت کی مارے حق سی خارج ہوکر گمراہ ہوگئی یا حق کو پہچان کر اوسکا خلاف کیا اور اطاعت نکی بلکہ غیر حق کی اطاعت کی ا
كانوا مغضوبا عليهم وقد ثبت في الحديث ان المغضوب عليهم اليهود وان الضالين النصرى وانما
اونپر غضب نازل ہوا اور حدیث سی ثابت ہی کہ مغضوب علیہم سی مراد یہود ہیں اور ضالین کی مراد نصاری ہیں اور کیا و
سمى اليهود بالمغضوب والنصرى بالضالين مع كون كل واحد منهما ضالا ومغضوبا عليهم لكون
کہ یہود مغضوب علیہم ٹہری اور نصاری ضالین ٹہری باوجودیکہ یہہ دونو گمراہ اور سزاوار غضب کی ہیں اسی وجہ
كل واحد منهما مختصا بما غلب عليه من الجهل والعناد فان اليهود كانوا امة عناد فخصوا بالغضب
کہ دونو فرقوں کو خصوصیت ہی غلبہ جہل اور عناد سی سو یہودیوں میں تو عناد زیادہ تہا وہ تو سزاوار غضب کی
والنصرى كانوا امة جهل فخصوا بالضلال ولهذا قال سفيان بن عيينة من فسد من علمائنا
اور نصاری میں جہالت زیادہ تہی وہ گمراہی سی مخصوص ہوئی اسیلئی سفیان بن عیینہ کہتی ہیں کہ ہم میں سی جو عالم ہوکر بگڑجاوی
ففيه شبه من اليهود لان اليهود عرفوا الحق ولم يتبعوه بل عدلوا عنه وكانوا مغضوبا عليهم
تو وہ یہودیوں سی ملتا ہی کیونکہ یہودیوں نی حق کو پہچان کر اطاعت نکی بلکہ حق سی الگ ہوگئی پہر قابل غضب الہی کی ہوگئی
ومن فسد من عبادنا ففيه شبه من النصارى لان النصارى لم يعرفوا الحق بل جهلوه وكانوا
اور ہم میں سی جو عابد بگڑجاوی تو وہ نصرانیوں سی ملتا ہی کیونکہ نصرانیوں نی حق کو نہیں پہچانا بلکہ نادانستہ رہی
ضالين فانه تعالى جعل العبادة سببا للثواب والمعصية سببا للعقاب فمن يرجو الثواب ويخ
آخر گمراہ ہوئی بیشک اللہ نی عبادۃ کو واسطہ ثواب کا بنایا ہی اور گناہ کو واسطہ عذاب کا بنایا پہر جو شخص آرزو ثواب کی کری اور
العذاب لابد له ان يعرف العبادة والمعصية ليشتغل بالاولى ويصل الى الثواب ويحترز عن الثان
عذاب سی ڈری تو اوسکو لازم ہی کہ عبادت اور معصیت کی حقیقت دریافت کری تاکہ عبادۃ کی شغل سی ثواب پاوی اور گناہ سی پرہیز کرکر
وينجو من العذاب لان من لم يعرفهما ولم يفرق بينهما يضع احدهما مقام الاخرى فيكون من الخس
عذاب سی بچی کیونکہ جو شخص ان دونوں سی خوب واقف نہوگا اور دونوں میں فرق نہ کریگا وا ایک کو دوسری کی جگہ برت لیگا پہر اوسکو بڑا ہی خسارہ ہوگا
وذلك لان في قلب الانسان قوتين قوة العلم وقوة الارادة وهما لا يتعطلان ابدا ولا يحصل
اور یہہ بات اسلئی کہ انسان کی دل میں دو قوتیں ہیں قوت علم کی اور قوت ارادہ کی اور یہہ دونو کبہی بیکار نہیں ہوتی اور ان بدون
عمل الا بهما سواء كان خيرا او شرا لان من يفعل شيئا سواء كان خيرا او شرا لا يفعله ما لم ير
کوئی عمل نہیں ہوسکتا برابر ہی کہ نیک ہو یا بد ہو اسلئی کہ جو شخص کچھ کام کرتا ہی برابر ہی کہ بہلا ہو یا برا ہو تو بدون ارادہ کی نہیں کرسکتا

ولا يريده مالم يعلمه فكمال الانسان وصلاحه باستعمال هاتين قوتين فيما ينفعه في الدارين
اور ارادہ اوسکا بدون علم کی نہین ہوسکتا سو تمام خوبی اور بھلائی آدمی کی ان دونو قوتوں کو دارین کی منفعت مین استعمال کرنیسی ہی
ويعينه في نيل الدولتين فلابد له من استعمال قوة العلم في ادراك الحق وتميزه عن الباطل
اور ان دونو دولتوں کی حصول مین مددگار بنانی سی سو آدمی کو چاہی کہ قوت علمی کو حق الامر کی دریافت کرنی مین استعمال کرکر حق کو باطل سی جدا کری
واستعمال قوة الارادة في طلب الحق وايثاره على الباطل لانه اذا لم يستعمل قوته العلمية في معرفة
اور قوت ارادی کو حق کی تلاش مین استعمال کرکر حق کو باطل پہ اختیار کری کیونکہ جب یہہ شخص اپنی قوت علمی کو حق کی پہچان مین استعمال نکریگا
الحق وادراكه فلاجرم انه يستعملها في معرفة الباطل وما يليق به واذا لم يستعمل قوته الارادية
تو بیشک اوسہی قوت کو باطل کی پہچان مین اور جو اوسکی متعلق ہی استعمال کریگا اور اگر اپنی قوت ارادی کو
في طلب الحق والعمل به فلاشك انه يستعملها في طلب الباطل والعمل به ثم ان الانسان مجبول
طلب حق مین اور حق کی عمل مین نہین صرف کریگا تو بیشک اوسکو باطل کی طلب اور اوسکی عمل مین صرف کریگا پہر آدمی کی خلقی عادت ہی
على معرفة صانعه ويقتضي طبعه عبادة خالقه والتقرب اليه بحكم الفطرة التي فطر الناس
کہ اپنی پیدا کرنیوالی کو پہچانی اور اوسکی طبیعت کی خواہش ہی کہ اپنی خالق کی عبادت اور نزدیکی حاصل کری باعتبار اصل پیدایش کی جسپر آدمیون کی پیدایش ہی
عليها لكن لاعبرة بالمعرفة الجبلية والعبادة الطبيعية لانها تكون على مقتضى النفس منا.
پر عادت کی موافق پہچان کا کچہہ اعتبار نہین ہی اور طبیعی عبادت کی کچہہ اصل نہین کیونکہ ایسی عبادت بطور خواہش نفس اور متابعت
هواها فلا يخلو عن شوب الشرك وانما المعتبر المعرفة والعبادة على وفق الشرع لا على وفق الطبع
ہوا و ہوس کی ہوتی ہی سو اسمین ملونی شرک کی ضرور ہوتی ہی معرفت اور عبادۃ وہ ہی معتبر ہی جو شرع کی موافق ہو نہ جو کہ مطابق طبع کی ہو کری
الا ترى ان ابليس كان في طبعه السجود لربه حتى عبد الله تعالى فيما يروى ثمانين الف سنة
کیا تجکو معلوم نہین ہی کہ ابلیس بخواہش طبع رب کو سجدہ کرتا تہا ایسا کہ موافق ایک روایت کی اسی ہزار برس خدا کی عبادت کی
وانتظم بكثرة عبادته في سلك الملئكة المقربين ثم لما امر بالسجود على خلاف طبعه ابى واستكبر وكان
اور اس عبادت کی برکت سی مقرب فرشتوں کی جماعت مین شامل ہوگیا تہا پہر جب اوسکو سجدہ کا حکم اوسکی خلاف طبع ہوا تو انکار کیا اور تکبر کرنی لگا اور
من الكفرين فان من يتبع طبعه وهواه فانه لا يفعل شيئا من المعروفات الا ما يوافق هواه ولا يترك
کافر ہوگیا پس جو شخص اپنی طبیعت اور ہوا و نفسانی کا تابع ہوتا ہی تو وہ حسنات مین سی بہی وہ عمل کرتا ہی جو اوسکی خواہش کی موافق ہو اور
شيئا من المنكرات الا ما يخالف هواه وقد قال بعض السلف من لم يعمل من الحق الا ما يوافق هواه
منکرات مین سی بہی وہ ہی ترک کرتا ہی جو اوسکی خواہش کی خلاف ہو اور بعضی متقدمین کا قول ہی کہ جو شخص حق الامر مین سی وہ ہی عمل کری جو اوسکی مرضی کی مطابق ہو
ولم يترك من الباطل الا ما يخالف هواه لا يصل اجر ما عمل من الحق ولا ينجو من وزر ما ترك من الباطل
اور باطل مین سی وہ ہی کام چہوڑی جو اوسکی مرضی کی مخالف ہو تو نہ اوسکو حق پر عمل کرنیکا ثواب ملی اور نہ باطل کی ترک کرنی پر گناہ سی بچی
بل يكون هذا سببا لسوء خاتمته وشوم عاقبته فان لسوء الخاتمة اسباب يجب على المؤمن
بلکہ اوسکی یہہ عادت باعث ہوگی خاتمہ بد کا اور انجام بد کا کیونکہ خاتمہ بد کی بہت اسباب ہوتی ہیں مومن آدمی پہ واجب ہی
ان يحترز عنها منها الفساد في الاعتقاد وان كان مع كمال الزهد والصلاح فان من كان له فساد
کہ اون سی بچتا رہی اونہین سی ایک اعتقاد کا فساد ہی اگرچہ اوسکی ساتہہ زہد اور صلاح بہی کامل ہو اگرچہ کیونکہ جسکا اعتقاد فاسد ہوتا ہی
في اعتقاده مع كونه قاطعا متيقنا به لم يخطر له انه اخطأ فيه قد ينكشف له في حال سكرات
باوجودیکہ وہ قطعی اور اوسکو یقینی جانتا ہی اوسکو یہہ گمان نہین ہی کہ مین اسباب مین خطا پہ ہون پہر جب نزع کی وقت یہہ ظاہر ہوگا

بطلان ما اعتقده فیظن ان سائر ما اعتقده من الاعتقادات الحقة مثل هذا الاعتقاد باطل
کہ اوسکا یہ اعتقاد باطل تھا تو اوسکو یہ خیال ہوگا کہ اوسکی تمام اعتقادات حق ہی مانند اسی اعتقاد کی باطل ہیں

لا اصل له ان لم یکن عنده فرق بین اعتقاد واعتقاد فیکون انکشاف بطلان بعض اعتقاداته
انکی کچھ اصل بنیاد نہیں ہی اگر اوسکو ہر ہر اعتقاد میں فرق حاصل نہ تھا سو اوسکو بعض اعتقاد باطل ظاہر ہوتی ہی

سبب الزوال بقیة اعتقاداته فان خرج روحه فی هذه الحالة قبل ان یتدارک ویعود الی اصل
سب اعتقاد زائل ہو جائینگی پھر اگر ایسی حالت میں اوسکی جان نکل گئی پہلے اسی کہ اوسکا تدارک اور تلافی کر کر اصل

الایمان یختم له بالسوء ویخرج من الدنیا بغیر ایمان فیکون من الذین قال الله تعالی فیهم
ایمان حاصل کرلی تو اوسکا خاتمہ بد ہوگا اور دنیا سی بی ایمان جاویگا پھر اون لوگوں میں داخل ہوگا جنکی حق میں اللہ یہ فرماتا ہی

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ وقال فی آیة اخری قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا
اور نظر آیا اونکو اللہ کی طرف سی جو خیال نہیں رکھتے تھی اور فرمایا ایک اور آیت میں کہ ہم بتاویں تمکو کن کی گئی بہت اکارت کام

اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا فان کل من اعتقد
جنکی دوڑ بہکتی رہی ہی دنیا کی زندگی میں اور وہ سمجھتی ہیں کہ خوب بناتی ہیں کام بیشک جو شخص کسی شی کو برخلاف واقع

شیئا علی خلاف ما هو علیه اما نظرا برایه وعقله او اخذا ممن هذا حاله فهو واقع فی هذا الخطر ولا
یعنی غلط اعتقاد کرلی یا تو صرف اپنی سمجھ بوجھ سی یا کسی ایسی ہی شخص سی اوس سی سیکھ کر تو اوسکی حق میں یہ ہی اندیشہ ہی اور

یدفعه الزهد والصلاح وانما یدفعه الاعتقاد الصحیح المطابق لکتاب الله تعالی وسنة رسوله
زہد اور صلاح سی یہ اندیشہ دفع نہیں ہوسکتا اس اندیشہ کو وہ ہی اعتقاد دفع کرتا ہی جو صحیح اور کتاب اللہ اور سنت رسول کی مطابق ہو

لان العقائد الدینیة لا یعتد بها الا ما اخذت منهما ومنها الاصرار علی المعاصی فان له اصرار
اسواسطی کہ عقاید دینی وہ ہی معتبر ہیں جو کتاب اور سنت کی مطابق ہوتی ہیں اور انہیں اسباب میں سی ایک سبب ہی گناہوں پر اڑ جانا بیشک جو شخص

علی المعاصی یحصل فی قلبه الفها وجمیع ما الفه الانسان فی عمره یعود ذکره عند موته فان کان
اڑ جاتا ہی تو اوسکی دل میں گناہ کی محبت پیدا ہو جاتی ہی اور انسان کی تمام محبوب چیزیں زندگی بھر کی موت کی وقت یاد آتی ہیں پس اگر اسکو

میله الی الطاعات اکثر یکون اکثر ما یحضره عند الموت ذکر الطاعات وان کان میله الی المعاصی
رغبت عبادات کی زیادہ ہوگی تو موت کی وقت عبادات بہت یاد آوینگی اور اگر اسکو رغبت گناہوں کی

اکثر یکون اکثر ما یحضره عند الموت ذکر المعاصی فربما یغلب علیه حین نزول الموت به قبل التوبة
بہت ہوگی تو مرتی وقت وہ ہی گناہ بہت یاد آوینگی سو اکثر اوقات مرتی وقت توبہ سی پہلی

شهوة من الشهوات ومعصیة من المعاصی فیتقید قلبه بها ویصیر حجابا بینه وبین ربه وسببا
کوئی شہوت شہوات میں سی اور کوئی گناہ گناہوں میں سی اوسپر غالب ہو جاتا ہی پھر اوسکا دل اوسی میں لگا رہ جاتا ہی وہ ہی اوسمیں اور اوسکی رب میں پردہ ہو جاتا ہی

لشقاوته فی آخر حیوته لقوله علیه السلام المعاصی برید الکفر والذی لم یرتکب ذنبا اصلا
آخر دم وہ ہی اوسکی شقاوت کا سبب ہو جاتا ہی واسطی ارشاد نبی علیہ السلام کی گناہ کفر کی ایلچی ہوتی ہیں اور جسنی کبھی کوئی گناہ نہیں کیا یا

او ارتکب وتاب فهو بعید عن هذا الخطر واما الذی ارتکب ذنوبا کثیرة حتی کانت اکثر من طاعاته
گناہ تو کیا پر توبہ کی سو ایسا شخص اس اندیشہ سی الگ ہی اور جو شخص اکثر گناہ کرتا رہا ایسا کہ اوسکی عبادات سی زیادہ ہو گئی

ولم یتب عنها بل کان مصرا علیها فهذا الخطر فی حقه عظیم جدا اذ قد یکون غلبة الالف بها
اور اونسی توبہ بھی نکی بلکہ گناہ ہی میں مبتلا رہا تو اوسکی حق میں اس خطرہ کا اندیشہ ہی اسلئے کہ بعضی وقت بسبب غلبہ محبت کی

سببا لان یتمثل فی قلبه صورتها ویقع منه میل الیها ویقبض روحه علیها فیکون سببا لسوء

اوسکی دلمیں گناہ کی صورت مجسم ہوجاتی ہی اور اس شخصکو اوسکی طرف رغبت آتی ہی اور اسی حالت میں اوسکی جان نکل جاتی ہی یہہ ہی سبب ہوتا ہی اوسکی

خاتمته ویعرف ذلك بمثال وهو ان الانسان لاشك انه یری فی منامه من الاحوال التی الفها طول

خاتمہ بدکا یہہ بات مثال سی خوب سمجھہ میں آتی ہی مثال یہہ ہی کہ آدمی بیشک سوکر خواب میں وہ حالات دیکھا کرتا ہی جو عمر بہر مجبوب ہوتی ہیں

عمره حتی ان الذی قضی عمره فی العلم یری من الاحوال المتعلقة بالعلم والعلماء والذی قضی عمره

اسقدر کہ جسنی اپنی عمر پڑہنی لکہنی میں صرف کی ہی تو وہ وہ ہی حالات دیکھتا ہی جو علم اور علماء سی متعلق ہیں یعنی دوات قلم کتاب اور جسنی اپنی عمر

فی الخیاطة یری من الاحوال المتعلقة بالخیاطة والخیاط اذ لا یظهر فی حال النوم الا ما حصل له

درزی گری میں کہوئی تو وہ وہ ہی حالات دیکھتا ہی جو درزی گری سی متعلق ہیں یعنی گز قینچی اسلئی کہ نیند میں وہ سوجتا ہی جو بسبب کثرت الفت کی

مناسبة مع قلبه بطول الالف والموت وان کان فوق النوم لکن سکراته وما یتقدمه من

اوسکی دلسی مناسبت رکہتا ہی اور موت اگرچہ نیند کی نسبت برتر ہی پر اوسکی سکرات اور حال جو موت سی پہلی گذرتا ہی

الغشیة قریب من النوم فطول الالف بالمعاصی یقتضی تذکرها عند الموت وعودها فی القلب

جیسی غشی یہہ نیند ہی کی مثال ہوتی ہیں اور کثرت الفت کی معاصی سی یہہ ہی چاہتی ہی کہ معاصی موت کی وقت دلمیں ہٹ کر یاد آئیں

وتمثلها فیه ومیل النفس الیها وان قبض روحه فی تلك الحالة یختم له بالسوء ومنها العدول عن

اور دلمیں صورت پکڑلیں اور نفس کو اودہر رغبت ہو ایسی حالت میں اگر اوسکی جان قبض ہوگئی تو اوسکا خاتمہ بد ہوگا اور اون اسباب میں سی ایک سبب یہہ ہی

الاستقامة فان من کان مستقیما فی ابتدائه ثم تغیر عن حاله وخرج مما کان علیه فی ابتدائه یکون

کہ استقامت سی تجاوز کری البتہ جو شخص پہلی تو سیدہا راہ پر تہا پہر اپنا حال پلٹ کر وہ سیدہا راہ چہوڑ دیا جو ابتدا میں تہا یہہ ہی خاتمہ بد کا

سببا لسوء خاتمته کابلیس الذی کان فی ابتدائه رئیس الملئکة ومعلمهم واشدهم اجتهادا فی العبادة

سبب ہوتا ہی جیسی شیطان کہ پہلی تو تمام فرشتوں کا سردار اور اونکا استاد تہا اور عبادت پر بہت کوشش کیا کرتا

حتی قیل لم یبق فی سبع سموات وسبع ارضین موضع شبر الا وهو قد سجد فیه ثم لما امر بالسجود

اسقدر کہ کہتی ہیں کہ ساتوں آسمان اور ساتوں زمین میں ایک بالشت بہر جگہہ اسکی سجدہ سی خالی نہیں تہی پہر جب اسکو حکم ہوا آدم علیہ السلام کی

لادم ابی واستکبر وکان من الکفرین وکبلعام بن باعورا الذی اتاه الله ایاته فانسلخ منها بخلوده

سجدہ کا تو انکار کیا اور تکبر کرنی لگا اور کافر ہوگیا اور جیسی بلعام بن باعورا جسکو اللہ تعالی نی اپنی نشانیاں دیں پہر اوسنی الگ ہوکر ہمیشگی

الی الدنیا واتباع هویه وکان من الغاوین وکبرصیصا العابد الذی قال له الشیطان اکفر فلما کفر

دنیا اور ہوا پرستی کی آرزو کی اور گمراہ ہوگیا اور جیسی برصیصا عابد جب اوسی شیطان نی کہا انکار کر پہر جو وہ منکر ہوا

قال انی بریء منك انی اخاف الله رب العلمین فان الشیطان اغراه علی الکفر فلما کفر تبرا منه مخافة ان یشارکه فی العذاب

تو کہا میں الگ ہوں تجہسی میں ڈرتا ہوں اللہ سی جو رب ہی ساری جہان کا البتہ شیطان نی اوسکو کفر کی رغبت دلائی جب اوسنی کفر کیا تو اوسی الگ ہوا اس خوف سی کہ ایسا نہو میں بہی اسکی ساتہ

ولم ینفعه ذلك کما قال الله تعالی فکان عاقبتهما انهما فی النار خالدین فیها وذلك جزؤ الظلمین ومنها ضعف الایمان فان من کان

اگرچہ اسی کچہہ اوسکو فائدہ نہوا چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی پہر آخر انجام دونو کا یہہ ہی کہ وہ دونو ہیں آگ میں سدا رہیں اوسمیں اور یہہ ہی سزا گنہگاروں کی اور اونہی اسباب میں سی ایمان کی سستی ہی

فی ایمانه ضعف یضعف حب الله تعالی فیه ویقوی حب الدنیا فی قلبه ویستولی علیه بحیث لا یبقی فیه موضع لحب الله

ایمان میں سستی ہوگی اوسکو محبت الہی میں سستی ہوگی اور دنیا کی محبت اوسکی دل میں قوی اور ایسی غالب ہو جاویگی کہ محبت الہی کی لئی ذرہ بہر جگہہ باقی نہ رہیگی

الا من حیث حدیث النفس بحیث لا یظهر له اثر فی مخالفة النفس ولا یؤثر فی الکف عن المعاصی

ہاں اگر ہووی تو مثل خیالات نفسانی کی جسکا اثر نفس کی مقابلہ میں کچہہ بہی ظاہر نہو اور نہ گناہ ہونی باز رہنی میں اثر کری

ولا في الحث على الطاعات فينهمك في الشهوات وارتكاب السيئات فيتراكم ظلمات الذنوب
اور نہ طاعات کی رغبت ہے پس صرف شہوات میں کیا رہیگا اور معاصی کرتا رہیگا پھر دل پر تیرہ سیاہی گناہوں کی
على القلب فلا تزال تطفئ ما فيه من نور الايمان مع ضعفه فاذا جاءت سكرات الموت
چڑھتی جاویگی پھر جسقدر اوسمیں نور ایمان کا ہوگا ضعیف ہوکر بجھتا چلا جاویگا پھر نزع کے وقت
يزداد حب الله تعالى ضعفا في قلبه لما يرى انه يفارق الدنيا وهي محبوبة له وحبها غالب عليه
حب الہی میں اور بھی زیادہ دل میں سستی پیدا ہوگی کیونکہ یہہ شخص آپ جانتا ہی کہ دنیا مجھسی چلی اور دنیا چونکہ اوسکی پیاری اور اوسکی محبت
لا يريد تركها ويتألم من فراقها ويرى ذلك من الله تعالى فيخشى ان يحصل في باطنه بغضه تعالى
تو چھوڑنی نہیں چاہتی اوسکی فراق سی رنجیدہ ہوتا ہی اور اس فراق کو خدا کی طرف سی جانتا ہی اب یہہ ڈر ہی کہ اوسکی دل میں بجای حب الہی کی بغض پیدا ہوجاوی
بدل الحب ينقلب ذلك الحب الضعيف بغضا فان خرج روحه في اللحظة التي خطرت فيها هذه
لعدہ تھوڑی سی محبت جو ہی بغض ہوجاوی اگر اوسکی جان ایسی حالت میں کہ جب یہہ خیالات پیش تہی نکل گئی
الخطرة ختم له بالسوء ويهلك هلاكا مؤبدا والسبب المفضي الى هذه الخاتمة حب الدنيا والركون
تو اوسکا خاتمہ برا ہوگا اور ہمیشہ کو جاتا رہا اور باعث اسکا جسی یہہ خاتمہ ہوا دنیا کی محبت اور دنیا کی رغبت
اليها والفرح بها مع ضعف الايمان الموجب لضعف حب الله تعالى وهو الداء العضال قد عم
اور دنیا کی خوشی ہی تسپر سستی ایمان کی جسی محبت الہی میں سستی آگئی اور یہہ بیماری سخت ہی جو
اكثر الخلق فان من يغلب على قلبه عند الموت امر من امور الدنيا ويتمثل ذلك الامر في قلبه ويستغرق
تمام خلق کو لگ رہی ہی کیونکہ جسکی دل پر مرتی دم کوئی بات دنیا کی چھا جاوی اور وہی بات اوسکی دل میں تصویر کی طرح صورت پکڑ کر
حتى لا يبقى لغيره متسع فان خرج روحه في تلك الحالة يكون راس قلبه منكوسا الى الدنيا ووجهه
کہ غیر کی لئی کچھ گنجایش نرہی پھر اگر ایسی حالت میں اوسکی جان نکل گئی تو اوسکا دل دنیا ہی کی طرف جھکا ہوا اور اوسکا منہہ دنیا ہی
مصروفا اليها ويحصل بينه وبين ربه حجاب ولا يمكنه ان يكتسب بعد الموت صفة اخرى
کیطرف متوجہ رہیگا اور اوسمیں اور اوسکی رب میں پردہ حایل ہوگا اب یہہ طاقت نہیں کہ موت کی بعد ایسی صفت حاصل کری
تضاد صفة الغالبة عليه اذ لا تصرف في القلوب الا باعمال الجوارح وبالموت تبطل الجوارح واعمالها
جسی وہ صفت جاتی رہی جو اوسپر غالب تہی اسواسطی کہ دل پر تصرف بدون اعضاء جسمانی کی نہیں ہوسکتا اور مرنی سی اعضاء جسمانی سب باطل اور اونکی اعمال
ولا مطمع في الرجوع الى الدنيا حتى يمكن التدارك ويبقى في حسرة وندامة فمن اراد النجاة من هذه
اور اب یہہ بھی توقع نہیں کہ دنیا میں ہٹ کر آویگی تاکہ اوسکا عوض ہوسکی اب سوا حسرت اور ندامت کی کچھ نہیں ہی پس جو شخص اس ہلاکت سی بچنا چاہی
الورطة فعليه بعد اخراج حب الدنيا من قلبه وحفظ جوارحه عن المعاصي وقلبه عن الفكر
تو اوسکو لازم ہی کہ پہلی دنیا کی محبت دل میں سی دور کری اور اپنی اعضا کو گناہ سی اور اپنی دل کو دنیا کی فکر سی بچاوی
فيها والاحتراز عن مشاهدتها ومشاهدة اهلها لان ذلك ايضا يؤثر في قلبه ويصرف فكره اليها
اور دنیا اور اہل دنیا کی دیکھنی سی پرہیز کری کیونکہ یہہ بھی دل میں اثر کرکر اوسکی فکر کو دنیا کی طرف لگا دیتا ہی
ان يواظب على الطاعات لكونها ثمرة محبة الله تعالى ولا يتصور محبة الله تعالى الا بعد معرفته تعالى
پہر عبادات پر مداومت کری کیونکہ محبت الہی کا یہہ ہی ثمرہ ہی اور محبت الہی بدون معرفت الہی کی نہیں ہوسکتی
اذ لا يحب الانسان ما لا يعرفه وانما يحب ما يعرفه فمن عرف الله تعالى وعرف ان جميع النعم الواصلة اليه
اس لئی کہ آدمی نا معلوم چیز کو محبوب نہیں رکھتا محبوب وہی ہوتی ہی جو معلوم ہو پہر جسنی اللہ کو پہچانا اور یقین کیا کہ تمام نعمتیں جو مجھکو ملیں

الیہ

الیه والی غیره لیس الا منه تعالی لا جرم یحبه فاذا احبه یسعی فی تحصیل مرضاته بالاحتراز
با اوروں کو بھی سب اللہ ہی کی عنایت ہے تو خواہ مخواہ اسکو دوست رکھیگا پھر جب اسکو اپنا محبوب بنایا

عن الافعال القبیحة والاشتغال بالاعمال الحسنة نعلم من هذا ان المقصود من العلوم والاعمال
تو افعال بد سے پرہیز کر کر اور نیک اعمال میں مشغول ہو کر اسکی رضامندی حاصل کریگا اس سے معلوم ہوا کہ مقصود اصلی علوم اور اعمال سے

معرفة الله تعالی حتی یثمر المعرفة المحبة اذ لا ینبغی لاحد ان یفارق الدنیا الا محبا لله تعالی و
اللہ تعالی کی معرفت ہے تاکہ معرفت سے محبت حاصل ہو کیونکہ بہتر یہی ہے کہ جو کوئی دنیا سے جدا ہو تو خدا کی محبت میں اور

محبا للقائه فان من احب لقاء الله تعالی احب الله لقاءه ومن قدم علی محبوبه یعظم سروره
اسکی ملاقات کی شوق میں جدا ہو اسلئے کہ جو شخص خدا کی ملاقات کا مشتاق ہوگا تو خدا اسکی ملاقات کا مشتاق ہوگا اور جو شخص اپنی محبوب پاس جاتا ہے

بقدر محبته لا محب الدنیا لانه یفارقها ومن یفارق محبوبه یشتد المه وعذابه فمهما کان
تو اسکی بقدر محبت کی عزت ہوتی ہے دنیا کی محبت میں جان نہ دے اسلئے کہ دنیا سے تو جدا ہوتا ہے اور جو شخص اپنی محبوب سے جدا ہوتا ہے تو اسکو بڑا ہی رنج ہوتا ہے جبتک

الغالب علی القلب حب الولد والمال والمسکن والعقار فهذا رجل جمیع محابه فی الدنیا والدنیا
دل پر محبت اولاد اور مال اور گھر باہر کی غالب ہوتی ہے تو یہہ ایسا شخص ہے کہ اسکی تمام محبوب دنیا میں ہیں اور دنیا ہی

جنته فموته خروج من الجنة وحیلولة بینه وبین محبوبه ولا یخفی الم من یحال بینه وبین
اسکی لئے بہشت ہے پس موت اسکو جنت سے نکالتی ہے اور اسکو اسکی محبوب سے دور کرتی ہے اور ظاہر ہے جسکا محبوب چھوٹتا ہے اسکو کیسا رنج والم ہوتا ہے

محبوبه واما اذا لم یکن له محبوب سوی الله تعالی فالدنیا سجنه فموته خروج من السجن ولقی
اور وہ شخص جسکا محبوب سوای ذات الہی کی کوئی نہو تو دنیا اسکی حق میں دوزخ ہے سو اسکی موت گو یا دوزخ سے نکل کر اپنی محبوب سے

محبوبه فهذا اول ما یلقاه کل من یفارق الدنیا عقیب موته من الفرح والالم فضلا عما اعده
ملتا ہے پس یہہ پہلی خوشی اور الم ہے جو دنیا سے مرکر جانی والوں کو حاصل ہونیوالا ہے پھر آگی کیا کہنا ہے جو

الله تعالی من النعیم المقیم لعباده الصالحین ومن العذاب الالیم للذین استحبوا الحیوة الدنیا و
اللہ تعالی نے صلحاء کی واسطے عیش دائمی اور دنیا کی زندگی اور راحت کی پسند کرنیوالوں کی واسطے جو

رضوا بها ولم یستعدوا للقاء الله تعالی وحکی ان سلیمن بن عبد الملک لما دخل
اللہ تعالی کی ملاقات کا سامان نکرتی تھی عذاب دردناک تیار کر رکھا ہے بیان کرتی ہیں کہ سلیمان بن عبد الملک حج کی ارادہ

المدینة حاجا قال هل بها رجل ادرك عدة من الصحابة قالوا نعم ابو حازم فارسل الیه فلما اتاه
مدینہ شریف میں آیا تو پوچھا یہاں کوئی ایسا مرد ہے جسنی کئی صحابہ کو پایا ہو جواب دیا ہاں ابو حازم ہے آدمی بھیجکر اسکو بلایا جب وہ آئی

قال یا ابا حازم ما لنا نکره الموت قال انکم عمرتم الدنیا وخربتم الاخرة فتکرهون الخروج من
تو کہا ای ابو حازم ہمکو موت کیوں بری لگتی ہے جواب دیا تمنے دنیا کو آباد کیا ہے اور آخرت کو اجاڑا ہے سو تم آبادی سے اجاڑ میں

العمران الی الخراب قال صدقت ثم قال لیت شعری ما لنا عند الله تعالی غدا قال اعرض عملك
جانا برا سمجھتے ہو کہا تو نے سچ کہا پھر پوچھا کاشکی ہمکو معلوم ہوتا کہ کل خدا کی ہاں ہمارا کیا حال ہونیوالا ہے جواب دیا اپنی اعمال کو

علی کتاب الله تعالی قال فاین اجده قال فی قوله تعالی ان الابرار لفی نعیم وان الفجار لفی جحیم قال
قرآن کی مطابق کر کی معلوم کر لی پوچھا کس جا مقابلہ ہو سکتا ہے جواب دیا اس آیت میں بیشک نیک لوگ عیش میں ہیں اور بیشک گنہگار دوزخ میں ہیں پوچھا

فاین رحمة الله قال ان رحمت الله قریب من المحسنین قال لیت شعری کیف العرض علی الله تع
پھر رحمت اللہ کی کہاں ہوگی جواب دیا بیشک اللہ کی رحمت قریب ہے نیکی والوں سے پوچھا کاشکی معلوم ہوتا کہ کل کو کس طور اللہ کی سامنے جانا ہوگا

غدا قال اما المحسن فکالغائب الذی یقدم علی اهله واما المسیئ فکالابق یقدم علی مولاه فبکی
جواب دیا یکی والا تو جیسی بچھڑا ہوا اپنی اہل کی پاس آتا ہی اور بدکار جیسی غلام بھاگا ہوا اپنی مولا کی سامنی آتا ہی پرسلیمان
سلیمٰن حتی علا صوته واشتد بکاؤه ثم قال اوصنی قال ایاك ان یراك الله حیث نهاك
روئی اور آواز بلند ہوئی اور بہت ہی رویا پھر کہا مجکو وصیت کر جواب دیا بچارہ کہ تجکو اللہ دیکھی ایسی جگہ جہاں سی منع کیا ہی
ویفقدك حیث امرك المجلس العاشر فی بیان الفرق بین المؤمن والمسلم
اور نہ دیکھی جس جگہ امر فرمایا ہی دسویں مجلس فرق کی بیان میں مؤمن اور مسلم میں
وبین المجاهد والمهاجر قال رسول الله صلی الله علیه وسلم المؤمن من امنه الناس
اور مجاہد اور مہاجر میں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی مؤمن وہ ہی جسکی ہاتھ سی لوگ
علی دمائهم واموالهم والمسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده والمجاهد من جاهد نفسه
بچی جان اور مال بچالیں اور مسلم وہ ہی کہ مسلمان جسکی زبان اور ہاتھ سی سلامت رہیں اور مجاہد وہ ہی جسنی اپنی جان کو
فی طاعة الله تعالی والمهاجر من ترك الخطایا والذنوب هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه
اللہ تعالی کی فرماں برداری میں کسایا اور مہاجر وہ ہی جو خطا اور گناہوں کو ترک کری یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں سی ہی
فضالة بن عبید ومعناه ان المؤمن لیس من یدعی الایمان فقط بل المؤمن الکامل فی ایمانه
فضالہ بن عبید کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہیں کہ مؤمن وہ نہیں ہی جو ایمان کا صرف دعوی کیا کری بلکہ کامل مؤمن اپنی ایمان میں وہ ہی
هو الذی ظهر امانته واستقامته بحیث یکون الناس منه امینا لا یخافونه علی سفك دمائهم
جسکی امانت اور استقامت ایسی ظاہر ہو دی کہ خلق اللہ اوسکو امین حال کر یہہ خوف نکریں کہ ہمکو ناحق مار ڈالیگا
واخذ اموالهم ظلما والمسلم لیس من یتکلم بکلمتی الشهادة فقط بل المسلم الکامل فی اسلامه
یا لوٹ لیگا اور مسلم وہ نہیں ہی کہ صرف دونو کلمہ شہادت کی پڑھا کری بلکہ کامل مسلمان اپنا اسلام میں
هو الذی لا یؤذی احدا من المسلمین لا بلسانه بالشتم والغیبة والنمیمة والبهتان ولا بیده بالضرب
وہ ہی جو کسیکو مسلمانوں میں سی ایذا نہ دی نہ تو اپنی زبان سی گالی گلوچ دی کر اور غیبت کر کر اور چغلی کر کر اور تہمت لگا کی اور نہ اپنی ہاتھ سی مار کر
والقتل واخذ ماله بغیر حق وانما خص الید واللسان بالذکر من بین سائر الاعضاء مع الایذاء
یا قتل سی اور ناحق مال چھین کر اور تمام اعضاء میں سی صرف ہاتھ اور زبان کو کس لیی خاص کر ذکر کیا ہی باوجودیکہ ایذا
کما یکون بهما یکون بغیرهما من الاعضاء کالعین والاذن والرجل اذا نظر الی بیت الغیر او استمع
جیسی زبان اور ہاتھ سی ہوتی ہی ایسی ہی اور اعضاء سی بھی ہوتی ہی ہاتھ اور زبان کی جیسی آنکھ اور کان اور پاؤں جب جھانکی یا کسی کی گھر میں یا کان لگا دی
قولا لا یرضاه او دخل ملکه بغیر اذنه لان اکثر الایذاء یحصل بهما واما الجمع بینهما فلان
کسی بات پر اوسکی بی مرضی یا جا گھسی اوسکی ملک میں بی اجازت اسلیی ذکر کیا کہ اکثر ایذا انہیں دونوں سی ہوتی ہی اور دونوں کو جمع اسلیی کیا ہی
کف الید یحتمل ان یکون بسبب الضعف وعدم القدرة واذا ضم الیه کف اللسان یتعین
کہ ہاتھ کا روکنا شاید کہ بسبب ناتوانی کی ہو کہ اتنی طاقت نہیں ہی اور جب زبان کو اوسکی ساتھ روکا تو یہہ مقرر ہو گیا
ان کف الید کان للاسلام والمجاهد لیس من یقاتل الکفار فقط بل المجاهد الکامل من یقاتل
کہ ہاتھ کا روکنا اسلام ہی کی جہت سی ہی اور مجاہد وہ نہیں ہی کہ صرف کفار سی جنگ کیا کری بلکہ مجاہد کامل وہ ہی جو اپنی نفس سی جنگ کری
نفسه ویحملها علی طاعة الله تعالی ویمنعها عن معصیته تعالی لان نفس الانسان اشد عداوة
اللہ تعالی کی فرماں برداری پر لگا دی اور اللہ کی نافرمانی سی اوسکو روک دی اس لیی کہ نفس انسانی انسان کا کفار کی نسبت زیادہ تر

معه من الكفار لكون الكفار في بعد مكان منه لا يتفق تلاحقهم به وتقاتلهم معه الا احيانا
دشمن ہوتا ہی اسلئی کہ کفار تو اوس سی دور مسافت پر ہوتی ہیں اونسی اتفاقا کبھی کبھی مقابلہ اور مقاتلہ پیش آجاتا ہی

بعد حين واما نفسه فانها ابدا تلازمه وتقاتله وتمنعه عن الخيرات والطاعات وتحمله على
و ا یہہ نفس یہہ تو ہر وقت اسکی ساتھہ لگا ہوا لڑتا رہتا ہی اور خیرات اور طاعات سی روکی جاتا ہی اور

المعاصي وانواع الفسادات ولا شك ان القتال مع العدو الملازم اهم من القتال مع العدو
گناہ اور طرح طرح کی فساد پر رغبت دلی جاتا ہی اور بیشک جنگ پاس کی دشمن کی دشوار ہوتی ہی جنگ دور کی دشمن سی

البعيد يشهد لهذا قوله يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُمْ مِنَ الْكُفَّارِ فانه تعالى امر المؤمنين
یہہ قول اسکا شاہد ہی ای ایمان والو لڑتی جاؤ اپنی نزدیک کی کافروں سی کیونکہ اللہ تعالی مؤمنوں کو

ان يبتدأ بقتال الكفار الذين كانوا اقرب منهم فاذا فرغوا من الاقرب فليقاتلوا الابعد والمهاجر
یہہ امر فرماتا ہی کہ پہلی قتال اون کفار سی کریں جو اونسی پاس ہیں جب پاس کی کفار سی فارغ ہو جاویں تو دور کی کفار سی لڑیں اور مہاجر

ليس من هاجر من مكة الى المدينة قبل فتح مكة فقط حتى تنقطع الهجرة بعد فتح مكة بل الهجرة
وہ ہی نہیں ہی جو گہر چھوڑ کر مکہ سی مدینہ کو چلا گیا فتح مکہ سی پہلی پہلی کہ بعد فتح مکہ کی ہجرت ہو چکی بلکہ ہجرت

باقية الى يوم القيمة لانها انتقال من الكفر الى الايمان ومن دار الحرب الى دار الاسلام ومن
قیامت تک ہوتی رہی گی اسلئی کہ ہجرت تو یہہ ہی کفر کو چھوڑ کر ایمان حاصل کرنا اور کافروں کی ملک سی مسلمانوں کی ملک میں جانا اور

السيئات الى الحسنات وهذه الاشياء باقية ما دام التكليف باقيا فالمهاجر الكامل هو الذي
گناہوں کو چھوڑ کر حسنات پر عمل کرنا اور یہہ امور تو باقی رہینگی جبتک خطاب الہی باقی ہی پس کامل مہاجر وہ ہی جو

يترك جميع ما نهى الله تعالى من المعاصي ويشتغل بما امر الله تعالى من محاسن الاعمال كما جاء
تمام ممنوعات شرعی کو ترک کری کوئی ہی گناہ ہو اور اللہ تعالی کی امر بجالانی میں مشغول رہی کیسا ہی نیک عمل ہو چنانچہ

في حديث اخر انه عليه الصلوة والسلام قال المهاجر من هجر ما نهى الله تعالى عنه فانه عليه الصلوة
ایک اور حدیث میں آیا ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا مہاجر وہ ہی جو ترک کری وہ کار جو منع کیا ہی اللہ تعالی نی پس پیغمبر صلی اللہ علیہ

والسلام بيّن في هذا الحديث ان الهجرة الكاملة التامة هي هجران الفواحش والمنكرات والجد في
وسلم نی اسحدیث میں بیان فرمایا کہ پوری اور کامل ہجرت فواحش اور منکرات کی چھوڑنی اور

الطاعات والعبادات لكن ينبغي ان يعلم صحة الطاعات والعبادات موقوفة على صحة الاعتقاد
طاعت اور عبادت میں کوشش کرنیسی ہوتی ہی لیکن یہہ سمجھنا ضرور چاہئی کہ طاعات اور عبادات کبھی صحیح اور درست نہیں ہوتی جبتک اعتقاد درست نہو

لان الايمان اصل والعمل فرع والعبد اذا لم يعرف ما الايمان والهداية لا يعرف ما الكفر والضلالة
اسلئی کہ ایمان جڑ ہی اور عمل شاخ اور آدمی کو جب یہہ ہی خبر نہیں کہ ایمان اور ہدایت کیا ہوتا ہی تو وہ کیا جانی کہ کفر کیا اور گمراہی کیا ہی

فتارة تجرى على لسانه كلمة التوحيد على طريق الاعتياد لا بالعلم والاعتقاد وتارة يتلفظ
پہر تو کبھی اوسکی زبان پر کلمہ توحید کا آجاویگا عادت کی موافق بدون علم اور اعتقاد کی اور کبھی کلمہ

بالفاظ الكفر ويدخل في حيز الارتداد ومن كان في الاعتقاد بهذه المرتبة لو بقي الف سنة
کفر کا بک دیگا جسّی مرتد ہو جاوی اور جسکا اعتقاد اس درجہ کا ہو تو اگر ہزار برس تک

في الصوم والصلوة لن ينفعه ذلك الاعتقاد يوم العرض الاكبر ومصيره الى النار ومن زعم انه مسلم
روزہ نماز کیا کریگا تو ہرگز ہرگز یہہ اعتقاد پیشی کی دن کچہہ فائدہ نہ دیگا آخر ایسیکا انجام آگ ہی اور جو یہہ گمان کری کہ وہ مسلم ہی

وتقاعد من تعلم قدر ما هو فرض عين عليه من عقائد الايمان لا يوجد فيه من الايمان الا
پہستی کری سیکہنی مین عقاید ایمان کی جسقدر اوسپر فرض عین ہی تو اوسمین ایمان کا صرف دعوی ہی دعوی پایا جاتا ہی
مجرد الدعوی وهذا النوع من الايمان انما يظهر فائدته فی الدنيا حيث لا يوخذ منه الجزية كما
ایسی ایمان کا فائدہ صرف دنیا ہی مین ہوجاتا ہی اسلئی کہ اوسی خراج نہین لیا جاویگا جیسی
توخذ من الكفار لكن يتعذر له الوصول فی العقبی الی درجة الابرار فان العبد بمجرد الاتيان بكلمة
اورکافرسی لیا جاتا ہی لیکن اسکو درجہ صلحاء کا آخرت مین ملنا بہت دشوار ہی کیونکہ آدمی صرف کلمہ شہادت کا پڑہ کر
الشهادة وتقرير الفاظ الايمان على طريق العادة وعد نفسه من المؤمنين من غير فهم معناها
اورعادت کی موافق الفاظ ایمان کی بول کر اوراپنی آپ کو مؤمنین مین شمار کرکر بدون سمجہنی معنون کی
لا يصير مؤمنا بينه وبين الله تعالی حتی يصدق بقلبه جميع شرائعه وينقاد فی جميع احكامه
خدا کی علم مین مؤمن نہین ہوسکتا یہان تک کہ اپنی دل سی تمام احکام شرعی کی تصدیق کری اورتمام احکام کا مطیع ہووی
ولا يتشكك ولا يتردد فی شیء منها ولوجود هذا التصديق والانقياد فی القلب علامات منها ان
اورکسی بات مین اصلا شک اورتردد نہ لاوی اوربہت نشانیان مین کہ جسی یہہ تصدیق اورانقیاد دل مین موجود معلوم ہو ایک یہہ ہی
لا يفرغ عن امر دينه بل يسعی فی اصلاحه بتعلمه من اهله والعمل به ومنها ان لا يشق على قلبه
کہ دین کی معاملہ سی نکما ہوکر نہ ہو بیٹہی بلکہ دین کی درستی مین کوشش کرتا رہی اہل کو سکہاوی اورعمل کرتا رہی اورایک علامت یہہ ہی کہ اوسکی دلپر دشوار نگذری
اذا اخبر عن شیء من امر دينه ولا يتهاون به ولا يستكبر عنه بل يقبله ويطيعه وان كان ذلك الامر
جب امور دینی مین سی کوئی سا حکم سنی اوراوسکو حقیر نہ سمجہی اوراوسی گردن کشی نکری بلکہ اوسکو مان لی اوراطاعت کری اگرچہ وہ حکم کیسا ہی
فی غاية الصعوبة والمخبر فی غاية الحقارة ومنها ان لا يكون له هواه اميرا والشرع تابعا له بان
سخت دشوار ہو اوروہ حکم سنانیوالا کیسا ہی ذلیل وحقیر ہو اورایک یہہ نشانی ہی کہ اوسکی ہوائے نفسانی حاکم نہو جاوی اورشرع اوسکی تابع نہ بنی اسطور
لا يأخذ من الشرع شيئا الا ما يوافق هواه بل يجب ان يكون له الشرع اميرا وهواه اسيرا له فلا يأخذ
کہ شرعی احکام مین سی وہ ہی اختیار کیا کری جو اوسکی مرضی کی موافق ہو بلکہ واجب ہی کہ شرع ہی اوسکی حاکم اوراوسکی ہوا ہوس مقید ہو پہر
من هواه ومراده شيئا الا باذن الشرع وان كان فيه نقصان المال والجاه والعرض كما اخبر به النبی
اپنی خواہش مین سی بدون اجازت شرع کی کچہہ اختیار نہ کرسکی اگرچہ اسمین مال اورمرتبہ کا نقصان ہوجا اورعزت بگڑجاوی چنانچہ نبی صلی اللہ
عليه السلام وقال لا يؤمن احدكم حتی يكون هواه تبعا لما جئت به فاذا وجد فی العبد تلك العلامات
علیہ وسلم نی خبردی ہی فرمایا کہ کوئی تم مین سی مؤمن نہوگا جبتک کہ اوسکی مرضی تابع میری احکام کی نہوجاوی جب آدمی مین یہہ علامات موجود ہوجاوین
كان مؤمنا حقا وهذا هو الايمان المنجی من العذاب الابدی لكن بشرط التحفظ من جميع ما يهدم هذا
تووہ بیشک مؤمن حقیقی ہی اوریہہ ہی ایمان ہی جو عذاب ابدی سی نجات دیتا ہی لیکن بشرطیکہ بچا رکہی تمام ایسی حالات سی جو اس تصدیق کو
التصديق وينافيه مما يجری على قلبه ولسانه وسائر جوارحه مما يوجب الكفر فان الايمان لا يزول الا
بگاڑ دیں اوربگاڑدین وہ خطرات دلی اورزبانی اورتمام اعضا کی ہیں جن جن سی کفر لازم آجاوی کیونکہ ایمان بدون کفر کی نہین گم ہوتا
بالكفر والكفر ثلثة انواع النوع الاول كفر جهلی وسببه عدم الاصغاء وعدم الالتفات وعدم التامل
اورکفر تین قسم کا ہوتا ہی پہلی قسم کفر جہلی ہوتا ہی اوسکا سبب یہہ ہی نہ سننا اورتوجہ نکرنی اورغور اورفکر نہ کرنا
فی الايات والدلائل مثل كفر العوام فان اكثرهم لا يعرفون ما وجب عليهم معرفته من عقائد الايمان
آیات مین اوردلائل مین جیسی کفر عام لوگون کا کیونکہ اکثر عوام یہہ ہی نہین جانتی کہ اونپر کون کون سی عقاید ایمانی کا سمجہنا واجب ہی

بل بعضہم ینطق بکلمتی الشہادۃ لکن لا یعرف معناہما ولا یمیز بین اللہ تعالی ورسولہ والنوع الثانی
بلکہ بعضی لوگ شہادت کی دونو کلمی تو پڑہتی ہیں پر اونکی معنی نہیں جانتی اور اللہ میں اور اوسکی رسول میں تمیز نہیں کرتی دوسری قسم کفر

کفر جحودی وسببہ اما الاستکبار مثل کفر فرعون وملائہ او خوف زوال الریاسۃ وعدم الوصول
انکاری ہوتا ہی اسکا سبب یا تو خود بینی اور تکبر جیسی کفر فرعون اور اوسکی امراء کا یا خوف ریاست کی جاتی رہنی کا اور سرداری میسر نہونی کا

الیہا مثل کفر ہرقل او خوف الذم والتعبیر مثل کفر ابی طالب والنوع الثالث کفر حکمی وہو الذی
جیسی کفر ہرقل کا یا خوف بدنامی کا اور شرم جیسی کفر ابوطالب کا اور تیسری قسم کفر حکمی ہوتا ہی یہہ وہ کفر ہی

جعلہ الشرع من علامات التکذیب کشد الزنار وسجود الصنم او کان عن استخفاف ما یجب تعظیمہ
جسکو شرع نی نشانی تکذیب کی مقرر کی ہی جیسی جنیئو کا گلی میں ڈالنا اور بت کو سجدہ کرنا اور حقارت کرنی اون چیزوں کی جنکی شرع میں تعظیم

کالقاء المصحف فی المزبلۃ واستہزاء العلم والعلماء وما ہو من امور الدین او عن استحلال ما حرم
لازم ہی جیسی مصحف کو روڑی میں ڈالدینا اور علم اور علماء اور امور دینی کا ٹھٹھا کرنا یا حرام لعینہ کو جسکی

لعینہ وثبت حرمتہ بدلیل قطعی کالزنا وشرب الخمر ومن فعل شیئا من ذلک یحبط جمیع اعمالہ
حرمت دلیل یقینی سی ثابت ہو چکی ہو حلال سمجہنا جیسی زنا اور شراب کا پینا اور جسنی ان مذکورات میں سی کوئی سا کیا اوسکی تمام عمل سوخت ہو جاتی ہیں

الدینیۃ فیلزم تجدید النکاح وتکرار الحج ان کان قادرا بعد التوبۃ واما غیر تلک الذنوب صغیرۃ
پہر نئی سر سی نکاح کرنا چاہئی اور حج پہر ادا کرنا چاہئی اگر بعد توبہ کی مقدور رکہتا ہو اور سوای ان مذکورات کی باقی گناہ ہونسی

کانت او کبیرۃ فلا یخرج المؤمن بفعلہا من الایمان بل یکون فاسقا لکن یخاف علیہ امر عظیم
صغیرہ ہوں یا کبیرہ تو مرد مؤمن کسی گناہ کی شامت سی ایمان سی خارج نہیں ہوتا بلکہ فاسق ہو جاتا ہی لیکن اوسپر مرتی دم بڑا اندیشہ ہی

عند النزع ان کان مصرا علیہا ولم یتب عنہا لما روی انہ علیہ السلام قال المعاصی برید الکفر
اگر وہ شخص گناہ پر جم رہا تہا اور توبہ نہیں کی ہی اسلئی کہ روایت ہی کہ فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نی گناہ کفر کی ایلچی ہوتی ہیں

فعلی ہذا یجب علی کل مؤمن ان یتوب عن الذنوب کلہا فی الحال لان التوبۃ عن الذنوب صغیرۃ کانت
اس حدیث کی موافق ہر مؤمن پر واجب ہی کہ تمام گناہونسی ابہی فی الحال توبہ کری کیونکہ توبہ کرنا گناہونسی صغیرہ ہوں

او کبیرۃ واجبۃ علی الفور اما وجوبہا فلقولہ تعالی وَتُوبُوا إِلَى اللّٰهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ ولقولہ تعالی
یا کبیرہ فی الفور فرض واجب ہی وجوب توبہ کا اس آیت سی ثابت ہی توبہ کرو اللہ کی آگی سب ملکر ای ایمان والو اور اس آیت سی

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَصُوحًا فانہ تعالی قد امر فی ہاتین الآیتین بالتوبۃ والامر للوجوب
ای ایمان والو توبہ کرو اللہ کی طرف صاف دلکی توبہ بیشک اللہ تعالی نی ان دونو آیتوں میں توبہ کا حکم فرمایا اور امر واسطی وجوب کی ہی

فیکون التوبۃ واجبۃ واما وجوبہا علی الفور فلئلا یلزم بالتاخیر الاصرار المحرم الذی یؤدی الی الہلاک
سو توبہ واجب ہوگئی اور توبہ کا فورت واجب ہونا اسلئی ہی تاکہ تاخیر کرنیسی اصرار حرام نہو جاوی جسکا انجام ہلاکت ہوتا ہی

لما روی عن ابن عباس انہ علیہ السلام قال ہلک المسوفون والمسوف من یقول سوف اتوب وفی حدیث
اسلئی کہ روایت ہی ابن عباس سی کہ فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی ہلاک ہوئی دیر اور تاخیر کرنیوالی اور مسوف اوسکو کہتی ہیں جو یہہ کہا کری ابہی سے کرلونگا او

اخر انہ علیہ الصلوۃ والسلام قال کل بنی آدم خطاء وخیر الخطائین التوابون فلا بد للمؤمن
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا تمام بنی آدم بڑی ہی خطاوار ہیں اور خطاواروں میں سی اچہی وہ ہیں جو بہت توبہ کرتی ہیں پس مؤمن کو

ان یداوم علی التوبۃ لیکون من التوابین فانہ تعالی دعا عبادہ المؤمنین بعد ما اذنبوا الی التوبۃ
لازم ہی کہ ہمیشہ توبہ کرتا رہی تاکہ ثواب میں داخل ہووی کیونکہ اللہ تعالی نی اپنی مؤمن بندوں کو بعد گناہ کرنی کی توبہ کی ہدایت کی ہی

وامرهم بها وسماهم المؤمنين ثم بين ما لهم من الكرامة والمغفرة فقال عسى ربكم ان يكفر عنكم
اور توبہ کا حکم کیا ہی اور اونکو مومن کہکر پکارا ہی پہر بیان فرمایا جو اونکی لئی عزت اور بخشش ہوگی سو فرمایا شاید تمہارا رب اوتاری تمسی تمہاری

سيئاتكم ويدخلكم جنت تجري من تحتها الانهر وقال في اية اخرى والذين اذا فعلوا فاحشة
برائیان اور داخل کری تمکو باغون مین جنکی نیچی بہتی نہرین اور فرمایا ایک اور آیت مین اور وہ لوگ جب کر بیٹہین کبہی کہلا گناہ

او ظلموا انفسهم ذكروا الله فاستغفروا لذنوبهم ومن يغفر الذنوب الا الله ولم يصروا على ما
یا برا کرین اپنی حق مین تو یاد کرین اللہ کو اور بخشش مانگی اپنی گناہون کی اور کون ہی گناہ بخشتا سوای اللہ کی اور نہ اڑ جاوین اپنی

فعلوا وهم يعلمون اولئك جزاؤهم مغفرة من ربهم وجنت تجري من تحتها الانهر خلدين
کئی پر جانتی ہوی اونکی جزا ہی بخشش اونکی رب کی اور باغ جنکی نیچی بہتی نہرین رہ پڑی اونمین

فيها ونعم اجر العملين ثم اخبر انه يحبهم بالتوبة لتطهرهم عن انجاس الذنوب فقال ان الله يحب
اور خوب مزدوری ہی کام کرنیوالون کی پہر یہہ خبر دی کہ اوسکو پسند ہی کہ اونکو پاک کری توبہ کرا کر گناہون کی نجاست سی سو فرمایا بیشک اللہ کو خوش آتی ہین

التوابين ويحب المتطهرين فاذا كان كذلك فكيف لا يشتغل المؤمن بالتوبة وكيف ينفك عنها لكن
توبہ کرنیوالی اور خوش آتی ہین ستہرائی والی جب یہہ ٹہرا تو مومن ہوکر توبہ کیونکر نکریگا اور توبہ سی کیسی جدا ہوگا لیکن

لها اربعة شروط ان اختل شرط منها لا يتحقق التوبة الاول الندم بالقلب على فعل من الذنوب في
توبہ کی چار شرطین ہین اگر ایک بہی شرط جاتی رہی گی تو توبہ کا پتا نہیں پہلی دل سی شرمندہ ہونا گناہون کی کرنی پر

الماضي والثاني ترك المعصية في الحال والثالث العزم على ان لا يعود الى مثلها في الاستقبال والرابع
زمانہ گذشتہ مین دوسری فورًا گناہ کو ترک کرنا تیسری عزم کرنا کہ آیندہ کو پہر کبہی ایسی حرکت نکرونگا چوتہی

ان يكون ذلك خوفا من الله تعالى لا لامر اخر فان من ندم على شرب الخمر وتركه لما فيه من الصداع
یہہ کہ تینون امر اللہ تعالی کی خوف سی ہون کسی اور سبب سی نہون کیونکہ اگر کوئی شخص شراب پینی کر نادم ہوا اور اوسکو ترک کیا اسلئی کہ اوسی سر درد ہوتا ہی

وزوال العقل والخلل بالمال والعرض لا يكون تائبا شرعا ولا ينال الثواب الموعود للتائبين وكذلك
اور بہکتا ہی اور مال تلف ہوتا ہی اور عزت جاتی ہی تو شرعًا یہہ شخص تائب نہیں ہی اور جو ثواب تائب کی واسطی مقرری ہی یہہ نہین پاویگا اور اسیطرح

من قال بلسانه استغفر الله وقلبه مصر على المعصية فاستغفاره ذلك يحتاج الى استغفار مقارن
جسنی زبان سی کہا استغفر اللہ اور دل اوسکا گناہ پر اڑا ہی تو ایسی توبہ سی شرمندہ ہوکر توبہ کرنی چاہئی

بالندم لما روي ان عليا راى رجلا قد فرغ من صلاته وقال سريعا اللهم اني استغفرك واتوب اليك
کیونکہ روایت ہی کہ حضرت علی نی ایکو دیکہا کہ اوسنی نماز سی فارغ ہوتی جلدی سی یہہ کہا الہی میں بخشش مانگتا ہون اور تیری طرف رجوع کرتا ہون

فقال علي يا هذا ان سرعة اللسان بالاستغفار توبة الكذابين وتوبتك تحتاج الى توبة وعن الحسن
پس حضرت علی نی کہا ای شخص جلدی سی زبان توبہ پر چلانی جہوٹون کی توبہ ہوتی ہی تیری یہہ توبہ قابل توبہ کی ہی اور حسن

البصري انه قال استغفارنا يحتاج الى استغفار قال القرطبي هذا قوله في زمانه فكيف في هذا الزمان
بصری سی روایت ہی کہ کہتی تہی ہماری توبہ قابل توبہ کرنی کی ہی قرطبی کہتی ہین یہہ قول حسن بصری کا اونکی زمانہ مین ہی لیس اس زمانہ کا تو کیا حال ہی

الذي يرى الانسان فيه مكبا على الظلم حريصا عليه ولا يقلع عنه والسبحة في يده يزعم انه يستغفر
کہ ہم دیکہتی ہین انسان کو کہ حرص کا مارا ظلم پر دہکا چلا جاتا ہی اور ہرگز باز نہین آتا اور تسبیح ہاتہ مین لی ہوئی ہی اس خیال پر کہ توبہ کریگا

منه وذلك استهزاء منه واستخفاف لما روي انه عليه السلام قال المستغفر باللسان المصر على
اسپر یہہ ٹہٹہا جہل ہی اور حقارت ہی چنانچہ روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ زبانی توبہ کرنیوالا گناہ پر لگا ہوا

الذنب کالمستهزی بربه وانما التوبة ان یستغفر بلسانه وینوی بقلبه ان لا یعود الی الذنب اصلا
گویا اپنی رب سی چہل کرتا ہی اور توبہ یہہ ہوتی ہی کہ زبان سی بخشش مانگی اور دل سی یہہ نیت کری کہ پہر کبہی نافرمانی نکرونگا

فاذا فعل ذلك یغفر الله ذنبه وان کان ذنبه عظیما اذ لیس ذنبا اعظم من الکفر وقد قال الله تعالی
جب ایسی توبہ کرتا ہی تو اللہ تعالی اوسکی خطا بخشدیتا ہی کیسا ہی گناہ ہو کیونکہ کفر سی بڑا کوئی گناہ نہیں ہی اور اللہ کافرون کی حق مین

فی حق اهل الکفر قُلْ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِنْ یَّنْتَهُوْا یُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ فما ظنك فیما دونه من المعاصی
یہہ فرماتا ہی تو کہدی کافرون کو اگر باز آوین تو معاف ہوا انکو جو ہو چکا پہر تو کیا سمجہتا ہی کفر سی کمتر گناہون کو

وقد روی انه علیه السلام قال لو اخطأ احدکم حتی یملأ ما بین السماء والارض ثم تاب تاب الله علیه
اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا اگر تم مین سی کوئی شخص اتنی گناہ کری کہ بہر جاوی میدان آسمان اور زمین کا پہر وہ توبہ کری تو اللہ اوسپر رحمت کرتا ہی

وفی حدیث اٰخر انه علیه الصلوٰة والسلام قال ان العبد اذا اعترف ثم تاب تاب الله علیه یعنی انه اذا
اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ بندہ جب خطا کا اقرار کرتا ہی پہر توبہ کرتا ہی تو اوسپر اللہ تعالی رحمت کرتا ہی مراد یہہ ہی

اقر بکونه مذنبا ثم ندم علی ما فعل من الذنوب وعلی ما اکتسب من السیئات وعزم ان لا یعود الی مثله
کہ اپنی تئین خطاوار کہہ کر پہر گناہ کئی ہوئی پر اور برائی کمائی ہوئی پر شرمندہ ہووی اور آگی کو یہہ عزم کری کہ پہر ایسی حرکت نکرونگا

یقبل الله تعالی توبته ویتجاوز عن سیاته لکن ینبغی ان یعلم ان الذنب علی نوعین ذنب بینه و
تو اللہ تعالی اوسکی توبہ قبول کرتا ہی اور اوسکی خطاسی درگذر فرماتا ہی لیکن یہہ سمجہنا چاہئی کہ گناہ دو قسم کی ہوتی ہین ایک تو صرف حقوق الٰہی

بین الله تعالی وذنب بینه وبین العباد فالذنب الذی بینه وبین الله تعالی یکفی فیه الاستغفار
دوسری حقوق العباد پہر جو گناہ صرف حقوق اللہ کی ہین تو اوسمین کفایت کرتی ہی توبہ

باللسان والندم بالقلب والعزم علی ان لا یعود فاذا فعل ذلك لا یبرح من مکانه حتی یغفر له ذنبه
زبان سی اور ندامت دل سی اور یہہ عزم کرنا کہ پہر کبہی نکرونگا جب ایسی توبہ کرچکا تو فورًا اوسی جگہہ اوسکی خطا معاف ہوجاتی ہی

الا ان یکون علیه شیٔ من فرائض الله تعالی فان الشرع لا یکتفی فیه بمجرد التوبة بل اضاف الی ذلك
ہان اگر اوسکی ذمہ کچہہ فرائض الٰہی مین سی بہی ہو تو اس صورت مین شرع نی صرف توبہ پر اکتفا نہین کیا بلکہ اوس توبہ کی ساتہہ

فی البعض قضاء کالصلوة والصوم وغیرهما وفی البعض کفارة واما حقوق الادمیین فلابد من ایصالها
بعضی فرائض کا قضا چاہئی جیسی نماز اور روزہ اور بعضی مین کفارہ چاہئی رہی حق العباد اسمین ضرور ہی کہ وہ حق مستحق کی پاس

الی مستحقها فان لم یوجدوا یلزم تصدقها عنهم بنیة ان یکون ودیعة عند الله تعالی یوصلها
پہنچادی اور اگر وہ مستحق نہ ملین تو لازم ہی کہ انکو انکی طرف سی خیرات کردی اس نیت سی کہ اللہ تعالی یہہ امانت قیامت کی دن

الی اصحابها یوم القیٰمة فمن لم یجد سبیلا لخروجه عما علیه من التبعات لاعسارة فعلیه ان یکثر
انکی مستحق کو پہنچادی اور جو شخص ماری تنگدستی کی کوئی راہ نپاوی حقوق العباد کی ادا کا تو اوسکو یہہ لازم ہی

من الاعمال الصالحات ویستغفر لمن ظلمه من المؤمنین والمؤمنات فی اکثر الاوقات فانه اذا فعل
کہ اعمال صالح بہت کری اور اپنی مظلوموں مؤمن مرد اور مؤمن عورتون کی لئی اکثر اوقات بخشش کی دعا کیا کری جب یہہ عمل کریگا

کذلك یرجی من الله تعالی ان یرضی خصماءه یوم القیٰمة بلطفه وکرمه

تو اللہ تعالی کی فضل سی امید ہی کہ قیامت کی دن اسکی مدعیون کو اپنی لطف اور کرم سی راضی کردی

المجلس الحادی عشر
گیارہوین مجلس

فی بیان افضل الذکر وافضل الدعاء

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
افضل ذکر اور افضل دعا کی بیان مین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی

افضل الذكر لا اله الا الله وافضل الدعاء الحمد لله هذا الحديث من حسان المصابيح رواه جابر
سب ذکروں میں سی بہتر ہی لا اله الا الله اور سب دعاؤں سی بہتر ہی الحمد لله یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں سی ہی جابر کی روایت سی

وانما جعل فيه الحمد لله من افضل الدعاء لان الدعاء عبارة عن ذكر العبد ربه وسؤاله عنه فضله
اور الحمد لله سب دعاؤں سی افضل اسلئی ٹہری کہ دعا اسکو کہتی ہیں کہ بندہ اپنی رب کو یاد کرکر اوس سی فضل کا سوال کری

ففي الحمد لله هذا المعنى موجود اذ فيه ذكر الرب وطلب المزيد لانه راس الشكر والعمدة فيه لقوله عليه السلام الحمد لله راس الشكر ما شكر الله عبد لم يحمده
سو الحمد لله میں یہہ معنی موجود ہیں اسواسطی کہ اسمیں رب کی یاد ہی اور ترقی کی طلب اسلئی کہ الحمد لله اصل ہی شکر میں اور عمدہ ہی اسلئی فرمایا رسول الله صلی الله علیه وسلم نی

والشكر يستلزم المزيد لقوله تعالى لئن شكرتم لازيدنكم فمن قال الحمد لله يصير كانه سئله عنه
اور شکر سی ترقی ہوا کرتی ہی واسطی فرمودہ الله تعالی کی اگر حق مانوگی تو اور دونگا تمکو پہر جسنی الحمد لله کہا گویا اوسنی الله تعالی سی

تعالى زيادة فضله بعد الثناء عليه واما كون لا اله الا الله من افضل الاذكار فلان فيه معنى لا يوجد
ثنا کرکر فضل کی ترقی طلب کی اور لا اله الا الله جو تمام ذکروں میں افضل ہی تو اسلئی کہ اسمیں وہ معنی ہیں

في ذكر غيره وبمعرفة ذلك المعنى يحصل للمكلف جميع ما يجب عليه معرفته في حقه تعالى وذلك المعنى
جو اور ذکروں میں نہیں پائی جاتی اور ان معنوں کی دریافت کرنی سی مکلف کو حاصل ہوجاتی ہیں جو جو واجب ہی دریافت کرنا نسبت ذات باری تعالی کی اور وہ معنی

اثبات الالوهية له تعالى ونفيها عما عداه ويندرج في معنى الالوهية جميع ما يجب على المكلف معرفته
ربوبیت کا ثابت کرنا واسطی الله تعالی کی اور الوہیت کا سلب کرنا ماسوا الله سی اور الوہیت کی معنوں میں تمام باتیں آگئیں جنکا جاننا مکلف کو ضرور ہی

مما يجب في حقه تعالى وما يستحيل عليه وما يجوز له لان الالوهية تشتمل على معنيين احدهما
اوصاف الہی سی جو واجب ہیں اور جو محال ہیں اور جو جائز ہیں الله تعالی کی حق میں اسلئی کہ الوہیت میں دو معنی ہیں ایک تو

استغناؤه تعالى عن جميع ما سواه والثاني افتقار جميع ما عداه اليه تعالى فعلى هذا يكون معنى كلمة
الله کا بی نیاز ہونا تمام اپنی ماسوا سی اور دوسرا تمام ماسوا کا محتاج ہونا الله تعالی کی طرف اس تقریر کی موافق معنی کلمہ

التوحيد لا مستغني عن جميع ما سواه ولا مفتقر اليه جميع ما عداه الا الله تعالى اما استغناؤه تعالى
توحید کی یہہ ہیں کہ نہیں ہی کوئی بی نیاز تمام ماسوا اپنی سی اور نہیں ہی کوئی محتاج الیہ تمام ماسوا اپنی کا سوا الله تعالی کی الله تعالی کی بی نیازی

عن جميع ما سواه فيوجب له تعالى الوجود والقدم والبقاء اذ لو لم تجب له تعالى هذه الصفات
تمام ماسوا سی جو ہی اوسنی واجب ہوا کہ الله تعالی موجود اور قدیم اور باقی ہی اسلئی کہ یہہ صفتیں اگر الله تعالی کو بضرورت ثابت نہو جاویں

لكان محتاجا الى محدث لان انتفاء شيء من هذه الصفات يستلزم الحدوث وكل حادث مفتقر
تو بیشبہ وہ محدث کا محتاج ہوگا اسواسطی کہ ان صفتوں میں سی جونسی نہوگی تب ہی حدوث لازم آویگا اور ہر حادث محدث کا محتاج

الى محدث وكذا يوجب له تعالى التنزه عن النقائص ويدخل في التنزه عن النقصان وجوب السمع و
ہوتا ہی اور ایسی ہی واجب ہوا الله تعالی کا بری ہونا نقصان سی اور نقصان سی بری ہونی میں آگئی واجب ہونا سمع اور

البصر والكلام اذ لو لم يجب له تعالى هذه الصفات لكان متصفا بالنقائص ومحتاجا الى من يدفع
بصر اور کلام کا اسلئی کہ الله تعالی کو اگر یہہ صفتیں واجب نہونگی تو البتہ اوسمیں نقصان کی باتیں پائی جاوینگی اور محتاج ہوگا ایسی کا جو اوس

عنه تلك النقائص وكذا يوجب له تعالى التنزه عن الاغراض في افعاله واحكامه اذ لو لم يجب
نقصان کو دور کردی اور ایسی ہی واجب ہوا پاک ہونا الله تعالی کا غرض سی افعال اور احکام میں اسلئی کہ اگر واجب نہو

له تعالى التنزه عن الاغراض لكان محتاجا الى ما يحصل به غرضه وكذا يوجب له تعالى ان لا يجب
الله کا پاک ہونا غرض سی تو بیشک محتاج ہوگا ایسی شی کا جس سی اوسکی غرض حاصل ہو ایسی ہی ضرور ہوا الله تعالی کی ذمہ پر کچھہ واجب نہوا

عليه فعل شئ من الممكنات ولا تركه اذ لو وجب عليه شئ منهما لكان محتاجا الى ذلك الشئ
کسی فعل کا ممکنات میں سی کرنا اور نہ کرنا اسلئی کہ اگر واجب ہو اوسکی ذمہ پر کچھ ان دونوں میں سی تو البتہ محتاج ہوگا اوس شئ کا
ليكمل به اذ لا يجب له تعالى الا ما هو كمال واما افتقار جميع ما عداه اليه تعالى فيوجب له تعالى
تاکہ اوس سی کامل ہو جاوی اسلئی کہ اللہ تعالی کو صفات کمال ہی واجب ہوتی ہیں اور تمام ممکنات ماسوی اللہ کی محتاج ہونی سی اللہ کی طرف واجب ہوا
القدرة والارادة والعلم والحيوة اذ لو لم يجب له تعالى هذه الصفات لكان عاجزا عن ايجاد شئ
اللہ تعالی کا قدیر اور صاحب ارادہ اور علیم اور حی ہونا اس لئی کہ یہ چاروں صفت اگر اللہ تعالی کو واجب نہوں تو وہ تمام ممکنات کی پیدا کرنی سی
من الممكنات وكذا يوجب له الوحدانية اذ لو لم يجب له تعالى الوحدانية بل كان معه غيره في
عاجز ہوگا اور ایسی ہی وحدانیت بھی واجب ہوتی ہی اسلئی کہ اگر وحدانیت نہو بلکہ اوسکی ساتھ ایک اور اللہ سوای اوسکی ہو
فریضہ سے پہلے اور پیچھے کیونکہ سنن رواتب یعنی مؤکدہ جیسے فضیلت میں فرائض کے ساتھ ہیں اور فرائض کے نقصان کو پورا کرتی ہیں ایسے ہی

صيام ما قبل رمضان وما بعده فانه ملحق في الفضل بصيام رمضان لقربه منه ويكون قوله عليه السلام

نفل روزے رمضان سے پہلے اور پیچھے یہ بھی فضیلت میں رمضان کے روزوں کے ساتھ شامل ہیں کیونکہ رمضان سے متصل ہیں اسی واسطے حدیث کی

افضل الصيام بعد رمضان شهر الله المحرم محمولا على التطوع المطلق واما ما كان قبل رمضان وبعده

کہ اچھے روزے بعد رمضان کے ماہ الٰہی محرم کے ہیں مطلق نوافل پر محمول ہوگی اور جو روزے کہ رمضان سے پہلے اور پیچھے ہیں

فانه ملتحق به في الفضل كما ان قوله عليه السلام في تمام الحديث وافضل الصلوة بعد المكتوبة

وہ تو فضیلت میں رمضان کے ساتھ شامل ہیں جیسے یہ قول علیہ السلام کا تتمہ حدیث میں اور بہتر نماز بعد فرائض کی

قيام الليل انما اراد به تفضيل قيام الليل على التطوع المطلق دون السنن الرواتب عند جمهور العلماء

رات کی نماز ہے اس سے بھی تمام علماء کے نزدیک فضیلت قیام لیل کی مطلق نوافل پر مراد ہے سنن مؤکدات پر نہیں ہے

وقد ذكر في صيام النبي عليه السلام لشعبان دون غيره من الشهور معنى حسنا وهو ما روى عن اسامة

اور در باب روزہ رکھنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شعبان میں سوا اور مہینوں کی خوب معنی ذکر کئے ہیں اور وہ یہ ہے کہ اسامہ سے روایت ہے

انه عليه السلام قال ذلك شهر يغفل الناس عنه بين رجب ورمضان فانه عليه السلام اشار الى

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا یہ ایسا مہینہ ہے کہ لوگ اس سے غافل ہیں رجب اور رمضان کے بیچ میں سو نبی علیہ السلام نے یہ اشارہ کیا

انه لما اكتنفه شهران عظيمان الشهر الحرام وشهر الصيام اعرض الناس عنه بالاشتغال بهما فصار

کہ شعبان کو دو بڑی عظمت کے مہینوں نے گھیر رکھا ہے ماہ محرم اور ماہ صیام نے تو شعبان سے لوگ پھر کر ان دونوں میں مشغول ہوگئے ہیں سو یہ مہینہ

مغفولا عنه حتى ظن كثير من الناس ان صيام رجب افضل من صيام شعبان لانه شهر حرام وليس

بھولا بسرا ہوگیا یہاں تک کہ اکثر لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ رجب کے روزے شعبان کے روزوں سے افضل ہیں اس لئے کہ رجب ماہ حرام ہے اور

كذلك لما روى عن عائشة انها قالت ذكر لرسول الله عليه السلام قوم يصومون رجبا فقال واين هم

یہ بات نہیں ہے اسواسطے کہ عائشہ سے روایت ہے کہ وہ کہتی ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک قوم کا ذکر آیا کہ وہ رجب میں روزے رکھتے ہیں آپ نے فرمایا

عن شعبان وفيه اشارة الى ان بعض ما اشتهر فضله من الازمان والاماكن والاشخاص قد يكون غيره

وہ لوگ شعبان کو چھوڑ کر کہاں گئے اور اسمیں یہ اشارہ ہے کہ بعضے دفعہ جو کوئی وقت یا بعضا مکان یا بعضا شخص فضیلت میں مشہور ہو جاتا ہے کبھی اسکا غیر اس سے

افضل منه اما مطلقا او لخصوصية فيه لا يفطن بها كثير من الناس فيشتغلون عنه بالمشهور

افضل ہوتا ہے یا تو مطلقا یا کسی خصوصیت سے جو اس میں ہوتی ہے کہ اکثر لوگوں کے خیال میں نہیں آتی تو وہ اوسکو چھوڑ کر مشہور کی طرف مشغول ہو جاتے ہیں

ويفوتون تحصيل فضيلة ما ليس بمشهور عندهم وفيه دليل على استحباب عمارة ازمان غفلة الناس

اور اوسکی فضیلت سے جو اونکے نزدیک مشہور نہیں ہے محروم رہ جاتے ہیں اور اسمیں دلیل اس مطلب کی ہے کہ عبادت سے معمور کرنا ایسے وقت کا جسمیں لوگ غافل ہوں

بالطاعة وان ذلك محبوب عند الله تعالى ولذلك كان طائفة من السلف يستحبون احياء ما بين

بہت مستحب ہے اور یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے اسی واسطے ایک جماعت متقدمین سے شب بیداری درمیان

العشائين بالصلوة ويقولون هي ساعة الغفلة فانه عليه السلام لما خرج على اصحابه وهم ينتظرون

مغرب اور عشا کی بہت پسند کرتی تھی اور کہتی تھی کہ یہ غفلت کا وقت ہے پس نبی علیہ السلام جب صحابہ کے پاس آئے اور صحابہ عشا کی نماز کی انتظار میں تھے

صلوة العشاء قال ما ينتظرها احد من اهل الارض غيركم ففي هذا اشارة الى فضيلة التفرد بذكر الله
تو فرمایا اس نماز کا سواء تمہاری روی زمین پر کوئی منتظر نہیں ہی اسمیں اشارہ ہی کہ تنہا ذکر الٰہی میں مشغول رہنا
في وقت من الاوقات لا يوجد فيها ذاكر ولذلك فضل القيام في وسط الليل لشمول الغفلة عن الذكر فيه
تمام وقتوں میں سی ایسی وقت کہ کوئی اوسوقت ذکر نہ کرتا ہو سب فضل ہی اسیلی آدھی رات کی وقت جاگنا سب فضل ہی سو اسطی کہ اسوقت اکثر لوگ ذکر الٰہی
لاكثر الناس وفي احياء الوقت المغفول عنه بالطاعة فوائد منها انه يكون اخفى واخفاء النوافل و
غافل ہوتی ہیں۔ و غفلت کی وقت عبادت کرنی میں بہت فایدی ہیں ایک یہ کہ یہ وقت پوشیدہ ہی اور نوافل کا چھپانا اور
اسرارها افضل لا سيما الصيام فانه سر بين العبد وربه لا يطلع عليه غيره تعالى ولهذا قيل لا يكون
پوشیدہ رکھنا افضل ہوتا ہی خاص نفل روزی کیونکہ روزہ درمیان بندہ اور پروردگار کی راز ہوتا ہی اسپر سوای الله تعالیٰ کی کسیکو اطلاع نہیں ہوتی ہی واسطی
فيه رياء ومنها انه يكون اشق على النفوس وافضل الاعمال اشقها على النفوس وسبب ذلك ان النفوس
کہتی ہیں کہ روزہ میں ریا نہیں ہوتی ۔ دوسری یہ کہ روزہ طبیعتوں پر دشوار ہوتا ہی اور اعمال میں افضل وہ ہی ہوتا ہی جو طبیعتوں پر دشوار ہو وسبب اسکا یہ ہی کہ طبیعتیں
تتاسى بما تشاهد من احوال ابناء الجنس فاذا كثرت يقظة الناس وطاعتهم يكثر اهل الطاعة لكثرة
جنس کی حالات میں سی جو دیکھتی ہیں وہ ہی عادت اختیار کرلیتی ہیں پس اگر لوگوں کی بیداری اور اونکی عبادت کثرت سی ہونی لگی تو اہل طاعت بھی زیادہ ہونگی
المقتدين بهم فتسهل الطاعات عليهم واذا كثرت الغفلة واهلها تاسى بهم عموم الناس فيشق على
کیونکہ دیکھا دیکھی سب پیرو ہونگی پھر اونپر عبادت آسان ہو جاویگی اور اگر غفلت اور غفلت والی زیادہ ہونگی تو عام لوگونکو ویسی ہی عادت ہو جاویگی پس جاگنی والونکو
نفوس المتيقظين طاعاتهم لقلة من يقتدون بهم فيها ولهذا قال النبي عليه السلام للعامل منهم اجر
عبادت کرنی دشوار ہوگی اسواسطی کہ اسوقت میں پیرو ہی کم رہتی ہیں اسی لیی نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ اونمیں سی ایک عمل کرنیوالی کو اجر
خمسين منكم انكم تجدون على الخير اعوانا ولا يجدون وقال عليه السلام العبادة في الهرج كالهجرة
پچاس آدمیوں کا تم میں کی ہی کیونکہ تمکو خیر پر بہت مددگار میسر آتی ہیں اور اونکو نہیں ملتی اور فرمایا علیہ السلام نی فساد کی وقت عبادت کرنی ایسی ہی جیسی
الي فانه عليه السلام بين في هذا الحديث ان ثواب العبادة في وقت الفتنة واختلاط امور الناس
میری طرف ہجرت کی پس یک پیغمبر علیہ السلام نی اس حدیث میں بیان فرمایا کہ ثواب عبادت کا مروقت آشوب اور امتزاج حال آدمیوں کی اتنا ہی
كثواب الهجرة من مكة الى المدينة في زمانه عليه السلام قبل فتح مكة وسبب ذلك ان الناس في وقت الفتنة
جیسا مکہ سی مدینہ کی طرف پیغمبر علیہ السلام کی عہد میں فتح مکہ سی پہلی ہجرت کی اور اسکا سبب یہ ہی کہ آدمی فتنہ اور آشوب کی وقت
يتبعون اهواءهم ولا يتقيدون بدينهم فيكون حالهم شبيها بحال اهل الجاهلية فاذا انفرد من بينهم من
بھی ہوا ہوس کی تابع ہوجاتی ہیں اور اپنی دین کی قید میں نہیں رہتی پھر اونکا حال اہل جاہلیت کا سا ہوجاتا ہی پھر اگر اونمیں سی ایک شخص الگ ہو جاوی
يتمسك بدينه ويعبد ربه ويتبع امره ويجتنب نهيه يكون كمن هاجر من بين اهل الجاهلية الى رسول الله
کہ اپنی دین کو تھامی رہی اور اپنی رب کی عبادت کری اور اوسکی امر کا تابع اور نہی سی بچتا رہی تو وہ ایسا ہی کہ اہل جاہلیت میں سی رسول الله صلی الله علیہ وسلم کی طرف
مؤمنا متبعا لاوامره مجتنبا لنواهيه وقال عليه السلام بدأ الاسلام غريبا وسيعود غريبا كما بدأ
مومن ہو اوامر کا تابع اور منہیات سی مجتنب ہو کر ہجرت کرگیا اور فرمایا علیہ السلام نی شروع ہوا ہی اسلام غریب ہوکر اور پھر غریب ہوجاویگا جیسی شروع ہوا تھا
فطوبى للغرباء يعني ان الاسلام في ابتداء ظهوره كان غريبا لم يوجد الا في احاد من الناس وقلة منهم
سو خوشی ہی غریبوں کو مراد یہ ہی کہ اسلام ابتدا ظہور میں غریب تھا نہیں پایا جاتا تھا مگر کسی کسی آدمی میں بہت کم
ثم انتشر وصار قويا وبعد ذلك يسلجه نقص واختلال حتى لا يبقى الا في احاد من الناس وقلة منهم
پھر پھیل گیا درست قوی ہو کر منتشر ہو گیا اور بعد اسکی قریب ہی اوسمیں نقصان اور خلل آجاوی یہاں تک کہ باقی نہیں رہیگا مگر کسی کسی آدمی میں سو کم ہی

الغرباء فطوبى لهم وقد جاء تفسيرهم في حديث اخر انهم النزاع من القبائل يعني انهم الذين كانوا قليلة
غربا میں سو اونکو خوشی ہی اور غربا کی تفسیر ایک اور حدیث میں آئی ہی کہ وہ قبائل میں کوئی کوئی ہیں یعنی غربا وہ ہیں جو تہوڑی ہوں
فلا يوجد في كل قبيلة منهم الا الواحد والاثنان بل لا يوجد احد منهم في القبائل والبلدان كما كان كذلك في
ہر ہر قبیلہ میں ایک ایک دو دو سپاہ ہونگی بلکہ قبیلوں اور شہروں میں کوئی نہ ملیگا جیسکہ ابتداء ظہور اسلام میں
ابتداء ظهور الاسلام وفي حديث اخر انهم الذين يصلحون اذا فسد الناس يعني انهم قوم صالحون عاملون
یہی حال تہا اور ایک اور حدیث میں ہی کہ غربا وہ ہیں جو اصلاح پر عمل کرتی ہیں اگر آدمیوں میں فساد پیدا ہو مراد یہہ ہی کہ غربا قوم صالح ہی
بالسنة في زمان فساد الناس ومنها ان المنفرد بالطاعة بين اهل الغفلة والمعاصي يدفع به البلاء
فساد کی زمانہ میں سنت پر عمل کرنیوالی اور ایک فائدہ یہہ ہی کہ جو تنہا عبادت کرنیوالا ہی غفلت اور معاصی والوں میں اوسکی سبب سی لوگوں کی بلا رفع ہوتی ہی
عن الناس فكانه يحميهم ويدافع عنهم والاثار في هذا المعنى كثيرة جدا وقد ذكر لصومه عليه السلام لشعبان
گویا وہ شخص اونکا حامی ہی اونکی بلا کو دفع کرتا ہی اس باب میں آثار بہت آئی ہیں اور واسطی روزی رکہنی پیغمبر علیہ السلام کی ماہ شعبان میں
معنى اخر وهو انه عليه السلام كان يصوم من كل شهر ثلثة ايام وربما اخر ذلك ليقضيه بصوم شعبان
ایک اور وجہ بہی بیان کرتی ہیں وہ یہہ ہی کہ پیغمبر علیہ السلام ہر مہینی میں تین تین روزی رکہتی تہی اور بعضی وقت تاخیر فرما دیتی تاکہ اوسکا عوض شعبان کی روزی
يعني ان صومه عليه السلام ربما كان لا يبلغ ثلثة ايام في بعض الشهور فيكمل ما فاته من ذلك في شعبان اذ
کردیں مراد یہہ ہی کہ روزی پیغمبر علیہ السلام کی بعضی دفعہ بعضی مہینوں میں تین تین پوری نہیں ہوتی تہی سو جسقدر روزی کا فوت ہو جاتی تہی وہ سب شعبان میں پوری کرتی
كان اعماله عليه السلام دائمة فكان اذا دخل عليه شعبان وكان عليه بقية من صيام تطوع لم يصمه
تہی جن روزونکا رکہنا دائمی ہوتا تہا سو آپکا طریقہ یوں تہا جب اونکو ماہ شعبان شروع ہوتا اور اونپر کچہہ نوافل روزی کا باقی ہوتی کہ نہ رکہی ہوں
يقضيه في شعبان حتى يكمل نوافله بالصوم قبل دخول رمضان كما كان يقضي ما فاته من سنن الصلوة
تو وہ روزی کا شعبان میں قضا کردیتی تہی تاکہ تمام نوافل روزی رمضان کی آنی سی پہلی پوری ہو جائیں جیسا کہ نماز مسنون کو جو رہ جاتی تہی قضا کردیتی تہی
وكما كان يقضي بالنهار ما فاته من قيام الليل وقالت عائشة ربما اردت ان اصوم فلم اطق حتى
اور جیسا کہ قیام لیل میں سی جو رہ جاتا تہا وہ دنمیں پورا کردیتی تہی اور عایشہ کہتی ہیں بعضی وقت میں روزہ رکہنی کا ارادہ کرتی سو نہو سکتا
اذا صام النبي عليه السلام في شعبان صمت معه فانها كانت تغتنم فتقضي ما عليها من
یہاں تک جب نبی علیہ السلام ماہ شعبان میں روزی رکہتی تو میں بہی اونکی ساتہہ روزی رکہتی پس عایشہ اسوقت کو غنیمت جان کر جو جو اونکی ذمہ
صوم رمضان لفطرها فيه بالحيض وكان في غيره من الشهور مشتغلة بالنبي عليه السلام
رمضان کی روزی ہوتی تہی بسبب عارضہ حیض کی سب ادا کردیتی تہیں اور باقی کی مہینوں میں نبی علیہ السلام کی خدمت میں مشغول رہتی تہیں
فان المراة لا تصوم وبعلها شاهد الا باذنه فمن دخل عليها شعبان وقد بقي عليه شيء من
کیونکہ عورت اپنی خاوند کی سامنی بی اجازت روزہ نہیں رکہہ سکتی پس جس شخصکو ماہ شعبان آجاوی اور اوسپر کچہہ نوافل روزی باقی ہوں
نوافل صيامه يستحب له قضاءه فيه حتى يكمل نوافل صيامه بين رمضان ومن كان عليه شيء
تو اوسکو مستحب ہی کہ شعبان میں ادا کردی تاکہ اوسکی نوافل روزی دونو رمضان کی بیچ میں ادا ہو جاویں اور جسپر کچہہ
من قضاء رمضان يجب عليه قضاءه قبل رمضان اخر مع القدرة عليه ولا يجوز له تاخيره
قضاء رمضان کی باقی ہو تو اوسپر واجب ہی کہ دوسری رمضان سی پہلی اگر قدرت رکہتا ہو تو قضا کردی اور اوسکو یہہ جائز نہیں کہ
ما بعد رمضان اخر لغير ضرورة وان كان تاخيره لعذر مستمر بين الرمضانين كان عليه قضاؤه
بی ضرورت دوسری رمضان کی بعد تاخیر کری اور اگر یہہ تاخیر بسبب ایسی عذر کی جو دونو رمضان میں برابر چلا آیا ہی ہوئی ہو تو اوسپر

بعد رمضان الثاني ولا شيء عليه مع القضاء وان كان ذلك لغير عذر قيل يقضي ويطعم مع قضاء

بعد رمضان کی قضا لازم ہوگی اور اوسپر سوا قضا کی اور کچھ نہیں ہی اور اگر یہہ تاخیر بلا عذر ہوئی ہی تو کہتی ہیں کہ قضا کری اور ہر ہر روزہ کی

كل يوم ستين مسكينا وهو قول الشافعي ومالك واحمد اتباعا للآثار وردت بذلك وقيل يقضي ولا اطعام

ساٹھ مسکین کو کہانا دی یہہ قول شافعی اور مالک اور احمد کا ہی موافق اون آثار کی جو اس باب میں آئی ہیں اور بعضی کہتی ہیں قضا کری اور

عليه وهو قول ابي حنيفة وقيل يطعم ولا يقضي وهو ضعيف وقيل في صوم شعبان معنى آخر وهو

کہانا نہیں ہی یہہ قول ابو حنیفہ کا ہی اور بعضی کہتی ہیں کہانا کہلاوی اور قضا نہیں ہی یہہ قول ضعیف ہی اور کہتی ہیں کہ شعبان کی روزوں کی ایک وجہ اور ہی

ان صيامه كالتمرين على صيام رمضان لئلا يدخل في صيام رمضان على مشقة وكلفة بل يكون

ہی کہ شعبان کی روزی واسطی مشاقی کہیں رمضان کی روزوں کی واسطی تا کہ رمضان کی روزوں میں کچھہ مشقت اور کلفت نہ معلوم ہو بلکہ یہہ حال ہو

قد تمرن على الصيام واعتاده ووجد بصيام شعبان حلاوة الصيام ولذته فيدخل في صيام رمضان

کہ روزی کی عادت اور خو پکڑ چکا ہو اور شعبان کی روزوں سے روزوں کی حلاوت اور لذت اوٹھا چکا ہو پھر رمضان کی روزی

برغبة ونشاط يسرنا الله تعالى عمله بلطفه وتوفيقه المجلس الرابع والعشرون في بيان فضيلة

اچھی رغبت اور خوشی سی رکہی الٰہی ہمپر آسان کر یہہ عمل اپنی لطف اور توفیق سی چوبیسویں مجلس میں بیان

احياء ليلة البراءة على وجه السنة والاحتراز عن البدعة المكروهة قال رسول الله

شب برات کی جاگنی کی فضیلت کا بطور مسنون کی اور احتراز بدعت مکروہ سی رسول الله

صلى الله عليه وسلم ان الله ينزل ليلة النصف من شعبان الى السماء الدنيا فيغفر لاكثر من عدد شعر

صلی الله علیہ وسلم نی فرمایا بیشک الله تعالی ماہ شعبان کی پندرہویں شب کو طرف ورلی آسمان کی نزول فرماتا ہی پھر قبیلہ کلب کی بکریوں کی بالوں سی

غنم كلب هذا الحديث من حسان المصابيح روته ام المؤمنين عائشة رض والمراد بليلة النصف من شعبان

بہت زیادہ بخشدیتا ہی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں سی ام المومنین عائشہ رضی الله عنہا کی روایت سی اور مراد شعبان کی ادہی رات سی

ليلة البراءة وانما خص قبيلة كلب بالذكر لانهم اكثر نفرا وغنما من سائر القبائل والمعنى انه تعالى ينتقل في

شب برات ہی اور خاص قبیلۂ کلب کو اسواسطی ذکر کیا ہی کہ وہ بہ نسبت اور قبیلوں کی باعتبار آدمیوں اور بکریوں کی زیادہ ہی اور معنی یہہ ہیں کہ الله تعالی

تلك الليلة من صفة الجلال المقتضية لقهر العداوة والانتقام من العصاة الى صفة الجمال المقتضية

اوس رات میں صفت جلالی سی جو سبب ہی گنہگاروں کی انتقام اور عداوت کا طرف صفت جمال کی جو باعث ہی

للرحمة والمغفرة وانما حمل لفظ الحديث على هذا المعنى لان النزول والصعود والحركة والسكون لما كانت

رحمت اور بخشش کا نقل فرماتا ہی اور حدیث کی الفاظ کو ان معنوں پر اسواسطی حمل کیا ہی کہ اوترنا اور چڑھنا اور حرکت اور سکون چونکہ

من صفات الاجسام المتحيزة وقد ثبت بالقواطع العقلية والنقلية انه تعالى منزه عن الجسمية والتحيز

یہہ سب صفات اجسام متحیزہ کی ہیں اور براہین قطعی عقلی اور نقلی سی ثابت ہو چکا ہی کہ الله تعالی جسمیت اور تحیز وغیرہ صفات اجسام

امتنع عليه النزول بمعنى الانتقال من موضع اعلى الى ما هو اخفض منه فيكون المعنى ما ذكره اهل الحق من

پاک ہی تو اوسپر نزول بمعنی انتقال مکان بلندی سی طرف مکان پست کی محال ہی پہر معنی حدیث کی وہ ہی ہیں جو اہل حق نی ذکر کئی ہیں یعنی

نزول رحمته ومزيد لطفه ومغفرته على عباده واجابة دعوتهم وقبول توبتهم كما هو دين الملوك الكرام

رحمت کا اوترنا اور زیادت لطف اور مغفرت اپنی بندوں پر فرمانا اور اون کی دعا کا اور قبول کرنا اونکی توبہ کا جیسا کہ عادت اور رسم کریم بادشاہوں

والسادة الرحماء اذا نزلوا بقرب قوم فقراء محتاجين يحسنون اليهم وهذا المعنى وان كان قد وعد في سائر

اور رحیم سرداروں کی ہوتی ہی کہ جب وہ فقیر محتاجوں کی پاس گذرتی ہیں تو اونکی ساتھ احسان کرتی ہیں اور یہہ بات کا اگرچہ اور تمام راتوں میں

اللیالی ایضا لما روی انه علیه السلام قال ینزل ربنا تبارک وتعالی کل لیلة الی السماء الدنیا حین یبقی ثلث

یہی وعدہ ہی موافق اس روایت کی کہ پیغمبر علیہ السلام نی فرمایا کہ ظہور فرماتا ہی ہمارا رب تبارک وتعالی ہر شب میں طرف دنیا آسمان کی جس وقت کہ پچھلی

اللیل الاخیر یقول من یدعونی فاستجیب له من یستغفرنی فاغفر له من یسئلنی فاعطیه الا ان

تہائی رات باقی رہتی ہی فرماتا ہی کوئی ہی دعا کرنیوالا کہ میں اوسکی دعا قبول کرلوں کوئی ہی معفرت مانگنی والا کہ میں اوسکو بخشدوں کوئی ہی سائل کہ میں اوسکو عطا کردوں مگر

النزول فی سائر اللیالی مقید بوقوعه حین یبقی من کل لیلة ثلثها الاخیر وفی لیلة البراءة لیس هذا

اتنا فرق ہی کہ ظہور اور تمام راتوں میں اس قید سی ہی کہ جب پچھلی تہائی رات باقی رہی اور شب برات میں یہہ قید نہیں ہی

التقیید بل المقصود تخصیص هذه اللیلة بمزید الشرف والفضل لکونها لیلة شریفة عظیمة

بلکہ مقصود یہہ ہی کہ اس رات میں خصوصیت شرافت اور فضیلت کی زیادہ ہی کیونکہ یہہ شب بہت ہی شریف ہی

کما روی عن عطاء بن یسار انه قال ما من لیلة بعد لیلة القدر افضل من لیلة نصف شعبان

چنانچہ روایت ہی عطاء بن یسار سی کہ کہتی تہی بعد شب قدر کی کوئی رات شب برات سی بہتر نہیں ہی

وقد ورد فی فضلها احادیث اخر متعددة وکان التابعون من اهل الشام کخالد بن معدان ومکحول

اور اس شب کی فضیلت میں اور بہی چند حدیثیں آئی ہیں اور اہل شام میں سی تابعی جیسی خالد بن معدان اور مکحول

ولقمان بن عامر وغیرهم یعظمونها ویجتهدون بالعبادة فیها فلما اشتهر ذلک عنهم فی البلدان

اور لقمان بن عامر وغیرہ اس شب کی بہت تعظیم کرتی تہی اور اس شب میں عبادت میں مبالغہ کرتی ہی جب اونکا یہہ حال ملکوں میں مشہور ہوا

اختلف الناس فی ذلک فمنهم من قبله منهم ووافقهم علی تعظیمها لکن اکثر العلماء من اهل الحجاز

تو لوگوں میں اختلاف پیدا ہوا بعضوں نی اس امر کو مان لیا اور اونکی موافق ہوکر تعظیم کرنی لگی لیکن اکثر علماء اہل حجاز

انکروا ذلک وقالوا کل ذلک بدعة والحق ان المؤمن اذا اشتغل فی تلک اللیلة الخاصة نفسه بانواع

اسکا انکار کرتی ہیں اور کہتی ہیں یہہ سب بدعت ہی اور حق یہہ ہی کہ مؤمن تنہا اگر اس شب میں عبادت میں مشغول ہوکر نماز پڑہی

العبادات من الصلوة والتلاوة والذکر والدعاء یجوز ولا یکره واما الاجتماع فیها فی المساجد والجوامع

یا تلاوت کری اور اللہ کا نام لی اور دعا مانگی تو جایز ہی مکروہ نہیں اور اوس شب میں مسجد محلہ یا مسجد جامع میں

للصلوة النافلة بالجماعة الکثیرة کما هو المعتاد فی زماننا فیکره وهذا قول الاوزاعی امام اهل الشام و

جمع ہونا اور نفلیں پڑہنی جماعت کثیر سی ادا کرنی جیسی ہماری زمانہ میں عادت ہوگئی ہی سو سب مکروہ ہی یہہ قول اوزاعی کا ہی جو اہل شام کا پیشوا اور

عالمهم وفقیههم وکذا اسراج السرج الکثیرة فی المساجد وایقاد القنادیل الکثیرة فی الجوامع فی تلک

عالم اور فقیہ ہی اور ایسی ہی مسجدوں میں روشنی کرنی اور قندیل متعدد جامع مسجد میں روشن کرنی اس شب میں

اللیلة لا یجوز لما ذکر فی القنیة ان اسراج السرج الکثیرة لیلة البراءة فی السکک والاسواق بدعة وکذا

جایز نہیں ہی اسواسطی کہ قنیہ میں یہہ مذکور ہی کہ بہت سی چراغ روشن کرنی شب برات کو کوچوں اور بازاروں میں بدعت ہی اور ایسی ہی

فی المساجد ویضمن القیم بل لو ذکره الواقف وشرطه لا یعتبر ذلک الشرط شرعا وان لم یکن من مال الوقف

مسجدوں میں اور مہتمم ضامن ہوتا ہی بلکہ وقف کرنیوالا اگر صریح کرکر شرط کردی تو بہی شرعا وہ شرط معتبر نہیں ہی اور اگر مال وقفی نہیں ہی

بل تبرع به یکون ذلک تبذیرا واضاعة المال والتبذیر حرام بنص القران وقد نهی النبی علیه السلام عن

بلکہ تبرع ہی تو یہہ خرچ اسراف میں داخل ہی اور مال کا ضایع کرنا ہی اور اسراف حرام ہی بنص قرآن سی اور بیشک نبی علیہ السلام نی مال تلف کرنی سی

اضاعة المال واعتقاد ان ذلک قربة من اعظم البدع واقبح السیات وکذا التنفل فی تلک اللیلة بالجماعة

منع فرمایا ہی اور یہہ اعتقاد کرنا کہ یہہ ثواب ہی بڑی ہی بدعت اور سخت برائی ہی اور ایسی ہی اس رات کو بڑی جماعت سی نفلیں پڑہنی

الكثيرة بدعة قبيحة يجب الاجتناب عنها لان الفقهاء قد اتفقوا على كراهة الجماعة في النوافل ما عدا التراويح
بڑی بدعت ہی اس بدعت سی بچنا چاہی اسواسطی کہ فقہاء سب متفق ہیں کہ نفلوں کی جماعت سوای تراویح

والاستسقاء والكسوف اذا كان سوى الامام اربعة والصلوة التي تصلى في تلك الليلة بالجماعة الكثيرة و
اور صلوۃ استسقاء اور صلوۃ کسوف کی اگر سوا امام کی چار آدمی جمع ہوں تو مکروہ ہی اور وہ نماز جو اوس رات کو بڑی جماعت سے پڑھتی ہیں اور

تسمى صلوة البراءة بدعة ايضا لعدم وقوعها في عصر الصحابة والتابعين بل انما ظهرت بعد المائة
صلوۃ البراءت اوسکا نام رکھ چھوڑا ہی وہ بھی بدعت ہی اسواسطی کہ صحابہ اور تابعین کی عہد میں نہیں ہوتی تھی بلکہ ہجرت نبوی سی چار سو برس کی بعد

الرابعة من الهجرة النبوية فانها حدثت في المسجد الاقصى سنة ثمان واربعين واربعمائة واصلها على ما
پیدا ہوئی ہی کیونکہ یہہ نماز مسجد اقصا میں سنہ چار سو اڑتالیس میں شروع ہوئی ہی اور اسکی اصل موافق بیان

ذكره الامام الطرطوسي ان رجلا نابلسيا قدم بيت المقدس فقام يصلي ليلة النصف من شعبان في المسجد الاقصا
امام طرطوسی کی یہہ ہی کہ ایک شخص نابلسیا بیت المقدس میں آیا اور مسجد اقصا کی اندر شب براءت کو نماز نفل پڑھنی شروع کی

فاحرم خلفه واحد ثم ثان ثم ثالث ثم رابع فما ختمها الا هم جمع كثير ثم جاء في العام الثاني فصلى معه خلق
پھر اوسکی پیچھی ایک مقتدی ہوگیا پھر دوسرا ہوا پھر تیسرا پھر چوتھا ابھی نماز پوری نہ کرنی پایا تھا کہ بڑی جماعت ہوگئی پھر وہ شخص اگلی برس میں آیا تب اوسکی ساتھ

كثير ثم شاعت في المساجد وانتشرت في البلاد واستقرت سنة بين العباد وقد ذمها العلماء من
بہت خلق نی نماز پڑھی پھر اور مسجدوں میں مشہور ہوگئی اور ملکوں میں پھیل گئی اور خلقت نی طریق سنت ٹھرالیا اور اسکی برائی عمدہ علما و متاخرین نی

اعيان المتاخرين وصرحوا بانها بدعة قبيحة مشتملة على منكرات فعلى هذا ينبغي للعاجز عن تغيير تلك
بیان کی ہی اور صاف کہا ہی کہ یہہ نماز بڑی بدعت ہی اسمیں بہت منکرات ہیں اس بیان کی موافق لایق ہی کہ جو شخص ان منکرات کو دور

المنكرات ان لا يحضر الجماعة في تلك الليلة بل يصلي في بيته ان لم يجد مسجدا سالما من هذه البدع
نہیں کرسکتا تو اوس شب میں اس نماز میں شامل ہی نہو بلکہ اپنی گھر میں نماز پڑھ لی اگر کوئی مسجد ان بدعات سی خالی نہ میسر آوی

لان الصلوة في المسجد بالجماعة سنة وتكثير سواد اهل البدع منهي عنه وترك المنهي عنه واجب وعمل الواجب متعين
اسلئی کہ مسجد میں جماعت کی نماز تو سنت ہی اور بدعتیوں کا انبوہ بڑھانا ممنوع ہی اور امر ممنوع کا ترک کرنا واجب ہی اور واجب پر عمل کرنا متعین ہی

لاسيما لمن كان مشهورا بين الناس بالعلم والزهد فان الواجب عليه ان لا يحضر في مسجد يشاهد فيه
خاص ایسی شخص کو جسکی علم اور زہد کی دنیا میں شہرت ہو ایسی شخص پر یہہ ہی واجب ہی کہ جس مسجد میں یہہ بدعات منکر دیکھی تو وہاں نجاوی

هذه المنكرات لان حضوره مع عدم الانكار يوهم للعامة ان هذه الافعال مباحة او مندوب
اسلیئی کہ اوسکا جانا چوتھی خاطر عام لوگوں کو اس وہم میں مبتلا کریگا کہ یہہ افعال مباح ہیں یا مستحب ہیں

اليها فيكون حضوره شبهة عظيمة في ظن العوام ان تلك الافعال مستحسنة شرعا فاذا ترك
اوسکا جانا ہی ایسی مقام میں عام لوگوں کی گمان میں بڑا شبہ ڈالیگا کہ یہہ افعال لمروی شرع مستحسن ہیں جب وہ شخص

عادته ولم يجئ في المسجد تلك الليلة وانكر بقلبه لعجزه عن تغييره بيده ولسانه يسلم من الاثم
اپنی یہہ عادت چھوڑدیگا اور اوس شب کو مسجد میں نہیں آویگا اور اپنی دلسی انکار کریگا اگرچہ ہاتھ اور زبان سی نہیں روک سکتا تو گناہ سی بچیگا

ولا يغتر به غيره بل يشعر بعض الناس من عدم حضوره ان هذه الافعال غير مرضية عند الله تعا
اور دوسری کو وہم نہیں ہوگا بلکہ اوسکی تامل نہونی سی بعضی لوگ یہہ سمجھینگی کہ یہہ افعال خداتعالی کو پسند نہیں ہیں

بل هي بدعة لا يسوغها الشرع ولا يرضاها اهل الدين فربما يمتنع بعض الناس عن ذلك فيحصل له الثواب
بلکہ بدعت ہیں نہ شرع انکو جایز رکھتی ہی اور نہ اہل دین پسند کرتی ہیں کچھ کیا عجب ہی کہ بعضی لوگ اس سی باز آویں پھر اسکو ثواب حاصل ہو

بعض

بفعل ما يقدر عليه من الانكار بالقلب بالامتناع عن الحضور والحاصل ان تلك الليلة وان ورد في
دو وہی ہی ہوسکتا تا یعنی انکار قلبی اور شامل ہو .. سو کر جیکا خلاصہ یہہ ہی کہ اس رات کی فضیلت میں اگرچہ کئی حدیثیں
فضلها احاديث متعددة لكن ليس لاحد ان يعظمها بما ذمه الشرع ونهى عنه مع ان بعض العلماء
آئی ہیں پر کسی کو اختیار نہیں کہ اوسکی تعظیم ایسی امور سی کری جسکو شرع برا کہتی ہی اور اوس سی ممانعت کرتی ہی باوجودیکہ بعضی علماء
قالوا لم يثبت في قيامها شيء عن النبي عليه السلام ولا عن اصحابه فعلى هذا يجب على كل مسلم في هذا
یہہ کہتی ہیں کہ اس رات کی بیداری کی باب میں کچھ ثابت نہیں ہی نہ تو حضرت علیہ السلام سی اور نہ اونکی اصحاب سی اس بنا پر لازم ہی ہر مسلمان پر اس زمانہ میں
الزمان ان يحذر من الاغترار والميل الى شيء من البدع والمحدثات ويصون نفسه من العوائد التي نشأ
کہ بدعات کی پیچھے سی اور محدثات کی طرف سی پرہیز کری اور اپنی دین کو اون اشغال سی جسمیں پل کر بڑا ہوا ہی
بها وتربى عليها فانها سم قاتل قل من سلم من آفاتها وظهر له الحق معها لان للبدعة لها حلاوة في
اور پرورش پائی ہی سالم بچاوی کیونکہ یہہ اشغال زہر قاتل ہیں اسکی آفات سی آدمی کم بچتا ہی اور اوسکی باعث حق کم ظاہر ہوتا ہی اسوسطی کہ بدعت کا مزہ
قلوب اهلها يستحسنها طباعهم فلا يتركونها وقد روي عن عكرمة وغيره من المفسرين ان الليلة
بدعتیوں کی دلمیں بہت اچھا لگتا ہی کہ طبعیت اونکو نیک جانتی ہی سو ہرگز نہیں چھوڑتی اور عکرمہ وغیرہ مفسرین سی منقول ہی کہ وہ مبارک رات
المباركة الواقعة في سورة الدخان قد فسرت بليلة نصف شعبان كما ذهب اليه الاكثرون فانها ليلة
جسکا ذکر سورۂ دخان میں ہی وہ شب برات ہی چنانچہ اکثر مفسرین یہہ ہی کہتی ہیں کیونکہ یہہ ایسی رات ہی
يقدر فيها كل امر يكون في تلك السنة لقوله تعالى فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيمٍ قال عطاء بن يسار
کہ جو کچھ اوس سال میں ہونیوالا ہی سب اوس رات کو اندازہ کیا جاتا ہی اس آیت کی دلیل سی کہ اوسمیں جدا ہوتا ہی ہر کام حکمت کا چنانچہ عطاء بن یسار کہتا ہی
اذا كان ليلة النصف من شعبان يدفع الى ملك الموت صحيفة فيقال له اقبض روح من في هذه الصحيفة
کہ جب شب برات ہوتی ہی فرشتہ کو نامہ دیکر کہدیتی ہیں کہ جن جن کا نام اس کاغذ میں ہی اونکی روح قبض کرلے
فكم من شخص يبني الدور ويشيد القصور ويغرس الاشجار ويحفر الانهار ويزوج النسوان ويشتغل بـ
سو بہتیری شخص گھر بناتی ہیں اور محلوں کی گچ گیری کرتی ہیں اور باغ لگاتی ہیں اور نہرین کھودتی ہیں اور عورتوں سی نکاح کرتی ہیں اور عمارت میں کہیں
المذنبات وقد كتب عليه الموت ودفعت نسخته الى ملك الموت وهو في هواه ولا يعلم منتهاه ما غره
ہیں اور ونکی موت لکھی ہوئی ہوتی ہی اور وہ کاغذ ملک الموت کو مل سکتا ہی اور وہ ہی ہوا و ہوس میں پھول رہا ہی اور انجام کی خبر نہیں سو اونکی
بطول الامل ويامنه من العمل كون من الموت على الوجل ولا يدري متى ما يهجم عليك الاجل فكم
امیدوں کی درازی اور اعمال کی بھول موت سی ڈرتا رہ تو کیا جانی کہ موت تجھکو کس وقت گھیری لی سو بہتیری
من مستقبل يوما لا يستكمله وكم من مؤمل غدا لا يدركه يسر الله تعالى التدارك للموت قبل هجومه
ادن سامنی لی آتی کی اوسکو پورا نہیں کرتی اور بہت امیدوار اگلی دن کی کہ اوسکو نہیں پاتی حق تعالی موت کا تدارک اوسکی آنی سی پہلی آسان کر

المجلس الخامس والعشرون في لزوم طلب رؤية هلال رمضان قال رسول الله صلى

پچیسواں مجلس رمضان کی چاند کی ضرورت میں رسول اللہ صلی
الله عليه وسلم لا تصوموا حتى تروا الهلال ولا تفطروا حتى تروا الهلال فان غم عليكم فاقدروا
اللہ علیہ وسلم نی فرمایا روزہ مت رکھو جبتک نہ دیکھو ہلال کو اور افطار کرو جبتک دیکھی ہلال کو اور اگر کہیں ابر ہوجاوی تو اوسکو اندازہ کرو
له وفي رواية فاكملوا العدة ثلثين هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابن عمر معناه ان السماء
اور ایک روایت میں ہی تو گنتی تیس کی پوری کرو یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں سی ہی ابن عمر کی روایت سی اسکی معنی یہہ ہیں

اذا كانت مصحية ولم يكن فيها علة فلا تصوموا صوم رمضان حتى تروا هلال رمضان ولا تفطروا
کہ آسمان اگر صاف ہو اور اوسمین کچہہ ابر یا غبار نہو تو روزہ رمضان کا بدون دیکہنی ہلال رمضان کی مت رکہو اور نہ عید الفطر کی دن

يوم الفطر حتى تروا هلال الفطر فان غم عليكم الهلال ولم تروه فقدروا عدد الشهر الذي كنتم فيه
بدون دیکہنی ہلال شوال کی افطار کرو پس اگر ہلال ابر مین آجاوی اور تمہاری نظر نہ آوی تو مہینہ حال کی گنتی جسمین تم موجود ہو

ثلثين يوما ثم صوموا ان كان الشهر المقدر شعبان وافطروا ان كان الشهر المقدر رمضان وذلك
تیس دن کرلو پہر روزہ رکہو اگر وہ ماہ حال جسکا اندازہ کیا ہی شعبان ہو اور افطار کرو اگر وہ ماہ حال جسکو اندازہ کیا ہی ماہ رمضان ہو اور یہ

لان الاصل في كل ثابت بقاءه الى ان يوجد دليل على عدم بقائه والشهر كان ثابتا بيقين فوقع الشك
اسلئی کہ قاعدہ یوں ہی کہ ہر شی ثابت باقی رہتی ہی جبتک کوئی دلیل اوسکی عدم کی نہ ملی اور ماہ حال تو یقینی ثابت ہی پس شک اسمین ہی

في خروجه فلا يخرج الا برؤية الهلال او اكمال العدة ولم يوجد واحد منهما فيكون باقيا نظرا
کہ تمام ہوچکا یا نہین تو اوسکا تمام ہونا بدون دیکہنی چاند یا پوری کرنی گنتی کی نہین ہوسکتا اور دونوں مین سی کچہہ نہو تو وہ ہی مہینا باقی رہی گا موافق

الى ما روي انه عليه السلام اشار باصابع يديه مكشوفة وقال الشهر هكذا وهكذا وهكذا وعقد ابهامه
اس روایت کی کہ پیغمبر علیہ السلام نی اپنی دونوں ہاتہہ کی انگلیاں کہول کر اشارہ کیا فرمایا کہ مہینا اتنا اور اتنا اور اتنا تین بار اور تیسری دفعہ

في الثالث ثم قال الشهر هكذا وهكذا وهكذا من غير عقد ابهامه فعلم منه ان الشهر قد يكون
انگوٹہا موڑ لیا یعنی انتیس دن پہر فرمایا مہینا اتنا اور اتنا اور اتنا ایک بار انگوٹہا بند نکیا یعنی تیس دن اس سی معلوم ہوا کہ مہینا کبہی

تسعة وعشرين يوما وقد يكون ثلثين فيقع الشك في دخول رمضان وخروجه وعلى تقدير عدم
انتیس دن کا ہوتا ہی اور کبہی تیس دن کا اب شبہ رہتا ہی رمضان کی آنی مین اور تمام ہونی مین اور جس صورت مین کہ رمضان

خروجه يحرم الفطر وعلى تقدير عدم دخوله يكره الصوم على قصد انه صوم رمضان اذ يلزم
تمام ہوا ہو تو افطار کرنا حرام ہی اور جس صورت مین کہ رمضان نہ آیا ہو تو روزہ رمضان کی نیت سی مکروہ ہی کیونکہ لازم آتا ہی

ان يؤدي قبل اوانه فهو حرام ولهذا قال عمار بن ياسر من صام يوم الشك فقد عصى ابا القاسم و
کہ وقت سی پہلی ادا ہوجا سو یہہ حرام ہی اسی واسطی عمار بن یاسر کہتی ہین جو شخص شک کی دن روزہ رکہی وہ ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرتا ہی

الشك فيه ان يستوي طرفا العلم والجهل بان يقع الغيم في التاسع والعشرين من شعبان ولا يدرى
شک اسمین یہہ ہوتا ہی کہ دونو جانب علم اور جہل کی برابر ہوں اسطور کہ شعبان کی انتیسویں تاریخ مین ابر ہوجاوی اور یہہ نہ معلوم ہو

ان الغد من شعبان او من رمضان فعلى هذا ينبغي للناس ان يطلبوا هلال رمضان في التاسع
کہ کل کا دن شعبان ہی کا ہی یا رمضان کا ہی اس صورت مین لائق یہہ ہی کہ لوگ رمضان کا ہلال انتیسوین شعبان کو تلاش کرین

والعشرين من شعبان فان راوه صاموا وان لم يروه اكملوا عدد شعبان ثلثين يوما ثم صاموا
پہر اگر دیکہین تو صبح کو روزہ رکہین اور نہ دیکہین تو گنتی مین شعبان کی تیس دن پورا کردین پہر روزہ رکہین

لقوله عليه السلام صوموا لرويته وافطروا لرويته فان غم عليكم الهلال فاكملوا عدة شعبان ثلثين
واسطی قول علیہ السلام کی روزہ رکہو چاند دیکہہ کر اور افطار کرو چاند دیکہہ کر پس اگر تمہاری نظر سی ہلال ابر مین ہو تو گنتی مین شعبان کی تیس دن پوری کرو

اما اليوم الذي يشك فيه انه من شعبان او من رمضان فالصحيح ان الصوم فيه غير مكروه
رہا وہ دن جسمین یہہ شک ہی کہ شعبان کا ہی یا رمضان کا ہی صحیح روایت یہہ ہی کہ اوس دن کا روزہ مکروہ نہین

اذا كان تطوعا لكونه مستثنى من النهي بقوله عليه السلام لا يصام اليوم الذي يشك فيه انه
نفل ہو اسلئی کہ نہی مین سی اسکو جدا کردیا ہی اس حدیث مین کہ شک کی دن مین جسمین یہہ شک ہو

من رمضان الا تطوعا والمراد بالنهي عن الصوم فيه الصوم بنية صوم رمضان لانه يلزم ان يؤدي
کہ رمضان کا ہی یا نہیں یعنی انتیسوین شعبان کی کوئی روزہ نہ رکہی مگر نفل اور مراد روزہ کی ممانعت سی وہ روزہ ہی جو رمضان کی نیت سی رکہیں اسواسطی کہ یہہ لازم آتا ہی

قبل مجيء وقته وقد مر انه حرام لحديث عمار بن ياسر مع ما فيه من التشبه باهل الكتاب في زيادتهم
کہ اپنی وقت سی پہلی ادا ہو جاوی اور گذر چکا ہی کہ موافق حدیث عمار بن یاسر کی حرام ہی باوجودیکہ اسمین اہل کتاب سی تشبیہ لازم آتی ہی کہ وہ مدت اپنی روزونکی زیادہ کر لیا کرتی تہی

في مدة صومهم فعلى هذا ينبغي للمؤمن ان يصبح في ذلك اليوم منتظرا غير مفطر ولا جازم على الصوم
اسکی موافق مؤمن کو یون چاہیی کہ اوسدن کی صبح کو منتظر رہی نہ تو کچہہ کہاوی اور نہ روزہ کی نیت کری

فان ثبت قبل الضحوة الكبرى انه من رمضان يعزم على الصوم لان النية الى الضحوة الكبرى جائزة
پہر اگر پہر پہر دن چڑہی سی پہلی ثابت ہو کہ یہہ دن رمضان کا ہی تو اب نیت روزہ کی کر لی اسلئی کہ نیت پہر بہر دن چڑہی تک رمضان کی روزونمین

في صيام رمضان وفي صيام النفل ايضا وان لم يثبت ان شاء صام تطوعا وان شاء افطر ولكن ان
اور نوافل روزون مین بہی جایز ہی اور اگر نہ ثابت ہو تو پہر اختیار ہی چاہی نفل روزہ رکہی اور چاہی افطار کری لیکن اگر

وافق يوما كان يصومه بان كان يصوم يوم الاثنين والخميس والجمعة فوافق يوم الشك فالصوم افضل
وہ دن شک کا وہی دن ہو جسمین یہہ شخص روزہ رکہا کرتا تہا اسطور کہ ہمیشہ پیر کا اور جمعرات اور جمعہ کو رکہا کرتا تہا سو انہین کی ایکدن وہ شک کا دن آپڑا تو اوس

لقوله عليه السلام لا يتقدمن احدكم رمضان بصوم يوم ولا بصوم يومين الا ان يوافق صوما كان
اس حدیث کی موافق رمضان سی پہلی کوئی ہرگز روزہ نہ رکہی نہ ایک دن نہ دو دن مگر اس صورت مین کہ موافق ہو جاوی یوم شک اوس

يصومه وكذا ان كان يصوم شعبان كله او نصفه الاخير او ثلثة ايام من اخر كل شهر وان لم يوافق
دن سی کہ روزہ رکہا کرتا تہا اور ایسا ہی جایز ہی اگر یہہ شخص تمام شعبان کی روزی رکہا کرتا ہی یا اخیر کی آدہی شعبان کی یا ہر مہینہ کی آخر مین تین دن کی اور اگر موافق نہو

يوما كان يصومه فقد قيل الفطر افضل احترازا عن ظاهر النهي وقيل الصوم افضل اقتداء لعائشة
اوس دن سی جو یہہ روزہ رکہا کرتا تہا تو بعضی کہتی ہین افطار افضل ہی واسطی احتراز کی ظاہر نہی سی اور بعضی کہتی ہین روزہ افضل ہی واسطی متابعت عائشہ

وعلي فانهما كانا يصومانه ويقولان لان نصوم يوما من شعبان احب الينا من ان يفطر يوما من رمضان
اور علی کی یہہ دونوں اوسدن روزہ رکہا کرتی تہی اور یہہ کہتی تہی شعبان کی ایکدن کا روزہ ہمکو بہت محبوب ہی رمضان مین ایکدن افطار کرنی سی

والمختار ان يصوم الخواص كالمفتي والقاضي تطوعا لانهم يعرفون كيفية النية ولا يخلطون الكراهة فكان
اور بات پسندیدہ یہہ ہی کہ خاص لوگ جیسی مفتی اور قاضی نفل روزہ رکہا کرین کیونکہ ان لوگون کو نیت کی کیفیت معلوم ہی یہہ لوگ کراہت کو نہ ملنی دینگی

الذي بهم ان يصوموا بانفسهم ويامر العامة بالانتظار الى وقت الزوال ثم بالافطار ان لم يثبت الهلال
ان لوگون کو لایق ہی کہ آپ تو روزہ رکہا کرین اور عوام کو حکم زوال تک انتظار کا دیا کرین پہر زوال کی بعد اگر ہلال ثابت نہو تو افطار کا حکم دیا کرین

وكل من يعرف كيفية النية فهو من الخواص وكيفيتها ان ينوي التطوع ولا يخطر بباله صوم رمضان او
اور جو جو شخص نیت کی کیفیت سی واقف ہون وہ خواص ہین اور نیت کی کیفیت یہہ ہی کہ نفل کی نیت کری اور اوسکی دلمین رمضان کی روزہ کا یا

صوم واجب اخر ولا يتردد فيها فان النية معرفته بقلبه انه يصوم وهي في ذلك اليوم على وجوه احدها
کسی اور واجب کا خطرہ نہ آوی اور اوسمین کچہہ تردد نہ واقع ہو کیونکہ نیت یہہ ہی کہ دل سی جانی کہ مین روزہ رکہتا ہون اور نیت اس دن کی اندر کئی طرح پر ہی ایک یہہ

ان ينوي صوم رمضان وهو مكروه لما مر من حديث عمار بن ياسر مع ما فيه من التشبه باهل الكتاب ثم
کہ رمضان کی روزہ کی نیت کری یہہ تو مکروہ ہی چنانچہ عمار بن یاسر کی حدیث میں گذرا ہی باوجودیکہ اسمین اہل کتاب کی تشبیہ ہی پہر

ان ظهر انه من رمضان يجزئه لانه نوى ان يكون صومه عن رمضان وكان ذلك اليوم من رمضان
اگر معلوم ہو جاوی کہ وہ دن رمضان ہی کا ہی تو یہہ ہی روزہ کافی ہی اسواسطی کہ نیت کر چکا تہا کہ میرا روزہ رمضان کا ہی اور وہ دن بہی رمضان ہی کا تہا

فيقع عن المستحق واصل الكراهة لا يمنع الجواز بل يستلزم عدم الاستحباب بدون عكس لان المباحات
سو رہتی دار ہی کا ہرگز اور اصل کی کراہت جواز کو نہیں منع کرتی بلکہ استحباب کو رفع کرتی ہی بدون عکس کی اسواسطی کہ مباحات

لا يتصف بهما وان ظهر انه من شعبان يكون تطوعا ولو افطر لا قضاء عليه لانه في معنى المظنون حيث
ان دونوں سی خالی ہوتی ہیں اور اگر یہہ ظاہر ہو کہ وہ دن شعبان کا ہی تو نفل ہو ویگا اور اگر افطار کردی تو اوسپر قضا نہیں ہی اسواسطی کہ حقیقت میں مظنون

ظن ان عليه صوما وتبين ان ليس عليه صوم والمظنون لا يقضى لان القضاء منوط بالالتزام او بالالزام
اس لئی یہہ گمان کیا کہ میری ذمہ پر روزہ ہی پہر ظاہر ہوا کہ اوسپر روزہ نہیں تہا اور مظنون کی قضا نہیں آتی اسلئی کہ قضا یا تو اپنی ذمہ پر لینی سی آتی ہی یا شرع کی لازم

والثاني ان ينوي عن واجب اخر وهو مكروه ايضا للحديث السابق الا انه ادون في الكراهة لعدم التشبيه
دوسری یہہ کہ ایک اور واجب کی نیت کری اور یہہ بہی مکروہ ہی اوسہی حدیث سابق کی مضمون سی اتنا فرق ہی کہ اسکی کراہت کمتر ہی اسواسطی کہ اسمین

باهل الكتاب لان التشبيه بهم انما يكون اذا صام فيه بنية صوم رمضان ثم ان ظهر انه من رمضان
اہل کتاب کی تشبیہ نہیں ہی اسلئی کہ اہل کتاب سی تشبیہ تو جب ہو کہ اوسدن رمضان کی نیت سی روزہ رکہی پہر اگر معلوم ہو کہ رمضان کا دن ہی تو وہ روزہ رمضان

يقع عنه لان صوم رمضان يصح من الصحيح المقيم بمطلق النية وبنية النفل وبنية واجب اخر لكون الوقت
ہی کا ہوگا اسواسطی کہ رمضان کا روزہ صحیح اور مقیم سی مطلق روزہ کی نیت سی درست ہو جاتا ہی اور نفل کی نیت سی بہی اور اور واجب کی نیت سی بہی درست ہو جاتا ہی

متعينا لهذا الصوم فينتفي شرعية غيره فيه والاطلاق في المتعين تعيين وبنية النفل وواجب اخر لغو لان
اسی روزہ کا مقرر ہی سوا اس دن میں اور کوئی روزہ جایز نہیں ہی اور متعین میں مطلق نیت بہی متعین کی ہوتی ہی اور نیت نفل کی اور اور واجب کی تمام لغو ہی اسواسطی

الوقت لا يحتملهما لعدم مشروعيتهما فيه فاذا بطل الوصف يبقى نية اصل الصوم فيكون في حكم المطلق
کہ یہہ وقت اون روزوں کا نہیں ہی کیونکہ وہ روزہ اس دن میں جایز نہیں ہیں جب وصف باطل ہوا تو اصل روزہ کی نیت باقی رہی اب وہ نیت مطلق کی حکم میں ہی

ينصرف الى المشروع في الوقت ونظيره من كان متوحدا في الدار فانه اذا نودي بيا رجل او باسم غير اسمه يراد به
سو اس روزہ سی متعلق ہوگی جو اس وقت میں جایز ہی اسکی نظیر یہہ ہی جو کوئی شخص اکیلا گہر میں ہو جب اوسکو کوئی یوں پکار کہ ای شخص یا کسی اور کا نام لیکر پکاری

ذلك وان ظهر انه من شعبان يكون تطوعا ولا يكون عما نوى لان الصوم فيه منهي كيوم العيد فلا يتادى
تو وہی شخص مراد ہوگا اور اگر یہہ معلوم ہو کہ دن شعبان کا ہی تو نفل ہو جاویگا اور جسکی نیت کی تہی وہ نہوگا اسواسطی کہ اوس دن روزہ ممنوع ہی جیسی عید کی دن پس کیونکر

به ما وجب كاملا والصحيح انه يكون عما نوى لانه ادى في يوم يصح فيه النفل بخلاف يوم العيد وان لم يستبن
ادا ہوگا جو کامل واجب ہوا ہی اور روایت صحیح یہہ ہی کہ جو نیت کی ہی وہی ہوتا ہی اسلئی کہ اسنی ایسی دن روزہ رکہا ہی کہ جسمین نفل جایز ہی عید کی دن کا اور حال ہی اور

لا يسقط الواجب عن ذمته لاحتمال كونه من رمضان والثالث ان يتردد في وصف النية بان ينوي
تو واجب اوسکی ذمہ سی ساقط نہیں ہوگا کیونکہ احتمال ہی کہ رمضان کا ہو تیسری یہہ کہ نیت کی وصف میں تردد کری یعنی اسطور نیت کری

ان كان الغد من رمضان فانا صائم عنه وان كان من شعبان فمن واجب اخر او عن النفل وهو
اگر کل کا دن رمضان کا ہی تو میرا روزہ بہی رمضان کا ہی اور اگر کل کا دن شعبان کا ہی تو روزہ فلانی واجب سی ہی یا نفل سی یہہ نیت

مكروه ايضا اما الاول فلتردده بين الامرين المكروهين نية صوم رمضان ونية صوم واجب اخر واما
بہی مکروہ ہی پہلی صورت اسلئی کہ اسکو تردد ہی درمیان دو امر مکروہ کی نیت رمضان کی روزہ کی اور نیت دوسری واجب روزہ کی اور

الثاني فلكونه ناويا للفرض من وجه ثم ان ظهر انه من رمضان يقع عنه لعدم التردد في اصل النية
دوسری صورت اسلئی کہ ایک وجہ سی فرض کی نیت کی ہی پہر اگر وہ دن رمضان کا ٹہرا تو روزہ رمضان ہی کا ہوگا اسواسطی کہ اصل نیت میں تردد نہیں تہا

وهو كاف وان ظهر انه من شعبان لا يكون عن واجب اخر بل يكون تطوعا في كلا الوجهين ولو افطر لا قضاء
اور نیت ہی کافی ہی اور اگر معلوم ہوا کہ وہ دن شعبان کا ہی تو اوس واجب سی نہیں ہوگا بلکہ دونوں صورت میں نفل ہو جاویگا اور اگر افطار کر ڈالی تو اوسپر قضا

عليه

علیه اما فی الاول فلانه کالمظنون واما فی الثانی فلعدم وجود الالتزام من کل وجه والرابع ان ینوی التطوع
نہیں ہی پہلی صورت میں تو اسلئی کہ مظنون سا ہی اور دوسری صورت میں اسلئی کہ ہر طرح سی التزام نہیں ہی اور چوتھی یہ کہ نفل کی نیت کری

وقد مر انه یصح بنیة النفل من غیر کراهة فی الصحیح ثم ان ظهر انه من رمضان یقع عنه لما مر انه یصح
اور گذر چکا ہی کہ نفل کی نیت سی موافق صحیح روایت کی بلا کراہت صحیح ہی پہر اگر معلوم ہوا کہ وہ دن رمضان کا ہی تو روزہ رمضان ہی کا ہوگا کیونکہ گذر چکا

بنیة النفل وان ظهر انه من شعبان یکون تطوعا وان افطر یلزمه القضاء لانه شرع ملتزما بخلاف
نفل کی نیت سی بہی درست ہوجاتا ہی اور اگر معلوم ہوا کہ وہ دن شعبان کا ہی تو نفل ہوجاوےگا اور اگر افطار کریگا تو قضا لازم آویگی اسواسطی کہ اپنی ذمہ پر لیکر شروع کیا ہی

مسئلة المظنون ثم ینبغی ان یعلم ان رویة الهلال وان کان سببا لوجوب الصوم والفطر لقوله علیه السلام
بخلاف مسئلہ مظنون کی پہر سمجہنا چاہئی کہ ہلال کا دیکہنا اگرچہ روزہ کی وجوب اور افطار دونو کا سبب ہی موافق اس حدیث کی

صوموا لرویته وافطروا لرویته لکن العمل به لا یلزم الا بقضاء القاضی ولهذا یلزم المراجعة الیه ثم انه اذا
کہ روزہ رکہو ہلال دیکہ کر اور افطار کرو ہلال دیکہ کر پر اس حدیث پر بدون حکم قاضی کی عمل نہیں ہوسکتا اسی واسطی قاضی کی سامنی پیش کرنا چاہئی پہر اگر

کان فی السماء علة سواء کانت غیما او دخانا او غبارا او بخارا او نحو ذلك یقبل فی هلال رمضان خبر عدل
آسمان میں کچہ علت ہو برابر ہی کہ گہٹا ہو یا دہوان ہو یا غبار ہو یا بخار ہو یا ایسا ہی کچہ اور ہو تو رمضان کی چاند میں خبر ایک عادل

مسلم عاقل بالغ حرا کان او عبدا ذکرا کان او انثی لانه مخبر بامر دینی وهو وجوب الصوم علی الناس فیقبل
مسلمان کی کہ عاقل اور جوان ہو آزاد ہو یا غلام مرد ہو یا عورت مقبول ہی اسواسطی کہ امر دینی کی خبر دیتا ہی یعنی لوگون پر روزہ واجب ہی سو اوسکی خبر مقبول ہوگی

خبره لکن بشرط ان یفسر ویقول رایته خارج البلد او بین خلال السحاب واما بدون التفسیر فلا یقبل لمکان
لیکن بشرطیکہ تفصیل بیان کری کہ میںنی چاند شہر سی باہر ابر کی اندر دیکہا ہی اور بدون تفصیل کی معتبر نہوگی کیونکہ

التهمة والفاسق اذا ابصر هلال رمضان ینبغی له ان یشهد عند القاضی لاحتمال قبول شهادته لکن
شبہ کی جگہہ ہی اور اگر فاسق ہلال رمضان کا دیکہ لی تو اوسکو چاہئی کہ قاضی کی روبرو جاکر گواہی دی شاید کہ اوسکی گواہی مقبول ہوجاوی لیکن

القاضی یرد شهادته لان خبر الفاسق فی الدیانات مردود غیر مقبول ویشترط العدالة وقال الطحاوی لا یشترط
قاضی اوسکی شہادت کو رد کردی کیونکہ فاسق کی خبر دیانات میں مردود ہوتی ہی مقبول نہیں ہوتی عدالت شرط ہی اور طحاوی نی کہا ہی کہ عدالت

العدالة ومن المشائخ من قال اراد به المستور ولا یشترط الدعوی ولا لفظ الشهادة ویقبل فی هلال رمضان شهادة
شرط نہیں ہی اور بعضی مشائخ کہتی ہیں کہ اس سی مراد مستور الحال ہی اور دعوی بہی شرط نہیں ہی اور نہ لفظ شہادت کچہ ضرور ہی اور رمضان کی ہلال میں

الواحد علی شهادة الواحد ومن رای هلال رمضان فی الرستاق ولم یکن هناك وال ولا قاض فان کان
ایک شخص کی گواہی ایک شخص کی گواہی پر مقبول ہی اور جسنی رمضان کا ہلال ایسی گانؤں میں دیکہا جہاں نہ امیر ہو اور نہ قاضی تو اگر وہ

الرائی ثقة یصوم الناس بقوله ثم اذا قبل القاضی شهادة الواحد فی هلال رمضان وصام الناس ثلثین
دیکہنی والا ثقہ ہی تو سب لوگ اوسکی کہنی سی روزہ رکہیں پہر اگر قاضی نی ایک آدمی کی گواہی رمضان کی ہلال کی قبول کرلی اور اوسکی موافق تیس روزی

یوما ولم یروا هلال الفطر لا یفطرون فیما روی عن ابی حنیفة وابی یوسف لان الفطر لا یثبت بشهادة الواحد
پوری ہوگئی تو بہی عید کا چاند نظر نہیں آیا تو بہی افطار نکریں موافق روایت ابو حنیفہ اور ابو یوسف کی اسواسطی کہ افطار ایک آدمی کی گواہی سی ثابت نہیں ہوتا

وعن محمد انهم یفطرون ویثبت الفطر فی ضمن ثبوت الرمضانیة بشهادة الواحد وان کان لا یثبت ابتداء
اور محمد سی روایت ہی کہ افطار کریں کیونکہ افطار ثبوت رمضان کی ضمن میں ایک ہی آدمی کی گواہی سی ثابت ہوجاتا ہی اگرچہ ابتداءً ثابت نہیں ہوتا

فان فی هلال الفطر اذا کان فی السماء علة لا یقبل الا بشهادة حرین او حر وحرتین لتعلق حق العباد به لانهم
لیکن شوال کی چاند دیکہنی میں اگر آسمان میں ابر یا گرد و غبار ہو تو مقبول نہیں بدون گواہی دو آزاد مردون یا ایک مرد آزاد اور دو آزاد عورتوں کی اسواسطی کہ اسمیں حق عباد

ينتفعون به فيثبت بما يثبت به سائر حقوقهم بخلاف هلال رمضان فان المتعلق به محض حق الشرع
اس سی فائدہ مند ہوتی ہین سو اوسی طرح ثابت ہوگا جس طرح اونکی تمام حقوق ثابت ہوتی ہین بخلاف ہلال رمضان کی کیونکہ اوس سی صرف حق شرع کا متعلق ہے
وهو الصوم فيكتفي بخبر الواحد واما اذا لم يكن في السماء علة فلا يقبل شهادة الواحد في هلال رمضان
یعنی روزہ سو ایک آدمی کی گواہی کفایت کرتی ہی اور اگر آسمان صاف ہو تو پھر ایک آدمی کی گواہی رمضان کی ہلال مین مقبول نہین ہوگی
ولا شهادة الاثنين في هلال الفطر وانما يقبل شهادة جمع كثير يقع العلم بخبرهم واختلفوا في مقدار
اور نہ دو کی گواہی عید الفطر کی ہلال مین پھر تو اتنی بڑی جماعت چاہی جنکی خبر سی یقین حاصل ہو جاوی اور اوس جماعت کی مقدار مین اختلاف
ذلك فقيل لا بد من اهل محلة وقيل لا بد من خمسين رجلا وعن محمد لا بد ان يتواتر الخبر من كل جانب
بعضی کہتی ہین ایک محلہ کی آدمی چاہیین اور بعضی کہتی ہین پچاس آدمی ہون اور امام محمد سی روایت ہی ہر طرف سی پی در پی خبر کا آنا چاہیی
والصحيح انه مفوض الى راي الحاكم لان المراد بالعلم الحاصل بخبرهم هو العلم الشرعي الموجب للعمل وهو غلبة
اور صحیح یہہ ہی کہ حاکم کی رای پر حوالہ ہی اسواسطی کہ مراد علم سی جو اونکی خبر سی حاصل ہو وہ علم شرعی ہی جس سی عمل کرنا واجب ہو جاوی یعنی ظن غالب
الظن لا العلم بمعنى اليقين وان جاء واحد من خارج المصر فشهد برؤية الهلال ثمه ففي ظاهر الرواية
علم بمعنی یقین نہین ہی اور اگر ایک شخص شہر کی باہر سی آکر گواہی دی کہ وہان چاند دیکھا ہی تو ظاہر روایت مین اوسکی گواہی مقبول نہین ہوگی
لا يقبل شهادته لقيام التهمة وذكر الطحاوي ان شهادته مقبولة لقلة المانع في خارج المصر وكذا لو شهد
کیونکہ شبہ کا مقام ہی اور طحاوی نی ذکر کیا ہی کہ اوسکی شہادت مقبول ہی اسواسطی کہ شہر سی باہر رکاوٹ کم ہوتی ہی اور ایسی ہی اگر چاند
برؤية الهلال في المصر على مكان مرتفع ومن راى هلال رمضان وحده وشهد ولم يقبل شهادته كان عليه
دیکھنی کی شہر کی اندر اونچی مقام پر سی گواہی دی اور جسنی رمضان کا چاند تن تنہا دیکھا اور گواہی دی تو مقبول نہوئی تو بھی اوسکو لازم ہی
ان يصوم لقوله عليه السلام صوموا لرؤيته فانه قد راه فيلزمه الصوم وان افطر كان عليه القضاء دون
کہ روزہ رکھی اسحدیث کی موافق روزہ رکھو چاند دیکھکر کیونکہ اسنی چاند دیکھا ہی سو اسکو روزہ رکھنا لازم ہی اور اگر افطار کریگا تو اوسپر قضا لازم ہوگی
الكفارة وان افطر قبل ان ترد شهادته اختلفوا فيه والصحيح ان لا يجب عليه الكفارة والحاكم اذا راى هلال
کفارہ نہین آویگا اور اگر شہادت رد ہونی سی پہلی افطار کرڈالا تو اس صورت مین اختلاف ہی صحیح یہہ ہی کہ کفارہ واجب نہین اور اگر حاکم تن تنہا رمضان کا
رمضان وحده يصوم ولا يامر الناس بالصوم ولو ان الناس غم عليهم هلال رمضان واكملوا شعبان
چاند دیکھ لی تو وہ آپ روزہ رکھی اور دون کو روزہ کا حکم نہ دی اور اگر لوگون کو رمضان کا چاند بسبب ابر کی نظر نہ آیا اور انہون نی شعبان کی
ثلثين يوما ثم صاموا رمضان ثمانية وعشرين يوما ثم راوا هلال شوال فانهم ان كانوا عدوا شعبان
تیس دن پوری کرکی رمضان کی روزی اٹھائیس دن رکھی تھی پھر شوال کا چاند نظر آگیا اب اگر انہون نی گنتی شعبان کی
عن غير رؤية قضوا يومين وان كان عدوه عن رؤية قضوا يوما واحدا فيكون شهر رمضان في تلك
بی چاند دیکھی پوری کی تھی تو دو روزی قضا کرین اور اگر چاند دیکھکر گنتی پوری کی تھی تو ایک روزہ قضا کرین اب ماہ رمضان اوس سال مین
السنة تسعة وعشرين يوما حتى انهم لو كانوا راوا هلال شوال بعد ما صاموا رمضان تسعة وعشرين
انتیس دن کا ہوا یہان تک کہ انہون نی اگر عید کا چاند رمضان کی انتیس روزی رکھکر دیکھا
يوما لا يلزمهم شيء ولو ان اهل بلدة راوا هلال رمضان فصاموا تسعة وعشرين يوما فشهد جماعة
تو اونپر کچھ لازم نہین آتا اور اگر ایک شہر والون نی رمضان کا چاند دیکھکر انتیس روزی رکھی پھر ایک جماعت نی قاضی کی پاس
عند القاضي في اليوم التاسع والعشرين ان اهل بلدة كذا راوا هلال رمضان في ليلة كذا قبلكم بيوم
انتیسوین تاریخ مین یہہ گواہی دی کہ فلانی شہر والون نی رمضان کا چاند فلانی رات مین تمسی ایک دن پہلی دیکھکر روزی

فصاموا وهذا الیوم یوم الثلثین من رمضان واهل هذه البلدة لم یروا الهلال فی تلك اللیلة
رکہی ہیں اسبب آج رمضان کی تیسوین تاریخ ہی　اور اس شہر والون نی اوس رات کو چاند نہیں دیکہا

والسماء مُصحیة لایباح لهم الفطر غدا ولا یترك التراویح فی تلك اللیلة لان هذه الجماعة لم یشهدوا
اور آسمان صاف تہا　تو اونکو اگلی دن افطار کرنا جایز نہیں ہی اور نہ اوس رات مین تراویح ترک کرنی جایز　اسواسطی کہ اس جماعت نی چاند دیکہنی کی گواہی

بالرویة ولا علی شهادة غیرهم وانما حکوا رویة غیرهم واما لو کانوا شهدوا عند القاضی ان قاضی بلدة
نہین دی　اونہ غیر کی گواہی پر گواہی دی ہی انہون نی دوسرون کی دیکہنی کی خبر بیان کی ہی　اور اگر وہ جماعت قاضی کی سامنی یہہ گواہی دیتی کہ فلانی شہر کی قاضی کی

کذا شهد عنده شاهدان برویة الهلال فی لیلة کذا وقضی ذلك القاضی بشهادتهما جاز لهذا القاضی
سامنی دو گواہون نی فلانی رات مین چاند دیکہنی کی گواہی دی تہی　اور اوس قاضی نی اونکی گواہی کی موافق حکم دیا ہی تو اب اس قاضی کو جایز ہوتا

ان یقضی بشهادتهما لان قضاء القاضی الاول حجة وهذا علی قول من قال لا عبرة باختلاف المطالع
کہ انکی گواہی کی موافق حکم دیتا اسواسطی کہ حکم پہلی قاضی کا حجت ہی　اور یہہ حکم اوسکی قول کی موافق ہی جو اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں کرتا

حتی اذا صام اهل بلدة ثلثین یوما للرویة واهل بلدة اخری تسعة وعشرین یوما للرویة ایضاً
یہان تک کہ اگر ایک شہر والون نی چاند دیکہکر تیس روزی رکہی　اور ایک اور شہر والون نی چاند ہی دیکہکر انتیس روزی رکہی

فعلی هذا علی من صام تسعة وعشرین یوما قضاء یوم والاشبه علی ما ذکره الزیلعی ان یعتبر لان
تو اس صورت میں جنہون نی انتیس روزی رکہی ان پر ایک روزی کی قضا ہی　اور موافق بیان زیلعی کی بہتر یہہ ہی کہ اختلاف مطالع معتبر ہو اسلئی

کل قوم یخاطبون بما عندهم والدلیل علی اعتباره ما روی عن کریب انه قال قدمت الشام واستهل
کہ ہر قوم کو وہ ہی حکم ہی جو اونکی پاس ہی　اور یہہ دلیل اختلاف مطالع کی اعتبار کی کریب کی روایت ہی کہ وہ کہتا ہی کہ مین شام مین وارد ہوا اور مجہ کو

علی شهر رمضان فرایت الهلال لیلة الجمعة ثم قدمت المدینة فی اخر الشهر فسئلنی عبد الله بن عباس
ماہ رمضان کا چاند آگیا　سو مینی شب جمعہ کو چاند دیکہا　پہر مین مدینہ شریف مین آخر مہینی مین آیا تو مجہسی عبد اللہ بن عباس نی پوچہا

فقال متی رایتم الهلال فقلت رایناه لیلة الجمعة فقال نحن رایناه لیلة السبت فلا نزال نصوم حتی
کہ تمنی رمضان کا چاند کب دیکہا تہا مین نی کہا ہمنی چاند شب جمعہ کو دیکہا تہا عبد اللہ بن عباس نی کہا ہمنی ہفتہ کی شب کو دیکہا　سو ہم روزی رکہی جاوینگی یہانتک

نکمل ثلثین او نراه فقلت له افلا تکتفی برویة معاویة وصیامه فقال لا هکذا امرنا رسول الله علیه السلام
کہ تیس دن پوری ہو جاوین یا چاند نظر آجاوی پہر مین نی کہا معاویہ کی دیکہنی اور روزہ رکہنی پر کیون نہین اکتفا کرتی پہر کہا نہین ہکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی یہہ حکم دیا ہی

وذلك لان انفصال الهلال عن شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار کما ان دخول الوقت وخروجه
اور یہہ اسلئی ہی کہ الگ ہونا ہلال کا آفتاب کی شعاع سی بسبب اختلاف مسافت کی مختلف ہوجاتا ہی　جیسی ایک وقت کا آنا اور نکلنا

یختلف باختلاف الاقطار فان الشمس اذا زالت فی المشرق لا یلزم منه ان تزول فی المغرب بل کلما تحرکت
اختلاف مسافت سی مختلف ہوجاتا ہی　کیونکہ آفتاب کو اگر مشرق مین زوال ہووی تو لازم نہین آتا کہ مغرب مین ہی زوال ہوجاوی بلکہ آفتاب جب کوئی درجہ

درجة فذلك طلوع لقوم وغروب لاخرین ونصف لیل لبعض وطلوع فجر لغیرهم وروی ان ابا موسی
قطع کریگا تو وہ ایک کی لئی طلوع ہی　اور دوسری کی واسطی غروب ہی اور کسیکو آدہی رات ہی اور کسیکو طلوع فجر ہی　اور روایت ہی کہ ابو موسی

الضریر الفقیه قدم الاسکندریة فسئل عمن صعد المنارة فرای الشمس بعد غروبها فی البلدة بزمان طویل
نابینا فقیہ اسکندریہ مین آئی　اونسی کسی نی حال ایسی شخص کا پوچہا کہ اوسنی اونچی منارہ پر چڑہکر آفتاب کو دیکہا اور شہر مین بہت دیر پہلی غروب ہو چکی ہی

ایحل له الافطار فقال لا یحل له الافطار ویحل لاهل البلدة لان کل احد مخاطب بما عنده ومن ای هذا
کیا اسکو افطار کرنا درست ہی فقیہ نی جواب دیا اوسکو افطار حلال نہین ہی اور شہر والون کو درست ہی اسلئی کہ ہر ایک کو وہ ہی حکم ہی جو اوسکی پاس ہی اور جیسی ہلال

الفطر وقت العصر فظن انقضاء مدة الصوم وافطر قال في المحيط اختلفوا في وجوب الكفارة والاكثر
مفطر کا عصر کی وقت دیکھا پھر اس خیال سی کہ مدت روزی کی گذر گئی افطار کر ڈالا محیط میں کہا ہی کہ علماء کو درباب وجوب کفارہ کی اختلاف ہی کثیر لوگ
على الوجوب وقد ظن بعض الناس ان النهي عن الصوم قبل رمضان بيوم او يومين يراد به اغتنام
یہ ہی کہ کفارہ واجب ہی اور بعضی لوگوں کو یہ گمان ہی کہ روزی کی ممانعت رمضان سی ایک یا دو دن پہلی اس لئی ہی کہ
الاكل والشرب واخذ النفوس شهواتها قبل ان تمنع منها بالصيام وهذا كله خطاء وجهل اذ قد ذكر
کھانا پینا اور نفوس کو اپنی شہوت سی متلذذ ہونا اس سی پہلی کہ روزہ کی سبب ممانعت ہو جاوی غلط ہی یہ تمام خیالات خطا اور جہالت ہی اسی کو ذکر
ان ذلك متلقى من النصارى فانهم عند قرب صومهم يفعلون كذلك فلزم التشبيه بهم وقد كان
کرتی ہیں کہ یہ اصل میں نصاریٰ سی لیا ہی کیونکہ نصاریٰ کی جب روزی نزدیک آتی تھی تو ایسا ہی کیا کرتی ہی پھر نصاریٰ سی تشبیہ لازم آتی ہی اور
النهي عن الصوم في ذلك الوقت لمنع التشبه بالكافر فيما انا منه بد وهو مذموم شرعا لقوله عليه السلام
یہی روزہ کی اوس وقت میں صرف کفار کی مشابہت کی سبب سی تھی جس جگہ کہ جسمی مشابہت رفع ہو سکتی ہی اور یہ شرعا مذموم ہی واسطی ارشاد رسول علیہ السلام
من تشبه قوما فهو منهم وربما لا يقتصر بعضهم على الشهوات المباحة بل يتعدى الى المحرمات فمن
جو شخص مشابہ ہوا کسی قوم سی پس وہ اسی میں سی ہی اور کبھی کبھی بعضا شخص شہوات مباح پر حصر نہیں کرتا بلکہ محرمات میں داخل ہو جاتا ہی جسکا
كان هذا حاله فالبهائم اعقل منه وله نصيب وافر من قوله تعالى وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ
ایسا حال ہو تو اوس سی ڈنگر ہوشیار ہیں اور اوسکا اس آیت میں بڑا حصہ ہی اور ہمنی پیدا کئی ہیں دوزخ کی واسطی بہت
الْجِنِّ وَالْإِنسِ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا أُولَٰئِكَ
جن اور آدمی جنکو دل ہیں اون سی سمجھتی نہیں اور آنکھیں ہیں اون سی دیکھتی نہیں اور کان ہیں اون سی سنتی نہیں وہ لوگ
كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ وبعضهم لا يجتنب كبائر الذنوب الا في رمضان فطول عليه ويكره صيامه وينبو
جیسی چوپائی بلکہ اون سی زیادہ بیراہ ہیں اور بعضی شخص گناہ کبیرہ سی سوا رمضان کی کبھی نہیں باز آتی سو اونکو رمضان دوبھر ہو جاتا ہی اور روزہ بھی مکروہ معلوم
على نفسه مفارقتها كالوفانها فيعد الايام والليالي ليعود الى المعاصي وبعضهم لا يصلي الا في رمضان فيستقل
اور اوسکی دل پر مفارقت کمایہ کی دشوار ہو تی ہی جیسی فوت ہو گئی سو دن رات گنتا ہی تاکہ معاصی پھر حاصل کری اور بعضی سوا رمضان کی نماز نہیں پڑھتی پھر
رمضان لاستثقال العبادات المشروعة فيه من الصلوة والصيام وبعضهم لا يصبر على المعاصي فيواقعها
رمضان اون پر بھاری پڑ جاتا ہی سب گرانی عبادات کی جو رمضان میں ہوتی ہیں نماز روزی اور بعضی لوگ گناہ پر صبر نہیں کرتا پھر وہ رمضان میں
في رمضان وهذا هو الخسران المبين

المجلس السادس والعشرون في بيان فضيلة رمضا

بھی مبتلا ہوتا ہی اور یہ ظاہر ٹوٹا اوٹھانا ہی چھبیسویں مجلس رمضان کی فضیلت میں
ورعاية حقه قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل رمضان فتحت ابواب السماء وفي
اور اوسکی حق کی رعایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جب رمضان آتا ہی تو آسمان کی دروازی کھل جاتی ہیں اور ایک
رواية ابواب الجنة وغلقت ابواب جهنم وصفدت الشياطين هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه
روایت میں جنت کی دروازی اور دوزخ کی دروازی بند کئی جاتی ہیں اور شیاطین قید ہو جاتی ہیں یہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں سی ہی
ابو هريرة وهو ان حمل على معناه الظاهر لا يفيد زيادة فائدة لان الانسان مادام في الدنيا لا يتيسر له الصعود
ابوہریرہ کی روایت سی اس حدیث کی اگر ظاہر معنی مراد لیویں تو کچھ خوب بڑا فائدہ نہیں ہی اس لئی کہ انسان جبتک دنیا میں ہی تو اوسکو آسمان پر چڑھنا میسر
الى السماء ولا الدخول في احدى الدارين فاي فائدة في فتح الابواب واغلاقها الا ان يقال من مات من
ہو سکتا اور نہ بہشت اور دوزخ میں داخل ہو سکتا ہی پھر دروازوں کی کھلنی اور بند ہونی کیا فائدہ ہوا مگر یوں کہیں کہ جو شخص صلحاء ایمان والوں میں

صلحاء اهل الایمان اذا فتحت ابواب الجنة یاتیهم من روحها ونسیمها فوق ما کان یاتیهم قبل الفتح و
مرجاتا ہی تو جب دروازی جنت کی کہلجاتی ہیں تو اونکو جنت کی ہوا اور خوشبو زیادہ تر آتی ہی بہ نسبت اوسکی کہ دروازی کہلنی سی پہلی آتی تہی اور

من مات من عصاتهم اذا غلقت ابواب جهنم لا یصیبهم من حرها وسمومها کما کان یصیبهم من حرها
جو گنہگار مرجاتا ہی تو اگر دروازی دوزخ کی بند ہوتی ہیں تو اونکو اوسکی گرمی اور لپٹ اوتنی نہیں آتی جتنی گرمی

وسمومها قبل التغلیق وهو بعید لانه انما ذکر لترغیب الناس فیما امروا به من صوم شهر رمضان وتحریضهم
اور لپٹ بند ہونی سی پہلی آتی تہی اور یہہ معنی بعید ہیں اسواسطی کہ یہہ مضمون صرف واسطی آدمیوں کی ترغیب کی ہی جو اونکو حکم ہوا ہی ماہ رمضان کی روزوں کا

علیه حتی یستعدوا له وتصیر ابواب الجنان کانها فتحت لهم وابواب النیران کانها اغلقت علیهم فیلزم
تاکہ روزوں کی واسطی تیار ہوجاویں اور گویا جنت کی دروازی اونکی لئی کہل گئی اور دوزخ کی دروازی گویا اونکی اوپر بند ہوگئی اب کوئی تاویل

الرجوع الی التاویل بان یقال فتح ابواب السماء کنایة عن تواتر نزول الرحمة وتوالی صعود الطاعات لان الباب اذا
کرنی لازم ہی کیوں کہیں کہ کہلنا آسمان کی دروازوں کا اشارہ ہی پی در پی رحمت کی آنیکا اور پی در پی عبادت کی چڑہنی کا اسواسطی کہ جب دروازہ

فتح یخرج ما فی داخله متتابعا ویدخل ما فی خارجه متوالیا ویؤید هذا التاویل ما جاء فی روایة اخری فتحت
کہلتا ہی تو جو اوسکی اندر ہی فورًا نکل آتا ہی اور جو باہر ہوتا ہی وہ فورًا داخل ہوجاتا ہی اور اس تاویل کی تائید وہ ہی جو ایک اور روایت میں آیا ہی کہلجاتی ہیں

ابواب الرحمة وفتح ابواب الجنة کنایة عن حصول ما یؤدی الی دخولها من انواع العبادات وتغلیق
دروازی رحمت کی اور جنت کی دروازوں کا کہلنا اشارہ ہی اون امور کی حاصل ہونیکا جو جنت کی اندر پہنچاویں یعنی ہر قسم کی عبادتیں اور بند ہونا

ابواب جهنم کنایة عن انتفاء ما یؤدی الی دخولها من انواع السیأت لان الصائم یتنزه عن الکبائر
دوزخ کی دروازوں کا اشارہ ہی دور ہونی اون امور کا جو دوزخ میں داخل کردیتی ہیں یعنی ہر قسم کی گناہ اسواسطی کہ روزہ دار ایسی کبائر گناہوں سی بچتا ہی

التی من جملتها الاصرار علی الصغائر فیغفر له ببرکة الصوم سائر الذنوب کما جاء فی الحدیث الصلوات الخمس
جنکی اندر اصرار کرنی صغیرہ گناہوں کی بہی داخل ہی سو روزہ کی برکت سی اوسکی تمام گناہ معاف ہوجاتی ہیں چنانچہ حدیث میں آیا ہی کہ پانچوں نمازیں

والجمعة الی الجمعة ورمضان الی رمضان مکفرات لما بینهن ان اجتنبت الکبائر وتصفید الشیاطین
اور جمعہ اگلی جمعہ تک اور رمضان اگلی رمضان تک بیچ کی گناہوں کو مٹا دیتی ہیں اگر کبیرہ گناہوں سی پرہیز کی جا اور قید ہونا شیاطین کا

یحتمل ان یکون المراد به ما هو الظاهر من کون الشیاطین مقیدة تعظیما للشهر وعلامة ذلک ان اکثر المنهمکین
احتمال ہی کہ اس سی مراد وہ ہی معنی ظاہری ہوں کہ شیاطین واسطی تعظیم اس مہینی کی قید ہوجاتی ہیں اسکی نشانی یہہ ہی کہ اکثر لوگ گناہوں میں کہپی ہوئی

فی الطغیان یجتنبون المعاصی ولا یزداد بعد حرصهم علیها ویشرعون فی اقامة الصلوة بعد ما کانوا
گناہوں اور بدی سی بچنی لگتی ہیں باوجودیکہ گناہوں کی بڑی حریص ہوتی ہیں اور نماز پڑہنی شروع کردیتی ہیں باوجودیکہ نمازمیں

یتهاونون بها ویقبلون علی استماع النصیحة وتلاوة القرآن واما ما یری من بعض الفسقة انهم لا یمتنعون
کمال سستی کرتی تہی اور وعظ نصیحت سنی پر اور قرآن کی تلاوت پر متوجہ ہوجاتی ہیں اور یہہ جو فاسق معلوم ہوتی ہیں کہ اپنی فسق سی ذرہ باز

عن فسقهم بل ان ترکوا نوعا منه یاتون نوعا اخر فذلک من اثر ما بقی فی نفوسهم الخبیثة من تسویلات
نہیں آتی بلکہ اگر ایک قسم ترک کرتی ہیں تو دوسری قسم کرنی شروع کردیتی ہیں سو یہہ اثر اوس خباثت کا ہی جو اونکی دلوں میں وسوسہ شیطانی باقی ہیں

الشیاطین وقال بعض العلماء لفظ الشیاطین وان کان عاما الا ان المراد به رؤساؤهم یؤیده ما جاء فی بعض
اور بعضی علماء کہتی ہیں لفظ شیاطین کا اگرچہ عام ہی پر مراد اس سی شیطانوں کی گروگہنٹال ہیں اسکی تائید ہی جو اس حدیث کی بعضی

طرق هذا الحدیث وسلسلت مردة الشیاطین فیقع الفساد بتسویلات غیرهم من شیاطین الانس والجن
روایت میں واقع ہوا ہی کہ اور قید ہوجاتی ہیں سرکش شیطان پہر فساد اوروں کی وسوسی جو شیاطین جن اور انسان کی ہیں واقع ہوتا ہی

وقيل هو مجاز عن امتناع نفوس الصائمين عن قبول وساوسهم وذلك لان رمضان اذا دخل يستغل الناس بالصوم

اور کہتے ہیں کہ یہ مجاز ہے منع روزہ داروں کی دل شیطانی وسوسے قبول کرنے سے باز رہتی ہیں اسواسطے کہ جب رمضان آتا ہے تو آدمی روزہ میں مشغول ہو جاتے ہیں

فتنكسر قوتهم الحيوانية التي هي مبدأ الشهوة والغضب المتداعيين الى انواع الفسوق والفجور وتنبعث فيهم

سو انکی قوت حیوانی ضعیف ہو جاتی ہے جو باعث شہوت اور غصہ کی ہو کر ہر قسم کی فسق اور فجور کی طرف بلاتی ہے اور انکی قوت عقلی

العقلية داعية الى الطاعات ناهية عن المنكرات فيجعلهم مقبلين على وظائف العبادات معرضين عن

مستعد ہو کر طاعات کی طرف بلاتی ہے اور منکرات سے منع کرتی ہے پھر انکو روز مرہ کی مقرری عبادات پر متوجہ اور ہر قسم کی منکرات سے

اصناف المنكرات فيصيرون كانهم فتحت لهم ابواب الجنان وغلقت عليهم ابواب النيران ولم يبق

بیزار کردیتی ہے پھر وہ ایسے ہو جاتے ہیں کہ گویا انکے لیے بہشت کی دروازے کھل گئے اور دوزخ کی دروازے انپر بند ہو گئے اور

عليهم للشيطان سلطان وروى عن ابي هريرة انه عليه السلام قال اذا كان اول ليلة من شهر رمضان

انپر شیطانوں کا اصلا تسلط باقی نہ رہا اور ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ماہ رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے

صفدت الشياطين ومردة الجن وغلقت ابواب جهنم فلم يفتح منها باب وفتحت ابواب الجنة فلم

تو شیاطین اور سرکش جن قید ہو جاتے ہیں اور دوزخ کی دروازے بند ہو کر کوئی دروازہ کھلا نہیں رہتا اور دروازے بہشت کی کھل جاتے ہیں سو

يغلق منها باب فينادي مناد يا باغي الخير اقبل ويا باغي الشر اقصر ولله فيه عتقاء من النار وذلك

ان میں سے کوئی دروازہ بند نہیں رہتا منادی پکارتا ہے کہ ای طالب خیر کی آگے آؤ اور ای طالب شر کی بس کر اور رمضان میں اللہ کی آزاد کیے ہوئے آگ سے ہوتے ہیں اور یہ

في كل ليلة ومعنى هذا الحديث علم من تأويل الحديث السابق لكن هنا زيادة لا بد من بيان معنى تلك

ہر شب میں ہوتی ہے اور اس حدیث کی معنی پہلی حدیث کی تاویل سے معلوم ہو گئی لیکن یہاں کچھ لفظ زیادہ ہیں انکی معنوں کا بیان کرنا بھی ضرور رہا ہے

الزيادة وهو ان منادي ينادي في ليالي رمضان ويقول يا طالب الخير تعال اطلب الثواب فانك تعطى

وہ یہ ہے کہ منادی رمضان کی راتوں میں پکارتا ہے اور کہتا ہے کہ ای خیر کی طالب آؤ ثواب لے یہ ایسا وقت شریف ہے

ثوابا كثيرا بعمل قليل لشرف الوقت ويا طالب الشر اترك الشر فان عذاب المعصية فيه اكثر وتب الى الله تعالى

کہ تھوڑے سے کام پر بہت سی ثواب عطا ہو گا اور ای شر کی طالب بدی سی باز آ کیونکہ رمضان میں معصیت کا عذاب بڑا سخت ہے اور اللہ تعالی کی طرف

فانه تعالى يعتق كثيرا من عبادة الصائمين من النار ويغفر ذنوبهم الماضية لحرمة الشهر كما جاء في

رجوع کر کیونکہ اللہ تعالی بہت سے روزہ دار آگ سے آزاد کرتا ہے اور انکی پچھلی گناہ اس مہینے کی برکت سے معاف کرتا ہے چنانچہ ایک اور حدیث میں آیا کہ

حديث آخر من صام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه يعني ان من صامه مصدقا

جسنے رمضان کی روزہ واسطے ایمان اور ثواب کی رکھے تو اسکی تمام پچھلی گناہ معاف ہوئے مراد یہ ہے کہ جسنے رمضان کی روزہ اوسکی حقیقت

بحقيته وفرضيته وطالبا لرضاء الله تعالى وثوابه لا خوفا من الناس واستحياء منهم يغفر له ذنوبه

اور فرضیت تصدیق کر کر اللہ کی رضا اور ثواب حاصل کرنے کو رکھے نہ کسی شخص کی خوف سے اور نہ کسیکی حیا لاج سے تو اوسکی تمام پچھلی گناہ

المتقدمة وذلك النداء يكون في كل ليلة من ليالي رمضان وروى عن ابي امامة الباهلي انه عليه السلام

معاف ہو نگی اور یہ ندا رمضان کی راتوں میں سے ہر ہر رات کو ہوتی ہے اور ابو امامہ باہلی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

قال من صام يوما في سبيل الله جعل الله بينه وبين النار خندقا كما بين السماء والارض وفي حديث آخر

جسنے ایک روز واسطے خدا کی روزہ رکھا تو اللہ تعالی دوزخ اور اوس شخص کی بیچ میں ایسی چوڑی خندق کر دیگا جیسی بیچ آسمان اور زمین کا اور ایک اور حدیث میں

رواه ابو سعيد الخدري انه عليه السلام قال من صام يوما في سبيل الله بعد الله تعالى وجهه من النار

ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے ایک دن کا واسطے اللہ کی رکھا تو اللہ اوسکی چہرہ کو آگ سے ستر برس کی راہ پر دور کریگا

سبعین

سبعین خریفا یعنی ان من صام یوما فی سبیل الله ورضائه ینجیه الله تعالی من النار عبر عن النجیة
مراد یہ ہی کہ جسنی ایک دن کا روزہ واسطی اسکی اوسکی رضامندی کی لئی رکہا اوسکو اسہ تعالی آگ سی نجات بخشیگا دوری کو بطور تمثیل کی

بطریق التمثیل لیکون ابلغ لان من کان بعیدا عن شئ بهذا المقدار لا یصل الیه البتة والمراد بالخریف
بیان فرمایا تاکہ ابلغ ہووی اسواسطی کہ جو شخص ایک چیز سی اسقدر دور مسافت پر ہو تو وہ چیز اوس تک ہرگز نہیں پہنچیگی اور خریف سی مراد

السنة ذکر الجزء واریدا الکل وانما عبر عنها به دون غیره من الفصول لکونه وقت بلوغ الثمار وحصول
سال ہی جزو کو ذکر کیا اور کل مراد لیا اور فصول وغیرہ کو چھوڑ کر خریف کی ساتہہ اسواسطی سال کیا کہ اس وقت میں پہل پکتی ہیں اور عیش

سعة العیش روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال کل ابن ادم یضاعف الحسنة بعشر امثالها الی
فراخ ہوتا ہی اور ابوہریرہ سی روایت ہی کہ رسول اسہ صلی اسہ علیہ وسلم نی فرمایا تمام بنی آدم کی حسنات دس گونہ بڑہتی ہیں اور دس سی

سبعمائة ضعف قال الله تعالی الا الصوم فانه لی وانا اجزی به یدع شهوته وطعامه وشرابه من اجلی
سات سو گونہ تک اسہ تعالی فرماتا ہی روزہ کی سوا کیونکہ روزہ میری واسطی ہی میں ہی اوسکا بدلہ ہوں کیونکہ اپنی شہوت کہانا پینا میری لئی ترک کرتا ہی

یعنی ان کل طاعة وخیرا اذا لم یکن ریاء ونفاقا فاقل ما یعطی لصاحبه من الاجر عشرة لقوله تعالی من
مراد یہ ہی کہ ہریک عبادت اور خیر اگر بدون ریا اور نفاق کی ہو تو کم سی کم اوسکا اجر عاملکو دس گونہ عطا ہوگا اس آیت کی سند سی جو

جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وقد یزاد الی سبعمائة واکثر لقوله تعالی مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ
لاوی بہلائی اوسکی واسطی ہی اوس سی دس گونہ اور کبہی سات سو تک یا زیادہ تک نوبت بڑہ جاتی ہی اس سند سی مثال اونکی جو خرچ کرتی ہیں اپنی مال

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ کَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ
اسہ کی راہ میں جیسی ایک دانہ اوس سی اوگیں سات خوشہ ہر خوشہ میں سو سو دانی اور اسہ بڑہاتا ہی جسکی واسطی چاہی

واما الصوم فثوابه بغیر حساب لانه لا یتادی الا بالصبر وقد قال الله تعالی اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ
اور روزہ کی ثواب کا تو کچہہ حساب ہی نہیں کیونکہ روزہ بدون صبر کی پورا نہیں ہوتا اور اسہ تعالی فرماتا ہی صبر کرنیوالوں کو ملتا ہی اونکا اجر

بِغَیْرِ حِسَابٍ ثم الصبر وان کان یوجد فی غیر الصوم من العبادات لکن وجوده فیه لیس کوجوده فی غیره
بی گنت پہر صبر اگرچہ سوا روزہ کی اور عبادات میں بہی ہوتا ہی لیکن صبر روزہ کا ایسا نہیں ہی جو اور عبادات میں ہوتا ہی

لانه ثلثة انواع صبر علی طاعة الله تعالی وصبر علی محارم الله تعالی وصبر علی الالام والشدائد کلها
کیونکہ صبر تین طرح پر ہی ایک تو صبر اسہ تعالی کی طاعت پر دوسرا صبر اسہ تعالی کی محارم پر تیسرا صبر تکالیف اور سختیوں پر اور روزہ میں

یوجد فی الصوم اذ فیه صبر علی ما وجب علی الصائم من الطاعات وصبر عما حرم علیه من الشهوات
تینوں قسم کا صبر موجود ہی اسواسطی کہ روزی میں صبر ہی اوس طاعات پر جو روزہ دار پر واجب ہیں اور اون شہوات پر صبر ہی جو اوسپر حرام ہیں

وصبر علی ما یصیبه من الم الجوع وحرارة العطش وضعف البدن لان الصائم تعرض بدنه النحول والنقصان
اور اوس الم پر صبر ہی جو بہوک لگتی ہی اور پیاس کی گرمی ہوتی ہی اور بدن ناتوان ہوتا ہی کیونکہ روزہ دار کا بدن دبلا اور کم زور ہوجاتا ہی

والمفضی الی الهلاك طلبا لرضاء الله تعالی اشیر الیه حیث قیل یدع شهوته وطعامه وشرابه من اجلی
اور واسطی طلبگاری مرضی الہی کی ہلاکت میں پڑتا ہی اسی کی طرف اشارہ ہی جو ذکر ہی کہ اپنی شہوت اور کہانا پینا میری خاطر چھوڑ دیتا ہی

وایضا ان الصائم بسبب منع نفسه عن الاکل والشرب والجماع یصیر متخلقا باخلاق الله تعالی لکونه تعالی
اور سبب یہی ہی کہ روزہ دار اپنی جان کو کہانی اور پینی اور جماع سی روک کر خوگیر صفات الہی کا ہوجاتا ہی کیونکہ اسہ تعالی

منزها عن هذه الاشیاء فلما کان فی الصوم هذه المعانی خصه الله تعالی بذاته وتولی جزاءه بنفسه
ان سب امور سی پاک وصاف ہی اور چونکہ روزہ میں یہہ خوبیاں ہوتی ہیں تو اسہ تعالی نی روزہ کو اپنی ذات پاک سی خاص کیا اور روزہ کی ثواب کا اپنی ذات

ولم يكله الى غيره فاعطى الصائم من عنده اجرا لبره حد ولا عد وقيل ان الصوم سر بينه وبين العبد
ذمہ دار ہوا کسی دوسرے پر حوالہ نہ کیا پس روزہ دار کو اپنی درگاہ سے ایسا اجر عطا کیا کہ جسکی کچھ انتہا و شمار نہیں اور بعضے یہ کہتے ہیں کہ روزہ ایک راز ہے اللہ اور بندے کی
يفعله خالصا لوجهه وطالبا لرضائه لا يطلع عليه غيره لكونه نية وامساكا حتى قيل ان الحفظة
بیچ میں کہ اوسکو خالص واسطے اللہ کی رضامندی کی ادا کرتا ہے اوسکی سوا کسیکو معلوم نہیں ہوتا کیونکہ روزہ نام نیت اور امساک کا ہے یہاں تک کہ کہتے ہیں کہ
لا تطلع عليه ولا تكتبه بخلاف سائر الطاعات فانها مما اطلع عليه غيره تعالى فلما كان هو العالم به دون
کرام کاتبین کو بھی معلوم نہیں ہوتا نہ وہ اوسکو لکھتے ہیں بخلاف اور عبادات کی کیونکہ اور عبادات کو اور بھی سوا اللہ تعالی کی جان جاتے ہیں پس چونکہ روزہ کی خبر
غيره خصه بذاته وتولى جزاءه بنفسه ولم يكله الى غيره كانه تعالى قال الصوم لي ولا يطلع عليه
سوا اللہ تعالی کی اور کو نہیں ہوتی تو اوسکو اللہ تعالی نے اپنی ذات سے خاص کر کر آپ ہی اوسکی ثواب کا ذمہ دار ہوا اور پر حوالہ نکیا گویا اللہ تعالی نے یہ ارشاد فرمایا روزہ
غيري وانا اتولى الجزاء عليه ولا اكله الى غيره والكريم اذا اخبر انه يتولى الجزاء بنفسه يقتضي ان يكون
تو میں ہی اوسکی ثواب کا ذمہ دار ہوں اور پر حوالہ نہیں کرتا اور سخی جب یہ کہے کہ میں آپ اوسکی عوض کا ذمہ دار ہوں تو لازم ہے کہ وہ
ذلك الجزاء في غاية العظمة ونهاية الكثرة بحيث لا يكون له احصاء ولا حساب وروي عن ابي هريرة انه
عوض نہایت عظیم اور نہایت کثیر ہو ایسا کہ نہ گنتی میں آوی اور نہ حساب میں اور ابوہریرہ سے روایت ہے
قال للصائم فرحتان فرحة عند فطره وفرحة عند لقاء ربه يعني ان الصائم له سروران مرتين على [illegible]
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ دار کو دو خوشیاں ہوتی ہیں ایک خوشی روزہ کھولتے ہوئی اور ایک خوشی خدا کی دیدار کی وقت مراد یہ ہے کہ روزہ دار کو دو
مرة من الفرح وهو السرور واما سروره عند لقاء ربه فيما يجده من ثواب الصوم مدخرا عند الله تعالى
فرح سے مشتق ہوئی اور سرور کو کہتے ہیں اور سرور پروردگار کی ملاقات پر اسکا یہ ہے کہ ثواب روزہ کا دفعۃً جمع کیا ہوا اللہ تعالی کے پاس پاویگا
فان من ترك طعامه وشرابه وشهوته لله تعالى يعوضه الله تعالى خيرا من ذلك كما قال الله تعالى
اس لئے کہ جس نے اپنا کھانا پینا اور شہوت خدا کی واسطے چھوڑی تو خدا تعالی اوسکا عوض اوس سے بہتر عطا کریگا چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے
وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا وقال النبي عليه السلام لرجل
اور جو آگے بھیجو گے اپنے واسطے کوئی نیکی اوسکو پاؤگے اللہ کے پاس بہتر اور ثواب میں زیادہ اور فرمایا نبی علیہ السلام نے ایک شخص کو
انك لن تدع شيئا اتقاء الله الا اتاك الله خيرا منه وروي ان الصائمين يوضع لهم يوم القيمة مائدة
تو ہرگز نہیں ترک کریگا کوئی گناہ خدا کی خوف سے مگر عطا کریگا تجکو اللہ تعالی بہتر اوس سے اور روایت ہے کہ روزہ داروں کی واسطے قیامت کی دن دسترخوان
تحت العرش يأكلون عليها والناس في الحساب فيقول الناس ما هؤلاء يأكلون ونحن في الحساب فيقال انهم كانوا
عرش کی تلے بچھا جاویگا اوسپر بیٹھے کھا دینگے اور اور لوگ ابھی حساب میں مبتلا ہونگے وہ لوگ دیکھکے یہ کہیں گے یہ کون لوگ ہیں کہ کھا رہے ہیں اور ہم حساب میں ہیں
يصومون وانتم تفطرون وفي الصحيحين انه عليه السلام قال ان في الجنة بابا يقال له الريان لا يدخل منه
روزے رکھتے تھے اور تم روزہ خور تھے اور صحیح بخاری و مسلم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کی ایک دروازہ کا نام ریان ہے اوس دروازہ سے
الا الصائمون والمراد بالصائمين هم الذين يكثرون الصوم فانهم تحملوا تعب العطش جوزوا بابا فيه الري والامان
صرف روزہ دار ہی داخل ہونگے اور روزہ دار سے مراد وہ لوگ ہیں جو روزے بہت رکھتے ہیں کیونکہ انہوں نے جو بھوک پیاس کی شدت اوٹھائی تو ایسی جزا دی کہ سیرابی اور پیاس سے امن ہوئی
من العطش قبل تمكنهم من الجنة واما سروره عند افطاره فيما يتناوله من الطعام والشراب والجماع لان النفس
کہ جس سے تار گی و پیاس کا کھٹکا جنت میں داخل ہونے سے پہلے ہی اور افطار کی وقت سرور اسلئے ہوتا ہے کہ کھانا پینا جماع سے حاصل ہوتا ہے کیونکہ آدمی کا جی
مجبولة على الميل الى ما يلائمها من المطعم والمشرب والمنكح فاذا منعت من ذلك في وقت من الاوقات ثم اذن
بطور عادت کی اپنی مناسبات کھانے پینے جماع وغیرہ کی طرف متوجہ رہتا ہے جب اوسکو ان باتوں کی کسی وقت میں روک ہو کر پھر دوسری وقت میں

لها في وقت آخر يفرح بذلك طبعاً خصوصاً عند اشتداد الحاجة إليه لتأثير الجوع والعطش فإن تقاضي
ویوی خودبخود خوش ہوا ہی حاصل کرے اوسکو اور سب حاجت ہووی کیونکہ بھوک کی ہوتی ہی پیاس کا زور ہوتا ہی دلکو

النفس حاجتها يسر بها ما روي عن ابن عمر أنه عليه السلام كان إذا أفطر يقول ذهب الظمأ وابتلت
ہی حاجت کا معاملہ ہوتا ہی ابن عمر کی روایت سی یہ معلوم ہوتا ہی کہ نبی علیہ السلام افطار کی وقت فرمایا کرتے ہی پیاس بجھ گئی ورگیں تازہ ہوگئیں

العروق وثبت الأجر إن شاء الله تعالى فإن الله تعالى وإن حرم على الصائم في نهار صيامه أن يتناول هذه
و ثواب ثابت ہوگیا ان شاء اللہ تعالی کیونکہ اللہ تعالی نی گرچہ روزہ دار پر روزہ کی دن میں یہ حرام کردیا ہی کہ ان شہوت کو عمل میں لاوی

الشهوات لكن أذن له أن يتناولها في الليل بل أحب منه تعجيل الفطر في أول الليل وتأخير السحور إلى آخر الليل
لیکن اوسکو اجازت ہی کہ رات کی وقت عمل میں لاوی بلکہ رات کی ابتدا میں جلدی افطار کرنا اور سحر تاخیر کرکے آخر شب میں کھانا مستحب کی

لما روي عن أبي ذر أنه عليه السلام قال لا تزال أمتي بخير ما أخروا السحور وعجلوا الفطر وروي أن الله تعالى
ابوذر کی روایت سی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا میری امت ہمیشہ بھلائی پر رہی گی جبتک سحر کھانی میں تاخیر اور افطار کرنی میں جلدی کرے اور روایت ہی کہ اللہ تعالی

وملائكته يصلون على المتسحرين وأن أحب عباده إليه أعجلهم فطراً والحاصل أن الصائم يترك شهواته
اور اسکی فرشتی سحر کھانی والوں پر رحمت بھیجتی ہیں اور سب سی محبوب بندی اللہ کی وہ ہیں جو جلدی افطار کرتی ہیں حاصل یہ ہی کہ روزہ دار دن میں شہوت

بالنهار تقرباً إلى الله تعالى وطاعة له ويتناولها في الليل تقرباً إلى الله تعالى وطاعة له ولا يتركها إلا بأمره ولا يعود
اللہ کی وقت اللہ تعالی کی طاعت اور قرب کی لیے ترک کرتا ہی اور رات کی وقت انہی شہوت کو واسطی قرب اور طاعت کی عمل میں لاتا ہی سو اللہ تعالی کی حکم سی

إليها إلا بأمره فهو مطيع في الحالين فإن المؤمن الصائم لما علم أن رضى مولاه في ترك شهواته قدم رضى مولاه على هواه فصار لذته في ترك شهوته لله تعالى
ترک کرتا ہی اور اسی کی حکم سی اختیار کرتا ہی پس وہ دونو حال میں اللہ تعالی کا فرمانبردار رہی کیونکہ مومن روزہ دار نی جب دیکھا کہ خوشنودی میری صاحب کی شہوات

أعظم من لذته في تناولها بل يكون كراهة تناولها عنده في خلوته أشد من كراهة ألم الضرب لعلمه
ترک کرنی میں ہی تو خوشنودی اپنی صاحب کی ہی ہوا ہوس پر مقدم رکھی تو اوسکو واسطی خدا کی شہوت ترک کرنی میں زیادہ لذت ہی بہ نسبت لذت شہوت برتنی کی بلکہ اوسکو

بكراهة مولاه لفطره فيكون لذته فيما يرضي مولاه وإن كان مخالفاً لهواه ويكون ألمه فيما يكرهه مولاه وإن كان
کہ روزہ کھانا میری صاحب کو ناپسند ہی پھر اوسکو لذت اس بات میں ہوگی جسمیں اوسکا صاحب خوش ہو اگرچہ وہ بات اوسکی خواہش کی برخلاف ہو اور اوسکو رنج و تکلیف اوس

موافقاً لهواه وإذا كان هذا فيما حرم لعارض الصوم من الطعام والشراب والجماع فينبغي أن يتأكد ذلك فيما
بات میں ہوگی جسکو اوسکا مولی ناپسند کری اگرچہ وہ بات اوسکی مطلب کی ہو جب مومن کا یہ حال اون محرمات میں ہی جو روزہ کی سبب سی ممنوع ہیں جیسی کھانا پینا اور جماع

حرم على الإطلاق كالزنا وشرب الخمر وأخذ أموال الناس بغير حق وكسر أعراضهم فإن كل ذلك مما يسخط
تو لایق ہی کہ یہ حالت زیادہ تر ہووی اون مورمیں جو مطلقاً حرام ہیں جیسی زنا اور شراب خوری اور کسیکا مال ناحق لینا اور کسی کی بی آبروی کرنی کیونکہ یہ تمام اعمال ایسی ہیں کہ

الله تعالى في كل حين ومكان وإذا كان إيمان المرء كاملاً يكره ذلك كله أشد من كراهته لألم الضرب ثم إن
اللہ تعالی اوسسی ہر وقت اور ہر جگہ بیزار ہوتا ہی جب آدمی کا ایمان کامل ہوتا ہی تو ان سبکو چوٹ کھانی کی تکلیف سی زیادہ برا جانتا ہی پھر

المؤمن في حال صومه لما علم أن له رباً يطلع عليه في خلوته وقد حرم عليه أن يتناول شهواته التي جبل
مومن روزہ دار جب یہ جانتا ہی کہ میرا رب میری حال سی خلوت میں بھی خبردار ہی اور میری اوپر تمام شہوتوں کا عمل کرنا جنکی طرف دل کو رغبت ہی

على الميل إليها أطاع ربه وامتثل أمره واجتنب نهيه خوفاً من عقابه ورغبة في ثوابه ولهذا كان نومه
حرام کردیا ہی تو اپنی رب کی فرمانبرداری کرتا ہی اور اوسکی عذاب کی خوف سی اور ثواب کی رغبت سی حکم پر عمل کرتا ہی اور یہی سبب ہی کہ اسکی لیے روزہ دار کا سونا بھی

عبادة كما جاء في الحديث نوم الصائم عبادة قال أبو العالية الصائم في العبادة ما لم يغتب وإن كان نائماً
عبادت ہوتا ہی جیسا کہ حدیث میں آیا ہی کہ روزہ دار کا سونا بھی عبادت ہی ابو العالیہ کہتا ہی روزہ دار جب تک کسیکی غیبت نکری عبادت میں ہی اگرچہ سوتا ہی

علی فراشه فعلی هذا یکون فی لیله ونهاره علی عبادة وروی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال لخلوف

سوتا ہو اس قول کی موافق روزہ دار رات دن عبادت ہی میں ہوتا ہی اور ابوہریرہ کی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا البتہ

فم الصائم اطیب عند الله تعالی من ریح المسك یعنی ان الخلوف وهو بضم الخاء رائحة حاصلة فی

روزہ دار کی منہ کی بو اللہ تعالی کی نزدیک مشک کی خوشبو سی پسندیدہ تر ہی مراد یہ ہی کہ خلوف خا کی پیش سی اوس بو کو کہتی ہیں جو

فم الصائم من تصاعد الابخرة لخلو المعدة من الطعام والشراب وان کانت عند الناس مستکرهة

روزہ دار کی منہ میں معدہ میں سی بخارات چڑھ کر پیدا ہو جاتی ہی جب معدہ کہانی پینی سی خالی ہوتا ہی اگرچہ وہ بو آدمیوں کو ناپسند ہو

لکنها عند الله احب من ریح المسك حیث کانت ناشئة عن طاعة الله تعالی فلذلك ذهب الشافعی الی

پر اللہ تعالی کو مشک کی خوشبو سی زیادہ تر پسند ہی کیونکہ اللہ تعالی کی عبادت سی پیدا ہوئی ہی اسی واسطی امام شافعی کی مذہب میں

استحباب استدامتها وکراهة ازالتها بالسواك بخلاف الخلوف الذی یحدث من غیر الصوم حیث یلزم

اوس بو کا باقی رکھنا مستحب ہی اور مسواک سی اوسکا دور کرنا مکروہ ہی برخلاف اوس بو کی جو فاقہ میں بدون روزہ کی پیدا ہو جاوی اسواسطی کہ اوسکا

ازالته بالسواك فان من عبد الله تعالی واطاعه وطلب رضاه فنشأ من ذلك العمل اثار مستکرهة للنفوس

دور کرنا مسواک سی لازم ہوتا ہی بیشک جو شخص اللہ تعالی کی عبادت کری اور اطاعت بجالاوی اور اوسکی رضامندی طلب کری اسمین اگرچہ اثار آدمیوں کی خلاف طبع

فتلك الاثار غیر مستکرهة عند الله تعالی بل هی محبوبة طیبة عنده ویجعلها فی الاخرة اطیب من

ناپسند پیدا ہو جاویں تو وہ آثار اللہ تعالی کو ناپسند نہیں ہیں بلکہ وہ اللہ تعالی کی ان محبوب اور پاکیزہ ہیں اور اللہ تعالی اون اثار کو آخرت میں مشک کی زیادہ تر

ریح المسك فان الصوم لکونه سرا بین العبد وربه فی الدنیا یظهره الله تعالی فی الاخرة ویکون علانیة

پاکیزہ کردیگا کیونکہ روزہ جو درمیان بندہ اور پروردگار کی دنیا میں بھید تہا تو اللہ تعالی آخرت میں ظاہر کریگا پھر سب پر ظاہر ہو جائیگا اور

ویشتهر اهل الصیام بذلك بین الناس لما روی عن انس مرفوعا ان الصائمین یخرجون من قبورهم یعرفون بریح

روزہ دار اس سی تمام خلقت میں مشہور ہو جاوینگے چنانچہ انس سی مرفوعا روایت ہی کہ روزہ دار جب اپنی قبروں میں سی اوٹھیں گی تو منہ کی خوشبو سی پہچانی جاوینگی

افواههم فان ریحا فواههم اطیب من ریح المسك والحاصل انه علیه السلام لما اراد ان یبین فضل الصیام

کیونکہ اونکی منہ کی بو مشک سی زیادہ تر خوشبو ہوگی خلاصہ یہ ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی جو ارادہ کیا کہ روزہ کی فضیلت

ودرجة الصائم شبه ما یستکره منه فی الطباع البشریة من الرائحة بالطیب ما رام ویطلب ویستنشق من

اور روزہ دار کا مرتبہ بیان فرماویں تو جو چیز آدمیوں کی طبیعت کو ناپسند ہی یعنی منہ کی بدبو اوسکو اوس پاکیزہ تر خوشبو سی تشبیہ دی جو مقصود اور مطلوب ہوتی ہی اور

الروائح والمقصود من هذا التشبیه الثناء علی الصائم وتطییب قلبه لئلا یمتنع عن المواظبة علی الصوم

سونگہی جاتی ہی اور غرض اس تشبیہ کا روزہ دار کی ثنا اور اوسکا دل خوش کرنا ہی تا کہ روزہ کی مداومت سی جس سی منہ میں بو پیدا ہوتی ہی بیٹھ نہ رہی

الجالب للخلوف وحیث فضل ما یستکره منه علی اطیب ما یستلذ من جنس الطیب لیقاس علیه ما فوقه من الاثار

اور جب ایک ناپسند چیز کو پاکیزہ تر خوشبو پر فضیلت ہوئی جس سی لذت حاصل ہوتی ہی تو اب عمدہ اثار کو اوس پر قیاس کرلیں باوجود دیکہ افطار کی وقت

مع ان له عند الافطار دعوة مستجابة کما جاء فی الحدیث ان للصائم عند افطاره دعوة مستجابة

روزہ دار کی دعا قبول ہوتی ہی چنانچہ حدیث میں آیا ہی کہ افطار کی وقت روزہ دار کی دعا مقبول ہی

لکن بشرط ان یکون افطاره علی حلال فان من صام عما احله الله تعالی وافطر علی ما حرمه الله تعالی لا یستجاب

پر اس شرط سی کہ افطار حلال چیز سی ہو کیونکہ جو شخص حلال چیزوں سی بند ہو کر روزہ رکہی اور حرام چیز سی افطار کری تو اوسکی دعا قبول نہیں ہوتی

دعاؤه ولا یقبل صومه لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال من لم یدع قول الزور والعمل به فلیس لله

اور نہ روزہ قبول ہوتا ہی اسواسطی کہ ابوہریرہ سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جو شخص جھوٹھ بولنا اور اوسپر عمل کرنا ترک نہ کری تو اللہ

حاجة في ان يدع طعامه وشرابه يعني ان من لم يترك الكذب والعمل بمقتضاه لا يقبل الله تعالى

کیا پروا ہی اسکی کہ وہ اپنا کہانا اور پینا ترک کردی مراد یہہ ہی جو شخص جہوٹ بولنا اور باطل اعمال کرنا نہ چہوڑیگا تو اللہ تعالی اوسکا روزہ قبول نہیں کرتا

صومه ولا ينظر اليه لانه امسك عما يباح له في غير حال الصوم ولم يمسك عما لا يحل له في جميع الاحوال

اور نہ اوسکی طرف توجہ کری اسلئی کہ جو چیزیں اوسکو بےدن روزہ کی مباح تہیں ان سی تو باز رہا اور جو چیزیں اوسکو ہمیشہ کو حرام تہیں اون سی باز نہ آیا

لان المقصود من الصوم ليس نفس الجوع والعطش فقط بل المقصود منه ما يتبعه من كسرة الشهوة

کیونکہ روزہ سی مقصود صرف بہوک پیاس نہیں ہی بلکہ روزہ سی مقصود وہ ہی جو اوسکی بعد حاصل ہوتی ہیں شہوت کا توڑنا نفس امارہ کا مغلوب

وقهر النفس الامارة بالسوء فاذا لم يحصل شيء من ذلك فاي فائدة في ترك الطعام والشراب فعلى هذا

کرنا جب ان میں سی کچہہ بہی حاصل نہوا تو پہر کہانا پینا ترک کرنی سی کیا فائدہ ہی اس تقریر کی موافق

يكون نفي الحاجة عبارة عن عدم القبول من قبيل نفي السبب وارادة المسبب وفي حديث اخر انه عم

حاجت کی نفی سی مقبول نہونا روزہ کا مراد ہی جیسی سبب کی نفی کرکر مسبب کی نفی مراد لیتی ہیں اور ایک اور حدیث میں ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی

قال الصيام جنة فاذا كان يوم صوم احدكم فلا يرفث ولا يصخب فان سابه احد او قاتله فليقل

فرمایا روزہ ڈہال ہی جب کوئی تم میں سی کسی روز روزہ دار ہو تو فحش نہ بکی اور نہ چلاوی پہر اگر اوسکو کوئی گالی دی یا لڑائی کری تو لازم ہی کہ کہدی

اني امرؤ صائم يعني ان الصوم جنة وهي بضم الجيم الترس وانما جعل الصوم ترسا لان الصائم يستتر به

میں تو روزہ دار ہوں مراد یہہ ہی کہ روزہ جنہ ہی اور جنہ جیم کی پیش سی ڈہال کو کہتی ہیں اور روزہ کو اسلئی ڈہال ٹہرایا ہی کہ روزہ دار کو بسبب کثرت ثواب کی

عن النار لكثرة ثوابه ويتحفظ به عن المعاصي ووسوسة الشيطان لانه يطبق مجاري الدم التي هي

آگ سی بچا لیتا ہی اور روزہ دار روزہ کی سبب گناہوں اور شیطانی وسوسہ سی بچ جاتا ہی اسواسطی کہ مسامات خون کی جو شیطان کا رستہ ہوتا ہی

مجاري الشيطان فان الشيطان يجري من ابن ادم مجرى الدم فتنكسر الشهوة ويسكن الغضب لكن ينبغي

بند ہو جاتی ہیں کیونکہ شیطان ابن آدم کی اندر خون کی مثال پہرتا ہی اسواسطی شہوت ضعیف ہوجاتی ہی اور غصہ بجہہ جاتا ہی لیکن

ان يعلم ان الجنة كما لا يكمل الانتفاع بها الا اذا كانت محكمة من غير اختلال كذا الصوم لا يتحقق به

سمجہنی کی بات ہی کہ ڈہال سی جیسی کچہہ فائدہ حاصل نہیں ہوتا جبتک وہ پوری اور مضبوط اور بی خلل نہو ایسی ہی روزہ سی اوٹ حاصل نہیں ہوسکتی

التستر الا على حسب كونه محفوظا عن الخطاء والخلل فان وجد فيه شيء من الخلل ينتقص بقدره

جبتک کہ وہ خطا اور خلل سی صاف محفوظ نہو اگر اوسمیں کچہہ خلل ہوگا تو اوتنا ہی ثواب عمل کا کم ہو جاویگا

ثواب العمل ولهذا قال النبي عليه السلام في هذا الحديث فاذا كان يوم صوم احدكم فلا يرفث ولا يصخب

اسیلئی نبی علیہ السلام نی اس حدیث میں یہہ فرمایا ہی اگر تم میں کوئی کسی روز روزہ دار ہو تو فحش نہ بکی اور نہ چلاوی

والرفث الفحش من القول وما يضاهيه من التصريح مما يجب ان يكنى عنه عن الفاظ الجماع والصخب بالخاء

اور رفث کی معنی بیہودہ باتیں گالی گلوز وغیرہ اور جو اوسکی مانند ہو یعنی جماع کی لفظوں میں سی صاف کہنا اوس لفظ کا جو استعارہ کیا جاوی اور صخب خاء

المعجمة الصياح والخصومة والمعنى ان الصائم عند الخصومة يجب عليه ان لا يتكلم بالفحش ولا يرفع

نقطہ دار سی چیخنا چلانا اور جہگڑا کرنا اور مراد یہہ ہی کہ روزہ دار کو لازم ہی کہ تکرار کی وقت کلام بیہودہ فحش نہ بکی اور نہ بیہودہ پکار کر بولی

صوته بالهذيان بل يلزمه ان يكون ممسكا عن جميع المناهي لا من الطعام والشراب فقط فان شتمه

بلکہ اوسکو لازم ہی کہ تمام مناہی سی بند رہی نہ صرف کہانی اور پینی سی پہر اگر کوئی اوسکو گالی دی

احد فليقل بلسانه صيانة لصيامه ويسمع شانئه اني صائم وليجعل هذا القول جوابا له وقيل يقول

تو چاہی کہ واسطی حفاظت روزہ کی اپنی زبان سی گالی دینی والی کو سنادی کہ میں روزہ دار ہوں اور اوسکی گالی کا یہی جواب سمجہی اور بعضی کہتی ہیں

ذلك بغلبه بان يتفكر في كونه صائما اليرتدع نفسه عن سئ القول ويقوى على كظم الغيظ ولا يكافيه

تو یعنی دلیل عقل کی اسطور کہ خیال کری کہ مین روزہ دار ہون تاکہ اوسکا نفس سخن بیہودہ سی باز رہی اور غصہ کو پی جاوی اور گالی کی مکافات نہ کری

على شتمه لئلا يحبط ثواب صومه ويكون من الذين قال النبي عليه السلام فيهم كم من صائم ليس من صيامه

تاکہ روزہ کا ثواب سوخت نہو جاوی پھر اونلوگون مین ہوجاویگا جنکی حق مین نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی بہت لوگ ایسی روزہ دار ہین کہ اونکو روزہ مین کیا

الا الظما وكم من قائم ليس من قيامه الا السهر فان التقرب الى الله تعالى بترك المباحات لا يتم الا بعد التقرب

صرف پیاس ہی ہی بہت رات کی ایسی نمازی ہین کہ اونکو رات کی نماز سی بیداری کی سوا کچھ نہین کیونکہ خدا کی قربت مباحات کی ترک سی پوری نہین ہوتی

اليه بترك المحرمات فان من امتثل امره تعالى في ترك الطعام والشراب في نهار صيامه فليمتثل امره فيما

جبتک محرمات کو چھوڑکر قربت نہ حاصل کری کیونکہ جو شخص روزہ کی دن کھانا پینا چھوڑکر خدا کا حکم بجالایا تو اوسکو چاہئی کہ محرمات مین بھی

يحرم عليه في كل وقت ولا يحل له بحال من الاحوال فمن تعجل فيما حرم عليه قبل وفاته يعاقب في الاخرة

جو اوسپر دایمی حرام ہین اور کسی حالت مین حلال نہین ہین اوسکا حکم مانی سو جو کوئی جلدی کرکر محرمات کو نہ چھوڑیگا تو آخرت مین بہ عقاب ہوگا کہ اوس شی سی

بحرمانه وفواته وشاهد هذا قوله عليه السلام من شرب الخمر في الدنيا لم يشربها في الاخرة ومن لبس

محروم رہیگا اس دعوی کا شاہد یہہ حدیث ہی جس نی دنیا مین شراب پی آخرت مین نہین پیویگا اور جس نی دنیا مین

الحرير في الدنيا لم يلبسه في الاخرة فاتقوا الله يا عباد الله في اقامة حدود الله اذ كثير من الناس في هذا

حریر پہنا آخرت مین نہین پہنیگا سواے بندگان الہی اللہ سی ڈرو اوسکی حدود کو قایم رکھو کیونکہ اکثر بنی آدم اس زمانہ مین

الزمان يمشي على العوائد الشايعة بين الانام لا على ما يقتضيه الايمان المجلس السابع والعشرون

اوس راہ ورسم پر چلتی ہین جو خلقت مین مشہور اور مستعمل ہین اوسپر نہین جسکی حوا ایمان کی لاتی ہی ستائیسوین مجلس مین

في بيان كيفية النية يستدعيه الاسلام قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من

بیان نیت کی کیفیت کا مطابق اسلام کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسنی

صام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه ومن قام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما

رمضان کی روزی واسطی ایمان اور ثواب کی رکھی اوسکی خطائین معاف ہونگی گذری ہوئین اور جسنی رمضان مین واسطی ایمان اور ثواب کی شب بیداری کی اوسکی خطائین

تقدم من ذنبه هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة وقد ذكر فيه نوعان من العبادة اختص

گذری ہوئین معاف ہونگی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اس حدیث مین دو قسم کی عبادت کا ذکر ہی کہ

كل منهما بشهر رمضان احدهما صيام النهار والاخر قيام الليالي فلا بد من معرفتهما اما الصوم فهو في

دونو کو ماہ رمضان سی خصوصیت ہی ایک دن کی روزی اور دوسری راتون کا جاگنا اب ان دونو کی معرفت ضروری ہی پس صوم لغت مین

اللغة الامساك مطلقا وفي الشرع الامساك عن المفطرات المعهودة التي هي الاكل والشرب والجماع من

مطلق امساک یعنی روک کو کہتی ہین اور شرع مین کہتی ہین امساک کو مفطرات مقرری سی یعنی کہانی اور پینی اور جماع سی

الصبح الى غروب الشمس مع النية وهو ثلاثة اقسام فرض وواجب ونفل اما الفرض فصوم رمضان اداء وقضاء

فجر سے لیکر آفتاب کی ڈوبنی تک نیت کی ساتھہ اور روزہ کی تین قسم ہین فرض اور واجب اور نفل جسمین فرض تو رمضان کی روزی ہین ادا ہوں یا قضا

وصوم الكفارة واما الواجب فالنذر معينا كان او مطلقا واما النفل فما عداها ومن شرع فيه قصدا

اور روزہ کفارہ کی اور واجب نذر کی ہوتی ہین نذر معین ہو یا مطلق ہو اور نفل ان دونو کی سواء اور جسنی قصداً روزہ رکھلیا

يلزمه اتمامه وان افسده فعليه قضاؤه ولا يجوز افطاره بلا عذر لانه ابطال العمل وقد قال الله تعالى

تو اوسکا پورا کرنا لازم ہوجاتا ہی اگر توڑیگا تو اوسپر قضا لازم آویگی اور اوسکا افطار کرنا بلا عذر جائز نہین ہی اسواسطی کہ یہہ عمل کا باطل کرنا ہی اور اللہ تعالی فرماتا ہی

ولا تبطلوا اعمالکم والضیافة عذر فی حق الضیف والمضیف ومن ظن ان علیه صوما فشرع فیه

اور باطل کرو تم اپنی اعمال کو اور مہمانی بھی مہمان اور مہماندار کی حق میں ایک عذر ہوتا ہی اور جسنی یہ خیال کیا کہ میری ذمہ پر روزہ ہی پھر اس خیال کی

ثم علم عدمه فاکل لا یلزمه شیٔ لانه ظان والمظنون لا یقضی لان القضاء منوط بالالتزام او بالالزام

روزہ رکہا پہر معلوم ہوا کہ نہیں ہی پس کہا لیا اوسپر کچہہ نہیں آتا اسواسطی کہ اسکو یقین نہیں تہا اور شبہ کی بدلی قضا نہیں آتی اسواسطی کہ قضا یا تو لازم کرنیسی آتی ہی یا لازم کردینی سی

ولم یوجد واحد منهما واشترط لفرضیة صوم رمضان الاسلام والعقل والبلوغ ولفرضیة ادائه

سو ان دونوں میں سی کچہہ نہیں ہی اور رمضان کی روزوں کی فرض ہونی کی شرط اسلام یعنی کافر نہیں اور عقل یعنی دیوانہ نہیں اور بلوغ یعنی بچہ نہیں اور ادا کی

الصحة والاقامة فان المریض والمسافر یجوز لهما الافطار ثم القضاء لکن صوم المسافر افضل ولصحة

شرط صحت یعنی بیمار نہو اور اقامت یعنی مسافر نہو کیونکہ بیمار اور مسافر کی لئی جایز ہی کہ افطار کریں پہر قضا کریں لیکن مسافر کو روزہ رکہنا افضل ہی اور واسطی صحت

ادائه الطهارة عن الحیض والنفاس لا الطهارة عن الجنابة اذ یجوز صوم من اصبح جنبا او نام واحتلم

ادا کی شرط ہی پاک ہونا حیض اور نفاس سی فقط جنابت سی پاک ہونا شرط نہیں ہی اسواسطی کہ اگر جنابت میں صبح ہوجاوی یا دن کو سوگیا اور احتلام ہوگیا

واما الحائض والنفساء فلا یجوز صومهما بل یلزمهما الافطار ثم القضاء لکن الحائض تفطر سرا لا جهرا وکذا کل

تو روزہ جایز ہی اور حیض اور نفاس والی عورت کا روزہ جایز نہیں ہی بلکہ انکو چاہئی کہ افطار کرکر قضا کریں لیکن حیض والی عورت چھپی ہوئی افطار کری نہ ظاہر کرکی اور یہی

من ابیح له الافطار لانه اذا اکل ولم یکن العذر ظاهرا یکون متهما عند الناس بالفسق الذی هو اکل رمضان

جس جس کو افطار کرنا مباح ہی اسواسطی کہ اگر کوئی شخص کہا وی اور اوسکا عذر ظاہر نہو تو اور لوگوں کی نزدیک فسق میں بدنام ہوگا یعنی رمضان میں دن کو کہانا

والاحتراز عن موضع التهم واجب لما روی انه علیه السلام قال من کان یؤمن بالله والیوم الاخر فلا یقفن

اور تہمت کی جگہ سی پرہیز کرنا واجب ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ پیغمبر صلی الله علیه وسلم نی فرمایا جو شخص الله پر اور قیامت کی دن پر ایمان لاوی تو تہمت کی

مواقف التهم وقد ذکر فی البزازیة ان من اکل فی شهر رمضان شهرة عیانا متعمدا یؤمر بقتله لان صنعه

مقام پر ہرگز نہ کہڑا ہو اور بزازیہ میں مذکور ہی کہ جو شخص ماہ رمضان میں تمام مہینی برملا قصدا کہایا کری تو اوسکو قتل کریں اسواسطی کہ اوسکا یہ عمل

دلیل الاستحلاله ویصح اداؤه بنیة من اللیل الی الضحوة الکبری وبنیة مطلقة وبنیة النفل وبنیة واجب اخر

دلیل حلال سمجہنی کی ہی اور رمضان کی روزہ کا رات سی چاشت کی وقت تک نیت کرکر ادا کرنا صحیح ہی اور مطلق نیت سی اور نفل کی نیت سی اور دوسری واجب کی

ثم عندنا لا بد من النیة لکل یوم والافضل التبییت وهو النیة من اللیل لیقع اول جزء من الصوم مع النیة

نیت سی بہی صحیح ہی پہر ہمارے نزدیک ہر دن کی لئی علیحدہ نیت ضرور ہی اور تبییت افضل ہی یعنی رات سی نیت کرنی تاکہ پہلا جزو روزہ کا بہی نیت سی واقع ہو

والنیة ان یعرف بقلبه انه یصوم ولا عبرة بالنیة المتقدمة علی الغروب وانما الاعتبار للنیة المتأخرة

اور نیت یہہ ہی کہ دلمیں قصد کری کہ میں روزہ رکہونگا اور اوس نیت کا اعتبار نہیں ہی جو غروب آفتاب سی پہلی ہو اعتبار وہی نیت کا ہی جو آفتاب کی ڈوبنی سی

عن الغروب حتی لو نوی قبل ان تغیب الشمس ان یکون صائما غدا ثم غفل الی الزوال من الغد لا یجوز صومه

پیچہی ہو یہان تک کہ اگر آفتاب کی ڈوبنی سی پہلی یہہ نیت کی کہ میں کل روزہ رکہونگا پہر اگلی دن دوپہر تک بہول گیا تو اوسکا روزہ جایز نہیں ہی

ولو نوی بعد غروب الشمس یجوز والنذر المطلق لا یصح الا بالنیة من اللیل واما النذر المعین والنفل فکل

اور اگر آفتاب کی ڈوبنی کی بعد یہہ نیت کی تو روزہ جایز ہی اور نذر مطلق رات سی نیت کئی بغیر جایز نہیں ہی۔ اور نذر معین اور نفل دونو

منهما کاداء صوم رمضان یجوز بالنیة من اللیل الی الضحوة الکبری لکن النیة من اللیل افضل کما مر

مانند ادا روزہ رمضان کی رات سی لیکر دوپہر سی پہلی پہلی نیت کرنی سی جایز ہو جاتی ہیں پر رات سی نیت کرنی افضل ہی چنانچہ گذر چکا ہی

فکل صوم لا یتأدی الا بالنیة من اللیل اذا نواه مع طلوع الفجر یجوز لان الواجب قران النیة بالصوم لا تقدیمها

پہر جو روزہ بدون رات کی نیت کی ادا نہیں ہوتا اگر صبح صادق کی ساتہہ ہی نیت کرلی تو بہی جایز ہو جاتا ہی اسواسطی کہ نیت کا روزہ کی ساتہہ ہونا واجب ہی نیت کا روزہ سی

علیه ولو نوی بعد طلوع الفجر عن القضاء لا یقع عن القضاء بل یکون تطوعا حتی لو افطر یلزمه القضاء
پہلی ہو ضرور نہیں ہی اور اگر بعد طلوع صبح صادق کی قضا کی نیت کری تو قضا کا روزہ نہیں ہوتا بلکہ نفل ہو جاتا ہی اگر اب افطار کر لیگا تو اسکی قضا آویگی

واذا وجب علی احد قضاء یومین من رمضان واحد واراد ان یقضیهما ینبغی له ان ینوی اول یوم
اور اگر کسی شخص پر ایک رمضان کی دو روزی ذمہ پر ہوں اور وہ شخص انکو قضا کرنا چاہی تو اسکو چاہی کہ پہلی نیت پہلی دن کی کری جو اوسپر اس رمضان سی

وجب علیه من هذا الرمضان وان لم یعین الاول یجوز وکذا لو کانا من رمضانین ینبغی له ان ینوی
واجب ہوا ہی اور اگر اول روز کو نہیں معین کریگا تو بہی جایز ہی اور اگر دو روزی دو رمضان کی ہوں تو اوسکو چاہی کہ اول نیت

قضاء یوم الرمضان الاول وان لم یعین اختلفوا فیه والمختار انه یجوز ومن افطر عمدا فی یوم من رمضان
قضا پہلی رمضان کی روزہ کی کری اور اگر اول معین نکری تو اسمیں اختلاف ہی اس اختلاف میں سی مختار یہہ ہی کہ جایز ہی اور جسنی عمدا رمضان کا ایک روزہ

حتی یجب علیه الکفارة وهو فقیر وصام احدی وستین یوما عن القضاء والکفارة ولم یعین
کہا لیا یہاں تک کہ اوسپر کفارہ واجب ہو گیا اور مفلس تہا اور اوسنی اکسٹہ روزی بابت قضا اور کفارہ کی رکہی اور قضا کا روزہ کوئی سا معین نکیا

یوم القضاء یجوز ویصیر کانه نوی القضاء فی الیوم الاول وستین یوما بعده عن الکفارة وتقدیم
تو جایز ہو جاتی ہیں اور یوں ہو جاتا ہی گویا اوسنی پہلی دن قضا کا روزہ رکہا اور پہر بعد اوسکی ساٹہہ روزی کفارہ کی رکہی اور کفارہ کا مقدم کرنا

الکفارة علی القضاء هل یجوز ام لا قال القاضی الامام یجوز والکفارة انما یجب بافساد اداء رمضان
قضا پر آیا جایز ہی یا نہیں قاضی امام کہتی ہیں جایز ہی اور کفارہ اداء رمضان کی فاسد کرنی سی واجب ہوتا ہی

لا بافساد قضائه ولا بافساد اداء غیره او قضائه وهی اعتاق رقبة وان عجز عنه فصیام شهرین
قضا کی فاسد کرنی سی یا اوسکی ادا کی فاسد کرنی سی یا قضا کی فاسد کرنی سی نہیں ہوتا اور کفارہ یہہ ہی اول غلام آزاد کرنا اگر یہہ نہو سکی تو دو مہینی کی

متتابعین وان عجز عنه فاطعام ستین مسکینا بان یعطی لکل واحد منهم نصف صاع من
پی در پی لی تحل اور اگر یہہ بہی نہو سکی تو ساٹہہ مسکینوں کو کہانا دینا اسطور کہ ہر ہر کو اوسمیں سی آدہا آدہا صاع

بر او صاعا من شعیر اذا تقرر هذا فلا بد من معرفة ما یفسد الصوم وما لا یفسده وما یوجب الکفارة
گیہوں کا یا پورا پورا صاع جو کا دیوی جب یہہ بیان ہو چکا تو جان لینا چاہی کہ روزہ کیونکر فاسد ہو جاتا ہی اور کیونکر فاسد نہیں ہوتا اور کس صورت میں کفارہ واجب

وما لا یوجبها فاعلم ان من جامع او جومع فی احد السبیلین فی نهار رمضان عمدا یلزمه القضاء والکفارة
ہو جاتا ہی اور کس صورت میں واجب نہیں ہوتا واضح ہو کہ جسنی جماع کیا یا جماع کیا گیا دونوں میں سی کسی رستہ میں رمضان میں دن کو قصدا تو اوسپر قضا اور کفارہ دونوں لازم ہیں

ولا یشترط الانزال فی الجانبین اذا توارت الحشفة وکذا لو اکل او شرب غذاء او دواء عمدا یلزمه القضاء
دونوں کی حقمین انزال کا ہونا شرط نہیں ہی اگر سر ذکر غائب ہو جاوی اور ایسی ہی اگر کہاوی یا پیوی غذا یا دوا قصدا تو قضا اور کفارہ دونوں لازم ہیں

والکفارة اما لو اکل او شرب او جامع ناسیا لا یفسد صومه سواء کان فرضا او نفلا ولو ظن ان صومه
ہاں اگر کہاوی یا پیوی یا جماع کری بہول کر تو روزہ فاسد نہیں ہوتا برابر ہی کہ روزہ فرض ہو یا نفل اور اگر اسنی یہہ گمان کیا کہ روزہ

فسد فاکل عمدا فی رمضان یلزمه القضاء دون الکفارة وکذا لو افطر مخطئا بان کان ذاکر الصوم
جاتا رہا پہر اسنی قصدا رمضان میں کہا لیا تو اب قضا لازم ہوگی کفارہ نہیں آتا اور ایسی ہی اگر خطا سی بی اختیار افطار ہو گیا اسطور کہ روزہ تو یاد تہا

فتمضمض فوصل الماء فی جوفه یفسد صومه ویلزمه القضاء دون الکفارة ولو ابتلع البزاق الذی
پہ غرارہ کرتی ہوئی پانی حلق میں اتر گیا تو روزہ جاتا رہیگا اور قضا لازم آویگی کفارہ نہیں آتا اور اگر تہوک جو اوسکی منہہ میں

اجتمع فی فیه لا یفسد صومه بل یکره وکذا لو ابتلع المخاط الذی ینزل من راسه الی الفم لا یفسد صومه
جمع ہو رہا تہا نگل گیا تو روزہ نہیں جاتا پر مکروہ ہی اور ایسی ہی اگر بلغم کو جو سر کی طرف سی منہہ میں آتا ہی نگل جاوی تو روزہ نہیں جاتا

وكذا لو بقي في فيه بعد المضمضة بلل وابتلعه بالبزاق لا يفسد صومه لتعذر الاحتراز عنه وكذا اذا اخرج
اور ایسے ہی اگر منہہ کے اندر کلی کے بعد تراوٹ پانی کی باقی رہی اور اوسکو ہمراہ تہوک کے نگل گیا تو روزہ فاسد نہیں ہوتا کیونکہ اس سے بچا نہیں جاتا اور ایسے ہی اگر
الدم من بين اسنانه ودخل في حلقه وابتلعه ان كانت الغلبة للبزاق ولم يجد طعمه لا يفسد
اوسکی دانتوں میں سے خون نکل کر حلق میں چلا گیا اور وہ شخص اوسکو نگل گیا اگر تہوک زیادہ تہا کہ مزہ خون کا نہ معلوم ہوا تو روزہ فاسد نہیں ہے
وان كانت الغلبة للدم يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وكذا لو استويا يفسد صومه
اور اگر خون زیادہ ہے تو روزہ جاتا رہتا ہے اور قضا لازم آتی ہے کفارہ نہیں آتا اور ایسے ہی اگر تہوک اور خون دونو برابر ہوں تو
احتياطا ولو كان بين اسنانه شيء فابتلعه لا يفسد صومه ان كان قليلا لانه تبع للريق وان كان
احتیاط کی لئے روزہ جاتا رہتا ہے اور اگر اوسکی دانتوں میں کوئی چیز رہگئی تہی اوسکو نگل گیا تو روزہ نہیں جاتا اگر وہ چیز تہوڑی ہے اسلئے کہ تہوک میں شامل ہے اور اگر کچہہ
كثيرا يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وقدر الحمصة فما فوقها كثير وما دونها قليل و
زیادہ ہے تو روزہ جاتا رہتا ہے اور قضا لازم آتی ہے کفارہ نہیں آتا اور چنے کی برابر اور اس سے زیادہ بہت میں داخل ہے اور اس سے کمتر تہوڑا کہلاتا ہے اور
الدمع وعرق الوجه اذا دخل فمه وابتلعه ان كان قليلا كالقطرة والقطرتين لا يفسد صومه وان كا
اور آنسو اور چہرہ کا پسینہ اگر منہہ میں چلا جاوے اور یہہ نگل جاوے اگر وہ تہوڑا ہے ایک یا دو قطرہ تو روزہ نہیں جاتا اور اگر بہت ہو
كثيرا حتى وجد ملوحته في جميع فمه يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة وكذا لو ادخل الابريسم
یہان تک کہ اوسکی نمکینی تمام منہہ میں ہوگئی تو روزہ جاتا رہتا ہے اور قضا لازم ہوتی ہے کفارہ نہیں آتا اور ایسے ہی اگر ابریشم رنگین منہہ میں چلا گیا
المصبوغ في فيه فخرج لون الصبغ واختلط بالريق وابتلعه يفسد صومه ويلزمه القضاء دون الكفارة
اور اوسکا رنگ اوترکر تہوک میں مل گیا اور اوسکو نگل گیا تو روزہ جاتا رہتا ہے اور قضا لازم آتی ہے کفارہ نہیں آتا
وكذا لو ابتلع شيئا مما لا يتغذى به ولا يتداوى به عادة كالتراب والحجر ونحوهما يفسد صومه ويلزمه
اور ایسے ہی اگر ایسی چیز نگل گیا جو عادت کی موافق نہ غذا ہوتی ہے اور نہ دوا جیسی مٹی اور کنکر اور مانند اسکی تو روزہ جاتا رہتا ہے اور قضا لازم
القضاء دون الكفارة وذكر في القنية نقلا عن الفقيه ابي جعفر ان من افطر في رمضان مرة بعد
آتی ہے کفارہ نہیں آتا اور قنیہ میں فقیہ ابو جعفر سے نقل کر کر ذکر کرتا ہے کہ جو شخص رمضان میں باربار
اخرى بتراب او مدر لاجل المعصية فعليه الكفارة زجرا له وكتب غيره نعم والفتوى على ذلك وبه اخذ
مٹی یا کنکر سے روزہ توڑ ڈالے گناہ کی راہ سے تو اوسپر دہمکی کی راہ سے کفارہ ہے اور اوروں نے لکہا ہے کہ ہاں اور اسیپر فتوی ہے اور تمام ملک کی
ائمة الامصار وذكر فيها ايضا ان المحترف المحتاج اذا علم انه لو اشتغل بحرفته يلحقه ضرر مبيح للفطر
علماء کا یہہ ہی مذہب ہے اور اسی میں یہہ بہی مذکور ہے کہ کار یگر محتاج اگر یہہ جانے کہ اپنا پیشہ عمل کرنے سے ایسی ماندگی ہو جاوے گی جس سے افطار کرنا مباح ہے
يحرم عليه الفطر قبل ان يمرض وذكر فيها ايضا ان الخباز لا يجوز له ان يخبز خبزا يوصله الى ضعف
تو اوسپر ماندگی سے پہلے افطار کرنا حرام ہے اور یہہ بہی مذکور ہے کہ بہٹیارہ کو جایز نہیں ہے کہ اتنی روٹیاں پکاوے جس سے ضعف ہوکر
مبيح للفطر بل يخبز نصف النهار ويستريح في النصف وذكر فيها ايضا ان من اتعب نفسه في عمل حتى
افطار مباح ہوجاوے بلکہ آدہے دن روٹی پکاوے اور آدہے دن آرام کرے اور اسمیں یہہ بہی مذکور ہے جسنے اپنی جان پر کام کرنے میں اتنی محنت لی
اجهده العطش فافطر يلزمه الكفارة لانه ليس بمسافر ولا مريض بخلاف الامة فانها اذا اصابها ضعف
کہ اوسکو شدت کی پیاس لگ آئی اور افطار کر ڈالا تو اوسپر کفارہ لازم ہے کیونکہ یہہ شخص نہ مسافر ہے اور نہ بیمار ہے بخلاف لونڈی کے کیونکہ لونڈی اگر سولی کا
من عمل السيد من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها وخافت على نفسها وافطرت كان عليها القضاء دون
کاروبار کرتی کرتی تہک جاوے سالن روٹی پکاکر اور کپڑے دہوکر اور اور کار بار میں اور اپنی جان پر خوف کر کے روزہ افطار کردے تو اوسپر قضا آوےگی

الكفارة وكذا الزوجة اذا افطرت لذلك كان عليها القضاء دون الكفارة اذ يجب عليها ديانة ان تفعل
کفارہ نہیں آتا اور ایسی ہی بی بی کو روزہ افطار کر دی ایسی ہی کام بابی میں تو اوسپر قضا لازم ہی کفارہ نہیں آتا اسواسطی کہ از روی دیانت بی بی پر واجب ہی
كل خدمة في داخل البيت من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها حتى لو لم تفعل شيئا منها تكون اثمة
کہ جو کام کار گہر کی اندر ہوتی ہین پکانا روٹی پکانا کپڑی دہونی اور سوا اسکی جہاڑو وغیرہ کیا کری یہاں تک کہ اگر بی بی کچھ بہی کام نکری تو گنہگار ہوگی
وان لم تجبر عليها وكذا الرقيق او الخادم الذي ذهب بسكر النهر او لكريه او لاصلاح المربض وعليه
اگرچہ اوسپر جبر نہیں ہو سکتا ایسی ہی غلام یا خادم جو واسطی بند کرنی پانی نہر کی یا واسطی کہودنی نہر کی یا واسطی درستی فصیل شہر کی جاوی اور
موكل من جانب السلطان واشتد الحر وخاف على نفسه الهلاك فانه لو افطر كان عليه القضاء دون
سلطان کی طرف سی اوسپر نگہبان ہو اور حرارت کی شدت سی جان پر ہلاکت کا خوف ہو تو اگر یہ شخص افطار کریگا تو اوسپر قضا لازم ہی
الكفارة ومن اكل عمدا حتى لزمته الكفارة ثم مرض يسقط عنه الكفارة وكذا المرأة اذا افطرت عمدا
کفارہ نہیں ہی اور جسنی قصدًا روزہ توڑ دیا ایسا کہ اوسپر کفارہ لازم آیا پہر اوسی روز بیمار ہوگیا تو اوسپر سی کفارہ ساقط ہو جاتا ہی ایسی ہی اگر عورت قصدًا
حتى لزمتها الكفارة ثم حاضت يسقط عنها الكفارة لان الكفارة تسقط لعروض الحيض او المرض ومن
روزہ توڑ ڈالی ایسا کہ اوسپر کفارہ لازم ہو جاوی پہر اوسی دن حائضہ ہوگئی تو اوسکی ذمہ سی کفارہ جاتا رہتا ہی اسلیٔ کہ کفارہ حیض یا بیماری کی عارضہ سی ساقط
افطر في اول النهار عمدا حتى لزمته الكفارة ثم سافر باختياره لا تسقط عنه الكفارة وكذا لو اكره
ہو جاتا ہی اور جس شخص نی اول روز روزہ افطار کیا ایسا کہ اوسپر کفارہ لازم ہوا پہر اوسنی اپنی اختیار سی سفر کیا تو اوسپر سی کفارہ ساقط نہیں ہوگا اور ایسی ہی اگر
على السفر لا تسقط عنه الكفارة في ظاهر الرواية ومن سافر في نهار رمضان لا يحل له ان يفطر في ذلك
بادشاہ نی زبردستی سفر پر روانہ کیا تو ظاہر روایت میں کفارہ ساقط ہوگا اور جس نی رمضان میں دن کو سفر کیا تو اوس روز اوسکو افطار کرنا حلال نہیں ہی
اليوم لان الوجوب قد ثبت عليه فلا يسقط بفعل باشره باختياره ولو افطر كان عليه القضاء لا الكفارة
اسواسطی کہ وجوب اوسپر ثابت ہو چکا ہی تو اب وہ وجوب ایسی کام سی جو اپنی اختیار سی کرتا ہی ساقط نہیں ہوگا اور اگر افطار کر دیگا تو اوسپر قضا لازم ہی
ولو لم يفطر حتى تذكر شيئا نسيه في منزله فرجع الى منزله فاكل شيئا ثم خرج من منزله كان
کفارہ نہیں ہوگا اور اگر ابہی افطار نہیں کیا تہا جو اوسکو کوئی چیز گہر میں بہولی ہوئی یاد آئی یہ سمجہکر گہر میں آیا اب کچھہ کہا لیا پہر گہر سی روانہ ہوا تو اوسپر قضا
والكفارة لكونه مقيما عند الاكل حيث رفض سفره بالعود الى منزله واذا علم المسافر انه يدخل في
اور کفارہ دونو لازم ہین کیونکہ کہاتی وقت مقیم تہا اسواسطی کہ سفر گہر مین آنی سی قطع ہوگیا تہا اور اگر مسافر کو معلوم ہو کہ آج اپنی شہر میں جا پہنچونگا
يومه مصره يكره له الفطر لاجتماع حكم الاقامة والسفر في هذا اليوم فيترجح جهة الاقامة
تو اوسکو افطار کرنا مکروہ ہی اسواسطی کہ اوس روز حکم سفر اور اقامت کا جمع ہوگیا ہی تو اب اقامت کی جانب غالب ہوگی اور جسکو
غلبه القيء وقاء سواء كان ملء الفم او دونه لا يفسد صومه سواء كان فرضا او نفلا لقوله عليه السلام
خود بخود قی ہوگئی برابر ہی کہ منہ بہر ہو یا کمتر ہو تو روزہ نہیں جاتا برابر ہی کہ فرض ہو یا نفل ہو واسطی ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی
من قاء لا قضاء عليه وان تقيأ فان كان ملء الفم يفسد صومه لقوله عليه السلام من تقيأ فعليه القضاء
جسنی قی کی تو قضا نہیں ہی اور اگر آپ سی قی کی تو اگر منہ بہر ہوگی تو روزہ جاتا رہیگا واسطی فرمود رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جس نی آپسی قی کی تو اوسپر
وان لم يكن ملء الفم يفسد صومه ايضا عند محمد لظاهر الحديث ولا يفسد عند ابي يوسف وينبغي
اور اگر قی منہ بہر نہو تو امام محمد کی نزدیک روزہ جاتا رہیگا واسطی ظاہر معنی حدیث کی اور امام ابو یوسف کی نزدیک روزہ نہیں جاتا اور روزہ دار
ان لا يبالغ في الاستنجاء ولا يتنفس ولا يقوم من مقامه حتى ينشف ذلك الموضع بخرقة لئلا
کو استنجا کرتی ہوئی مبالغہ نکری کہل کر نہ بیٹہی نہ اوپر کو دم بہری اور اپنی جگہ سی جبتک موضع استنجا کو کپڑی سی نہ پونچہی کہڑا نہ ہو تاکہ پانی اندر

الماء الى باطنه فيفسد صومه فان من بالغ في الاستنجاء حتى يبلغ موضع الحقنة يفسد صومه
نہ چلا جاوے پھر روزہ جاتا رہیگا کیونکہ جو استنجا میں مبالغہ کرے یہاں تک کہ حقنہ کی جگہ پہنچ جاوے تو روزہ جاتا رہیگا

لكن لا يلزم الكفارة هذا حكم الصوم

المجلس الثامن والعشرون في بيان كيفية التراويح وفضيلتها

پر کفارہ نہیں آتا یہہ ہیں روزہ کی احکام اٹھائیسویں مجلس تراویح کی کیفیت اور فضیلت کی بیان میں

واما القيام في ليالي رمضان فالمراد به احياء لياليه واحياء بعض من كل ليلة
اور قایم رہنا رمضان کی راتوں میں اس سے تمام تمام راتوں کو جاگنا یا ہر ایک رات میں سے تھوڑا تھوڑا جاگنا

باداء التراويح فانه عليه السلام كان يرغب الناس في قيام رمضان من غير ان يامرهم فيه بعزيمة
واسطے ادا تراویح کی کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو واسطے قیام رمضان کی رغبت دلاتے تھے لیکن حکم عزیمت کا نہیں فرماتے تھے

فيقول من قام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه يعني ان من قام الى الصلوة في
یوں ارشاد کرتے جو شخص رمضان میں واسطے ایمان اور ثواب کی جاگتا رہی تو اوسکی تمام گناہ گذری ہوئی معاف ہو گئی مراد یہہ ہی جو شخص رمضان کی راتوں میں

ليالي رمضان تصديقا بحقيته وسنيته وطلبا لرضاء الله تعالى وثوابه لا خوفا من مذمة الناس
اوسکو حق اور مسنون سمجھکر واسطے رضامندی اللہ تعالی کی اور ثواب کی نماز پڑھتا ہی کچہ خوف لوگوں کی برا کہنی کا

واستحياء منه يغفر له ذنوبه المتقدمة وهذان الشرطان لا ينفك عنهما عمل سواء كان فرضا او
اور لوگوں کی شرم سی تو اوسکی تمام پہلی گناہ معاف ہو گئی اور یہہ دونو شرطیں تمام اعمال میں معتبر ہیں کوئی عمل خالی نہیں برابر ہی کہ فرض ہوئے

نفلا اذ هما شرطان لقبول كل عمل والله تعالى لا يقبل عملا الا بهما وبعدهما شرط آخر لا بد منه وهو ان
نفل ہو اسواسطے کہ ہر عمل کی مقبول ہونی کی یہہ ہی شرطیں ہیں اور اللہ تعالی کوئی عمل بدون ان شرطوں کی قبول نہیں کرتا اور بعد اونکی ایک اور بہی شرط ضروری ہی یعنی

يكون العمل موافقا للسنة لان العمل متى كان على خلاف السنة لا يقبله الله تعالى والسنة فيها الجماعة
عمل سنت کی مطابق ہو اسواسطے کہ عمل اگر سنت کی برخلاف ہوگا تو اوسکو اللہ تعالی قبول نہیں فرماتا اور تراویح مسجد میں جماعت سی

في المسجد لكن على طريق الكفاية حتى لو تركها اهل مسجد اساءوا وكانوا تاركين للسنة ولو اقامها
ادا کرنی مسنون ہی لیکن بطور فرض کفایہ کی ہی یہاں تک کہ اگر کسی مسجد والی تمام جماعت ترک کریں تو سب گنہگار اور تارک سنت ہونگی اور اگر بعضوں نی

البعض في المسجد بالجماعة وتخلف البعض وصلاها في بيته فالمتخلف يكون تاركا للفضيلة ولا يكون
مسجد میں جماعت سی ادا کی اور بعض جو نہ شامل ہوئی اپنی گہر میں پڑہ لیں سو جو جماعت میں شامل نہوا وہ فضیلت سی محروم رہا گنہگار

مسيئا ولا تاركا للسنة لان بعض الصحابة قد روي عنهم التخلف وعن ابي يوسف ان من قدر
اور سنت کا تارک نہیں ہوگا اسلئے کہ بعضی اصحاب سے روایت ہی کہ جماعت میں شریک نہیں ہوتی تھی اور ابو یوسف سی روایت ہی کہ جو شخص

على ادائها بالجماعة في بيته مع مراعاة السنة فالصلوة في بيته افضل والصحيح ان للجماعة
تراویح کو جماعت سی اپنی گہر میں ادا کر سکتا ہی سنت کی رعایت کر کر تو اوسکو گہر میں پڑہنا افضل ہی اور صحیح یہہ ہی کہ گہر کی اندر

في بيته فضيلة وللجماعة في المسجد فضيلة اخرى فهو حاز احدى الفضيلتين وترك الفضيلة
جماعت کرنی میں ایک فضیلت ہی اور مسجد میں جماعت کرنی میں اور ہی فضیلت ہی سو اوسنی دونو فضیلت میں سی ایک حاصل کی اور فضیلت زائدہ

الزائدة لترك الجماعة في المسجد وقال صاحب الخلاصة وهكذا الجواب في المكتوبات واما نفس التراويح
اسلئی کہ مسجد کی جماعت ترک کی اور خلاصہ والا کہتا ہی یہہ ہی جواب فرایض میں ہی اور لیکن صرف تراویح

فهو سنة مؤكدة على الاعيان للرجال والنساء توارثها الخلف عن السلف من لدن تاريخ رسول الله عم
ہر ہر مرد اور عورت پر سنت موکدہ ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد سی آج تک پچہلی پہلوں سی سنتی چلی آئی ہیں

الى يومنا هذا فلا ينبغي تركها والدليل على هذا ما روى ان النبي عليه السلام اتخذ في المسجد حجرة

سو تراویح کا ترک کرنا سزاوار نہیں اور دلیل اسکی یہہ روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی مسجد میں حصیر یعنی بوریہ کا حجرہ بنایا تہا

من حصير ليصلي فيها السنن وكان يخرج من الحجرة ويصلي التراويح للناس بالجماعة فعل هكذا ثلث

تاکہ اوسکی اندر سنتین پڑہا کرین اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ میں سی باہر آکر تراویح لوگون کی ساتہ جماعت سی پڑہا کرتی تہی تین رات تک ایسا ہی

ليال فلما كانت الليلة الرابعة اجتمع ناس كثير حتى عجز المسجد من اهله فلما رأى رغبة الناس دخل الحجرة

اتفاق ہوا جب چوتہی رات آئی تو خلقت بہت جمع ہوگئی کہ مسجد میں تنگی سی جگہہ نملی جب آپنی یہہ شوق دیکہا تو فرض پڑہتی ہی حجرہ میں تشریف لیگئی

بعد ما صلى الفريضة ولم يخرج اليهم فازالوا ينتظرون خروجه وظنوا انه نام فجعل بعضهم يتنحنح ليخرج اليهم

پہر باہر نآئی اور یہہ لوگ تشریف لانی کی منتظر بیٹہی رہی آخر یہہ خیال کیا کہ آپ سوگئی پہر کسینی تو کہنا نسا شروع کیا تاکہ جاگ کر باہر تشریف لاوین

وبعضهم يقول الصلوة فخرج اليهم فقال ما زال بكم الذي رأيت من صنيعكم حتى خشيت ان يكتب

اور کوئی کہتا تہا نماز تیار ہی پہر آپ باہر تشریف لائی فرمانی لگی کہ مین تمہارا یہہ شوق ہمیشہ دیکہتا ہون یہان تک کہ مجہکو یہہ خوف ہوا کہ تم پر فرض ہوجاوی

عليكم ولو كتب عليكم ما قمتم به فصلوا ايها الناس في بيوتكم فان افضل صلوة المرء في بيته الا

اور اگر تم پر فرض ہوجاویگی تو ادا نکروگی سو تم ای صاحبو اپنی اپنی گہرمین پڑہ لو کیونکہ آدمی کی نماز سوا فرایض کی گہر مین افضل ہوتی ہی

الصلوة المكتوبة فتوفي رسول الله عليه السلام والامر على ذلك ثم كان الامر على ذلك في خلافة

پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی وفات کی اور حال یہہ ہی رہا پہر حضرت ابوبکر کی خلافت میں بہی حال یون ہی رہا

ابي بكر وصدرا من خلافة عمر ثم ان عمر في ايام خلافته رأى الناس يصلون التراويح في المسجد

اور ابتداء خلافت میں حضرت عمر کی پہر حضرت عمر نی اپنی ایام خلافت میں لوگون کو دیکہا کہ تراویح مسجد میں الگ الگ پڑہتی ہین

منفردين فامرهم ان يصلوها جماعة وامر ابي بن كعب وتميم الداري ليصليانها بالناس امامة فصلياها

تو اونکو یہہ حکم کیا کہ جماعت سی پڑہا کرو اور ابی بن کعب اور تمیم داری کو حکم کیا کہ امام ہوکر اور لوگون کو نماز پڑہاوین سو اون دونونی

بالجماعة والصحابة متوافرون منهم عثمان وعلي وابن مسعود والعباس وابنه وطلحة والزبير ومعاذ

جماعت کرائی اور اصحاب اوسوقت بہت موجود تہی یعنی عثمان اور علی اور ابن مسعود اور عباس اور عبداللہ بن عباس اور طلحہ اور زبیر اور معاذ

وغيرهم من المهاجرين والانصار وما رد عليه واحد منهم بل ساعدوه ووافقوه وامروه بذلك

اور سوا اونکی اور بہت مہاجر اور انصار موجود تہی سواہین سی کسینی کچہہ اعتراض نکیا بلکہ اونکی مددگار اور شریک ہوئی اور اسکی صلاح دی

وواظبوا عليها حتى ان عليا اثنى عليه ودعا له بالخير وقال نور الله مضجع عمر كما نور مساجدنا

اور آپ پڑہتی رہی یہان تک کہ حضرت علی نی عمر کی تعریف کی اور نیک دعا دی اور دعا مین فرمایا اللہ عمر کی گور روشن کری جیسی اونہی ہماری مسجدین روشن کرین

وقد قال النبي عليه السلام عليكم بسنتي وسنة خلفاء الراشدين من بعدي وهي عشرون ركعة

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا میری سنت اپنی ذمہ پر لازم کرلو اور میری بعد خلفاء راشدین کی سنت اور تراویح بیس رکعت ہین

يسمى كل اربع ركعات منها ترويحة مجازا لما في آخرها من الترويحة التي هي اسم للجلسة وانما سمي بها

ہر چار رکعت کا نام مجازا ترویحہ ہی کیونکہ اوسکی آخر مین ترویحہ ہوتا ہی یعنی آرام کی نشست ہوجاتی ہین ترویحہ نام جلسہ کا ہی اور جلسہ کو ترویحہ

لان الصحابة كانوا يستريحون بين كل اربع ركعات من اجل طول قيامهم في الصلوة ولكل ترويحة تسليمتان

اسوسطی کہتی ہین کہ صحابہ ہر چار رکعت کی بعد بیٹہہ کر آرام کیا کرتی تہی کیونکہ نمازمین قیام بہت طویل دراز کرتی تہی اور ہر ہر ترویحہ مین دو دو سلام ہین

فتكون التسليمات عشرا والترويحات خمسا والامام والجماعة يأتون بالثناء في كل تكبيرة الافتتاح بعد

اس لئی سلام دس ہوئی اور ترویحہ پانچ ہوئی اور امام اور مقتدی تکبیر تحریمہ کی بعد سبحانک اللہم آخر تک پڑہا کرین اور ہر دو ترویحہ کی

بین کل الترویحتین قدر ترویحة واحدة وکذا بین الخامسة والوتر لانه المتوارث من زمن الصحابة
بیچمین بقدر ایک ترویحہ کی بیٹھی رہا کرے اور ایسی ہی پانچوین ترویحہ اور وتروں کی بیچمین کیونکہ صحابہ کی وقت سی آج تک یہہ ہی چلا آتا ہی
الی یومنا هذا وهم فی الانتظار یخیرون ان شاءوا سبحوا وان شاءوا هللوا وان شاءوا سکتوا ای
اور مصلیوں کو استراحت کی وقت مین اختیار ہی چاہین سبحان اللہ پڑھین اور چاہین لا الہ الا اللہ پڑھین اور چاہین چپکی بیٹھی رہین
ذلك فعلوا فهو حسن لقوله علیه السلام المنتظر للصلوة کانه فی الصلوة واهل مکة کانوا یطوفون
جو کرین سو ہی بہتر ہی واسطی قول علیہ السلام کی نماز کا منتظر گویا نماز مین ہی اور مکہ والی ہر دو ترویحہ کی
بالبیت بین کل ترویحتین اسبوعا ویصلون رکعتین للطواف واهل المدینة کانوا یصلون
بیچمین بیت اللہ کا طواف سات سات بار کرتی تہی اور دو رکعت طواف کی پڑہتی تہی اور مدینہ والی اوس وقت مین
فی ذلك اربع رکعات ثم الافضل فیها استیعاب اکثر اللیل بالصلوة والاستراحة ویستحب
چار رکعت پڑھا کرتی تہی پہر افضل تراویح مین یہہ ہی کہ آدہی سی زیادہ رات استراحت اور نماز مین صرف کری اور نماز کی تاخیر
تاخیرها الی انتهاء ثلث اللیل ثم الاصح ان وقتها بعد العشاء الی اخر اللیل قبل الوتر وبعده لانها
تہائی رات کی تمامی تک مستحب ہی پہر صحیح یہہ ہی کہ وقت تراویح کا عشاء کی بعد ہی آخر رات تک وتر سی پہلی اور پیچہی کیونکہ تراویح
نوافل سنة بعد العشاء وهل یحتاج فی کل شفع ان ینوی التراویح قال بعضهم یحتاج لان کل شفع
نوافل بعد عشا کی سنت ہین اور آیا یہہ حاجت ہی کہ تراویح کی ہر ہر شفع مین جدا جدا نیت کری بعضی کہتی ہین ہان حاجت ہی کیونکہ ہر ہر شفع
صلوة علیحدة والاصح انه لا یحتاج لان الکل بمنزلة صلوة واحدة فان فاتت لا تقضی اصلا
جداگانہ نماز ہی اور صحیح یہہ ہی کہ حاجت نہین ہی اسواسطی کہ سب کی سب گویا ایک نماز ہی اگر فوت ہو جاوین تو اصلا قضا نہین ہی
لا بالجماعة ولا بدونها لان القضاء من خواص الفرض ومن صلی العشاء وحده فله ان یصلی
نہ جماعت سی اور نہ بدون جماعت کی اسواسطی کہ قضا کرنا خاصہ فرض ہی کا ہی اور جسنی عشا کی نماز علیحدہ پڑہی ہی تو اوسکو جایز ہی کہ تراویح
التراویح بالامام ولو ترکوا الجماعة فی الفرض لم یصلوا التراویح بالجماعة ومن لم یصل التراویح بالامام
جماعت سی پڑھ لی اور اگر سب نی فرض کی جماعت ترک کی تو پہر تراویح کی لئی جماعت نکرین اور جس نی تراویح جماعت سی نہین پڑہین
یجوز له ان یصلی الوتر به ولو اقاموا التراویح بامامین فصلی کل امام تسلیمة قال بعضهم یجوز
تو اوسکو جایز ہی کہ وتر جماعت سی پڑہی اور اگر تراویح مین باری باری دو امام کی پہر ہر ہر امام نی ایک ایک سلام پڑہایا تو بعضی کہتی ہین کہ جایز ہی
والصحیح انه لا یستحب والمستحب ان یصلی کل امام ترویحة فاذا جاز اقامة التراویح بامامین
اور صحیح یہہ ہی کہ مستحب نہین مستحب یہہ ہی کہ ہر ہر امام ایک ایک ترویحہ پڑہی اور جب کہ تراویح کا پڑہنا دو اماموں کی ساتہہ
علی هذا الوجه یجوز ان یصلی احدهما الفرض والاخر التراویح ویکره للامام فی هذا الزمان التطویل
اس طور پہ جایز ہوا تو جایز ہی کہ ایک امام فرض پڑہاوی اور دوسرا امام تراویح اور امام کو اس زمانہ مین قراءت کو
الزائد عن حد اقل السنة فی القراءة والاذکار علی وجه یحصل للجماعة ملل لان ذلك سبب للتنفیر
ادنی حد سنت سی زیادہ دراز کرنا اور ذکر اس طور پر کرنا جس سی جماعت کو ملال پیدا ہو مکروہ ہی کیونکہ اسمین لوگ جماعت سی بہاگین گی
عن الجماعة والتنفیر عن الجماعة مکروه ولکن لا ینبغی له ان ینقص عن قدر اقل السنة فی القراءة و
اور جماعت سی بہگانا مکروہ ہی لیکن یہہ بہی نہ چاہی کہ سنت کی ادنی مقدار سی قراءت اور
التسبیحات لملالهم لانهم غیر معذورین فیه وادنی ما یحصل به السنة فی تسبیحات الرکوع والسجود
تسبیحات مین اونکی ملالت کی خوف سی کوتاہی کری کیونکہ اونکو اسمین کچہہ عذر نہین ہی اور کم سی کم جسمین سنت تسبیحات رکوع اور سجود کی حاصل ہوجاوی

ثلث لقوله علیه السلام اذا رکع احدکم فلیقل ثلث مرات سبحان ربی العظیم وذلك ادناه و
تین بار ہین واسطی ارشاد علیہ السلام کی جسوقت رکوع کری کوئی تمہارا تو چاہئی کہ سبحان ربی العظیم تین بار کہی اور یہہ ادنی عدد ہی اور
اذا سجد فلیقل سبحان ربی الاعلی ثلث مرات وذلك ادناه والمراد به ادنی ما یحصل به السنة
جب سجدہ کری تو چاہی کہ سبحان ربی الاعلی تین بار کہی اور یہہ ادنی عدد ہی اور مراد اس سی ادنی مرتبہ ہی جسمین سنت حاصل ہوجاوی
ولذلك یکره النقص عن الثلث وکذا یکره للامام التعجیل علی وجه یعجز الجماعة عن اکمال اقل
اسی لئی تین بار سی کم کہنا مکروہ ہی اور ایسی ہی امام کو اتنی جلدی مکروہ ہی کہ جماعت کی لوگ کم سی کم عدد مسنون کی پورا کرنی سی رکوع
السنة فی تسبیحات الرکوع والسجود وعن اکمال قراءة التشهد بل یزید الامام علی التشهد ویاتی
اور سجود کی تسبیحات مین اور قرارت تشہد کی پورا کرنی سی عاجز ہوجاوین بلکہ امام تشہد پر کچہہ زیادہ کری اور
بالصلوة علی النبی علیه السلام ان علم انها لا تثقل علی الجماعة وان علم انها تثقل علیهم لا یاتی بها
نبی علیہ السلام پر درود پڑہی اگر جانی کہ جماعت کی لوگون پر اتنی دیر دشوار نہین ہی اور اگر یہہ جانی کہ یہہ اونپر دشوار ہی تو نہ پڑہی
بل یترکها لکن لا جمیعها بل یقتصر فیها علی قوله اللهم صل علی محمد وعلی آل محمد لانها وان کانت
ترک کردی لیکن تمامہ ترک نکری بلکہ اسمین اختصار کرکر اسقدر پڑہی اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد اسواسطی کہ درود اگرچہ
سنة عندنا الا انها فرض عند الشافعی وبهذا القدر یاتی القولان ویکره للمقتدی ان یقعد
ہماری مذہب مین سنت ہی پر شافعی کی نزدیک فرض ہی اور اسی کلمات مین دونو قول ادا ہوجاتی ہین اور مقتدی کو مکروہ ہی کہ تراویح کی وقت بیٹہا رہی
فی التراویح حتی اذا اراد الامام ان یرکع یقوم ویقتدی لان فیه اظهار التکاسل فی الصلوة والتشبه
یہان تک کہ جب امام رکوع مین جاوی تو کہڑا ہوکر نیت کرلی کیونکہ اسمین نماز کی سستی ظاہر ہوتی ہی اور منافقون سی
بالمنافقین الذین قال الله تعالی فیهم وَاِذَا قَامُوْا اِلَی الصَّلٰوةِ قَامُوْا کُسَالٰی یُرَآءُوْنَ النَّاسَ وکذا اذا
مشابہت آتی ہی جنکی حق مین اللہ تعالی فرماتا ہی اور جب کہڑی ہون نماز کو تو کہڑی ہون جی ہاری دکہانی کو لوگون کی ایسی ہی اگر
غلب النوم یکره له ان یصلی بالنوم بل ینبغی له ان ینصرف وینام ولا یصلی حتی یستیقظ لان
نیند غالب ہوجاوی تو مکروہ ہی کہ اونگہتا ہوا نماز پڑہی بلکہ اوسکو یون چاہی کہ جاکر سو رہی اور نماز نہ پڑہی جبتک ہوشیار نہو کیونکہ
فی الصلوة مع النوم تهاونا وغفلة وترك التدبر ثم انه ان نام فی القعدة کلها فانه اذا انتبه یفرض
اونگہتی ہوئی نماز پڑہنی مین اہانت اور غفلت اور ترک تدبیر ہی پہر اگر مصلی تمام قعدہ مین سوتا رہا تو جب ہوشیار ہو اوسپر فرض ہی
علیه ان یقعد قدر التشهد وان لم یقعد تفسد صلوته لان ما حصل من افعال الصلوة حالة
کہ تشہد کی مقدار بیٹہا رہی اور اگر اتنی قدر قعود نہین کریگا تو اوسکی نماز فاسد ہوجائیگی اسواسطی کہ جتنی ارکان نماز کی نیند کی حالت مین
النوم لا تعتبر لصدورها بلا اختیار فیکون وجودها کعدمها وهذه المسئلة یکثر وقوعها لا سیما
ہوئی ہین اونکا کچہہ اعتبار نہین ہی کیونکہ بی اختیار عمل مین آئی ہین تو اونکا ہونا نہونا برابر ہی اور یہہ مسئلہ اکثر واقع ہوتا ہی خاص کر
فی لیالی الصیف والناس عنها غافلون ثم اختلف المشائخ فی مقدار القراءة فقال بعضهم یقرأ
گرمی کی راتون مین اور لوگ اس مسئلہ سی غافل ہین پہر مشائخ مین اختلاف ہی مقدار قرارت مین سو بعضی یہہ کہتی ہین
فی کل شفع مقدار ما یقرأ فی المغرب یعنی انه یقرأ من قصار المفصل وهی من سورة لم یکن الذین کفروا
کہ ہر شفع مین اتنا پڑہی جتنا مغرب کی نماز مین پڑہتی ہین مراد یہہ ہی کہ قصار مفصل مین سی اور وہ سورہ لم یکن سی
الی اخر القرآن لان التطوع اخف من المکتوبة فیعتبر باخف المکتوبات وهی المغرب وهذا القول
آخر قرآن تک ہی اسواسطی کہ نفل فرایض کی نسبت خفیف ہوتی ہین سو اب فرایض مین سی خفیف کا اعتبار ہوگا سو وہی مغرب ہی اور یہہ قول

ليس

ليس بصحيح لان بهذا القدر لا يحصل الختم والختم فيها مرة واحدة سنة ولا يترك لكسل الجماعة
صحيح نہین ہی اس لیی کہ اتنی قرارت سی ختم قرآن نہین ہوسکتا اور ایک دفعہ ختم کرنا مسنون ہی جماعت والون کی کسالت کی مارے ترک کرنا

حتى لو قرء الامام بعض القرآن في سائر الصلوات لئلا يمل الجماعة من طول القراءة في التراويح يكون
یہان تک کہ اگر امام نی کچھ کچھ قرآن تمام نمازون مین اسلئی پڑہا کہ جماعت والی تراویح کی اندر طول قرارت سی ملول ہون

له ثواب الصلوة ولا يكون لهم ثواب الختم وقيل الافضل في زماننا ان يقرء الامام على حسب
تو اونکو نماز کا ثواب ہوگا ختم کا ثواب نہین ہوگا اور کہتی ہین کہ ہماری زمانہ مین یہہ افضل ہی کہ امام جماعت کی

حال الجماعة من الرغبة والنفرة فيقرء قدر ما لا يوجب التنفير عن الجماعة لان تكثير الجماعة
حال کی موافق رغبت اور نفرت کی لحاظ سی پڑہا کری سو اسقدر پڑہی جسمین جماعت سی نفرت نکرین اسواسطی کہ جماعت کا زیادہ ہونا

افضل من تطويل القراءة لكن لا يقتصر بعد الفاتحة على اية قصيرة او ايتين قصيرتين
تطویل قرارت سی بہتر ہی پہر بہی بعد فاتحہ کی ایک یا دو آیتون چہوٹی چہوٹی پر اقتصار نکری

لان قراءة ثلث ايات او اية طويلة مع الفاتحة واجبة وذكر في التجنيس ان بعض الناس اعتادوا
اسواسطی کہ تین آیت چہوٹی یا ایک آیت دراز ہمراہ فاتحہ کی پڑہنی واجب ہی اور تجنیس مین مذکور ہی کہ بعضی لوگونکی عادت ہی

قراءة سورة الفيل الى اخر القرآن مرتين وهو حسن في هذا الزمان اذ روى عن بعض المشائخ
کہ سورۂ فیل سی آخر قرآن تک دوبار پڑہتی ہین اس زمانہ مین یہہ بہت خوب ہی اسواسطی کہ بعضی مشایخ سی روایت ہی

على ما ذكر في فتاوى قاضيخان ان لم يكن عارفا باهل زمانه فهو جاهل لان اكثر الناس في هذا الزمان
چنانچہ فتاوی قاضیخان مین مذکور ہی کہ جو شخص اپنی عہد کی لوگون کا حال نہ پہچانی تو وہ جاہل ہی اسلئی کہ اس زمانہ کی اکثر لوگون کی

طبايعهم جامدة صعبة الانقياد ان يروا سبيل الرشد لا يتخذوه سبيلا وان يروا سبيل الغي يتخذوه
طبعتین ایسی بستہ ہین کہ مطیع ہونا دشوار ہی اگر دیکہین راہ ہدایت کی تو وہ نہ ٹہراوین راہ اور اگر دیکہین راہ الٹی ٹہراوین اسکو

سبيلا فانهم قد جعلوا التراويح عادة لا عبادة يتقرب بها الى الله تعالى على ما شرطه رسول الله عم
راہ سو ان لوگون نی تراویح کو عادت کرلی ہی عبادت نہین جانتی جسمین قرب الہی ہو جیسی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی

فيها من القراءة وغيرها فيتخذون صلوتها خلف امام لا يتم الركوع والسجود والقومة والجلسة
تراویح مین قرارت وغیرہ کی شرطکی ہی سو ایسی امام کی پیچہی نماز شروع کرتی ہین جو نہ رکوع پورا کری اور نہ سجدہ پورا کری اور نہ قومہ اور نہ جلسہ

ولا يرتل القرآن كما امر الله به بل هو من غاية السرعة يقع في اللحن الجلي بترك بعض حروف الكلمة او
اور نہ جیسی حکم الہی سی قرآن ترتیل کی ساتہ پڑہی بلکہ وہ جلدی کا مارا صاف راگنی مین پڑہنی لگتا ہی بعضی کلمات کی حرف یا حرکات رہ جاتی ہین

حركاتها وقد ذكر في البزازية ان اللحن حرام بلا خلاف وذكر في الفتاوى ان الامام اذا كان لحانا لا باس
اور بزازیہ مین مذکور ہی کہ راگنی مین قرآن کا پڑہنا بالاتفاق حرام ہی اور فتاوی مین مذکور ہی کہ امام اگر راگنی مین پڑہتا ہو تو اگر کوئی شخص

للرجل ان يترك مسجده ويتحول الى مسجد اخر فانه لا ياثم بذلك لانه قصد الصلوة خلف تقي
اوس مسجد کو چہوڑکر اور مسجد مین جانی لگی تو کچہہ مضائقہ نہین اس سی گنہگار نہین ہوتا اسواسطی کہ یہہ شخص پرہیزگار کی پیچہی پڑہا چاہتا ہی

وقد قال النبي عليه السلام من صلى خلف عالم تقي فكانما صلى خلف نبي من الانبياء وفيه اشارة
اور نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ جسنی نماز عالم پرہیزگار کی پیچہی پڑہی تو گویا نبیون مین سی کسی نبی کی پیچہی پڑہی اسمین یہہ اشارہ ہی

الى انه لو ترك مسجده بلا عذر يكون اثما فكيف يكون حال الذين يتركون مسجدهم بلا عذر ويسرعون
کہ اگر کوئی بلا عذر اپنی مسجد مین جانا چہوڑدی تو گنہگار ہوتا ہی اب اونکا کیا حال ہوگا جو اپنی مسجد کو بلا عذر چہوڑدیتی ہین اور جلدی سی

الى مسجد يكون فيه انواع من الانغام والالحان ويطلبون اماما لا يتم الركوع والسجود ولا يرتل القرآن
ایسی مسجد میں جاتی ہیں جہاں طرح طرح کی [illegible] اور رنگ ہوتی ہیں اور ایسا امام تلاش کرتی ہیں جو نہ رکوع تمام کری اور نہ سجدہ پورا کری اور نہ قرآن کو ترتیل سی پڑہی

بل ربما ينكرون على من يتم الركوع والسجود ويرتل القرآن وينفرون عنه ويكونون من الذين اتخذوا
بلکہ بعضی وقت ایسی امام پر اعتراض کرتی ہیں جو رکوع اور سجدہ پورا کری اور قرآن کو اچھی طرح پڑہی اور اس سی نفرت کرتی ہیں پہر وہ ان لوگوں میں ہیں جنہوں نی اپنی

دينهم لعبا ولهوا وغرتهم الحيوة الدنيا وهم عن الآخرة غافلون فان من صلى التراويح بترك القومة
دین کو ہنسی کہیل ٹہرایا اور فریب کہایا دنیا کی زندگی کا اور وہ آخرت سی غافل ہیں بیشک جس نی تراویح اسی طور پر پڑہی کہ قومہ ترک کیا

والجلسة والطمانينة المقدرة بمقدار تسبيحة فهو يكون عاصيا مستحقا للعذاب بالنار لان هذه
اور نہ جلسہ کیا اور نہ اوس میں کہ ایک تسبیح کی برابر طمانیت کی تو گنہگار ہوتا ہی اور مستحق آگ کی عذاب کا کیونکہ یہہ

الاشياء فرض عند ابي يوسف والشافعي حتى تبطل الصلوة بتركها وواجب عند ابي حنيفة ومحمد في
سب چیزیں امام ابو یوسف اور شافعی کی نزدیک فرض ہیں انکی ترک سی نماز باطل ہوجاتی ہی اور امام ابو حنیفہ اور امام محمد کی نزدیک ایک روایت میں

رواية حتى يجب اعادة الصلوة بتركها وفي رواية اخرى سنة وعلى هذه الرواية يكون تاركها مستحقا
واجب ہیں یہاں تک کہ انکی ترک سی اعادہ نماز کا واجب ہی اور ایک اور روایت میں سنت ہیں اور اس روایت کی موافق انکا تارک عتاب کا مستحق ہوتا ہی

للعتاب وحرمان الشفاعة فيكون من الذين ضل سعيهم في الحيوة الدنيا وهم يحسبون انهم يحسنون
اور شفاعت سی محروم پہر ان لوگوں میں ہی جنکی دوڑ بہک رہی ہی دنیا کی زندگانی میں اور وہ سمجہتی ہیں کہ خوب بناتی ہیں

صنعا وبدا لهم من الله ما لم يكونوا يحتسبون وهذا هو الخسران المبين والغبن العظيم ثم
کام اور ان لوگوں میں سی کہ نظر آیا اونکو اللہ کی طرف سی جو خیال نہ رکہتی تہی اور یہہ صاف ٹوٹا اور بڑا ہی خسارہ ہی پہر

ان ههنا نكتة لا بد من التنبيه عليها حتى يستيقظ من كان فيه انصاف ويصل الى الحق وهي ان التراويح عشرون
یہاں ایک نکتہ ہی اوسکا بیان بہی ضروری ہی تاکہ جسمیں انصاف اور حق کی طرف رغبت ہی بیدار ہو سو وہ نکتہ یہہ ہی کہ تراویح میں بیس رکعتیں ہیں

ركعة وفي كل ركعة قومة وجلسة وطمانينتهما وفي ترك كل منهما ذنب فلو تركت طمانينة احدهما يكون
اور ہر ہر رکعت میں ایک قومہ اور ایک جلسہ ہی اور دونوں میں اطمینان اور دونوں میں سی ہر ایک کا ترک کرنا گناہ ہی پس اگر ایک کی طمانیت ترک ہوئی

عدد الذنوب عشرين ولو تركت طمانينتهما يصير عدد الذنوب اربعين ولو تركت انفسهما ايضا يصير
تو گنتی میں بیس گناہ ہوئی اور اگر دونو کی طمانیت ترک ہوئی تو گنتی میں چالیس گناہ ہوئی اور اگر وہ دونو خود ہی ترک ہوئی تو

مجموع الذنوب ثمانين واذا ضم اليه معصية الاظهار يصير مجموعها مائة وستين ذنبا واذا ضم
تمام گناہ اسی ہوجاوینگی اور اگر اسکی ساتہ معصیت ظاہر کرنی کی ملالیں تو تمام گناہ ایک سو ساٹہ ہوجاوینگی اور اگر اسکی ساتہ

اليه عدم الاعادة الواجبة يصير المجموع مائة وثمانين ذنبا مع ان ترك هذه المذكورات يكون سببا
اعادہ نکرنا جو واجب تہا ملایا جاوی تو سب ملکر ایک سو اسی گناہ ہوجاوینگی باوجودیکہ ان مذکورات کی ترک کرنی سی جو جو ذکر انتقالات کی اندر

لاتيان الاذكار المشروعة في الانتقالات بعد تمام الانتقال وفي اتيان الاذكار المشروعة في الانتقالات
مشروع ہیں وہ سب ذکر بعد تمامی انتقالات کی ہوجاتی ہیں اور جو ذکر انتقالات کی اندر مشروع ہیں اونکو

بعد تمام الانتقال كراهتان تركها عن موضعها وتحصيلها في غير موضعها فيقع في كل ركعة اربع مكروهات
بعد تمامی انتقال کی لانی میں دو کراہتیں ہیں ایک تو اپنی مقام سی ٹلادینا اور غیر جگہ رکہدینا اب ہر ہر رکعت میں چار چار مکروہ ہونگی

فيلزم منه ترك اربع سنن فان من ترك القومة او الطمانينة فيها يقع سمع الله لمن حمده والتكبير حين الانحطاط
اور اس سی ترک کرنا چار سنتوں کا لازم آتا ہی کیونکہ جس نی قومہ یا قومہ کی اندر طمانیت کو ترک کیا تو سمع اللہ لمن حمدہ اور اللہ اکبر جہکتی ہوئی کہیں اور آویگا

بل يقع التكبير بعد السجدة والسنة ان يقع سمع الله لمن حمده حين رفع الراس من الركوع والتكبير حين الانخفاض ولكن

بلکہ اللہ اکبر بعد سجدہ کی کہنی میں آویگا اور طریق مسنون یہہ ہی کہ سمع اللہ لمن حمدہ رکوع سی سر اوٹھاتی ہوئی کہی اور اللہ اکبر سجدہ کی طرف جھکتی ہوئی کہی اور ایسی ہی

اذا ترك الجلسة او الطمانينة فيها يقع بعض التكبير الاول حين الانخفاض بل يقع بعض التكبير الثاني بعد السجود والسنة ان

اگر جلسہ کو ترک کرے یا جلسہ میں طمانیت کو ترک کرے تو کچھ لفظ پہلی تکبیر کا جھکتی ہوئی کہنی میں آویگی بلکہ کچھ لفظ دوسری تکبیر کی سجدہ کی بعد کہنی میں آویگی اور طریق مسنون یہی

التكبير الاول حين الرفع والثاني حين الانخفاض فيصير عدد المكروهات في جميع الركعات ثمانين فيلزم منه ترك ثمانين سنة فاذا ضم

کہ پہلی تکبیر سجدہ سی اوٹھتی ہوئی کہی اور دوسری تکبیر جھکتی ہوئی سو اب مکروہات کی گنتی تمام رکعتوں میں اسی ہو جاوینگی اور اس سی اسی سنتیں چھوٹ جاتی ہیں اور جب ان کو آمن

الى ذلك اظهار كل منهما فان اظهار المكروه مكروه ايضا يصير المجموع مائة وستين مكروها ومائة وستين ترك سنة وهل يعد من العقلاء

اظہار میں شامل کریں کیونکہ مکروہات کا ظاہر کرنا بھی مکروہ ہی تو تمام مکروہات بھی ایک سو ساٹھ ہو جاوینگی اور ایک سو ساٹھ سنتیں ترک ہونگی پہر کیا یہ شخص عاقل گنا جاویگا

يفعل في كل ليلة من ليالي رمضان في اداء التراويح ما يتم فيها ثمانين نقصا ومائة وستين مكروها ومائة وستين ترك سنة فان في ترك كل

جو رمضان کی راتوں میں سی ہر رات کو صرف تراویح کی ادا کرتی ہوئی ایک سو اسی نقصان کری اور ایک سو ساٹھ مکروہ کری اور ایک سو ساٹھ سنت ترک کری کیونکہ ہر سنت کی ترک

سنة عتابا وحرمان الشفاعة فهل يرضى العاقل ان يجعل نفسه محروما من شفاعة رسول رب

کرنیمیں عتاب ہوتا ہی اور شفاعت سی محرومی پہر مرد عاقل کب پسند کرتا ہی کہ اپنی تئین رسول رب العالمین کی شفاعت سی محروم کری

العالمين التي يرجوها ويطلبها كل الخلائق حتى الانبياء والاولياء والصالحين نسال الله تعالى ان لا

جسکی تمام خلق امید اور تلاش رکہتی ہی یہاں تک کہ انبیا اور اولیاء اور صلحاء ہم اسسی چاہتی ہیں کہ ہمکو

يجعلنا من المحرومين

محروم نکری

المجلس التاسع والعشرون في بيان فضيلة تاخير السحور وتعجيل الافطار

انتیسویں مجلس بیچ بیان سحر کہانی میں تاخیر اور افطار میں تعجیل کی فضیلت کہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تسحروا فان في السحور بركة هذا الحديث من صحاح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا سحر کہایا کرو کیونکہ سحر میں برکت ہی. یہہ حدیث مصابیح کی صحیح

المصابيح رواه انس والمحفوظ فيه عند اصحاب الحديث فتح السين في السحور وهو اسم لما يوكل في وقت

حدیثوں میں ہی انس کی روایت کی اور اس حدیث میں محدثین کی نزدیک سحور کی لفظ میں سین کا زبر محفوظ ہی اور طعام کا نام ہی جو سحر کی وقت کہاتی ہیں

السحر الذي هو اخر الليل اى سدسها الاخير فيحتاج الى مضاف محذوف تقديره ان في اكل السحور بركة

اور سحر آخر شب یعنی چھٹا حصہ پچھلا سو اس کلام میں ایک مضاف محذوف ہی واقع میں یوں ہی کہ سحور کہانی میں برکت ہی

لان البركة ليست فيما يوكل من الطعام بل في استعمال السنة ويجوز فيه ضم السين فعلى هذا يكون مصدرا

کیونکہ برکت طعام میں جو کہایا جاتا ہی نہیں ہی بلکہ سنت کی استعمال میں ہی اور اس لفظ میں سین کا پیش بھی جایز ہی اسکی موافق سحور صیغہ مصدر کا ہی

فلا يحتاج الى تقدير المضاف والمعنى ان في الاكل وقت السحر بركة والمراد بالبركة ههنا زيادة القوة على

اب مضاف پیدا کرنی کی کچھ حاجت نہیں اور معنی یہہ ہیں کہ سحر کی وقت کہانا کہانی میں برکت ہی اور یہاں برکت سی مراد زیادتی قوت روزہ رکہنی کی ہی

اداء الصوم بدليل قوله عليه السلام استعينوا بقائلة النهار على قيام الليل وباكل السحور على صيام

اس دلیل سی کہ حدیث میں آیا ہی دن کی سونی سی نماز کی لئی رات کی جاگنی پہ مدد لیا اور سحر کہانی سی دن کی روزہ پر

النهار ويجوز ان يراد بها زيادة الثواب في الآخرة وقوله عليه السلام تسحروا امر واقل مرتبة الاستحباب

اور یہہ بھی جایز ہی کہ برکت سی مراد آخرت میں زیادتی ثواب کی ہو اور حدیث کا لفظ تسحروا امر کا صیغہ ہی اور کم سی کم مرتبہ اسمیں استحباب کا ہی

فيكون السحر وهو الاكل في وقت السحر مستحبا وقد روى عن عمرو بن العاص انه عليه السلام قال فصل ما بين

اب سحر یعنی سحر کی وقت طعام کہانا مستحب ہوگا اور روایت ہی عمرو بن عاص سی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ ہماری روزہ میں

صیامنا وصیام اهل الکتاب اکلة السحر الاکلة بالضمة اللقمة والمعنی ان اللقمة التی تؤکل فی وقت
اور اہل کتاب کی روزہ میں فرق سحر کہانی کا ہی اور اکلہ ہمزہ کی پیش سی لقمہ کو کہتی ہین اور معنی حدیث کی یہہ ہین وہ لقمہ جو سحر کی وقت کہایا جاتا ہی
السحر هو الفارق بین صیامنا وصیام اهل الکتاب لان الله تعالی اباح لنا فی لیلة الصیام ما حرم علیهم
یہہ ہی فرق ہی ہماری روزی مین اور اہل کتاب کی روزہ مین کیونکہ اللہ تعالی نی ہماری لئی رمضان کی راتون مین مباح کر دیا ہی جو جو انپر حرام کر دیا تہا
فان بنی اسرائیل قبل تغیر دینهم وتبدل شریعتهم کانوا لیلة صیامهم اذا ناموا کان الطعام والشراب
کیونکہ بنی اسرائیل اپنی دین کی تغیر اور اپنی شریعت کی تبدل سی پہلی اگر روزون کی راتون مین سو جاتی تو انپر کہانا پینا
والجماع حراما علیهم کما کان الحکم کذلک فی ابتداء الاسلام ثم نسخ ذلک الحکم ورخص لنا فی هذه الاشیاء
جماع سب حرام ہو جاتا تہا چنانچہ ابتداء اسلام مین بہی یہہ ہی حکم تہا پہر یہہ حکم منسوخ ہوگیا اور جب تک صبح صادق نہو ان اشیا کی ہمکو اجازت ہوگئی
مالم یطلع الفجر وکان سبب ذلک امران احدهما ما روی عن عمر رض انه جامع امرأته بعد النوم ثم ندم علی
اور اسکا سبب دو چیز ہوئین ایک تو یہہ جو عمر رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کہ انہون نی اپنی بی بی سی سونی کی بعد جماع کیا پہر اس حرکت سی نادم ہو کر
ما فعل واتی النبی علیه السلام واعتذر الیه فنزل قوله أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ وصارت
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آئی اور عذر کیا پہر یہہ آیت نازل ہوئی حلال ہوا تمکو روزی کی رات مین بی پردہ ہونا اپنی عورتون سی اور اونکی لغزش
زلته رحمة فی حق جمیع الامة والثانی ما روی عن قیس بن حرمة انه صام ولم یجد وقت الافطار شیئا
تمام امت کی حق میں رحمت ہوگئی اور دوسری [illegible] روزہ رکہا پہر افطار کی وقت کچہہ ایسا نہ ملا جس سی روزہ افطار
یفطر به فذهبت امرأته فی طلب شیء فغلب علیه النوم فنام وجاءت امرأته بطعام بعد ما کان الطعام
کرہ پہر اونکی بی بی کچہہ کہانی کی تلاش مین گئی اس عرصہ مین انپر نیند کا غلبہ جو ہوا تو سو گئی اور اونکی بی بی کہانا اوسوقت لائی کہ
علیه حراما فانتبه بعد ما مضی وقت الاکل ولم یأکل شیئا فلما کان نصف النهار من الغد غشی علیه
اونپر حرام ہو چکا تہا پہر ایسی وقت جاگی کہ کہانی کا وقت گذر چکا تہا سو اسی طرح کچہہ نہ کہایا جب اگلی دن کا دوپہر ہوا تو اونکو غش آگیا
فقال له النبی علیه السلام ما لک فقص علیه القصة فنزل قوله تعالی وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ
نبی علیہ السلام نی پوچہا تیرا کیا حال ہی اونہون نی تمام قصہ بیان کیا پہر یہہ آیت اوتری اور کہاؤ اور پیؤ جبتک کہ صاف نظر آوی تمکو دہاری
الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ فانه تعالی لما احل لنا فی لیلة الصیام هذه الاشیاء بعد النوم رغب النبی
سفید جدی دہاری سیاہ سی فجر کی پس اللہ تعالی نی جب یہہ چیزین رمضان کی راتون مین سونی کی بعد حلال کر دین تو نبی علیہ السلام کو
فی اکل السحور قال تسحروا فان فی السحور برکة وبین انه فصل بین صیامنا وصیام اهل الکتاب وهذا
سحور کی کہانی مین رغبت ہوئی فرمایا سحر کہایا کرو کیونکہ سحور مین برکت ہی اور بیان کیا کہ ہماری روزہ مین اور اہل کتاب کی روزہ مین سحر کا فرق ہی اور اسی لئی
کان مستحبا ومن کان غیر محتاج الیه یستحب له ان یأکل شیئا یسیرا ولو تمرة او تینة او شربة
مستحب ہوگئی اور جسکو سحر کہانی کی حاجت نہو تو اوسکو بہی مستحب ہی کہ کچہہ تہوڑا سا کہا لیا کری اگرچہ ایک چہوارہ ہو یا ایک انجیر یا ایک گہونٹ پانی
عملا بسنة رسول الله صلی الله علیه وسلم واغتناما لبرکة السحور ویستحب تاخیره ایضا لما روی
تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل ہو اور سحور کی برکت غنیمت ہو اور تاخیر سحور کی مستحب ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی
قال ثلث من اخلاق المرسلین تعجیل الافطار وتاخیر السحور والسواک فان قیل کیف یکون
فرمایا کہ تین امر مرسلین کی عادات مین سی ہین افطار مین تعجیل اور سحور مین تاخیر اور مسواک اگر کوئی کہی تاخیر سحور مرسلین کی
من اخلاق المرسلین وهو مخصوص باهل ملتنا فالجواب ان المراد به الاکلة الثانیة فانها کانت
عادات مین سی کیونکر ہو سکتی ہی حال یہہ ہی کہ سحور صرف اسی امت کی واسطی ہی تو جواب یہہ ہی کہ سحور سی مراد دوبارہ کہانا ہی کیونکہ یہہ اونکی حق مین

مجری السحور فی حقہم وفی حدیث اخر انہ علیہ السلام قال لا یزال امتی بخیر ما اخروا السحور وعجلوا
مقام سحور کی تہا اور ایک اور حدیث میں ہی کہ آپ نی فرمایا کہ میری امت ہمیشہ بھلائی پر رہیگی جبتک سحر مین تاخیر اور افطار مین
الفطر لکن ینبغی ان لا یؤخر علی وجہ یقع الشک فی طلوع الفجر فان من شک فی طلوع الفجر فالافضل لہ
جلدی کرتی رہینگی لیکن لائق یہہ ہی کہ اتنی تاخیر نکری کہ صبح صادق کی ہونی مین شک پیدا ہوجاوی کیونکہ جسکو صبح صادق مین شک ہو تو اوسکو یہی افضل ہی
ان یترک الاکل تحرزا عن الوقوع فی المحرم ولو اکل فصومہ تام لان الاصل بقاء اللیل ولا یخرج بالشک وروی
کہ نکہاوی ایسا نہو کہ حرام مین واقع ہوجاوی اور اگر اس حال مین کہا لیا تو روزہ پورا ہی اسوسطی کہ اصل تو رات کا باقی رہنا ہی شک سی خارج نہین ہوتا اور مروی ہی
عن ابی حنیفة انہ لو کان فی موضع یتبین لہ الفجر لا یلتفت الی الشک ولو کان فی موضع لا یتبین فیہ
اور ابو حنیفہ سی روایت ہی کہ سحر کہانیوالا اگر ایسی مقام مین ہی تو فجر منکشف ہوجاتی ہی تو شک کا کچہہ اعتبار نہین اور اگر ایسی مقام مین ہی جہان فجر ظاہر
الفجر او کانت اللیلة مقمرة او متغیمة او کان ببصرہ علة تکون مسیئا فی الاکل مع الشک لقولہ علیہ السلام
نہین ہوتی یا وہ رات چاندنی ہو یا کہٹا ہو یا سحر کہانیوالی کی آنکہ مین علت ہو تو اب حالت شک مین کہانا اچہا نہین واسطی ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی
دع ما یریبک الی ما لا یریبک وان کان اکبر رأیہ انہ اکل والفجر طالع فالاحتیاط فیہ ان یقضی ذلک
چہوڑ دو اوسکو جسمین شک ہی طرف اوسکی جسمین تجہکو شک نہین اور اگر اسکی رای مین احتمال غالب یہہ ہو کہ کہانا کہاتی ہوئی صبح صادق ہوگئی تو احتیاط اسمین یہہ ہی
الیوم عملا بغالب الرای لان اکبر الرای کالیقین فیما یبنی علی الاحتیاط وعلی ظاہر الروایة لا قضاء علیہ
غالب احتمال پر عمل کرنی کو اسوسطی کہ احتمال غالب یقین کی مانند ہوتا ہی جہان احتیاط کرنی ہوتی ہی اور ظاہر روایت پر اوسپر قضا نہین ہی
لان الیقین لا یزول الا بمثلہ والاصل بقاء اللیل ولو ظہر ان الفجر قد کان طالعا یلزمہ القضاء
اسواسطی کہ یقین بدون یقین کی نہین جاتا اور اصل یہہ ہی کہ رات باقی ہو اور اگر یہہ معلوم ہوجاوی کہ فجر بیشک ہوگئی تہی تو اوسپر قضا لازم ہی
ولا کفارة علیہ لانہ بنی الامر علی الاصل الذی ہو بقاء اللیل ہذا کلہ حکم التسحر واما الافطار
اور کفارہ نہین ہی اسواسطی کہ بنا اوسنی اصل پر کی کہ رات باقی تہی یہہ سب احکام سحر کی تہی اور رہا افطار
فیستحب تعجیلہ قبل طلوع النجوم لما روی عن سہل بن سعد انہ علیہ السلام قال لا یزال الناس
سو اوسکی تعجیل مستحب ہی ایسا کہ ستاری نکلنی نہ پاوین اسواسطی کہ سہل بن سعد سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہمیشہ خلقت
بخیر ما عجلوا الفطر یعنی ان الناس ما داموا یحفظون ہذہ الخصلة یکونون علی خیر واذا ترکوہا
بہلائی پر رہیگی جبتک افطار مین تعجیل کرینگی مراد یہہ ہی کہ خلقت جبتک اس طریقہ کو نگہ رکہینگی تو بہلائی پر رہینگی اور جب اسکو چہوڑینگی تو
ینقص خیرہم فان السنة ان یعجل الصائم الافطار قبل الصلوة اذا تحقق غروب الشمس لان اہل الکتاب
اونکی بہلائی مین نقصان آویگا کیونکہ طریق مسنون یہہ ہی کہ روزہ دار افطار مین جلدی کری نماز سی پہلی جبکہ آفتاب کا ڈوبنا معلوم ہوجکی اسوسطی کہ اہل کتاب
کانوا یؤخرون الافطار الی اشتباک النجوم ثم صار فی ملتنا شعارا لاہل البدعة وسمة لہم وندب
افطار مین اتنی دیر کیا کرتی تہی کہ ستاری خوب روشن ہوجاوین پہر یہہ ہی ہماری امت مین بدعتیون کی عادت ہوگئی اور طریق ٹہر گیا اور افطار مین تعجیل
تعجیلہ مخالفة لہم وقد روی عن ابی ہریرة انہ علیہ السلام قال قال اللہ تعالی احب عبادی الی اعجلہم
اونکی مخالفت کی لئی مستحب ہی اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ اللہ تعالی فرماتا ہی مجکو محبوب تر وہ بندی ہین جو افطار مین
فطرا فان من کان اکثر تعجیلا فی الافطار فہو احب الی اللہ تعالی لکونہ متمسکا بشریعة نبیہ ومعرضا
جلدی کرتی ہین سو جو شخص افطار مین جلدی کریگا وہ ہی اللہ تعالی کا زیادہ محبوب ہوگا کیونکہ اوسکی نبی کی شریعت کو خوب پکڑا اور شریعت کی مخالفت
عما یخالفہا مع انہ اذا افطر قبل الصلوة یؤدی الصلوة عن حضور القلب وطمانینة النفس فمن کان
بی توجہ کی اور نیز یہہ ہی کہ اگر نماز سی پہلی افطار کریگا تو پہر نماز خوب دلکی حضور اور طبیعت کی قرار سی ادا ہوگی پہر ایسا شخص

بهذه الصفة فهو احب الی الله تعالی ممن لم یکن کذلك وینبغی ان یفطر علی تمر او ما یقوم مقامه
یہ نسبت ایسی شخص کی جو ایسا نہو اور لایق ہی کہ چہوارے سی افطار کری یا جو شیرینی مین اوسکی قایم
اللہ تعالی کا محبوب کیونکر نہین ہوگا

فی الحلاوة کالتین والزبیب وان لم یجده فعلی ماء لما روی عن انس انه علیه السلام کان یفطر قبل
مقام ہو جیسی انجیر یا مویز اور اگر نہ میسر آوی تو پانی اسواسطی کہ انس سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نماز سی پہلی

الصلوٰة علی رطیبات وان لم یکن فتمیرات فان لم یکن حسا حسوات من الماء وقال علیه السلام اذا
تازہ چہوارے سی افطار کرتی اگر نہوتا تو خشک چہوارے اگر یہہ بہی نہوتا تو کئی گہونٹ پانی اور فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نی جب

افطر احدکم فلیفطر علی تمر فانه برکة فان لم یجد فلیفطر علی ماء فانه طهور ویدعوا عند الافطار
کوئی افطار کری تو تمر سی افطار کری کیونکہ یہہ برکت ہی اگر نہ پاوی تو پانی سی افطار کری کیونکہ نہایت پاک ہی اور افطار کی وقت

باهم مهماته فانه من مظان الاجابة کما جاء فی الحدیث ان للصائم عند افطاره دعوة مستجابة
اپنی بڑی سی بڑی مطلب کی دعا مانگی کیونکہ اوسوقت ظن قبولیت کا ہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ روزہ دار کی لئی افطار کی وقت دعا مقبول ہی

وروی عن ابن عباس انه علیه السلام کان اذا افطر قال اللهم لك صمت وبك امنت وعلی رزقك
اور عبد اللہ بن عباس سی روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم افطار کرتی ہوئی یہہ فرماتی اللهم لك صمت الی آخر الٰہی تیری واسطی مین نی روزہ رکہا اور تیری اوپر ایمان لایا

افطرت ووقت الافطار ما روی عن عمر بن الخطاب انه علیه السلام قال اذا اقبل اللیل من ههنا
مین نی روزہ کہولا اور وقت افطار کا وہ ہی وقت ہی جو عمر بن الخطاب کی روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جب یہاں سی رات سامنی آوی

وادبر النهار من ههنا وغربت الشمس فقد افطر الصائم فانه علیه السلام اتی باسم الاشارة ههنا فی
اور یہاں سی دن چلا جاوی اور آفتاب ڈوب جاوی تو روزہ دار نی افطار کری اس حدیث مین دونو جگہہ لفظ ہہنا اسم اشارہ کا بیان فرمایا ہی

الموضعین واشار بالاول الی جانب المشرق لان ظلمة اللیل تظهر اولا من ذلك الجانب واللیل عبارة
اول مقام مین اشارہ مشرق کی طرف ہی سواسطی کہ رات کی تاریکی پہلی اوسہی طرف سی ظاہر ہوتی ہی اور رات اوس ہی

عن ظهور ظلمة اللیل من جانب المشرق واشار بالثانی الی جانب المغرب لان ضوء النهار الحاصل
تاریکی کا نام ہی جو مشرق کی طرف سی پیدا ہوتی ہی اور دوسری مقام مین مغرب کی طرف اشارہ فرمایا اسلئی کہ دن کی روشنی جو

من الشمس یذهب الی ذلك الجانب والنهار عبارة عن بقاء الشمس واذا غربت یذهب النهار وعلی
آفتاب سی ہوتی ہی اوسہی طرف کو جاتی ہی اور آفتاب کی باقی رہنی کو دن کہتی ہین جب آفتاب ڈوب جاتا ہی تو دن جاتا رہتا ہی

هذا یکون غروب الشمس معلوما من قوله وادبر النهار لان الادبار بمعنی الذهاب ولا حاجة الی قوله
اس حال کی موافق آفتاب کا چہپ جانا تو لفظ ادبر النهار سی معلوم ہوچکا تہا اسواسطی کہ ادبار چلی جانی کو کہتی ہین اب اس لفظ کی

وغربت الشمس لکن اتی به لبیان کمال الغروب حتی لا یظن ان بغروب بعض الشمس یجوز الافطار
وغربت الشمس کیا حاجت تہی لیکن پہر بہی یہہ لفظ واسطی بیان کمال غروب کی فرمایا کوئی یہہ خیال نکری کہ آفتاب کی آدہی تہائی ڈوبنی پر بہی افطار جایز ہی

والمعنی ان غروب الشمس اذا تم وکمل فقد دخل الصائم فی وقت الافطار فیجوز له الافطار بل یستحب
مراد یہہ ہی کہ آفتاب کا غروب جب خوب پورا ہوچکی تو روزہ دار کو وقت افطار کا آگیا پہر اوسکو افطار جایز ہی بلکہ تعجیل مستحب ہی

تعجیله لکن فی یوم الغیم لا یستحب تعجیله ولا یفطر حتی یغلب علی ظنه غروب الشمس وان اذن
لیکن ابر کی دن تعجیل مستحب نہین ہی اور افطار ہرگز نہ کری جبتک کہ اسکی گمان غالب مین آفتاب غروب نہولی اگرچہ مغرب کی

للمغرب وان شك فی غروب الشمس لا یحل له الافطار لان الاصل بقاء النهار ولو افطر فعلیه القضاء
اذان ہوچکی اور اگر آفتاب کی غروب مین شک ہو تو افطار حلال نہین ہی اسواسطی کہ اصل دن کا باقی رہنا ہی اور اگر افطار کریگا تو اوسپر قضا ہی

کاتبہ

لاسیما اذا افطر واکبر رایه انه افطر قبل الغروب یجب علیه القضاء عملا بالاصل الذی هو بقاء
خاص ایسی وقت کہ افطار کری اور اوسکی رای مین احتمال غالب ہو کہ غروب سی پہلی افطار کیا تو اوسپر قضا واجب ہی تا کہ اصل پہ ہو جاوی کہ وہ دن کا
النهار بخلاف ما تقدم فی اکل السحور لان الاصل فیه بقاء اللیل ولو تبین ان الشمس لم تغرب ینبغی ان
باقی رہنا ہی بخلاف گذشتہ کی جو سحور کی حال مین گذرا کیونکہ وہان اصل رات کا باقی رہنا ہی اور اگر ظاہر ہو جاوی کہ آفتاب نہین چھپا تو لایق ہی کہ
یجب الکفارة نظرا الی الاصل الذی هو بقاء النهار وکل من افطر خطأ او بنی علی ظن یفسد صومه
بلحاظ اوس اصل کی جو دنکا باقی رہنا ہی کفارہ واجب ہو وی اور جسنی روزہ چوک کر یا گمان سی افطار کیا تو روزہ فاسد ہو جاتا ہی
ویلزمه امساك بقیة یومه ویجب علیه القضاء ولا یجب علیه الکفارة ولا یاثم اما فساد صومه
اور باقی دن ہر امساک لازم ہوتا ہی اور قضا اوسپر واجب ہی اور اوسپر کفارہ نہین آتا اور نہ گنہگار ہوتا ہی روزہ تو اسلئی فاسد
فلانتفاء رکنه بغلط یمکن الاحتراز عنه واما لزوم امساك بقیة یومه فلقضاء حق الوقت بالقدر
کہ غلطی سی اوسکا رکن فوت ہوا جس سی احتراز ہو سکتا تہا اور امساک باقی دن کا اسلئی لازم ہی کہ وقت کا حق جتنا ہو سکی ادا کرنا چاہیی
الممکن ولنفی التهمة عن نفسه لانه اذا اکل ولا عذر به یصیر متهما عند الناس بالفسق والتحرز
اور تا کہ ذمہ پر تہمت نہ رہی اسلئی کہ اگر بلا عذر کہاوی پیویگا تو خلقت کی نزدیک فسق کی تہمت لگی گی اور تہمت کی جگہ سی
عن مواضع التهم واجب لقوله علیه السلام من کان یؤمن بالله والیوم الاخر فلا یقفن مواقف التهم
بچنی رہنا واجب ہی واسطی ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جو شخص اللہ پر اور قیامت کی دن پر ایمان لایا ہو تو تہمت کی جگہ ہرگز نہ کہڑا ہو
واما وجوب القضاء فلانه حق مضمون بالمثل شرعا فاذا فات یجب قضاؤه واما عدم وجوب الکفارة
اور قضا اسواسطی واجب ہی کہ روزہ ایک حق ہی شرع مین اوسکا بدلہ لیا چاہیی اگر وہ فوت ہوا تو قضا واجب ہی اور کفارہ اسواسطی واجب نہین ہی
فلکون الجنایة قاصرة غیر کاملة لعدم القصد واذا لم یوجد القصد ینتفی الاثم ایضا لما روی عن
کہ خطا کسر ہی پوری نہین کیونکہ بلا قصد صادر ہو گئی ہی اور جب قصد نہین ہوتا تو گناہ بہی نہین ہوتا اسواسطی کہ روایت ہی
عمر انه کان جالسا مع اصحابه فی رحبة مسجد الکوفة عند غروب الشمس فی رمضان فاتی بکاس
عمر سی کہ وہ اپنی یارون کی ہمراہ مسجد کوفہ کی صحن مین رمضان مین شام کی وقت بیٹہی تہی سو کوئی شخص
من اللبن فشرب هو واصحابه فامر المؤذن ان یؤذن فلما صعد المؤذن المئذنة رای الشمس فقال
پیالہ دودہ کا لایا پہر عمر نی اور اونکی اصحاب نی پیا پہر مؤذن کو اذان کا حکم دیا جب مؤذن مئذنہ پر چڑہا تو دیکہتا کیا ہی کہ آفتاب موجود ہی بولا
الشمس یا امیر المؤمنین فقال له عمر بعثناك داعیا لا راعیا ما تجانفنا لاثم نقضی یوما مکان
یا امیر المؤمنین آفتاب ہی عمر نی جواب دیا تجہکو اذان پڑہنی کو بہیجا ہی یا آفتاب دیکہنی کو ہمنی گناہ کی طرف رغبت نہین کی ایکدن اسکی بدلی
فقضاء یوم علینا یسیر فان هذا الحدیث یدل علی لزوم القضاء وعدم لزوم الکفارة والاثم
قضا کر دینگی ہمپر ایکدن کی قضا آسان ہی بیشک اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ قضا لازم ہی کفارہ اور گناہ کچہ نہین ہی
لان قوله ما تجانفنا لاثم معناه لم نمل الی الاثم وما تعمدنا فی ذلك ارتکاب المعصیة وکذا کل من
اسواسطی کہ اونکا قول ما تجانفنا لاثم اسکی معنی یہہ ہین کہ ہمنی گناہ کی رغبت نہین کی اور ہمنی اس افطار مین عزم معصیت کا نہین کیا اور ایسی ہی جو شخص
کان اهلا للصوم فی اثناء النهار ولم یکن فی اوله کذلك یلزم امساك بقیة یومه کما اذا اسلم الکافر
آخر روز مین روزہ کا اہل ہو اور اول روز مین روزہ کا اہل نہو تو اوسکو امساک باقی دن کا لازم ہی جیسی کہ آخر روز مین کافر مسلمان
وبلغ الصبی وافاق المجنون وقدم المسافر وبرئ المریض وطهرت الحائض والنفساء فان کل واحد منهم
یا بچہ بالغ یا دیوانہ ہوشیار یا مسافر مقیم یا بیمار چنگا یا حیض نفاس والی عورت پاک ہو جاوی تو ہر ایک کو اونمین سی

يلزمه امساك بقية يومه تشبها بالصائمين والاصل في هذا ان من كان في اثناء النهار على صفة
باقی روز کا امساک روزہ داروں کی طرح لازم ہی اور قاعدہ اسمیں یہ ہی کہ جو شخص درمیانہ روز ایسے حال پر ہو

لو كان عليها في اوله يلزمه الصوم فعليه الامساك ومن لم يكن كذلك لا يجب عليه الامساك
کہ اگر روز میں ویسا ہوتا تو اوسپر روزہ واجب ہوتا تو ایسی شخص پر امساک لازم ہی اور جو ایسا نہو تو اوسپر امساک واجب نہیں ہی

كمن كان مريضا او مسافرا او حائضا او نفساء فان الامساك لا يجب عليهم لتحقق المانع عنه وهو قيام
جیسی کوئی بیمار ہو یا مسافر ہو یا عورت حیض یا نفاس والی ہو ان لوگوں پر امساک واجب نہیں ہی اسواسطی کہ روزہ کا مانع موجود ہی یعنی

هذه الاعذار فيهم فانها كما تمنع عن الصوم تمنع عن التشبه اما في الحائض والنفساء فلان الصوم عليهما
اونمیں یہہ عذرات باقی ہیں ان لوگوں پر جیسی روزہ نہیں ہی ایسا ہی روزہ داروں کی مشابہت بھی نہیں حائضہ اور نفاس والی عورت کو تو اسلئی کہ انپر روزہ

حرام والتشبه بالحرام حرام واما المريض والمسافر فلان الرخصة في حقهما باعتبار الحرج ولو الزمناهما
حرام ہی اور حرام کی ساتھ مشابہت بھی حرام ہی اور مریض اور مسافر کو اسلئی کہ انکی حقمیں باعتبار حرج کی اجازت ہی اور اگر ان پر مشابہت کو لازم کریں

التشبه عاد الحرج ثم الحائض تاكل سرا لا جهرا وكذا اكل من ابيح له الافطار ياكل سرا لا جهرا الا ان يكون
تو وہی حرج کا حرج موجود ہی پھر حائضہ عورت پوشیدہ کہاوی ظاہر نکہاوی اور ایسی ہی جس جس کو افطار کرنا مباح ہی پوشیدہ کہاوی ظاہر نکہاوی ہان جسکا

العذر ظاهرا كالمرض والسفر والنفاس لانه اذا اكل ولم يكن العذر ظاهرا يصير عند الناس متهما بالفسق
عذر ظاہر معلوم ہو وہ ظاہر کہاوی جیسی بیماری اور سفر اور نفاس اسواسطی کہ اگر یہہ کہاویگا اور عذر ظاہر نہیں ہوگا تو خلقت کی نزدیک فسق کی تہمت

الذي هو اكل رمضان والاحتراز عن مواضع التهم واجب كما مر ثم ينبغي ان يعلم ان المريض نوعان نوع
لگی کی یعنی رمضان میں دن کو کہاتا ہی اور تہمت کی جگہ سی احتراز کرنا واجب ہی چنانچہ گزر چکا پھر جاننی کی بات ہی کہ بیمار دو طرح کا ہوتا ہی ایک تو ایسا

لا يضره الصوم بل ينفعه ونوع يضره الصوم وهذا هو الذي يبيح الافطار لان الرخصة لا تتعلق بنفس
جسکو روزہ ضرر نہیں کرتا بلکہ فائدہ کرتا ہی اور ایک ایسا کہ روزہ ضرر کرتا ہی ایسی بیمار کو روزہ افطار کرنا مباح ہی اسواسطی کہ اجازت افطار کی مطلق نفس

المرض بل بوجود المشقة فلابد من معرفته وطريق معرفته قد يكون باجتهاد المريض بان يعلم بنفسه
مرض سی نہیں ہی بلکہ مشقت کا ہونا چاہی اب مشقت کو سمجھنا چاہئی اور طریقہ اوسکی پہچان کا بعضی دفعہ بیمار کی سمجھ پر ہی کہ وہ اپنی آپ تجربہ سی

بالتجربة انه ان صام يزداد المه ووجعه بالصوم وقد يكون باخبار طبيب حاذق مسلم عدل
جان لی کہ اگر میں روزہ رکہونگا تو روزہ رکھنی سی بیمار کہہ اور مرض بڑہ جاویگا اور بعضی دفعہ طبیب کی کہنی پر موقوف ہی لیکن طبیب دانا مسلمان عادل ہو

لا فاسق لان خبر الفاسق في الديانات مردود غير مقبول بخلاف السفر فان الرخصة يتعلق بنفسه
فاسق نہو اسواسطی کہ فاسق کی خبر دیانات میں مقبول نہیں ہی مردود ہی بخلاف سفر کی کیونکہ سفر میں اجازت صرف سفر ہی سی متعلق ہی

لانه لا يخلو عن المشقة فاقيم مقامها وادير الحكم عليه المجلس الثلثون في بيان غائلة من افطر
کیونکہ سفر مشقت سی کبھی خالی نہیں ہوتا سو سفر کو قایم مقام مشقت کی ٹہراکر حکم لگادیا تیسویں مجلس سزا کی بیان میں اوس شخص کی جو ایک دن رمضان کی

يوما من رمضان فيما يجب فيه الكفارة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من افطر
روزہ توڑ دی جسمیں کفارہ واجب ہوتا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسنی رمضان کا ایک روزہ

يوما من رمضان من غير رخصة ولا مرض لم يقض عنه صوم الدهر كله هذا الحديث من حسان
بی اجازت شرعی اور بدون بیماری کی توڑ ڈالا تو اوسکا عوض تمام عمر کی روزی نہیں ہو سکتی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں

المصابيح رواه ابو هريرة وهو وارد على طريق الانذار والتخويف بما يلحقه من الاثم ويفوته من الاجر
ہی ابو ہریرہ کی روایت سی اور یہہ حدیث بر سبیل ڈرانی اور خوف دلانی کی وارد ہوئی ہی کہ روزہ توڑنی میں کتنا گناہ ہی اور کتنا ثواب جاتا ہی

فانه لا يجد فضيلة الصوم المفروض بصوم الدهر كله نافلة وليس معناه انه لو صام الدهر كله بنية قضاء
کیونکہ فضیلت فرض روزہ کی ساری عمر کی نفل روزوں سے نہیں حاصل ہوتی اور یہہ مراد نہیں ہی کہ اگر تمام عمر رمضان کی ایک روزہ کی بدلہ

يوم من رمضان لا يسقط قضاء ذلك فان الاجماع على انه يجزيه قضاء يوم مكانه اما مع الكفارة
قضاء کی نیت سے روزے رکہا کری تو اوسکی ذمہ سے قضاء اوسدن کی ساقط نہیں ہوتی کیونکہ سبکا اتفاق ہوچکا ہی کہ اوسکی بدلہ ایک دن کی قضا کافی ہی یا تو مع

ان كان افطاره بما يوجب الكفارة بما هو غذاء او دواء وبغير الكفارة ان كان افطاره بما لا يوجب الكفارة
کفارہ کی اگر روزہ افطار ایسی چیز سے کیا جسمین کفارہ واجب ہوتا ہی جیسی غذا اور دوا یا بغیر کفارہ کی اگر ایسی چیز سے افطار کیا جسمین کفارہ واجب نہیں ہوتا

مما ليس غذاء ولا دواء من المفسدات للصوم فعلى هذا فالدخان الذى ظهر فى هذا الزمان من قبل الكفرة
جیسی نہ غذا ہو اور نہ دوا روزہ فاسد کرنیوالی چیزونمین سی اس بیان پر دہوان یعنی حقہ جو اس زمانہ مین کفار کی طرف سی

العدوة لاهل الايمان وابتلى به كافة الانام من الخواص والعوام هل يفسد الصوم ام لا فالجواب فيه ان قول
جو اہل ایمان کی دشمن ہین پیدا ہوا ہی اور اسمین تمام خلقت خاص وعام مبتلا ہو رہی ہین آیا روزہ فاسد کرتا ہی یا نہین سو اسکا جواب یہہ ہی کہ

الفقهاء فى عامة الكتب وان كان نصا على ان مطلق الدخان اذا دخل الحلق لا يفسد الصوم لكنهم قالوا فى تعليله
فقہا کا صریح قول عام کتابون مین اگرچہ یہہ ہی کہ مطلق دہوان اگر حلق مین داخل ہوجاوی تو روزہ نہین ٹوٹتا لیکن اوسکی علت یہہ بیان کی ہی

لانه لا يمكن الاحتراز عنه فان الصائم لا يجد بدا من فتح فمه عند التكلم فيدخل الدخان حلقه والقياس
کہ روزہ اوسطی فاسد نہیں ہوتا کہ دہوئین سی بچاؤ نہیں ہوسکتا کیونکہ روزہ دار کو اسکا کیا علاج کہ بات کرنی مین منہ کہولی اور دہوان حلق مین چلا جاوی اور قیاس

ان يفسد صومه لوصول المفطر الى جوفه بفعله وكونه مما لا يتغذى لا ينافى الفساد كالتراب والحصاة وهذا
مین یہہ آتا ہی کہ روزہ جاتا رہی اسوسطی کہ مفطر پیٹ مین اوسکی اختیار سی گیا اور غذا نہونا فساد کی منافی نہین ہی جیسی مٹی اور کنکری سی روزہ فاسد ہوجاتا ہی اور یہہ

التعليل يقتضى ان يكون ذلك الدخان مفسد الصوم لانه يصل الى جوفه بفعله ويدل عليه ما قال قاضيخان
تعلیل چاہتی ہی کہ حقہ کا دہوان روزہ توڑ نیوالا ہو کیونکہ یہہ دہوان اختیار سی پیٹ مین جاتا ہی اور قول قاضی خان کا فتاوی مین اسی پر دلالت کرتا ہی

فى فتاواه وان صب الماء فى اذنه اختلفوا فيه والصحيح انه هو الفساد لانه وصل الى جوفه بفعله فانظر
اور اگر اوسکی کان مین پانی ڈالین تو اسمین اختلاف ہی صحیح یہہ ہی کہ روزہ جاتا رہتا ہی اسواسطی کہ اوسکی اختیار سی اندر جاتا ہی اب دیکہو تو

كيف اعتبر الوصول الى جوفه بفعله فى فساد صومه فانه لو اغتسل فدخل الماء فى اذنه لا يفسد صومه فعلم
اختیار سی اندر جانی کا روزہ ٹوٹنی مین کیسی اعتبار کیا ہی کیونکہ اگر نہاتی ہوئی پانی کان مین چلا جاوی تو روزہ نہین ٹوٹتا اس سی معلوم ہوا

من هذا ان لفعله دخلا فى فساد صومه بل لو نظر الى ما ادعاه مستعملوه من انه دواء يلزم ان يجب الكفارة
کہ روزہ ٹوٹنی مین اختیار کو دخل ہی بلکہ اگر حقہ نوشونکی دعوی کو خیال کرو کہ حقہ دوا ہی تو لازم آتا ہی کہ کفارہ بہی واجب ہو

لان الاصل فى وجوبها وصول الغذاء او الدواء الى الجوف من المسلك المعتاد فى نهار رمضان على وجه التعمد
اسواسطی کہ قاعدہ کفارہ واجب ہونیکا یہہ ہی کہ غذا یا دوا اندر کیطرف عادت کی راہ سی رمضان مین دن کو قصدًا داخل ہو

وهذا المعنى على تقدير صدق دعواهم يكون موجودا فيه ثم انه فى غير حال الصوم حل استعماله ام لا قد كثر
اور یہہ امر اگر اونکا دعوی سچا ہی تو حقہ مین موجود ہی پہر یہہ بات کہ حقہ خالی دنون مین بے روزہ آیا پینا حلال ہی یا نہین تو

فيه الاقاويل والحق الذى عليه التعويل ان الفعل الاختيارى الصادر عن المكلف ان لم يترتب عليه فائدة
اسمین بہت گفتگو ہی اور حق بات جسپر اعتماد ہی یہہ ہی کہ اختیاری کام جو مکلف کی قصد سی صادر ہو تو اگر اوسمین کوئی فائدہ دین کا

دينية او دنيوية فهو دائر بين العبث واللعب واللهو ولم يفرق بين هذه الثلثة فى كتب اللغة ولا بد من الفرق
یا دنیا کا نہو تو وہ کام یا عبث یا لعب اور لہو ہوتا ہی اور لغت کی کتابون کی اندر انمین کچہہ فرق نہین لکہا اور فرق ضرور چاہئی

فائدہ

فائدہ

لعطف بعضها على بعض في القرآن وهو على ما ذكره بعض الفحول وكان حقيقا بالقبول ان العبث الفعل الذي
اسواسطی کہ قرآن میں ایک کو ایک پر عطف کیا ہے اور وہ فرق موافق بیان بعضی علماء کی جو لائق قبول کرنے کی ہے یہہ ہے کہ عبث وہ کام ہوتا ہے
ليس فيه لذة ولا فائدة واما الذي فيه لذة بلا فائدة فهو لعب ومثله اللهو الا ان فيه زيادة حظ النفس
جسمیں نہ کچھ لذت اور نہ کوئی فائدہ اور جس کام میں لذت ہو پر بیفائدہ وہ لعب ہوتا ہے اور ایسی ہی لہو ہے پر لہو میں حظ نفس زیادہ ہوتا ہے
بحيث يشتغل به عما يهمها والكل حرام لانها لم تذكر في القرآن الا على طريق الذم فلما علم حرمة اللعب واللهو
اسقدر کہ اوسکی شغل میں اوسکی ضرورت کو بھول جاتا ہے اور یہہ سب حرام ہیں اسواسطی کہ قرآن میں جہاں انکا ذکر ہے سو ہجو کی طور پر ہے جب لعب اور لہو
والعبث علم حرمة استعمال تلك الدخان لدخوله اما في اللعب او اللهو او في العبث بل هو بالعبث انسب
و عبث کی حرمت معلوم ہوئی تو حرمت حقہ پینی کی بھی معلوم ہوئی کیونکہ حقہ یا تو لعب ہوگا یا لہو ہوگا یا عبث ہوگا بلکہ حقہ کو عبث سی زیادہ مناسبت ہے
لخلوه عن اللذة التي في اللعب واللهو اللهم الا ان يستلذه نفوس بعض المستعملين له بتسويل شيطاني فيدخل
کیونکہ لذت سی خالی ہے جو لعب اور لہو میں معتبر ہے ہان شاید بعضی حقہ نوشوں کو شیطانی آراستگی سی لذت حاصل ہوگی سو وہ اب
في اللعب او اللهو لكن لا يكون فيه شيء من الفائدة اصلا لا من الفائدة الدينية وهو ظاهر ولا من الفائدة
لعب اور لہو میں داخل ہوگا لیکن حقہ میں کوئی فائدہ ہرگز نہیں ہے نہ تو دین کا یہہ تو ظاہر ہے اور نہ کوئی فائدہ
الدنيوية لانه لا يصلح لشيء من الغذاء او الدواء اصلا بل هو مضر لاطباق الاطباء على ان مطلق الدخان
دنیا کا کیونکہ اسمیں ہرگز اشکال غذا کا ہے نہ دوا کا بلکہ وہ ضرر رساں ہے کیونکہ تمام طبیب اسپر متفق ہیں کہ مطلق دہوان
مضر قال ابن سينا لولا الدخان والقتام لعاش ابن آدم الف عام وقال جالينوس اجتنبوا ثلثة وعليكم باربعة
ضرر کرتا ہے شیخ ابن سینا کہتا ہے اگر دہوان اور غبار نہ ہوتا تو ابن آدم ہزار برس جیا کرتا اور جالینوس کہتا ہے تین چیزوں سے بچنا چاہیے اور چار چیز کا استعمال چاہیے
ولا حاجة لكم الى الطبيب اجتنبوا الدخان والغبار والنتن وعليكم بالدسم والحلوى والطيب والحمام
پھر طبیب کی کچھ حاجت نہیں بچتے رہو دہوئیں اور غبار اور بدبوی اور استعمال کیا کرو چکنائی اور مٹھائی اور خوشبو اور حمام
وذكر في القانون ان جميع اصناف الدخان تجفف بجوهره الارضي وفيه نارية يسيرة قال بعض الفضلاء
اور قانون میں مذکور ہے کہ دہوئیں کی تمام قسمیں باعتبار اپنی جوہر ارضی کی مجفف ہیں اور اسمیں کچھ ناریت ہوتی ہے بعضی فاضل کہتی ہیں
فاذا كان مجففا يكون مجففا للرطوبات البدنية فيؤدي الى حصول امراض كثيرة فلا يجوز استعماله لوجوب
جب دہوان مجفف ہوا تو بدن کی رطوبت کو خشک کریگا پھر اس سی بہت سی بیماریاں پیدا ہونگی تو اسکا برتنا جایز نہیں ہے اسواسطی کہ
صيانة النفس عن لحوق الضرر وقد ذكر في نصاب الاحتساب ان استعمال المضر حرام فان قيل بعض الاطباء
ضرر سی جان کا بچانا واجب ہے اور نصاب الاحتساب میں مذکور ہے کہ مضر کا استعمال کرنا حرام ہے اگر کوئی اعتراض کری کہ بعضی دفعہ
قد يعالجون بعض الامراض ببعض اصناف الدخان ويشاهد نفعه فكيف يصح المنع عن استعمال جميع اصنافه
طبیب بعضی بیماریوں کا علاج بعضی قسم کی دہوئیں سی کرتی ہیں پھر اوسکا فائدہ ظاہر معلوم ہوتا ہے تمام قسم کی دہوئوں سی ممانعت کرنی کیونکر صحیح ہے
فالجواب انهم يعالجون به لحظة يسيرة لا على الدوام حتى يحصل ما ذكر من التجفيف فان قيل ما ذكر من التجفيف
تو جواب یہہ ہے کہ طبیب دہوئیں سی تھوڑی دیر کی واسطی علاج کرتی ہیں ہمیشہ کی واسطی نہیں کرتی تاکہ خشکی پیدا ہو پھر اگر کوئی یہہ اعتراض کری کہ خشکی جو
لا يضر في البلغمي لكثرة رطوباته وانتفاعه بتجفيفها فما وجه المنع فالجواب ان حد الانتفاع به مجهول فلا بد
کسی کو بلغمی مزاج کو ضرر نہیں کرتی کیونکہ بلغمی میں رطوبت بہت ہوتی ہیں اور خشکی سی بلغمی کو فائدہ ہوتا ہے پھر ممانعت کیونکر ہے تو جواب یہہ ہے کہ دہوئیں سی فائدہ لینی کی حد معلوم
في معرفة ذلك من طبيب حاذق عارف بالامزجة والقدر الذي ينتفع به والا فالاقدام عليه غير جائز
نہیں ہے سو اسکے دریافت کرنے کو حاذق طبیب چاہیے کہ مزاجوں سی واقف ہو اور اوس مقدار کو جسمیں نفع ہوتا ہو اور نہیں تو عمل کرنا ہرگز جایز نہیں ہے

اصلا

اصلا لوقوع التردد بين السلامة وعدمها فان العدول ممن كانوا استعملوه قد اختلفوا فيه فمنهم
اور اسکی کہ سلامتی اور عدم سلامتی میں شک ہی کیونکہ منصف عادل حقہ نوشوں کو اسمین اختلاف ہی بعضی اونمین سی

من يقول بضرره ومنهم من يقول بعدم ضرره ومنهم من يشك فيه لكن الفريق الاغلب الذي جانب الحق
ضرر کی قائل ہیں اور بعضی کہتی ہین ضرر نہیں ہی اور بعضوں کو ضرر میں شک ہی لیکن اکثر اشخاص کہ حق بات اونکی طرف

اليه اقرب يقول انه في ابتدائه يجد قوة في الجسم وحدة في البصر وهضما في الطعام ونشاطا في الاعضاء
قریب تر معلوم ہوتی ہی یہہ کہتی ہین کہ حقہ پہلی تو جسم مین قوت پیدا کرتا ہی اور نگاہ مین تیزی اور کہانی کا ہضم اور اعضا مین سرور

فاذا حصلت المداومة يورث غشاوة في البصر وثقلا في الاعضاء وامساكا في الهاضمة وضعفا في البدن
پہر جب مداومت ہوجاتی ہی تو بینائی پہ پردہ کرتا ہی اور اعضا مین گرانی اور ہضم مین امساک اور بدن مین سستی

وذلك لانه كما قال الاطباء مجفف مع نوع حرارة فيفعل في ابتدائه ما ذكره اولا وفي انتهائه ما ذكره ثانيا على انه
اور یہہ اسلئی کہ جیسا طبیب کہتی ہین کہ دہوان خشکی کرتا ہی کچہ حرارت سی سو ابتدا مین وہ ہی اثر کرتا ہی جو پہلی بیان کیا اور آخر کو وہ کرتا ہی جو پہر بیان کیا علاوہ

لو تحقق نفعه فبعد النفع يمنع من استعماله لانه حينئذ يكون دواء ولا يجوز استعمال الدواء بعد زوال المرض لانه اذا
کہ اگر فائدہ ثابت بہی ہو تو بعد فائدہ کی استعمال کی ممانعت اسلئی ہی کہ حقہ اب دوا ہوا اور دوا کا استعمال بیماری جاتی کی بعد جائز نہین ہی کیونکہ دوا

لم يجد مرضا يزيله يأخذ من البدن فيؤدي الى الضرر وما يؤدي الى الضرر يمنع من استعماله وان كان فيه
اگر بیماری کو نہین پاتی کہ جسکو دفع کری تو پہر بدن مین اثر کرتی ہی پہر اوس سی ضرر ہوتا ہی اور جس چیز مین ضرر ہوتا ہو اوسکا استعمال کرنا منع ہی اگرچہ اوسمین

نفع الا ترى ان الخمر المحرمة بالنص قد اخبر القرآن بنفعها كما قال الله تعالى يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ
فائدہ بہی ہو کیا معلوم نہین کہ شراب جو صریح آیت سی حرام ہی قرآن مین اوسکی فائدہ کی خبر مذکور ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی تجہسی پوچہتی ہین حکم شراب اور جوئی کا

قُلْ فِيْهِمَا اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ لكن جانب النفع اذا قابله جانب الضرر يحمي جانب الضرر حتى قال الفقهاء
تو کہہ اسمین گناہ بڑا ہی اور فائدی بہی ہین لوگون کو لیکن نفع کی جانب سی اگر ضرر کی جانب مقابل ہوجاتی ہی تو ضرر کی جانب ملحوظ ہوتی ہی یہان تک فقہا کہتی ہین

لو كان في شيء وجوه شتى توجب الحل والجواز ووجه واحد يوجب الحرمة وعدم الجواز يرجح جانب الحرمة
اگر ایک چیز مین کئی وجوہ ہون جس سی حلت اور جواز لازم آتا ہو اور ایک جہ ایسی ہو جس سی حرمت اور عدم جواز لازم آتا ہو تو اس واسطی احتیاط کی

احتياطا فان قيل ان المستعملين له يدعون انهم يجدون عقيب استعماله خفة في البدن فكيف يصح القول
حرمت کی جانب کو غالب کہینگی اگر کوئی اعتراض کری کہ حقہ نوش دعوی کرتی ہین کہ حقہ پینی کی بعد بدن مین خفت پیدا ہوتی ہی پہر کیونکر کہتی ہو

بعدم النفع فيه فالجواب على ما ذكره بعض المتناولين لتجربة نفعه وضرره ان المستعملين له يحصل لهم
کہ اسمین فائدہ نہین ہی پس جواب موافق بیان بعضی حقہ نوشون کی جنہون نی اوسکی نفع ضرر کا تجربہ کیا ہی یہہ ہی کہ حقہ نوشونکو حقہ پیتی ہوئی

حال استعماله الم شديد فعند فراغهم عنه ينجون من ذلك الالم ويحصل لهم راحة فيظن هؤلاء المساكين
ایک سخت الم ہوتا ہی جب وہ پی چکتی ہین تو تب اوس الم سی نجات ہوتی ہی اور ایک طرح کی راحت ملتی ہی سو یہہ بیچاری یہہ جانتی ہین

ان تلك الراحة حصلت من استعماله ولا يدرون انها انما حصلت من خلاصهم عن استعماله ثم ان
کہ یہہ راحت حقہ پینی سی حاصل ہوئی ہی یہہ نہین سمجہتی کہ یہہ راحت حقہ موقوف کرنی سی ہوئی ہی پہر

لنا في معرفة حرمة الاشياء واباحتها وجها حسنا يرجع الى الاصول وهو ان الحق في الاشياء قبل البعثة
ہماری پاس واسطی دریافت اشیا کی حرمت اور اباحت کی ایک خوب وجہ ہی اصول سی متعلق ہی وہ یہہ ہی کہ حق یوں ہی کہ بعثت سی پہلی

ان لا يكون فيها حكم وبعد البعثة اختلف العلماء فيها على ثلثة اقوال الاول انها متصفة بالحرمة الا
اشیا مین کوئی حکم حلت اور حرمت کا نہین تہا اور بعثت کی بعد علما کی تین قول اختلافی ہین اول یہہ کہ تمام اشیاء حرام مگر

ما دل دليل الشرع على اباحته والثاني انها متصفة بالاباحة الا ما دل دليل الشرع على حرمته والثالث
جسکو دلیل شرعی نے مباح کر دیا اور دوسرا قول تمام اشیاء مباح مگر جسکو دلیل شرعی نے حرام کر دیا اور تیسرا قول

وهو الصحيح ان يكون فيها التفصيل وهو ان المضار متصفة بالحرمة بمعنى ان الاصل فيها الحرمة وان المنافع
جو صحیح ہے کہ اشیاء میں تفصیل ہے کہ تمام اشیاء ضرر رساں تو حرام یعنی اصل اونمیں حرمت ہے اور اشیاء نفع مند

متصفة بالاباحة لقوله تعالى هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا فانه تعالى ذكره في معرض الامتنان
مباح ہیں واسطے اس آیت کی وہی ہے جسنے بنایا تمہاری واسطے جو کچھ زمین میں ہے سب کیونکہ اللہ تعالی نے یہہ آیت منت دہی کی جگہ پر نازل فرمائی ہے

ولا يكون الامتنان الا بالمنافع المباحة فكانه قيل هو الذي خلق لاجل نفعكم جميع ما في الارض من المنافع لتنتفعوا
اور منت دہی بدون منفعت مباح کی نہیں ہوسکتی گویا یہہ مطلب ہوا کہ اللہ تعالی وہ ہے جسنے تمہاری فائدہ کی واسطے تمام منفعت کی چیزیں جو زمین میں ہیں پیدا

بها وعلى هذا القول الثالث الصحيح يخرج حكم هذا الدخان ايضا فانه لو كان نافعا لكان الاصل فيه الاباحة
تاکہ اوس سے منفعت لو اسی تیسری قول سے جو صحیح ہے حقہ کا حکم بھی نکلتا ہے بیشک حقہ اگر مفید ہوتا تو البتہ اصل میں مباح ہوتا

لكن قد ثبت باخبار الحذاق من الاطباء انه مضر ولو في الآجل فيكون الاصل فيه الحرمة بل لو وقع فيه الشك
لیکن حاذق طبیبوں کی خبر دینے سے ثابت ہوچکا ہے کہ حقہ مضر ہوتا ہے اگرچہ انجام میں پھر اصل حقہ میں حرمت ہے بلکہ اگر ضرر کرنے میں شک ہوتا

لغلب جانب الحرمة كما هو القاعدة الشرعية فانه عليه السلام قال الحلال بين والحرام بين وبينهما مشتبهات
تو بھی حرمت کی جانب غالب ہوتی چنانچہ یہی قاعدہ شرعی ہے کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال ظاہر ہے اور حرام ظاہر ہے ان دونوں کی بیچ میں شبہات ہیں

لا يعلمهن كثير من الناس فمن اتقى الشبهات فقد استبرأ لدينه وعرضه ومن وقع في الشبهات وقع
جسکو اکثر آدمی نہیں جانتے پھر جو شخص شبہات سے بچتا رہا تو اوسنے اپنا دین اور آبرو بچا لی اور جو شبہات میں پھنس گیا تو حرام میں واقع ہوا

تو ہمارا صاحب ہے تو مدد کر ہماری قوم کافر پر ہمپر آسان کرے اللہ تعالی عمل اپنی رضا کی موافق اپنے لطف سے تینتالیسویں مجلس میں

في بيان مسنونية الصلوة عند ظهور الاية المخوفة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا
بیان نماز مسنون ہونیکا وقت ظاہر ہونے نشانی خوفناک کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے فرمایا جب تم کوئی

رايتم اية فاسجدوا هذا الحديث من حسان المصابيح رواه ابن عباس والمراد بالاية العلامة التي يخوف الله تعالى
خوف کی نشانی دیکھو تو نماز پڑھو یہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہے ابن عباس کی روایت ہے اور مراد آیت سے وہ علامت ہے جس سے اللہ تعالی اپنے بندوں کو

بها عباده والمراد بالسجود الصلوة كانه عليه السلام قال يا ايها الناس اذا رايتم علامة من العلامات التي يخوف الله تعالى
ڈراتا ہے اور سجود سے مراد نماز ہے گویا نبی علیہ السلام نے فرمایا اے لوگو جب تم کوئی سی علامت دیکھو علامات میں سے جس سے اللہ تعالی اپنے بندوں کو ڈراتا ہے

بها عباده فتقوموا الى الصلوة نعلى هذا اذا ظهر علامة من العلامات المخوفة كالكسوف والخسوف والزلازل والصواعق
اپنی بندوں کو ڈراتا ہی تو تم نمازمیں مصروف ہوجاؤ اس مضمون کی موافق جب کوئی علامت خوفناک پیدا ہووی جیسی سورج گہن اور چاند گہن اور بھونچال اور بجلی کا گرنا

والامطار الدائمة والريح الشديدة والظلمة الهائلة بالنهار والضوء الهائل بالليل وعموم الامراض والخوف الغالب
اور متصل بارش اور سخت اندھیان اور دن مین اندھیرا ہولناک ورات کو روشنی ہولناک ہو وبائی بیماریان اور دشمن کا قوی

من العدو ونحو ذلك من الاهوال والافزاع ينبغي للناس ان يقوموا الى الصلوة ويصلون ان شاؤا ركعتين
خوف اور ما نند اسکی اور ہول اور خوف تو لوگون کو یہ چاہی کہ نماز مین مشغول ہوجاوین اور چاہین تو دو رکعت پڑھین

وان شاؤا اربعا لان كل ذلك من الايات المخوفة التي يخوف الله تعالى به عباده كما قال تعالى وما نرسل
اور چاہین چار رکعت پڑھین کیونکہ یہ تمام نشان خوفناک ہین جن سی اللہ تعالی اپنی بندون کو ڈراتا ہی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور نشانیان جو ہم

بالايات الا تخويفا وقد روى انه عليه السلام قال اذا رايتم شيئا من هذه الافزاع فافزعوا الى الصلوة فانه
بھیجتی ہین سو ڈرانی کو اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب تم انمین سی کوئی شی خوفناک کی دیکھو تو نماز پڑھنی لگو اسلئی کہ

عليه السلام كان اذا حزنه امر فزع الى الصلوة وعند ظهور علامة من علامات العقوبات كان يامر
نبی علیہ السلام کو جب کسی باب مین حزن پیدا ہوتا تو نماز شروع کردیتی اور ہر وقت پیدا ہونی کسی نشان کی عذاب کی نشانیون مین سی نماز پڑھنی

بالصلوة والدعاء والاستغفار ويشتغل بها حتى ينكشف ذلك عن الناس لانه تعالى قد يرسل علامة من علامات
اور دعا مانگنی اور توبہ کرنیکا امر فرماتی اور آپ بھی انمین مشغول رہتی یہان تک کہ لوگون کی سر پر سی وہ نشان ٹل جاتا اسوسطی کہ اللہ تعالی بعضی نشان عذاب مین سی

العذاب يخوف بها عباده ليتوبوا اليه ويتضرعوا اليه وعلم من هذا كله ان علامة من علامات العذاب اذا
کوئی نشانی پیدا کرتا ہی اور اپنی بندون کو اوس سی ڈراتا ہی تاکہ اوسکی طرف رجوع کرکر گڑگڑاویں اس تمام بیان سی معلوم ہوا کہ علامات عذاب مین سی جب کوئی علامت پیدا ہوئی

ظهرت فالمشروع الاشتغال بالتوبة والاستغفار وبما يرجى ان يرفع به العذاب المخوف من اعمال البر والتقوى
تو توبہ اور استغفار مین اور اون اعمال مین مشغول ہونا مشروع ہی جسمین توقع عذاب ہولناک کی دفع ہونیکی ہو یعنی اعمال نیک اور پرہیزگاری

فان كل ذلك من اعظم ما يستدفع به البلاء واما الاشتغال بالمعاصي والملاهي فلا يستعز زوال البلاء بل
بیشک یہ تمام واسطی دفع کرنی بلا کی بڑا ہی علاج ہی اور مشغول معاصی اور لہو لعب کا سو اس سی بلا نہین ٹلتی بلکہ بلا کی

يقوى وقوعه كما يدل عليه قوله تعالى وما اصابكم من مصيبة فبما كسبت ايديكم وقد روى ان بعض
تندی اور زور پکڑتی ہی چنانچہ اس آیت سی ثابت ہی اور جو پڑی تمپر کوئی مصیبت سو بدلہ اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتھون نی اور روایت ہی کہ ایک

الصالحين قد شكى اليه عن بلاء وقع فيه الناس فقال ما ارى ما انتم فيه من البلاء الا بشوم المعاصي فالعاصي
صالح مرد کی پاس عام بلا کی شکایت گذری جسمین تمام خلقت مبتلا تھی سو اوس صالح مرد نی فرمایا مین اس بلا کو بجز نحوست تمہاری گناہون کی نہین جانتا پس گناہگار آدمی

مشوم على نفسه وعلى غيره اذ لا يؤمن ان ينزل عليه العذاب فيعم الناس خصوصا من لم ينكر عمله لان النهي
منحوس ہوتا ہی اپنی جان پر اور غیرون پر اسلئی کہ یہ بچاؤ کہان ہی کہ اوسپر عذاب نازل ہوکر سب خلقت پر پھیل جاوی خاص اون لوگون پر جو اوسکی عمل کو ناپسند نہین کرتی

عن المنكر واجب فاذا تركه الناس يكون جميعهم مستحقين للعذاب كما روى عن جرير بن عبد الله رضي الله عنه انه عليه السلام
اسوسطی کہ بری بات کی ممانعت واجب ہی جب اس وجوب کو لوگون نی ترک کیا تو سب ہی سزاوار عذاب کی ہونگی چنانچہ جریر بن عبد اللہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی

قال ما من رجل يكون في قوم يعمل فيهم بالمعاصي وهم يقدرون على ان يغيروا عليه ولا يغيرون الا اصابهم
فرمایا نہین کوئی شخص کہ ایک قوم مین رہکر معاصی کیا کری اور حال یہہ ہی کہ اونکو یہ قدرت ہی کہ منع کردین پہ منع نہین کرتی مگر اون سب پر

منه بعقاب قبل ان يموتوا وفي حديث اخر انه عليه السلام قال ان الله تعالى لا يعذب العامة بذنوب الخاصة
جیتی جی عذاب آویگا اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا بیشک اللہ تعالی بعض بعض کی گناہون سی تمام خلقت کو عذاب نہین کرتا

حتى يروا المنكر بين اظهرهم وهم قادرون على ان ينكروه فلا ينكرونه فاذا فعلوا ذلك عذب الله العامة

جبتک وہ خلقت امر بد کو اپنی سامنی دیکہیں اور وہ یہہ قدرت رکہتی ہیں کہ منع کریں پہر منع نکریں جب وہ ایسا کرتی ہیں تو پہر اللہ تعالی عوام

والخاصة فان المنكر اذا ظهر بين الناس يجب على كل من يراه ان يغيروه فان لم يغيروا فكلهم عاص بعضهم

وخواص سبکو عذاب کرتا ہی اسلئی کہ کار بد جب سب کی سامنی ہونی لگی تو جو دیکہی سب پر واجب ہی کہ منع کری اگر منع نکرینگی تو پہر سب کی سب گنہگار ہیں

بفعله وبعضهم برضاه وقد جعل الله تعالى بحكمه وحكمته الراضي بمنزلة العاصي ولهذا قال الله تعالى وَاتَّقُوا

بعضی تو عمل کرکر اور بعضی پسند کرکر اور اللہ تعالی نی اپنی حکم اور حکمت سی پسند کرنیوالیکو برابر گنہگار کی ٹہرایا ہی اسی لئی اللہ تعالی نی فرمایا ہی اور بچتی رہو

فِتْنَةً لَا تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْكُمْ خَاصَّةً قال ابن عباس رض في تفسير هذه الاية قد امر الله المؤمنين ان لا يقروا

اور فسادی کہ نہ پڑیگا تم میں سی ظالموں پہ جنکر ابن عباس اس آیت کی تفسیر میں کہتی ہیں بیشک اللہ تعالی مؤمنوں کو امر کرتا ہی کہ امر منکر کو

منكرا بين اظهرهم فيعمهم العذاب فانظر ايها العاقل ان عاقر الناقة كان واحدا من قوم صالح النبي عليه السلام

اپنی سامنی نہ ہونی دیں پہر سب پر عذاب آویگا سوای عقلمند دیکہہ تو حضرت صالح پیغمبر علیہ السلام کی اونٹنی کا کاٹنیوالا تمام قوم میں سی ایک ہی تہا

كما اخبر الله به حيث قال فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَى فَعَقَرَ فتبعه ثمانية فكانوا تسعة كما بينه الله حيث قال

چنانچہ اللہ تعالی اسکی خبر اس آیت میں دیتا ہی پہر پکاری اپنی رفیق کو پہر اسنی چلایا اور کاٹا پہر اوسکی ساتہہ آٹہہ آدمی ہوگئی تو وہ کل نو ہوگئی چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی

وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ فانزل الله تعالى العذاب على قوم صالح النبي عليه السلام

اور تہی اوس شہر میں نو شخص خرابی کرتی ملک میں اور سنوار نکرتی پہر اللہ تعالی نی حضرت صالح نبی علیہ السلام کی قوم پر عذاب بہیجکر

واهلكهم وشمل الاصاغر والبهائم من العذاب شمل الاكابر حين لم ينهوا عاقر الناقة عن عقرها وكذلك سائر الامم

ہلاک کیا اور بچوں اور جانوروں پر وہی عذاب آیا جو بڑوں پر آیا تہا جب اونہوں نی اونٹنی کی قاتل کو قتل سی منع نکیا اور ایسی ہی تمام امتیں معذب

المهلك شمل العذاب صغارهم وكبارهم ونساءهم وحيواناتهم ولهذا كان الله تعالى يامر الانبياء عليهم السلام ان يخرجوا

کہ اونکی بچوں اور بڑوں اور عورتوں اور جانوروں پر عذاب آ گیا اور اسی لئی اللہ تعالی انبیا علیہم السلام کو امر فرماتا تہا کہ مسلمانوں کو ساتہہ لیکر

مع المؤمنين من بين قومهم قبل نزول العذاب مع كون القدرة صالحة لانجائهم وان قعدوا في اماكنهم لكن لا تبديل

اپنی قوم میں سی عذاب کی آنی سی پہلی باہر چلی جاویں باوجودیکہ اونکی بچا لینی کی قدرت ہی اگرچہ وہ اپنی مکانوں میں بیٹہی رہیں پر عادات الہی میں تبدیل نہیں ہوتی

لسنة الله تعالى وقد كان من قاعدة العذاب انه اذا نزل بقوم يعم المستحق وغيرهم ثم يبعثون على نياتهم كما جاء

اور قاعدہ عذاب کا یوں ہی جاری تہا کہ جب کسی قوم پر نازل ہوتا تو مستحق وغیرہ سب پر عام پڑتا تہا پہر اپنی اپنی نیت پر اوٹہینگی چنانچہ

في الصحيحين عن عبد الله بن عمر رض انه عليه السلام قال اذا انزل الله بقوم عذابا اصاب من كان فيهم ثم بعثوا

صحیح بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن عمر رض کی روایت سی آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب اللہ تعالی کسی قوم پر عذاب بہیجتا ہی تو جو لوگ ہیں ہوتی ہیں

على نياتهم وروى عن مالك بن دينار رح انه قرا هذه الاية وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ

سب پہ آتا ہی پہر اپنی اپنی نیتوں پر اوٹہائی جاتی ہیں اور مالک بن دینار سی روایت ہی کہ اونہوں نی یہہ آیت پڑہی اور تہی اوس شہر میں نو شخص خرابی کرتی ملک میں

وَلَا يُصْلِحُونَ قال فكم اليوم في كل محلة وكل جماعة من يفسد في الارض ولا يصلح مع انه تعالى قال فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ

اور اصلاح نکرتی فرمایا آج ہر ہر محلہ اور ہر ہر جماعت میں کتنی ہیں جو ملک میں خرابی کرتی ہیں اور اصلاح نہیں کرتی باوجودیکہ اللہ تعالی فرماتا ہی سو ڈرتی

عَنْ أَمْرِهِ أَنْ تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وقد روى عن ام سلمة رض انها قالت سمعت رسول الله صلى

رہیں جو لوگ خلاف کرتی ہیں اوسکی حکم کا کہ پڑی اونپر کچہہ خرابی یا پہنچی اونکو دکہہ کی مار اور ام سلمہ رض سی روایت ہی کہ وہ کہتی ہیں کہ میں نی رسول اللہ صلی اللہ علیہ

الله عليه وسلم يقول اذا ظهرت المعاصي في امتي عمهم الله بعذاب من عنده فقلت يا رسول الله اما فيهم

وسلم سی سنا کہ فرماتی تہی جب میری امت میں معاصی ظاہر ہونی لگی تو اللہ تعالی کی پاس سی سب پر عذاب آویگا میں نی عرض کیا یا رسول اللہ کیا اوس امت میں

اناس صالحون قال بلى قلت كيف يصنع اولئك قال يصيبهم ما اصاب الناس ثم يصيرون الى

خلق نیکوکار نہو گی فرمایا ہان مینی عرض کیا اونکا کیا حال ہوگا فرمایا اونپر وہ ہی مصیبت ہوگی جو سب لوگون پر پڑیگا انجام اونکا خدا کی مغفرت

مغفرة الله ورضوانه فالظاهر من هذا الحديث ان المؤمن اذا انكر بقدر استطاعته ولم يغير

اور رضامندی ہے ہی اب اس حدیث سی یہہ ظاہر ہوتا ہی کہ مرد مومن اگر تا بمقدور بیزار ہو اور منکر کو سد نکری

المنكر يعمه العقاب في الدنيا دون الآخرة ويدل عليه ايضا ما روى عن عائشة رض انها قالت يا رسول الله

تو اوسکو عذاب دنیا مین عام ہوگا آخرت مین نہوگا اور یہہ ہی مضمون عائشہ رض کی روایت سی ثابت ہوتا ہی کہ مینی عرض کیا یا رسول اللہ

ان الله تعالى اذا انزل سطوته باهل الارض وفيهم صالحون فيهلكون بهلاكهم فقال يا عائشة ان

اللہ تعالی جب اپنا قہر زمین کی باشندون پر اوتارتا ہی تو اون مین نیکوکار بہی ہوتی ہین کیا وہ بہی اونکی ساتہہ ہلاک ہوتی ہین فرمایا یا عائشہ

الله تعالى اذا انزل سطوته باهل نقمة وفيهم صالحون فيصيبون معهم ثم يبعثون على نياتهم والمرء

اللہ تعالی جب اپنا قہر عذاب والون پر نازل کرتا ہی اور اون مین صلحا بہی ہوتی ہین تو وہ بہی اونکی ساتہہ مصیبت مین آجاتی ہین پہر اپنی اپنی نیتون پر اوٹھتی ہین اور آدمی

لا يسمى صالحا الا اذا انكر بمقدار وسعه واما من داهن ولم ينكر مع استطاعته فانه يصير من الفاسقين

صالح جب ہی ہوتا ہی کہ اپنی مقدور تک برائی سی بیزار رہی اور جسنی سستی کی اور باوجود طاقت کی بند نکیا تو وہ فاسقون مین داخل ہوتا ہی

لا من الصالحين وقد ضرب رسول الله صلى الله عليه وسلم للمداهن في حدود الله والواقع فيها مثلا

صلحا مین نہین رہا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی ایک مثال بیان فرمائی ہی حدود الہی مین سستی کرنیوالی کی اور جو حدود الہی مین مبتلا ہی

فقال عليه السلام مثل المداهن في حدود الله تعالى والواقع فيها مثل قوم استهموا سفينة فصار بعضهم

سو فرمایا مثال حدود الہی مین سستی کرنیوالی کی اور جو حدود مین مبتلا ہی ایسی ہی گویا ایک قوم نی کشتی حصہ وار لی پہر کوئی تو

في اسفلها وجاء بعضهم في اعلاها فكان الذي في اسفلها يمر بالماء على الذين في اعلاها فتأذوا به فاخذ فاسا

نیچی کی درجہ مین آیا اور کوئی اوپر کی درجہ مین آیا اور جو کہ نیچی کی درجہ مین تہا وہ اوپر والون کی پاس پانی لینی آتا جاتا اونکو اس سی ایذا ہوئی اب اوسنی کلہاڑا لیکر

فجعل ينقر السفينة فاتوه فقالوا ما لك فقال تاذيتم بي ولا بد من الماء فان اخذوا على يديه انجوه ونجوا انفسهم

کشتی مین چہید کرنا شروع کیا اونہون نی اوسکی پاس آکر پوچہا تو کیا کرتا ہی کہا تمکو مجہسی ایذا ہوتی ہی اور مجکو پانی کی ضرورت ہی اب اگر اونہون نی اوسکا ہاتہہ پکڑ لیا تو اوسکو بچا لیا اور اپنی

وان تركوه اهلكوه واهلكوا انفسهم فانه عليه السلام قد ادرج في تمثيله هذا جملة من الفوائد منها ان الدين

جان بہی بچائی اور اگر اوسکو چہوڑ دیا تو اوسکو مارا اور آپ بہی مری بیشک نبی علیہ السلام نی اس تمثیل مین بہت فائدی درج کئی ہین ایک یہہ ہی کہ دین

كالسفينة فان السفينة كما تكون سبب النجاة في الدنيا كذلك الدين يكون سبب النجاة في الآخرة ومنها ان

مثل جہاز کی ہی سو جہاز جیسی دنیا مین ڈوبنی سی بچاتا ہی ایسی ہی دین آخرت مین بچاتا ہی اور ایک یہہ ہی

سكوت اهل السفينة عمن يريد ان ينقر كما يكون سبب هلاكهم في الدنيا كذلك سكوت المسلمين عن الفاسق

کہ کشتی والون کا چپ رہنا اوسکی حال سی جو کشتی مین چہید کیا چاہتا ہی جیسی دنیا مین اونکی ہلاکت کا سبب ہی ایسی ہی چپ رہنا مسلمانون کا فاسق کی حال سی

وعدم الانكار عليه يكون سبب هلاكهم في الدنيا والآخرة ومنها ان قول الناقر انما انقر فيما يختص لي كما لا ينجي

اور اوسپر انکار نکرنا دنیا اور آخرت مین اونکی ہلاکت کا سبب ہی اور ایک یہہ ہی کہ سوراخ کرنیوالی کا یہہ کہنا کہ مین تو اپنی حصہ مین چہید کرتا ہون جیسی

من كان في السفينة من الهلاك كذلك لا ينجي المؤمنين من الاثم والعقوبة قول الجاني انما اجني على ديني كاعملي

اورون کو جو کشتی مین ہین ہلاکت سی نہین بچاتا ایسی ہی اور مومنین کو گنہگار کا یہہ کہنا گناہ اور عقوبت سی نہین بچاتا کہ مین اپنی دین پر گناہ کرتا ہون تمہاری دین پر نہین

دينكم عليكم انفسكم ما تريدون مني لي عملي ولكم عملكم كل شاة تعلق بعرقوبها ونحو هذه الكلمات التي تجري

تم اپنی سنبہالو تمہین مجہسی کیا غرض میری لئی میرا کیا تمہاری لئی تمہارا کیا ہر ایک بکری اپنی پانوسی بندہتی ہی اور ایسی ایسی اور باتین جو عوام

على ألسنة العوام الذين لا يعلمون ان شوم فعله وسوء عاقبته فساده يشمل الجميع ومنها ان قيام اهل السفينة
کی زبان پر گزرتی ہیں جو یہ نہیں جانتے کہ نحوست اوسکی عمل کی اور انجام برا اوسکی فساد کا سب پر آتا ہی اور ایک یہہ ہی کہ اہل سفینہ کا کھڑا ہونا

ومنع من يريد خرقها كما يكون سبب النجاة جميع اهل السفينة من الغرق كذلك قيام اهل الدين ومنع المنكر
کشتی توڑنیوالی کو منع کرنا جیسا تمام اہل سفینہ کو ڈوبنی سی بچاتا ہی ایسی ہی دینداروں کا مستعد ہوکر کھڑا ہونا اور منکر سی روکنا

يكون سبب النجاة جميع المسلمين من الاثم والعقوبة ومنها ان خرق السفينة كما لا يقدم عليه الا من هو احمق
گناہ اور عقوبت سی تمام مسلمانوں کی نجات کا سبب ہوتا ہی اور ایک یہہ ہی کہ کشتی کا توڑنا جیسی وہ ہی شخص اختیار کرتا ہی جو ایسا احمق ہو

يستحسن ما هو قبيح فى الحقيقة ولا يعلم هلاكه كذلك لا يقدم على المعصية الا من يستحسنها ولا يعلم ما فيها
کہ اچھا بد امور کو نیک سمجھی اور ڈوبنی سی واقف نہو ایسی ہی معصیت کو وہ ہی شخص اختیار کرتا ہی جو اوسکو نیک سمجھی اور یہہ نجانی کہ اسمیں

من عظيم الاثم واليم العقاب اذ لو علم يقينا انه بمعصيته يفعل فى دينه من الضرر ما يفعله خارق السفينة لما
کتنا بڑا گناہ اور کیسا سخت عذاب ہی کیونکہ اگر یقینا یہہ جانتا کہ معصیت میری دین کو ایسا نقصان کرتی ہی جیسی کشتی کا توڑنیوالا کرتا ہی تو معصیت کو کبھی

اقدم عليها ابدا ومنها ان واحدا من اهل السفينة اذا انكر على الذى يريد خرقها واعترض عليه واحد منهم
اختیار نکرتا اور ایک یہہ ہی کہ کوئی اہل سفینہ میں سی جب اوس کشتی توڑنیوالی کو تنبیہ کری اب اگر کوئی اور شخص اونمیں سی اسپر یہہ اعتراض کری کہ تجھی کیا کام

فان ذلك المعترض كما ينسب الى الحمق وقلة العقل وعدم العلم بعاقبة هذا الفعل من جهة كون المانع من
تو بیشک یہہ اعتراض کرنیوالا جیسی احمق اور بیوقوف اور اس حرکت کی انجام سی نادان کہلاویگا اوسکی روکنی والا

الخرق ساعيا فى نجاة المعترض وغيره من الهلاك كذلك من يعترض على من يغير المنكر لا يعترض عليه الا
کشتی کی توڑنی سی معترض وغیرہ کو ہلاک ہونی سی بچاتا ہی ایسی ہی جو شخص اوسپر اعتراض کری جو منکرات سی منع کرتا ہی تو وہ اعتراض

من عظيم حمقه وقلة عقله وعدم علمه بعاقبة المعصية وشومها فان من يغير المنكر يكون قائما باسقاط الفرض
بڑی حماقت اور بیوقوفی اور معصیت کی انجام اور نحوست کی نادانی سی ہی بیشک جو شخص منکرات کو روکتا ہی تو وہ اسلئی اداکرنی فرض کی

المتوجه على المعترض وغيره وساعيا فى نجاتهم من الاثم وخلاصهم من العقوبة ومنها ان اهل السفينة اذا سكتوا
جو معترض وغیرہ پر آتی کوشش کرتا ہی اور اونکو خطاسی بچانی اور عقاب سی چھوڑانی میں سعی کرتا ہی اور ایک یہہ ہی کہ کشتی والی اگر توڑنیوالی سی

عمن يريد خرقها ولم يمنعوه فانهم كما يكونون سواء فى الهلاك معه ولا يميز الخارق من غيره ولا الصالح من الطالح كذلك
چشم پوشی کرینگی اور اوسکو منع نکرینگی تو یہہ سب جس حال میں ہونگی اوسکی ساتھ ڈوبنی میں برابر ہونگی اور یہہ نہ معلوم ہوگا اونمیں توڑنیوالا کونسا ہی اور نیک کون اور برا

اهل الاسلام اذا سكتوا عن تغيير المنكر يعمهم العذاب ولا يميز بين مرتكبه الاثم وغيره ولا بين الصالح منهم وغيرها
ہی اور بدکار کونسا ایسی ہی اہل اسلام جب منکرات کی روکنی میں چشم پوشی کرینگی تو سب پر عذاب آویگا یہہ پہچان ہوگی منکر کا عمل کرنیوالا کونسا ہی اور صاف کونسا ہی اور

ولذلك قال النبى عليه السلام لا تزال لا اله الا الله بنفع من قالها وترد عنهم العذاب والنقمة ما لم يستخفوا بحقها
پہچانیگا اور بدکار کی اسی واسطی ہی علیہ السلام نی فرمایا کلمہ لا اله الا الله جو اسی پڑھنیگا ہمیشہ فائدہ دیتا رہیگا اور اوسپر سی عذاب اور قہر کو ہٹاتا رہیگا جبتک اوسکی حق کو خفیف

قالوا يا رسول الله وما الاستخفاف بحقها قال يظهر العمل بمعاصى الله تعالى فلا ينكر ولا يغير فانه عليه الصلوة والسلام
عرض کیا یا رسول اللہ اوسکا حق کیونکر ضعیف ہوتا ہی فرمایا جب اعمال بد ظاہر ہونی لگیں پہر نہ کوئی اوسکو ناپسند کری اور نہ کوئی بند کری بیشک نبی علیہ السلام نی

اخبر فى هذا الحديث ان ترك الانكار والتغيير يكون استخفافا بكلمة التوحيد فلا يرد العذاب عن الناطقين بها
اس حدیث میں ارشاد فرمایا کہ انکار اور تغیر کی ترک کرنی میں کلمہ توحید کی خفت ہوتی ہی سو کلمہ پڑھنی والوں پر سی عذاب کو دفع نہیں کریگا

لكن ينبغى ان يعلم ان الفعل الذى يجب انكاره يشترط ان يكون منكرا سواء كان من الصغائر او من الكبائر ان وجوب
پر یہہ بہی یاد رکہنا چاہیئی کہ جس کام سی انکار کرنا واجب ہی تو اسمیں شرط یہہ ہی کہ وہ مذموم ہو پہر برابر ہی صغیرہ ہو یا کبیرہ اسواسطی کہ وجوب

الانكار لا يختص بالكبائر بل يعم الصغائر ايضا ولا يشترط في كونه منكرا ان يكون معصية فان من راى صبيا او
انکار کچھ کبایر ہی سی خاص نہیں ہی بلکہ صغایر سی بھی چاہیئی اور منکر ہونی میں یہہ شرط نہیں ہی کہ معصیت ہو اگرچہ کیونکہ جو شخص نابالغ لڑکی یا
مجنونا يشرب الخمر فعليه ان يريق خمره ويمنعه من الشرب وكذا لو راى واحدا منهما يفعل شيئا من المنكرات
باولی کو شراب پیتا دیکھی تو اوسکو لازم ہی کہ شراب کہ پھینکدی اور پینی سی منع کردی اور ایسی ہی اگر کسیکو اونمین سی کوئی اور منکر عمل کرتی ہوئی دیکھی
يجب عليه ان يمنعه وليس هذا الفعل لكون فعلهما معصية اذ لا يسمى فعلهما معصية بل لكونه منكرا ومما
تو اوسکو واجب ہی کہ منع کری اور یہہ ممانعت اسلئی نہیں ہی کہ وہ اوسکی حق میں معصیت ہی اسوسطی کہ نابالغ اور باولی کی اعمال معصیت نہیں ہوتی بلکہ اسلئی کہ منکر ہی اور
ينبغي ان يعلم ايضا ان تغيير المنكر لا يختص بالحاكم ولا يتوقف على اذنهم بل يجب على كل احد بحسب استطاعته
یہہ بھی یاد رکھنی کی بات ہی کہ منہیات سی روکنا صرف حاکموں سی خصوصیت نہیں رکھتا اور نہ اونکی اجازت پر موقوف ہی بلکہ ہر ایک پر اوسکی طاقت کی موافق واجب ہی
وان لم يكن ماذونا من جهتهم سواء كان رجلا او امراة او حرا او عبدا كما عليه الاجماع لما روي عن ابي سعيد الخدري رض
اگرچہ حاکموں کی طرف سی مامور نہ ہو برابر ہی کہ مرد ہو یا عورت آزاد ہو یا غلام جیسا کہ اسپر امت کا اجماع ہوا اسوسطی کہ ابو سعید خدری سی روایت ہی
انه عليه السلام قال من راى منكم منكرا فليغيره بيده وان لم يستطع فبلسانه وان لم يستطع فبقلبه
کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو کوئی تم میں سی منکر کو دیکھی تو چاہیئی کہ ہاتھ سی روک دی اور اگر یہ طاقت نہو تو زبانی روکی اور اگر یہہ بھی طاقت نہو تو دل سی بیزار رہی
وذلك اضعف الايمان فقوله عليه السلام فليغيره امر ايجاب بالاجماع وقوله من راى منكم عام يشمل الوجوب
اور یہہ ادنی ایمان ہی پس ارشاد علیہ السلام کا چاہیئی کہ روک دی بالاجماع امر ایجاب کی لئی ہی اور آپ کا قول جو کوئی تم میں سی دیکھی عام ہی تمام امت پر واجب ہوتا ہی
جميع الامة لكن قوله تعالى وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ يدل على
پر یہہ آیت اور چاہیئی کہ رہی تم میں ایک جماعت بلاتی نیک کام پر اور حکم کرتی پسند بات کو اور منع کرتی ناپسند کو یہہ دلالت کرتی ہی کہ
انه فرض كفاية وفرض الكفاية اهم من فرض العين والاشتغال به افضل من الاشتغال بفرض العين لان
فرض کفایہ ہی اور فرض کفایہ کا اہتمام فرض عین سی زیادہ ہوتا ہی اور فرض کفایہ میں مشغول رہنا فرض عین کی شغل سی افضل ہوتا ہی اسواسطی
من يترك فرض العين يختص هو بالاثم ومن يفعله يختص هو باسقاط الفرض عن نفسه واما فرض الكفاية
کہ جو شخص فرض عین کو ترک کریگا تو وہی ایک گنہگار ہوگا اور جو شخص فرض عین کو ادا کریگا تو وہ صرف اپنی ذمہ کا فرض ادا کریگا اور فرض کفایہ
فلو ترك باثم الجميع ولو فعل يسقط الاثم عن الجميع ففاعله ساع في صيانة جميع الامة عن الاثم ولا شك ان من قام
اگر ترک کریگا تو تمام امت گنہگار ہوگی اور اگر فرض کفایہ ادا کریگا تو تمام امت گناہ سی بچیگی پس فرض کفایہ کا ادا کرنیوالا تمام امت کو گناہ سی بچانی میں سعی کرتا ہی اور بیشک جو شخص
مقام جميع المسلمين في اقامة مهم من مهمات الدين يكون افضل ولذلك قال النبي عليه السلام من امر بالمعروف
ضروری امر دینی کی قایم کرنی میں تمام مسلمانوں کا قایم مقام ہو دی وہ بہت بہتر ہی اسی واسطی نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص نیک کام سکھاوی اور
ونهى عن المنكر فهو خليفة الله تعالى في ارضه وخليفة كتابه ورسوله وانما كان كذلك لان الانبياء ما بعثوا
بد کار سی روکی پس وہ زمین میں اللہ تعالی کا اور اوسکی کتاب اور رسول کا خلیفہ ہی اور یہہ خلافت اسلئی ہی کہ انبیاء علیہم السلام اسی واسطی مبعوث ہوئی ہیں
الا للامر بالمعروف والنهي عن المنكر وذلك وظيفتهم التي جاءوا لها فمن تبعهم فيها وامر ونهى يكون نائبا عنهم في هذا
کہ نیک کام سکھاویں اور بد کار سی روکیں اور یہہ ہی اونکا وظیفہ ہی جو لائی ہیں پس اس باب میں جو اونکا پیرو ہو کر نیک کام سکھاوی اور برے کام سی روکی وہ ہی
الامر العظيم وتلي منزلته منزلتهم في هذا الخطب الجسيم سواء كان حاكما او ماذونا من جهته او غير ماذون ثم من
اس امر عظیم میں اونکا نائب ہوویگا اور اسکا رتبہ اس کار معظم میں اونکی رتبہ تک پہنچ جاویگا برابر ہی کہ وہ حاکم ہو یا حاکم کی طرف سی متعین ہو یا غیر متعین ہو پھر جو شخص
كان حاكما او ماذونا من جهته يتعين عليه ذلك ويكون له من اقامة الحدود والتعزير ما ليس لغيره من المسلمين
حاکم ہو یا حاکم کی طرف سی متعین ہو تو اوسکا یہہ ذمہ ہی اور اوسکو بسبب انتظام حدود اور تعزیر کی اتنا ثواب ہوگا جو اور کسی مسلم کو نہوگا

واذا اهمل فعلى كل مسلم ان يامر بالمعروف وينهى عن المنكر بقدر طاقته ثم ان كان الوالي راضيا به بهار ان لم
اور جب وہ سستی کرے تو ہر ایک مسلمان کو لازم ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر حتی الامکان اپنی مقدور کے موافق کیا کرے پھر اگر حاکم اس پر خوش ہو تو کیا بات ہے اور اگر
يكن راضيا بل كان ساخطا فسلطه منكر يجب الانكار عليه لان العلماء قد فهموا من العمومات الواردة في الامر
راضی نہ ہو بلکہ ناخوش ہو تو اوس کی ناخوشی بھی منکر ہے اس سے بھی اوس کا منع کرنا چاہیے اس واسطے کہ علما نے اون عمومات سے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی وارد ہیں
بالمعروف والنهي عن المنكر دخول الامراء والسلاطين تحت تلك العمومات فكيف يحتاج الى اذنهم في الانكار عليهم
یہ بات سمجھی ہے کہ امرا اور سلاطین ان عمومات کے تحت داخل ہیں پھر اونکی اجازت اونکی غلطی کی تردید کرنے میں کیا حاجت ہے اور سلف کی عادت ہے
وقد كان من عادات السلف الانكار على الامراء والسلاطين كما روى ان المامون بن هارون الرشيد بلغه ان رجلا
منع کرنا امراء اور سلاطین کا مقرر تھا چنانچہ روایت ہے کہ مامون بن ہارون رشید کی یہ بات سنا کہ ایک شخص
يمشي في الناس ويامرهم بالمعروف وينهاهم عن المنكر ولم يكن مامورا بذلك من عنده فامر ان يدخل عليه فلما قام بين
لوگوں میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا پھرتا ہے اور مامون کی طرف سے اوسکو یہ حکم نہ تھا تو مامون نے اوسکو طلب کیا جب وہ سامنے آکر کھڑا ہوا
يديه قال بلغني انك رايت نفسك اهلا للامر بالمعروف والنهي عن المنكر وكان المامون جالسا على كرسيه ينظر
تو مامون نے کہا میں سنا ہے کہ تو اپنے تئیں لائق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سمجھتا ہے اور مامون کرسی پر بیٹھا ہوا کتاب کا مطالعہ کرتا تھا
في كتاب يعقل فوقع منه الكتاب فصار تحت قدمه من حيث لا يشعر فقال له الرجل ارفع قدمك عن اسماء الله ثم
سو بیٹھا ہوا کتاب اوس کے ہاتھ سے گر کر پاؤں کی تلے آگئی ایسا کہ مطلق اوسکو خبر نہ ہوئی تو اوس شخص نے کہا اللہ کے نام پر سے پاؤں اوٹھالے پھر
قل ما شئت ولم يفهم المامون مراده فقال ماذا تقول حتى اعاده ثلثا ولم يفهم فقال هل ترفع ام تاذن لي حتى ارفع
جو چاہے سو کہہ مامون اوسکی مراد کو نہ سمجھا کہا تو کیا کہتا ہے آخر اوس شخص نے تین بار یہ کہا پر وہ نہ سمجھا پھر اوس شخص نے کہا کہ تو اوٹھاتا ہے یا مجھے اجازت دیتا ہے کہ میں
فقال دعت فلما توجه الرجل الى الرفع نظر المامون فراى الكتاب تحت قدمه واخذه وقبله ثم عاد وقال لم تامر بالمعروف
اوٹھا دوں مامون نے کہا میں اجازت دی جب وہ شخص اوٹھانے کو جھکا تو مامون نے دیکھا کہ کتاب پاؤں تلے آگئی ہے سو اوٹھا کر چوم لی پھر وہی بات کہی کہ تو کیوں امر بالمعروف
وتنهى عن المنكر وقد جعل الله ذلك الينا ونحن من الذين قال الله تعالى فيهم ﴿الَّذِينَ إِنْ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ
اور نہی عن المنکر کرتا ہے یہ کام تو اللہ تعالیٰ نے ہمکو دیا ہے اور ہم لوگ ہیں جنکی حق میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ کہ اگر ہم اونکو مقدور دیں ملک میں کھڑی کریں نماز
وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ﴾ فقال رجل صدقت يا امير كما وصفت نفسك من السلطان والتمكن
اور دیں زکوۃ اور حکم کریں بھلے کام کا اور منع کریں بری سے تب اوس شخص نے کہا امیر المومنین تو سچا ہے جیسا اپنا وصف بیان کرتا ہے صاحب سلطنت اور صاحب مکنت ہر
غير انا اعوانك واولياءك فيه لا ينكر ذلك الا من لا يعرف كتاب الله تعالى وسنة رسوله اما الكتاب فقوله تعالى
ہم تمہاری اس باب میں مددگار اور ساتھی ہیں اس امر کو وہی انکار کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اوسکی رسول کی حدیث کو نہیں جانتا قرآن میں یہ آیت ہے
﴿وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ﴾ واما السنة فقوله عليه السلام
ایمان والے مرد اور عورتیں ایک دوسری کی مددگار ہیں سکھاتی ہیں نیک بات اور منع کرتی ہیں بری سے اور حدیث میں علیہ السلام کا یہ ارشاد ہے
المؤمن كالبنيان يشد بعضه بعضا وهذا كتاب الله وسنة رسوله فان انقدت لهما شكرت لمن اعانك بجرمهما
مسلمان مثل عمارت کی ایک دوسری سے گتھی ہوئی ہیں یہ ہے کتاب اللہ کی اور حدیث اللہ کی رسول کی پس اگر تو ان دونو کا مطیع ہے تو اپنی مددگار کا شکر گذار ہو
وان لم تنقد لهما لزمك منهما فان الذي اليه امرك وبيده عزك قد شرط ان لا يضيع اجر من احسن عملا فقل الآن ما
اور اگر تو ان دونوں کا مطیع نہیں ہے تو ان دونوں کا وبال تیری سر ہے بیشک جسکی طرف تیرا مآل ہے اور جسکی ہاتھ میں تیری عزت ہے اوسنے شرط کی ہے کہ نیکوکار کا اجر ضائع نہیں کرتا اب جو
شئت فتعجب المامون من كلامه وسر به وقال مثلك يليق ان يامر بالمعروف وينهى عن المنكر وامض على ما كنت عليه
چاہے سو کہہ پھر مامون کو اوسکی کلام سے تعجب آیا اور اوس سے خوش ہو کر کہا تجھ سا شخص کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر لائق ہے جا اپنا اوسی کام کئی جا

فاستمر الرجل علی ذلک وقد جری کثیر من ذلک الجماعة من السلف وقالوا لیس من مقتضی رحمة اهل المعاصی ترک
سو وہ شخص اوسی حال پر رہا اور ایسی بہت لوگ سلف میں گذری ہیں وہ یہہ کہتی ہیں گنہگاروں پر رحمت کا مقتضی یہہ نہیں کہ اونکو منع نکری
الانکار علیہم وعدم التعرض لهم بل من کمال الرحمة لهم الانکار علیہم وردهم الی منهج القویم والصراط المستقیم فان المؤمن
اور اونکی حال سی متعرض نہو بلکہ اونکی حال پر بڑی رحمت یہی ہی کہ اونکو منع کرتا رہی اور اونکو روک کر شاہ راہ استوار اور طریق راست پر لادی کیونکہ ایمان والا
اذا سمع باسیر من اساری المسلمین فی ارض العدو یرحمه ویبذل ماله ونفسه فی تخلیصه فکیف لا یجتهد فی تخلیص
جب سنتا ہی کہ کوئی شخص مسلمان دشمن کی ملک میں قید ہو گیا ہی تو اوسپر رحمت کرتا ہی اور اپنا مال اور جان اوسکی چھڑانی میں لگاتا ہی پھر اپنی بھائی مسلمان کی چھڑانی اور بچانی میں
اخیه المسلم وانقاذه اذا راه اسیر نفسه وشیطانه وهما اعدی عدوه فان اعرض عنه وترک اسیرهما
کیونکر سعی نکریگا جب اوسکو نفس اور شیطان کا قیدی دیکھتا ہی اور یہہ دونو سب سی بڑی دشمن ہیں اب جو اس سی بی پروائی کری اور مسلم کو نفس اور شیطان کی قید میں
فذلک من جهله فان المؤمن بانقاذ اسیر من ید عدوه الاصغر یکون ثوابه ما ذکره الله تعالی فی کتابه بقوله
قید رہنی دی یہہ اوسکی جہالت ہی کیونکہ مؤمن کو چھوٹی سی دشمن کی ہاتھ سی قیدی کی چھڑانی میں تو یہہ ثواب ہوتا ہی جسکا اللہ تعالی اپنی کتاب میں یہہ ذکر کرتا ہی
وَمَنْ اَحْیَاهَا فَکَاَنَّمَا اَحْیَا النَّاسَ جَمِیْعًا فما ظنک بمن انقذ اسیر المعاصی من ید عدوه الاکبر وقد اقام العلماء
اور جسنی جلائی ایک جان تو گویا جلایا سب لوگوں کو پھر تیرا خیال کیا ہی اوسکی حق میں جو معاصی کی قیدی کو بڑی دشمن کی ہاتھ سی خلاصی دی اور بیشک علمانی
الامر بالمعروف والنهی عن المنکر مقام جهاد لان منع المسلمین من المعاصی التی تفضی الی دخول النار افضل
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو قایم مقام جہاد کا ٹھرایا ہی اسواسطی کہ مسلمانوں کا معاصی ہی روکنا جو دوزخ میں کھینچ لیجاتی ہیں کفار کی قتال سی
من قتال الکفار فکما لا یجوز فی الجهاد ان یفر واحد من اثنین کذلک فی الامر بالمعروف والنهی عن المنکر من رای
بہت بہتر ہی اب جیسی جہاد میں یہہ جایز نہیں کہ ایک شخص دو کی مقابلہ سی بھاگ جاوی ایسی ہی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں جو کوئی دو شخصوں کو
رجلین علی منکر لا یجوز له ان یترکهما علی منکر بل یجب علیه ان یامر وینهی وان کانوا اکثر وخاف علی نفسه
گنہگار منکر پر دیکھی تو اوسکو جایز نہیں کہ اونکو منکر پہ متوجہ رہنی دی بلکہ اوسکو واجب ہی کہ مواخذہ کری اور اگر زیادہ ہوں اور یہہ اپنی جان کا خوف کری
فهو فی سعة من ترکهم لکن الانکار اولی وافضل اذ قد قیل من قدر علی انکار المعاصی مع الخوف علی نفسه کان
تو اوسکو گنجایش ہی کہ چپ ہو رہی پر منع کرنا تو بھی اولیٰ اور افضل ہی اسواسطی کہ کہتی ہیں جسکو معاصی کی بند کرنیکی طاقت ہو پر جان کا خوف ہو
انکارها مندوبا الیه ومحثوثا علیه لان المخاطرة بالنفوس فی اعزاز الدین مامور بها کما فی قتل الکفار والبغاة
اوسکی مانعت کی محبوب ہی اور نہایت مرغوب کیونکہ واسطی عزت دین کی جان کو خطرہ میں ڈالنا بھی فرمان برداری ہی جیسی کفار اور باغیوں کی قتل میں
وقد روی ان رجلا سال النبی علیه السلام ای الجهاد افضل فقال کلمة حق عند سلطان جائر فانه علیه السلام
اور روایت ہی کہ کسی شخص نی نبی علیہ السلام سی پوچھا کونسا جہاد افضل ہی فرمایا حق بات زبردست حاکم کی سامنی بیشک نبی علیہ السلام نی
جعل کلمة حق عند سلطان جائر افضل الجهاد لان قائلها یجود بنفسه لاعلاء کلمة الحق ونصرة الدین مع کف
حق بات کو زبردست حاکم کی سامنی جہاد سی افضل ٹھرایا اسواسطی کہ حق بیان کرنیوالا واسطی بلندی کلمہ حق اور امداد دین کی اپنی جان تک درگذر نہیں کرتا باوجود یکہ اوسکا ہاتھ
یده عنه بخلاف من یلاقی عدوه فی القتال فانه یبسط یده الیه ویرجوا ان یغلبه ویقتله فلا یکون بذله
رکی ہی برخلاف اوسکی جو صف جنگ میں دشمن کا مقابلہ کرتا ہی کیونکہ یہہ تو دشمن پر ہاتھ چلاتا ہی اور امید کرتا ہی کہ غالب ہوکر اوسکو مار ڈالی سو اس حالت میں
نفسه مع رجاء سلامتها کمن یبذلها مع یاسه من سلامتها لکن ینبغی ان یراعی فیه التدریج فیبدأ فی الانکا
ان کا آگی کر دینا باوجود امید سلامتی کی اوسکی برابر نہیں ہی جو باوجود خوف سلامتی کی جان آگی کر دیتا ہی لیکن لایق یوں ہی کہ اس باب میں آہستگی اور سہولت کی رعایت رکھی پہلی
ر بالاسهل والارفق فانه یبدا اولا بالوعظ والنصیحة والتخویف بالله تعالی وینظر الی العاصی بنظر الرحمة
انکار بطور سہل نرمی کی ساتھہ شروع کری پہلی وعظ اور نصیحت کو شروع کری اور اللہ تعالی سی ڈراوی اور عاصی کی حق میں رحمت کی نظر کری

ويرى اقدامه على المعصية مصيبة على نفسه لكون المسلمين كنفس واحدة فان امرته بالمعروف ونهيته عن المنكر
فهو على شفير جهنم واياك ان تدفعه فترمى به في قعر جهنم اذ قد يتعلق بك فتقع معه فيها وخذ ذلك امره
بالملاطفة والعفو اول مرة فلعله يتعدى عليك بالاذى باليد واللسان فتكون قد ندبته شرا على شر بنهيه
بعد اهلاك نفسك واما اذا لم يرجع بالوعظ والنصيحة وعلم منه الاصرار على المعصية فلا بأس ان يغلظ له
الكلام ويسب من غير فحش مثل ان تقول يا فاسق يا جاهل يا احمق يا ظالم نفسه يا من لا يخاف الله تعالى
ونحو هذا الكلام ويتحرى فيه الصدق فان مثل هذا الكلام صدق في الحقيقة اذ كل من يرتكب المنكر فاسق وهو
احمق لان الاحمق من اتبع نفسه هواها وتمنى على الله تعالى كما ورد في الحديث وليحترز من استرسال الغضب
وخروج الكلام الى ما لا يجوز مما هو كذب صريح وفحش قبيح ومن لم يتمكن من ازالة المنكر لا يضرب مرتكبه
فليضرب بيده ورجله ونحو ذلك فاذا اندفع المنكر يجب ان يكف ولم يجد مثل ما يفعل كثير من الناس من الاسترسال
في الضرب بعد زوال المنكر فان ذلك ليس الا للحاكم ومن لم يستطع ان يغير المنكر بيده ولا بلسانه يكره له تركه
ان يذكر مساوي اخيه المسلم لاحد سوى اهل القوة يقدر على منعه لانه اذا لم يطع الله تعالى بازالة المنكر ولا
بغيبة المسلم

المجلس الرابع والاربعون في بيان صلوة الكسوف والخسوف في ظهور الامور المخوفة

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشمس والقمر آيتان من آيات الله تعالى لا ينخسفان بموت احد
ولا لحيوته فاذا رأيتم ذلك فاذكروا الله تعالى هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه عبد الله بن عباس
وسبب وروده على ما جاء في حديث آخر رواه ابو مسعود الانصاري ان الشمس انكسفت يوم مات ابراهيم ابن رسول
الله صلى الله عليه وسلم فقال الناس انكسفت لموته فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشمس والقمر آيتان من آيات الله

لاینکسفان لموت احد ولا لحیوته فاذا رایتم شیئا من هذه الافزاع فافزعوا الی الصلوة فانه علیه
کسی کی موت اور حیات پر نہیں گہتی جب تم کچہ ایسی ہول اور خوف دیکہو تو نماز پڑہنی شروع کرو پس نبی علیہ السلام نے

السلام قد امر فی هذا الحدیث بالصلوة عند ظهور شیء من هذه الاهوال التی من جملتها کسوف الشمس
اس حدیث مین بروقت ظاہر ہونے ایسی ایسی اہوال کی جنمین سورج گہن بہی داخل ہی نماز کا حکم فرمایا

وعلم من هذا ان المراد من الامر بذکر الله تعالی فی الحدیث السابق الامر بالصلوة فانه علیه السلام
اور اس سے یہہ معلوم ہوا کہ مراد یاد الہی سے جو پہلی حدیث مین مذکور ہی نماز کا حکم ہی کیونکہ نبی علیہ السلام نے

قد صلاها بالجماعة وکان القیاس ان تکون صلوة الکسوف واجبة کما ذهب الیه بعض العلماء
صلوۃ کسوف جماعت سے پڑہی ہی اور قیاس بہی چاہتا ہی کہ صلوۃ کسوف واجب ہو چنانچہ بعضے علما کا یہی مذہب ہی

واختاره صاحب الاسرار لکون الامر للوجوب لکن الجمهور قالوا انها سنة لانها لیست من شعائر
اور صاحب اسرار نے بہی اختیار کیا ہی اسواسطے کہ امر وجوب کے لئے ہوتا ہی پر جمہور علما سنت کہتے ہین کیونکہ یہہ نماز اسلام کی نشانیون مین سے نہین ہی

الاسلام وانما توجد بعروض الکسوف الا انه علیه السلام لما صلاها بالجماعة کانت سنة مشروعة
یہہ جب ہی ہوتی ہی کہ عارضہ گہن کا ہو مگر ان نبی علیہ السلام نے جو یہہ نماز جماعت سے پڑہی ہی تو سنت ہی جماعت سے بلا کراہت

بالجماعة من غیر کراهة وحملوا الامر علی الندب فعلی هذا ینبغی لامام الجمعة اذا انکسفت الشمس ان یصلی
درست ہی اور علمانے اس امر کو استحباب کے لئے رکہا اس بیان کے موافق امام جمعہ کو لازم ہی کہ جب سورج گہن ہو وے تو ہمراہ لوگون کے

بالناس فی الجامع او فی المصلی رکعتین کل رکعة برکوع واحد کهیئة النافلة بلا اذان ولا اقامة ولا
مسجد جامع مین یا عیدگاہ مین دو رکعت پڑہے ہر یک رکعت مین ایک ایک رکوع کرے جیسے نفلین ہوتی ہین نہ اذان پڑہے اور نہ تکبیر کہے اور نہ

خطبة ویقرأ فیهما ما شاء من القرآن ویخفی القراءة عند ابی حنیفة وعندهما یجهر والافضل تطویل
خطبہ اور اون دونو رکعت مین جتنا چاہے قرآن پڑہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک قرارت چپکے سے پڑہے اور صاحبین کے نزدیک پکار کر پڑہے اور دو رکعت مین

القراءة فیهما لان فیه متابعة النبی علیه السلام اذ قد ثبت ان قیامه علیه السلام کان فی الرکعة الاولی
تطویل قرارت افضل ہی اسلئے کہ اسمین نبی علیہ السلام کی متابعت ہی اسواسطے کہ ثابت ہو چکا ہی کہ نبی علیہ السلام کا قیام پہلی رکعت مین

بقدر قراءة سورة البقرة وفی الثانیة بقدر سورة ال عمران ویجوز تخفیفها لان السنة استیعاب
بقدر قرارت سورہ بقرہ کے تہا اور دوسری رکعت مین بقدر قرارت سورہ آل عمران کے تہا اور اسمین تخفیف بہی جایز ہی اسلئے کہ مسنون نماز

الوقت بالصلوة والدعاء لما روی عن مغیرة بن شعبة انه علیه السلام قال ان الشمس والقمر آیتان
اور دعا مین وقت کا پورا کر دینا ہی اسواسطے کہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ سورج اور چاند اللہ تعالی کی نشانیون مین سے

من آیات الله تعالی لا ینکسفان لموت احد ولا لحیوته فاذا رایتموها فادعوا الله تعالی وصلوا حتی
دو نشانیان ہین نہ کسی کی موت پر گہتی ہین اور نہ کسی کی حیات پر جب تم اونکو دیکہو تو اللہ تعالی سے دعا مانگو اور اتنی نماز پڑہو

تنجلی الشمس وهذا الحدیث یفید استیعاب الوقت بالصلوة والدعاء فان خفف احدهما یطول الآخر
کہ سورج صاف ہو جاوے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ نماز اور دعا مین وقت کا پورا کرنا چاہیے اگر ایک رکعت چہوٹی کر دے تو دوسری کو بڑہا دے

وبعد الصلوة یدعو حتی تنجلی الشمس لان السنة فی الادعیة تاخیرها عن الصلوة ثم هو فی الدعاء
اور نماز کے بعد اتنی دعا مانگے کہ سورج صاف ہو جاوے اسواسطے کہ طریق مسنون دعاؤن مین دعا نماز کے پیچہے ہی پہر امام کو دعا مانگنے مین

مخیر ان شاء دعا جالسا مستقبل القبلة وان شاء دعا قائما مستقبل الناس بوجهه او مستقبل القبلة
اختیار ہی چاہے بیٹہ کر رو بقبلہ دعا مانگے اور چاہے کہڑا ہو کر لوگون کی طرف منہ کر کر یا رو بقبلہ ہو کر دعا مانگے

والناس قاعدون مستقبلوا القبلة علی کل حال وان لم یوجد امام الجمعة یصلی الناس فرادی ان شاؤ

اور لوگ بہر حال روبقبلہ بیٹھے رہیں اور اگر امام جمعہ موجود نہو تو سب لوگ علیحدہ علیحدہ نماز پڑہیں چاہیں دو رکعت

رکعتین وان شاؤ اربعا لان هذه الصلوٰة تطوع والاصل فی التطوعات ذلک وکذا فی خسوف القمر

اور چاہیں چار رکعت کیونکہ یہ نماز نفل ہی اور نوافل میں یہی قاعدہ ہی اور ایسی ہی چاند گہن میں

یصلی الناس فرادی ولیس فیه جماعة لتعذر الاجتماع باللیل وربما یکون سببا للفتنة بل یصلی کل واحد

تمام لوگ جدا جدا نماز پڑہیں چاند گہن کی نماز میں جماعت نہیں ہی اسلئی کہ رات کی وقت آدمیوں کا جمع ہونا دشوار ہی اور کبھی وقت آئین فساد کا سبب ہی

بنفسه وکذلک فی انتثار الکواکب والضوء الهائل باللیل والظلمة الهائلة بالنهار والریاح الشدیدة الدائمة

بلکہ ہر ایک اپنی اپنی نماز پڑہ لی اور ایسی ہی ستارہ ٹوٹنی میں اور خوفناک روشنی میں رات کو پیدا ہوجاوی اور خوفناک اندہیرے میں جو دن کو ہووی اور تند آندہی میں

والصواعق والزلازل وعموم الامراض والخوف الغالب من العدو ونحو ذلک من الافزاع و

اور متصل بارش میں اور بجلی گرنے میں اور بہونچال میں اور وبائی بیماریوں اور دشمن کی سخت خوف میں اور سوا اسکی اور ہر ہولناک امور اور

الاهوال یصلی کل واحد بنفسه لعموم قوله علیه السلام فاذا رایتم شیئا من هذه الافزاع فافزعوا

خوفناک اوقات میں ہر ایک اپنی اپنی نماز پڑہ لی واسطی عموم ارشاد نبی علیہ السلام کی جب تم دیکہو ایسا خوفناک امر تو ڈر کر نماز شروع کرو

الی الصلوٰة فان کل ذلک من الایات المخوفة التی یخوف الله تعالی بها عباده کما قال الله تعالی وما نرسل بالایات

کیونکہ یہ سب نشانیاں خوف کی ہیں جس سی اللہ تعالی اپنی بندوں کو ڈراتا ہی جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہی اور نشانیاں جو ہم بہیجتی ہیں

الا تخویفا وجاء فی الحدیث انه علیه السلام قال هذه الایات التی یرسل الله تعالی بها لا تکون لموت

سو ڈرانی کو اور حدیث میں آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا یہہ وہ نشانیاں ہیں جو اللہ تعالی پیدا کرتا ہی یہہ کسیکی موت

احد ولا لحیوته ولکن یخوف بها عباده فاذا رایتم شیئا من ذلک فافزعوا الی ذکر الله تعالی ودعائه

یا کسیکی حیات پر نہیں ہوتی بلکہ اللہ تعالی اپنی بندوں کو ڈراتا ہی جب تم ان میں سی کوئی بات دیکہو تو ڈر کر خدا کی یاد اور دعا اور استغفار کرو

واستغفاره وفی حدیث اخر انه علیه الصلوٰة والسلام قال ان الشمس والقمر ایتان من ایات الله تعالی

اور ایک اور حدیث میں کہ نبی علیہ الصلوٰة والسلام نی فرمایا بیشک سورج اور چاند اللہ تعالی کی نشانیوں میں سی دو نشانیاں ہیں

لا یخسفان لموت احد ولا لحیوته فاذا رایتم ذلک فادعوا الله وکبروا وصلوا وتصدقوا فان کل خیر

کسیکی موت اور کسیکی حیات سی نہیں گہنتی جب تم یہہ حال دیکہو تو اللہ سی دعا مانگو اور بڑائی اسکی یاد کرو اور نماز پڑہو اور خیرات کرو کیونکہ ہر طرح کی خیرات

فی مثل هذه الاهوال والافزاع مامور به لکون الخیرات دافعة للبلیات وروی عن ابن عمر انه علیه السلام

ایسی خوف اور ہول کی وقت موافق حکم کی ہی اسلئی کہ خیرات بلیات کو دفع کرتی ہی اور ابن عمر سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام

کان اذا سمع صوت الرعد والصواعق یقول اللهم لا تقتلنا بغضبک ولا تهلکنا بعذابک وعافنا قبل ذلک

جب گرج اور بجلی کی آواز سنتی تو کہتی الہی ہمکو اپنی غضب سی مت قتل کر اور اپنی عذاب سی مت ہلاک کر اور ہمکو اس سی پہلی معاف کر

وروی عن عائشة انه علیه السلام کان اذا ابصر سحابا ترک عمله واستقبله وقال اللهم انی اعوذ بک من

اور عائشہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام جب ابر دیکہتی تو کام چہوڑ کر اوسکی طرف متوجہ ہوتی اور یہہ کہتی الہی میں تیری پناہ لیتا ہوں

شر ما فیه فان کشفه الله تعالی حمد الله تعالی وان مطر قال اللهم سقیا نافعا وروی عن عائشة ایضا

برائی سی جو اس میں ہی پہر اگر اللہ تعالی اوسکو کہول دیتا تو اللہ کی حمد کرتی اور اگر برستا تو یہہ کہتی الہی بارش فائدہ مند اور حضرت عائشہ سی یہہ بہی روایت ہی

انه علیه السلام کان اذا عصفت الریح قال اللهم انی اسئلک خیرها وخیر ما فیها وخیر ما ارسلت به و

کہ جب تند ہوا چلتی تو نبی علیہ السلام کہتی الہی میں تجہسی اسکی بہلائی مانگتا ہوں اور اوسکی بہلائی جو اوسکی اندر ہی اور اوسکی بہلائی جو اسکی ساتہ

بك من شرها وشر ما فيها وشر ما ارسلت بها وروى عن ابن عباس ان رجلا لعن الريح عند النبي عليه السلام
اور اوسکی برائی سی تیری پناہ لیتا ہوں اور اوسکی برائی سی جو اسکی اندر ہی اور اوسکی برائی سی جو اوسکی ساتھ تونی بھیجا ہی اور ابن عباس سی روایت ہی کہ ایک شخص نی نبی علیہ السلام کی
فقال له النبي عليه السلام لا تلعن الريح فانها مامورة وانه من لعن شيئا ليس له باهل رجعت اللعنة عليه
سامنی ہوا پر لعنت کی تب نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ لعنت مت کر ہیہ تو ماموری اور حال یہہ ہی کہ جو شخص کسی شئی پر لعنت کری کہ وہ قابل لعنت کی نہو تو وہ لعنت اوسی پر پہرتی ہی
وروى عن ابي هريرة انه قال الريح من روح الله تاتي بالرحمة والعذاب فلا تسبوها واسئلوا الله خيرها
اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہوا ایک حکم الٰہی ہی کبہی رحمت لاتی ہی اور کبہی عذاب سو اسکو برا نکہو اور خدا تعالی سی اسکی بہلائی مانگو
وعوذوا من شرها يعني ان الريح من الاشياء التي تجيء من عند الله تعالى كالمطر والبرودة والحرارة وغير
اور اسکی شر سی خدا کی پناہ لو مراد یہہ ہی کہ ہوا وہ شئی ہی جو خدا کی طرف سی آتی ہی جیسی مینہہ اور سردی اور گرمی اور سوای
ذلك تجيء تارة للرحمة وتارة للعذاب فاذا كان مجيئها بامر الله تعالى فلا يجوز سبها بحصول ضرر منها
اسکی کبہی رحمت کی واسطی اور کبہی عذاب کی واسطی جب اسکا آنا خدا تعالی کی حکم سی ہوا تو اسکو برا کہنا جائز نہیں اگرچہ اوس سی ضرر حاصل ہو
بل سبيل العباد فيما يتوهم منها الالتجاء الى الله والاعتصام بحبله والاستعاذة به من شرها ومن شر
بلکہ بندہ کو جب اسمین کچہہ وہم پیدا ہو تو لازم ہی اللہ تعالی کی طرف التجا کرنا اور اوسکی رسی کو مضبوط پکڑنا اور اوسکی شر سی اور جو اوسکی اندر ہی اوسکی شر سی
ما فيها كما روى عن ابي بن كعب انه عليه السلام قال لا تسبوا الريح فاذا رايتم ما تكرهون فقولوا اللهم
پناہ لینی چنانچہ ابی بن کعب سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہوا کو برا مت کہو جب تمکو کچہہ مکروہ معلوم ہو تو یہہ کہا کرو الٰہی
انا نسألك خير هذه الريح وخير ما فيها وخير ما امرت به ونعوذ بك من هذه الريح وشر ما فيها وشر
ہم تجہسی اس ہوا کی خوبی مانگتی ہین اور خوبی اوسکی جو اوسکی اندر ہی اور خوبی اوسکی جو تونی اوسکو حکم دیا اور اس ہوا سی تیری پناہ لیتی ہین اور برائی سی جو اسکی اندر ہی اور برائی
ما امرت به وكذا من نزل منزلا يستعيذ بالله تعالى لما روى انه عليه السلام قال من نزل منزلا فقال
جو تونی اوسکو حکم دیا اور ایسا ہی جو کوئی کسی مکان مین داخل ہو اللہ سی پناہ لی اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص مکان کی اندر جا کر یہہ پڑہی
اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق لم يضره شيء حتى يرتحل منه منزلا وروى عن ابن عباس انه عليه السلام
کہ پناہ لیتا ہوں بوسیلہ اللہ تعالی کی کلمات پوری کی مخلوق کی برائی سی تو اوسکو کوئی ضرر نہیں ہوتا جبتک کہ وہاں سی دوسرا مکان نہ لی اور ابن عباس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام
كان يقول عند الكرب لا اله الا الله العظيم الحليم لا اله الا الله رب العرش العظيم لا اله الا الله رب
سختی کی وقت فرمایا کرتی تہی نہین کوئی معبود سوا اللہ عظیم بردبار کی نہین کوئی معبود سوای اللہ رب عرش بزرگ کی نہین کوئی معبود سوای اللہ پروردگار
السموات السبع ورب الارض ورب العرش الكريم وفهم من هذا الحديث ان ذكر الله تعالى واوصافه العظام
ساتون آسمان کی اور پروردگار زمین اور پروردگار عرش بزرگ کی اس حدیث سی معلوم ہوا کہ اللہ تعالی کا اور اوسکی بزرگ اوصاف کا یاد کرنا
سبب لزوال النقم وقد روى انه عليه السلام قال الا اخبركم بشيء اذا نزل بكم كرب او بلاء فدعا به فرج الله عنه
عقوبت کو دور کرتا ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا سنو مین تمکو ایسی دعا بتاؤں کہ جب تمپر کوئی سختی یا بلا آوی یہہ دعا پڑہو تو اللہ تعالی دور کری
قيل بلى يا رسول الله قال دعاء ذي النون لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَ
کسی نی کہا کہ ارشاد کیجئی عرض کیا ہاں یا رسول اللہ فرمایا دعا یونس کی ہی لا الٰہ کی کوئی حاکم نہیں سوای تیری تو بی عیب ہی مین تہا گنہگار ظالم پہر سن لی ہمنی اوسکی پکار اور
نَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذَٰلِكَ نُنجِي الْمُؤْمِنِينَ وروى انه عليه السلام قال ما من مكروب يدعو بهذا الدعاء
بچا دیا اوس گہٹنی سی اور یون ہی ہم بچا دیتی ہین ایمان والون کو اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا نہین کوئی مصیبت والا کہ یہہ دعا پڑہی
الا استجيب له يسر نا الله تعالى دعوة مستجابة بلطفه وكرمه

مگر قبول ہی ہوگی الٰہی ہمپر دعا مستجاب اپنی لطف اور کرم سی سہل کیجیو

المجلس الخامس والاربعون

پینتالیسوین مجلس مین

في بيان مسنونية صلوة الاستسقاء عند امساك المطر قال رسول الله صلى الله

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
بیان مسنون ہونے نماز استسقا کا بروقت خشکی بارش کی

عليه وسلم ليست السنة بان لا تمطروا ولكن السنة ان تمطروا ولا تنبت الارض شيئا هذا الحديث من صحاح

فرمایا کال اس سے نہیں پڑتا کہ مینہ نہ برسے بلکہ کال اس سے پڑتا ہے کہ مینہ تو برسے پر زمین سے کچھ پیدا نہ ہو یہ حدیث مصابیح کی

المصابيح رواها ابو هريرة ومعناه ان القحط ليس بان لا ينزل عليكم المطر بل القحط ان ينزل عليكم المطر

صحیح حدیثوں میں ہے ابو ہریرہ کی روایت سے اور اسکے معنی یہ ہیں کہ کال یوں نہیں ہوتا کہ تم پر مینہ نہ برسے بلکہ کال یوں پڑتا ہے کہ تم پر مینہ تو برسے

لكن لا ينبت من الارض شيء او ينبت ولكن يهلك ولا يدخل في ايديكم شيء فان وقوع الشدة بعد توقع

پر زمین میں سے کچھ نہ پیدا ہو یا اوگے تو سہی پر ایسا تباہ ہو جاوے کہ تمہارے ہاتھ کچھ نہ آوے بیشک سختی کا آنا بعد امید فراخی

السعة وحصول اسبابها اقطع مما كان اليأس حاصلا من اول الامر وليس هذا نهي عن الاستمطار و

اور حاصل ہونے اسباب فراخی کے بہت ناگوار ہوتا ہے بہ نسبت ناامیدی کے جو پہلے ہی سے حاصل ہو اور یہ ممانعت نہیں ہے کہ مینہ نہ مانگو اور

الاستسقاء بل هو نهي عن اعتقاد حصول الرزق بالمطر وعدم حصوله بعدم المطر فاللازم على العبد ان

استسقا کی دعا نہ کرو بلکہ اس اعتقاد کی ممانعت ہے کہ رزق کا ملنا مینہ پر موقوف ہے اور رزق نہ ملنا مینہ نہ برسنے پر ہے اب بندہ کو لازم یہ ہے

يسلم نفسه الى مولاه ويعتقد ان الخير له في جميع ما يجيء اليه من مولاه وان كان مخالف المراده وهواه فعلى

کہ اپنی جان اپنے صاحب کے حوالہ کردے اور یہ جانے کہ جو کچھ مجھ پر گذرتا ہے مولا کی طرف سے وہی سب سے بہتر اور خیر ہے اگرچہ مراد اور خواہش کے موافق نہو اب اس شرط کے

هذا ينبغي للعبد ان يستمطر ويستسقي ويعلم ان الرزق من الله تعالى فان الاستمطار والاستسقاء سنة

موافق آدمی کو چاہیے کہ مینہ کی دعا مانگے اور استسقا کی دعا کرے اور یہ سمجھے کہ رزق اللہ کا دیا ملتا ہے اسلیے کہ مینہ مانگنے اور استسقا کی دعا کرنی مسنون ہے

لورود الاخبار والآثار الكثيرة فيه فيستحب للحاكم ان يأمر الناس اولا بصيام ثلثة ايام ثم يخرج بهم في اليوم

کیونکہ اس باب میں خبریں اور آثار بہت وارد ہیں سو حاکم کو مستحب ہے کہ پہلے تمام لوگوں سے تین دن کے روزے رکھوا دے پھر چوتھے روز سبکو جنگل میں لیجاوے

الرابع الى الصحراء قيل ينبغي لهم ان يخرجوا ثلثة ايام متواليات لانها مدة ضربت لارباب الاعذار ولم ينقل

کہتے ہیں کہ بہتر یوں ہے کہ تین روز برابر پے درپے استسقا کے لیے جاویں اسواسطے کہ عذر والوں کے لیے یہی مدت مقرر ہے اس سے زیادہ

اكثر من ذلك ويخرجون مشاة في ثياب البذلة التي تلبس كل يوم لا بثياب الزينة كالعيد بل يخرجون

مدت منقول نہیں ہے اور پیادہ پا پہنے پرانے میلے کچیلے کپڑے جو روز مرہ پہنتے ہوں پہن کر جاویں عزت کے کپڑے عید کے دن کے سے پہن کر نہ جاویں

متذللين متواضعين خاشعين لله تعالى ناكسين رءوسهم ويقدمون الصدقة في كل يوم قبل خروجهم

بلکہ اس حالت سے انکسار کرتے ہوئے خدا کا خوف مانتے ہوئے سر جھکائے ہوئے جاویں اور ہر روز عیدگاہ کی طرف چلنے سے پہلے خیرات کیا کریں

الى المصلى فان كل خير في مثل هذه الاوقات مأمور به لكون الخيرات دافعة للعقوبات ويردون المظالم

کیونکہ ایسے ایسے وقتوں میں خیرات کرنیکا حکم ہے اسواسطے کہ خیرات کرنا عقوبات کو دفع کرتا ہے اور حق حقوق لوگوں کے ادا کریں

ويجددون التوبة فان ذلك هو السبب القريب في الاجابة اروي عن كعب الاحبار انه قال اصاب

اور از سر نو خطاؤں سے توبہ کریں کیونکہ بڑا سبب دعا کی جلد قبولیت کا یہی ہے اسلیے کہ کعب احبار سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت موسی نبی

الناس قحط شديد على عهد موسى النبي عليه السلام فخرج موسى النبي عليه السلام ببني اسرائيل الى الاستسقاء

علیہ السلام کے عہد میں لوگوں پر بڑا ہی سخت کال پڑا پس موسی علیہ السلام استسقا کے واسطے بنی اسرائیل کو لیکر

ثلثة ايام فلم يسقوا فاوحى الله تعالى الى موسى النبي عليه السلام اني لا استجيب لكم وفيكم نمام فقال موسى

تین دن تک برابر گئے پر مینہ نہ برسا پھر اللہ تعالی نے موسی نبی کو وحی بھیجی کہ میں تمہاری دعا اسلیے قبول نہیں کرتا کہ تم میں ایک چغل خور ہے پس بولے

نبی

النبي عليه السلام يا رب من هو حتى نخرجه من بيننا فاوحى الله تعالى يموسى انى انهكم عن النميمة فاكون

یا الٰہی وہ کون ہی تاکہ ہم اوسکو اپنی مین سی نکال دین پہر اللہ تعالیٰ نی یہ وحی بہیجی ای موسیٰ مین تمکو چغل خوری سی منع کرتا ہون پہر مین خود

نماما فقال موسى النبي عليه السلام لبني اسرائيل توبوا باجمعكم من النميمة فتابوا فارسل الله تعالى عليهم

چغل خوری کرنی لگون پہر موسیٰ علیہ السلام نی بنی اسرائیل سی فرمایا تم سب نمیمہ سی توبہ کرو سو انہون نی توبہ کی پہر اللہ تعالیٰ نی اونپر

الغيث وروى عن سفيان انه قال بلغني ان بني اسرائيل قحطوا سبع سنين حتى اكلوا الجيف والاطفال

مینہ برسایا اور سفیان سی روایت ہی کہ وہ کہتی ہین مین نی سنا ہی کہ بنی اسرائیل پر سات برس کا قحط پڑا یہان تک کہ مردار اور بچون کو کہا گئی

وكانوا يخرجون الى الجبال ويتضرعون الى الله تعالى فاوحى الله الى انبيائهم انى لا اجيب لكم داعيا ولا ارحم

اور وہ پہاڑون مین جاکر نہایت انکسار سی دعا کیا کرتی پہر اللہ تعالیٰ نی اونکی نبیون پر وحی بہیجی مین تمہارا کا دعا قبول کرون اور نہ

لكم باكيا حتى تردوا المظالم الى اهلها ففعلوا فمطروا وروى ان عيسى النبي عليه السلام خرج مع قومه

تمہاری رونی پر رحم کرون جبتک کہ تم حقداروں کی حقوق ادا کرو سو انہون نی حق ادا کئی تو پہر مینہ برسا اور روایت ہی کہ عیسیٰ نبی علیہ السلام اپنی قوم کو لیکر

ليستسقي فلما ضجروا قال لهم عيسى النبي عليه السلام من اصاب منكم ذنب فليرجع فرجعوا كلهم

دعا استسقا کی لئی باہر گئی جب مینہ نہ برسا تو اونسی عیسیٰ علیہ السلام نی کہا تم مین سی جو گنہگار ہو وہ ہٹ جاوی تب سب کی سب ہٹ گئی

ولم يبق معه الا رجل واحد فقال له عيسى النبي عليه السلام امالك ذنب فقال والله لا اعلم لي ذنب

اونکی ساتہ سوای ایک شخص کی کوئی باقی نہ رہا پہر عیسیٰ علیہ السلام نی اوس سی پوچھا تو نی کوئی گناہ نہین کیا کہا اللہ کی قسم مجکو اپنا کوئی گناہ معلوم نہین

غير اني كنت ذات يوم اصلي فمرت بي امراة فنظرت اليها بعيني هذه فلما جاوزت ادخلت اصبعي

سوای اسکی کہ مین ایک دن نماز پڑھتا تہا میری پاس کو ایک عورت آگئی سو مینی اوسکی طرف اس آنکہ سی دیکہا جب وہ چلی گئی تو مین نی اپنی اونگلی آنکہ

في عيني فانتزعتها فاتبعت المراة بها فقال له عيسى عليه السلام فادع حتى اؤمن على دعائك فدعا

مین ڈال کر آنکہ نکال لی اور اوس عورت کی پیچھی پہینک دی پہر اوس سی عیسیٰ علیہ السلام نی کہا تو دعا مانگ اور مین تیری دعا پر آمین کہون پہر اوسنی دعا کی

فتجللت السماء سحابا فسقوا وروى عن عطاء السلمي انه قال منعنا الغيث فخرجنا نستسقي

پہر ترت آسمان مین گہٹا گہر گئی اور مینہ برسا اور عطاء سلمی سی روایت ہی کہتا ہی کہ ہمپر مینہ برسنا بند ہو گیا سو ہم استسقا کی واسطی نکلی

فاذا نحن بسعدون المجنون في المقابر فنظر الي فقال يا عطاء هذا يوم النشور او بعث من في القبور

اتفاقاً گورستان مین سعدون دیوانہ مل گیا میری طرف دیکہ کر کہنی لگا ای عطا یہہ دن نشر کا ہی یا قبرون سی مردون کی اوٹہنی کا

فقلت لا لكنا منعنا الغيث فخرجنا نستسقي فقال يا عطاء بقلوب سماوية او بقلوب

مین نی کہا نہین تو یہ ہم پر سی مینہ برسنا بند ہو گیا اسلئی استسقا کی واسطی باہر آئی ہین پہر کہا ای عطا آسمانی دل لیکر آئی ہو یا زمینی دل

ارضية فقلت بل بقلوب سماوية فقال هيهات يا عطاء قل للمبهرجين لا يبهرجوا فان الناقد

مینی کہا نہین بلکہ آسمانی دل لیکر آئی ہین پہر کہا افسوس ہی ای عطا کہوٹی شخصون سی کہدی کہوٹ نہ بنین کیونکہ پرکہنی والا

بصير ثم نظر الى السماء فقال الهي وسيدي لا تهلك بلادك بذنوب عبادك ولكن بالمكنون

بینا ہی پہر آسمان کی طرف دیکہ کر کہا الٰہی وسیدی اپنی شہرون کو گنہگار بندون کی بدلی مین ہلاک مت کر لیکن اپنی پوشیدہ

من اسمائك وما وارت الحجب من الائك اسقنا ماء غدقا تحيي به البلاد وتروي به العباد يا من هو على

نامون کی برکت سی اور جو کہ تیری نعمتین پس پردہ ہین ہمکو پانی بہت پلا جسمین تمام شہر زندہ اور بندی سیراب ہو جاوین ای وہ

كل شئ قدير قال العطاء فما استتم الكلام حتى رعدت السماء وابرقت وجاءت بمطر كافواه القرب

ہر شی پر قدرت رکہتا ہی عطا بیان کرتا ہی کہ اوسنی ابہی کلام پورا نہین کی تہی کہ آسمان گرجا اور بجلی چمکی اور مینہ برسنی لگا جیسی مشک منہ کہل جاتا ہی

وروي عن ابن المبارك انه قال قدمت المدينة في عام شديد القحط فخرج الناس يستسقون وخرجت

اور ابن مبارک سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ میں مدینہ میں ایسے سال میں آیا کہ بڑا سخت کال پڑ رہا تھا سو تمام لوگ واسطے دعاء استسقا کی نکلے اور میں بھی

معهم اذ اقبل غلام اسود عليه قطعتا خيش قد اتزر باحدهما والقى الاخرى على عاتقه فجلس الى جنبي فسمعته

انکے ساتھ چلا ناگاہ ایک حبشی لڑکا موٹی کملی کی چیتھڑے لگی ہوئی کہ ایک کا اوس نے تہبند کر رکھا تھا اور دوسرا اپنی مونڈھی پر ڈال رکھا تھا آکر میرے پاس بیٹھ گیا اس میں

يقول الهي اخلقت الوجوه عند كثرة الذنوب ومساوي الاعمال وقد حبست عنا غيث السماء

کہ وہ کہتا تھا الٰہی گناہوں کی کثرت اور اعمال کی برائی سے چہری بگڑ گئی اور مینہ آسمان سے برسنا موقوف ہوا

لتؤدب بذلك عبادك فاسئلك يا حليما ذا اناة يا من لا يعرف عباده عنه الا الجميل ان تسقيهم

تاکہ تیرے بندے ادب پذیر ہوں سو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے حلیم صاحب وقار والے جس کے بندے سوائے [illegible] کے کچھ نہیں جانتے تو ان کو سیراب

الساعة فلم يزل يقول الساعة الساعة حتى اكتست السماء بالغمام واقبل المطر من كل مكان

کر دے پس وہ یہی کہے جاتا تھا ابھی ابھی یہاں تک کہ آسمان میں گھٹا گھر گئی اور ہر طرف سے مینہ برسنا شروع ہوا

فعلى هذا ينبغي للحاكم ان يستسقي بصلحاء الناس وضعفائهم وفقرائهم ولاجل الدواب الهائمة

تمہارے پیچھے آتا ہی جس میں بہتر وہ ہوگا جو ثابت رہی اور توقف کری بسبب کثرت شبہات کی امام غزالی کہتے ہیں یہ قول سچا ہی اسواسطے کہ جو شخص اس زمانہ میں ثابت نہ رہیگا

فيما هم فيه وخاض فيما خاضوا فيه هلك كما هلكوا فإن أصل الدين وعمدته وقوامه ليس بكثرة العبادة والتلاوة والمجاهدة

اور جس میں مشغول ہو رہی ہیں اوس میں مشغول ہو اور انکی ساتھ بحث کرنی لگی تو ہلاک ہو جاویگا جیسے وہ ہلاک ہوئی ہیں کیونکہ دین کی اصل اسکی جڑ اور ستون عبادت کی کثرت اور تلاوت کی زیادتی

بالجوع وغيره وإنما هو بالاحتراز من الآفات والعاهات التي تأتي عليه من البدع والمحدثات التي تؤدي إلى تبديله وتغييره فإنها

بھوک وغیرہ مشقت سی نہیں ہی بلکہ یہ ہی ہے کہ دین کو ان آفات اور صدمات سی بچاوی کہ دین پر بدعتیں و نئی نئی طرح آتی ہیں جن سی دین میں تبدل و تغیر

لكثرتها وشيوعها صارت كلها من شعائر الدين أو من الأمور المفروضة علينا فيا ليت كنا نستر عليها ونعتذر عنها ولو كان

پیدا ہوتا ہے کیونکہ یہ بدعات بسبب کثرت کی ایسی پھیل گئی ہیں کہ دین کی نشان ہیں یا ہماری اوپر فرض ہیں سو کاش کہ ہم ان بدعات کو چھپاتے ہی اور عذر کرتی

كذلك لرجي من التوبة والاستغفار ولكنا أخذناها طاعة وعبادة وجعلنا أهلها متقين في ذلك أناس من سنى إذ

اسواسطے کہ اگر ایسا ہوتا تو توبہ اور استغفار کی امید رہتی پر ہمنی تو ان بدعات کو طاعت و عبادت مان لیا اور ان کے اہل کو متقی سمجھ لیا ...

عمل أو غلط من بعض من تقدمنا وجعلناه قدوة في ديننا فإذا جاء أحد وأنكر علينا ما ارتكبنا من تلك الأمور
جنکی سہو ہوا یا ادنہی غفلت کی یا غلطی کی اور ہمنی اونکو اپنی دین کا پیشوا ٹھہرا لیا ہی پھر اگر کوئی آکر ہمکو اوس بدعت سی جو ہمنی اختیار کر رکھی ہی منع کری اور روکی
فإن كان له توقير في قلوبنا نقول له هذا جائز ذهب إلى جوازه فلان ونذكر بعض من تقدمنا ممن سهى أو عمل أو
تو وہ شخص اگر ایسا ہی کہ اوسکی عزت ہمارے دلمیں ہی تو ہم اوسکا یہ جواب دینگی کہ صاحب یہہ تو جائز ہی فلانا اسکا قائل ہی اور ذکر کرینگی اون بزرگوں کا جنسی سہو یا غفلت یا
غلط وإن كان ممن لا توقير له في قلوبنا نسمعه ما من الكلمات المنكرة ما لا يطيقه ولا نخطر بباله كل ذلك بسبب جهل المركب
غلطی ہوئی کا نام بیان کر دینگی اور اگر وہ مانع ایسا ہی کہ ہمارے دلمیں اوسکی کچھ عزت نہیں تو ہم اوسی ایسی باتیں کہینگی کہ اوسکو برداشت نہ ہوگا اور اوسکی دلمیں گذرا نہوگا یہ سب تمام جہل
فينا لأنا لو رأينا أنفسنا على ما هي عليه من الجهل لقبلنا كلام من أرشدنا إلى الحق وما اقتدينا بمن سهى أو غلط حجة في ديننا
مرکب ہونی کی وجہ سی ہی کیونکہ اگر ہم اپنی نفس کی اپنی جہالت کا خیال کرتی تو حق کا جواب دینیوالی کا راستہ بتاتا ہی مان لیتی اور جن سہو اور غفلت یا غلطی کرنیوالوں کو اپنی دین کی حجت
إذ لا يجوز أن يقلد الإنسان في دينه إلا من هو صاحب الشريعة أو من شهد له صاحب الشريعة بالخير لا من شهد له بالكذب
مقام کرتی سو اسواسطی کہ انسان کو اپنی دین میں صرف صاحب شریعت کی یا جنکی حق میں صاحب شریعت نی بھلائی کی گواہی دی ہی پیروی چاہئی جنکی پیروی نہیں کی
ونهى عن الاعتماد له بقوله عليه السلام خير القرون قرني الذين بعثت فيهم ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم ثم يفشو الكذب
جنکی حق میں صاحب شریعت نی کذب کی گواہی دی ہی کہ آنحضرت نی اوسپر اعتماد کرنی سی منع کیا ہی سب سی بہتر لوگ میری عہد کی ہیں جن میں مبعوث ہوا ہوں پھر وہ لوگ جو اونسی متصل ہیں پھر
فلا تعتمدوا قولهم وأفعالهم إلا من أتى بعدهم بقول في بدعة إنها مستحبة ثم يأتي على ذلك بدليل جازم على أصولهم
سو بھروسہ نکرو اونکی کہنی پر کیونکہ جو کوئی اونکی بعد ہوا یا ہی بدعت کو مستحب کہتا ہی سو اوسپر ایک دلیل اونکی اصول کی مخالف قائم کرتا ہی
فذلك غير مقبول منه لأن التقليد والاقتداء بالغير بمجرد حسن الظن إنما يجوز لمن كان مجتهدا عدلا كاملا كان مقلدا
سو اسکو قبول نکرنا چاہئی اسواسطی کہ غیر کی تقلید و پیروی صرف حسن ظن سی اوسی کی جائز ہی جو مجتہد اور عادل ہو جسکی نہیں کی جو مجتہد مقلد ہو
لكن لما انقطع الاجتهاد منذ زمان طويل انحصر طريق معرفة المجتهد في نقل كتاب معتبر مقبول بين العلماء وأخبار
لیکن مدت دراز ہوئی کہ اجتہاد منقطع ہو گیا طریقہ مجتہد کی معرفت کا صرف یہہ ہی کہ کسی کتاب معتبر مقبول جو علماء کی بیچ میں ہو
عدل موثوق به في علمه وعمله فلا يجوز العمل بكل كتاب ظهر في هذا الزمان كتب جمعها ضعفاء الرجال ولا بقول كل عالم
اور ایسی عادل کی خبر سی جسکی علم اور عمل کا اعتبار ہو سو ہر کتاب پر عمل کرنا جائز نہیں سو اسطی کہ اس زمانہ میں ایسی کتابیں بہت مشہور ہو رہی ہیں جنکو ضعیف لوگوں نی جمع کیا
أدرك الفسق في الناس بعد القرون الثلاثة والمستور في حكم الفاسق فلا بد من العدالة المرجحة لجانب الصدق حتى يجب
اور نہ ہر عالم کی قول پر عمل جائز ہی اسواسطی کہ لوگوں میں بعد قرون ثلثہ کی فسق غالب ہو گیا ہی اور شخص مستور فاسق کی حکم میں ہوتا ہی سو ایسی عدالت کا ہونا ضرور ہی جس سی جانب صدق کا
نقل قوله في الديانات يسر الله تعالى عملا موافقا لرضائه بلطفه وكرمه

المجلس الحادي والخمسون في بيان

غلبہ ہووی تاکہ اوسکا قول دیانات میں معتبر ہووی اللہ تعالی ہمیں عمل موافق اپنی رضا کی اپنی لطف اور کرم سی نصیب کری مجلس اکیاونواں بیان میں

فرضية الصلوة بالكتاب والسنة واجماع الامة والوعيد في حق تاركها

قال رسول الله
فرضیت نماز کی کتاب اور حدیث اور اجماع امت سی اور وعید تارک الصلوۃ کی حق میں رسول اللہ
صلى الله عليه وسلم بين العبد والكفر ترك الصلوة هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه جابر بن عبد الله ومعناه
صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا فرق درمیان بندہ اور کفر کی نماز چھوڑنی کا ہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں سی ہی جابر بن عبد اللہ کی روایت سی اسکی یہہ معنی
ان بين العبد بين أن يصل الى الكفر ان يترك الصلوة وعلم من هذا ان الصلوة اهم اركان الاسلام واقوى الذرائع في
ہیں کہ فرق درمیان بندہ کی اور اسمیں کہ وہ کافر ہو جاوی یہہ ہی کہ نماز کو ترک کر دی اس سی معلوم ہوا کہ نماز بڑا ضروری رکن اسلام کا اور بڑا قوی ذریعہ
دخول دار السلام وهي فريضة على كل مسلم عاقل بالغ سواء كان رجلا او امرأة لا على كافر ولا على مجنون ولا على صبي لا
جنت میں جانی کا ہی اور وہ نماز ہر ایک مسلمان صاحب عقل جوان پر فرض ہی برابر ہی کہ مرد ہو یا عورت کافر پر نہیں اور نہ دیوانہ پر اور نہ بچی پر لیکن

ان الصبی اذا بلغ سبع سنین یؤمر بها واذا بلغ عشر سنین ولم یصلها یضرب علیها لما روی انه علیه السلام قال
بچہ جب سات برس کا ہو جاوے کہ تو نماز پڑھنی سکھاویں اور جب دس برس کا ہو کر نماز نہ پڑھے تو مار کر پڑھانا چاہیے اسلئے کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا
مروا اولادکم بالصلوٰة وهم ابناء سبع سنین واضربوهم علیها وهم ابناء عشر سنین فانهم وان لم یکن الصلوٰة فرضا
کہا کرو اپنی اولاد کو واسطے نماز کے جب سات برس کی ہوں اور ان کو مار کر نماز پڑھاؤ جب وہ دس برس کی ہوں کیونکہ اس عمر میں اگرچہ ان پر نماز فرض نہیں ہے
علیهم الا انهم عند بلوغهم عشر سنین یستحقون بترکها عقوبة الشرع فی الدنیا لیعتادوها ویستانسوا بها فی صغرهم
پر جب وہ دس برس کی ہوں تو نماز چھوڑنے پر دنیا میں سزا اور شرعی سزا کی ہیں تاکہ نماز کی خوگر ہو جاویں اور لڑکپن میں اس سے دل لگاویں
حتی لا یترکوها فی کبرهم وقد ثبت فرضیتها بالکتاب والسنة واجماع الامة اما الکتاب فقوله ان الصلوٰة کانت علی
تاکہ بڑے جوان ہو کر ترک نکریں اور بیشک فرضیت نماز کی قرآن اور حدیث اور اجماع امت سے ثابت ہے قرآن تو یہ آیت ہے یہ نماز ہے مسلمانوں پر
المؤمنین کتابا موقوتا ای فرضا موقتا فدل النص علی ان الصلوٰة فرض موقت محدود باوقات لا یجوز اخراجها عن
وقت باندھا حکم یعنی فرض وقت بندھا ہوا سو یہ آیت دلالت کرتی ہے کہ نماز فرض وقت بندھی ہوئی حد مقرر کی ہوئی وقتوں کی ہے بلا عذر وقت کے
بلا عذر لما روی انه علیه السلام قال من ترک الصلوٰة حتی مضی وقتها ثم قضی عذب فی النار حقبا والحقب ثمانون سنة
ہرگز جائز نہیں اسواسطے کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ جس نے نماز نہ پڑھی اتنی کہ اسکا وقت نکل گیا پھر قضا کی تو دوزخ میں ایک حقبہ عذاب کیا جاویگا اور حقبہ اسی برس کا
والسنة ثلثمائة وستون یوما کل یوم کان مقداره الف سنة والعذر الشرعی المبیح لتاخیر الصلوٰة عن وقتها ستة
اور برس تین سو ساٹھ دن کا ہر دن کی مقدار ہزار برس کی اور عذر شرعی جس سے نماز کی وقت کا ٹلانا مباح ہوتا ہے چھ
اشیاء احدها النسیان والثانی النوم والثالث الاغماء والرابع الجنون والخامس الحیض والسادس النفاس وفیما عدا هذه الاعذار
چیزیں ہیں ایک تو بھول جانا دوسری سو جانا تیسری بیہوش ہو جانا چوتھی دیوانگی پانچویں حیض چھٹی نفاس اور سوای ان عذرات
المذکورة لا یجوز تاخیرها عن وقتها حتی ذکر فی الذخیرة ان امرأة اذا خرج راس ولدها وخافت وقت الصلوٰة تتوضأ
مذکورہ کی نماز میں وقت سے دیر کرنی جائز نہیں ہے یہاں تک کہ ذخیرہ میں یہہ مذکور ہے کہ حاملہ عورت اگر جنتی ہوئی سر بچہ کا نکل چکا ہو اور وقت نماز کا وقت گذرنے کا ڈر ہو
ان قدرت والا تیمم وتجعل راس ولدها فی قدر او حفرة وتصلی قاعدة برکوع وسجود فان لم تستطعهما تومی ایماء یعنی
تو وضو کرے اگر کر سکے نہیں تو تیمم کرے اور اوس بچہ کا سر ہنڈیا میں یا گڑھے میں رکھدے اور نماز بیٹھ کر رکوع اور سجدہ سے ادا کرے اور اگر یہہ نہ ہو سکے تو اشارہ سے مراد یہہ ہے
انها تصلی بحسب طاقتها ولا تترک الصلوٰة لان الصلوٰة لا تسقط عنها ما لم تصر نفساء وذلک بخروج اکثر الولد وکذا من
کہ اوس وقت میں عورت اپنی قدرت کی موافق نماز ادا کرے اور نماز کو نہ چھوڑے اسلئے کہ نماز اوس کی ذمہ سے ساقط نہیں ہوتی جب تک وہ صاحب نفاس نہیں ہوتی اور نفاس جب ہوتا ہے
من هو غرق فی البحر علی لوح وخاف خروج وقت الصلوٰة یدخل اعضاء الوضوء فی الماء بنیة الوضوء ثم یصلی بالایماء ولا یترک
جو دریا کے اندر تختہ پر بیٹھا رہ جاوے اور نماز کا وقت جانے لگے تو اعضاء وضو کو وضو کی نیت سے پانی میں داخل کرے پھر اشارہ سے نماز پڑھلے اور نماز کو ترک
الصلوٰة وکذا من شلت یداه ولم یکن معه احد یوضیه او تیممه یمسح وجهه وذراعیه علی الحائط بنیة التیمم
نکرے اور ایسے جسکے دونوں ہاتھ سن رہ جاویں اور اوسکے ساتھ کوئی ایسا نہو جو وضو یا تیمم کراوے تو اپنا منہ اور ہاتھ کہنیوں تک تیمم کی نیت سے دیوار پر مل لے
ویصلی ولا یجوز له ترک الصلوٰة ولا تاخیرها عن وقتها فانظر ایها العاقل وتامل فی هذه المسائل التی بینها الفقهاء هل
اور نماز پڑھ لے اور اوسکو نماز کا ترک کرنا جائز نہیں اور نہ دیر کرنا وقت سے جائز ہے اب دیکھ تو اے عاقل اور سوچ تو ان مسائل میں جو فقہا نے بیان کئے ہیں کیا
تجد فیها عذرا غیر العجز التام لتاخیر الصلوٰة عن وقتها فضلا عن ترکها والحاصل ان المکلف لا وسعة له فی ترک الصلوٰة
تجھکو تاخیر نماز کا بھی وقت سے سوا عجز تمام کی کوئی عذر ملتا ہے چہ جای کہ ترک کرنا نماز کا حاصل یہہ ہے مکلف کو نماز ترک کرنے کی اور نہ وقت سے
ولا فی تاخیرها عن وقتها مع امکان ادائها فی وقتها بای وجه کان هذا بیان کونها فرضا موقتا واما کونها خمسا فقوله تعالی
تاخیر کرنی کی باوجود طاقت ادا کی ہرگز گنجایش نہیں ہے کوئی ہی عذر ہو اگرچہ یہہ تو استدلال فرض موقت ہونے کا ہے اور پنجگانہ ہونا سو اس آیت سے

حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وهذه الاية قاطعة الدلالة على كون الصلوات المفروضات خمسا
خبرداری ہو نمازوں سی اور بیچ والی نماز سی اور یہہ آیت قطعی دلیل ہی اسکی کہ نماز مفروضہ پانچ ہیں
لانه تعالى فرض جمعا من الصلوة التي معها وسطى واقل جمع صحيح معه وسطى هو الاربع لا الثلث فكان الامر
اسواسطی کہ اللہ تعالی نی نمازکا ایسا مجموعہ فرض کیا ہی جسکی ساتھہ نماز بیچ والی ہو اور کم سی کم جمع سالم جسکی ساتھہ درمیانہ ہو چار ہیں تین نہیں ہیں سو امر
بمحافظة الصلوة التي معها وسطى امرا بالصلوات الخمس ضرورة وقد قال الله تعالى فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ
واسطی محافظت نمازوں کی جسکی ساتھہ درمیانہ بھی ہو درحقیقت امر ہی پانچ نماز کا بالضرور اور بیشک اللہ تعالی فرماتا ہی سو پاک اللہ کی یاد ہی جب شام کرو
وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ والمراد من الامر بالتسبيح في هذه
اور جب صبح کرو اور اسیکی خوبی ہی آسمان اور زمین میں اور پچھلے وقت اور جب دوپہر ہو اور مراد تسبیح سی جو ان
الاوقات الامر بالصلوة فيها على طريق ذكر الجزء وارادة الكل كانه قيل صلوا لله في هذه الاوقات وروي عن
اوقات میں حکم ہوا ہی ان اوقات کی نمازیں ہیں جیسی جزء کو ذکر کر کی کل مراد لیتی ہیں گویا یہہ امر ہوا خدا کی نماز ان اوقات میں ادا کرو اور ابن عباس رض
ابن عباس رض انه قيل له هل تجد ذكر الصلوات الخمس في القران قال نعم وتلا هذه الاية فالمراد بقوله تعالى
سی روایت ہی کہ اونسی کسینی پوچھا تمکو معلوم ہی ذکر پانچوں نمازکا قرآن میں جواب دیا ہاں اور یہہ آیت پڑھی سو مراد آیت میں
حِيْنَ تُمْسُوْنَ صلوة المغرب والعشاء وبقوله حِيْنَ تُصْبِحُوْنَ صلوة الفجر وبقوله عَشِيًّا صلوة العصر وبقوله
حین تمسون سی نماز مغرب اور عشا کی ہی اور حین تصبحون سی نماز فجر کی اور عشیا سی نماز عصر کی ہی اور
حِيْنَ تُظْهِرُوْنَ صلوة الظهر واما السنة فقوله عليه السلام ان الله تعالى فرض على كل مسلم ومسلمة في كل يوم
حین تظہرون سی نماز ظہر کی ہی اور حدیث میں پنجگانہ ہونا نمازکا اس سی ثابت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا بیشک اللہ تعالی نی ہر روز اور
وليلة خمس صلوات وهذا الحديث من جملة الاحاديث المشهورة التي تثبت بها الاحكام واما اجماع الامة فقد
پانچ نمازیں فرض کیں ہیں اور یہہ حدیث احادیث مشہورہ میں سی ہی جس سی احکام فقہی ثابت ہوا کرتی ہیں اور اجماع سی یوں ثابت ہی کہ
اجتمع الامة من لدن رسول الله صلى الله عليه وسلم الى يومنا هذا على فرضية الصلوات الخمس فاذا ثبت
تمام امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد سی آج کی دن تک پنجگانہ نماز کی فرضیت پر بلا خلاف متفق ہی جب فرضیت
فرضيتها بهذه الادلة القطعية لا يجوز تركها وقد وردت وعيدات شديدة وتهديدات غليظة لتاركها من جملتها
نماز کی ان دلایل قطعیہ سی ثابت ہوچکی تو اب اوسکا ترک جایز نہیں ہی اور بیشک وعید سخت اور دھمکیاں غلیظ بی نمازکی حق میں آئی ہیں ایک یہہ
ما روي انه عليه السلام قال من ترك الصلوة متعمدا فقد كفر جهارا وفي حديث اخر انه عليه الصلوة والسلام قال
روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جس شخص نی نماز قصدا ترک کی تو وہ ظاہر کافر ہی اور ایک اور حدیث میں ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا
لا تتركوا الصلوة متعمدا فمن تركها فقد خرج من الملة وفي حديث اخر انه عليه السلام قال الصلوة عماد الدين فمن
قصدا نماز نہ چھوڑو سو جسنی نماز ترک کی تو وہ دین سی باہر ہوا اور ایک اور حدیث میں ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا نماز دین کا ستون ہی جس نی
اقامها فقد اقام الدين ومن تركها فقد هدم الدين فلورود امثال هذه الوعيدات اختلف العلماء في كفر تاركها
نماز قایم رکھی تو دین کو قایم رکھا اور جس نی نماز کو ترک کیا تو دین کو گرا دیا ایسی ایسی وعید جو وارد ہوئی ہیں اسیلئی علما میں اختلاف ہی قصدا بی نمازکی تکفیر
عمدا فذهب جماعة من الصحابة ومن بعدهم الى الكفر اما الصحابة فمنهم عمر وعبد الله بن مسعود وعبد الله
میں سو ایک جماعت صحابہ رض سی اور اونکی بعد کی لوگ کفر کی قایل ہوئی ہیں صحابہ میں سی یہہ قایل ہیں عمر اور عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ
بن عباس ومعاذ بن جبل وجابر بن عبد الله وابو الدرداء وابو هريرة وعبد الرحمن بن عوف واما غير الصحابة فمنهم
بن عباس اور معاذ بن جبل اور جابر بن عبد اللہ اور ابو الدرداء اور ابو ہریرہ اور عبد الرحمن بن عوف اور سوائی صحابہ کی یہہ ہیں

احمد بن حنبل واسحق بن راهویه وعبد الله بن المبارک والنخعی والحکم بن عتبة وابو ایوب السختیانی وابو داود
احمد بن حنبل اور اسحاق بن راہویہ اور عبد اللہ بن المبارک اور نخعی اور حکم بن عتبہ اور ابو ایوب سختیانی اور ابو داود

الطیالسی وابو بکر بن ابی شیبة وغیرهم وذهب آخرون الی انه لا یکفر وحملوا الاحادیث التی تدل علی کفر تارکها
طیالسی اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور سوا انکے اور اور لوگ یہ کہتے ہیں کہ کافر نہیں ہوتا اور ان احادیث کی جو بے نماز کی کفر پر دلالت کرتی ہیں یہ تاویل

علی ترکها جاحدا او علی الزجر والوعید بمعنی ان المؤمن لا یترکها ومن ادلتهم علی عدم کفره قوله علیه الصلوة والسلام
کرتے ہیں کہ معاذ انکار کر کے ترک کرے یا زجر اور وعید پر حمل کرتے ہیں یعنی مومن شخص نماز نہیں ترک کرتا اور انکی دلیلوں میں سے ایک دلیل بے نماز کے کافر نہونے پر یہ قول ہے حضرت کا

خمس صلوات افترضهن الله تعالی من احسن وضوءهن وصلاهن لوقتهن واتم رکوعهن وسجودهن وخشوعهن
کہ یہ پانچ نمازیں اللہ تعالی نے فرض کی ہیں جس نے اچھی طرح وضو کیا اور وقت پر ادا کیں اور رکوع اور سجود پورے پورے کئے اور خوب انکسار کیا

کان له علی الله عهد ان یغفر له ومن لم یفعل فلیس له علی الله عهد ان شاء غفر له وان شاء عذبه فقوله
تو دیکھا یہ ذمہ ہے اللہ پر کہ اسکو بخشیگا اور جس نے یہ نکیا تو اسکا اللہ پر کچھ ذمہ نہیں چاہے اسکو بخش دے اور چاہے عذاب کرے سو یہ قول

علیه السلام ان شاء غفر له دلیل علی عدم کفره للاجماع علی ان الکافر لا مغفرة له وقد قال الله تعالی ان الله لا
حضرت کا اگر چاہے بخش دے کافر نہونے کی دلیل ہے کیونکہ سب متفق ہیں کہ کافر کی مغفرت نہیں ہے اور اللہ تعالی نے فرمایا ہے اللہ نہیں

یَغفِرُ اَن یُّشرَکَ بِهٖ وَیَغفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَن یَّشَآءُ وایضا قد اختلف الفقهاء فی حد تارکها عمدا بلا عذر فقال حماد
بخشتا ... اور سوا اسکے جسکو چاہے بخشتا ہے اور یہ بھی ہے کہ فقہا نے اختلاف کیا ہے بے نماز کی سزا میں جو عمدًا بلا عذر ترک کرے سو حماد

بن زید ومکحول والشافعی ومالک واحمد بن حنبل تارکها عمدا بلا عذر یقتل الا انه عند احمد یقتل کفرا وعند غیره
بن زید اور مکحول اور شافعی اور مالک اور احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ بے نماز عمدًا بلا عذر کو قتل کریں اس فرق سے کہ احمد کے نزدیک کافر سمجھ کر قتل کریں اور اوروں کے

من هؤلاء یقتل حدا لا کفرا وحملوا الاحادیث الدالة علی کفر تارکها علی استحقاق جزاء الکفر ولیس للکفر فی الدنیا
نزدیک حد میں قتل کریں کفر کی سبب سے نہیں اور ان احادیث کو جو بے نماز کے کفر پر دلالت کرتی ہیں حمل کیا ہے اس معنوں پر کہ وہ مستحق کفر کی سزا کا ہے

جزاء غیر القتل وعند ابی حنیفة لا یکفر ولا یقتل بل یحبس ابدا وقیل یضرب ضربا شدیدا حتی یسیل منه الدم مبالغة
میں سوا قتل کی اور کچھ نہیں ہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک کافر نہیں ہوتا اور نہ اسکو قتل کریں بلکہ دائم حبس کیا جاوے اور کوئی کہتا ہے اسکو اتنا ماریں کہ خون بہنے لگے تاکہ خوب

فی الزجر وقیل یضرب ضربا حتی یصلی او یموت وقیل یعزر باخذ المال لو رای الحاکم فیه مصلحة لا طمعا اذ قیل وکیفیته
زجر ہووے اور کوئی کہتا ہے اسکو مار کھاویں آخر یا نماز پڑھے یا مر جاوے اور بعضے کہتے ہیں مال کا ڈنڈ ڈالیں اگر حاکم کو اسمیں مصلحت معلوم ہو کچھ طمع کی راہ سے نہیں اسی طرح کیفیت

انه یاخذه فیمسکه حتی یتوب فاذا تاب یرد علیه کما فی اموال البغاة وان ایس من توبته یصرفه الی ...
اسکی یہ بیان کرتے ہیں کہ اسکا مال لیکر دھر رکھیں یہاں تک کہ وہ توبہ کرے تو وہ مال پھیر دیں جیسے باغیوں کا مال پھیر دیتے ہیں اور اگر توبہ کی امید منقطع ہو تو مناسب جگہ خرچ

یجب علی المؤمن ان یحافظ علی اداء الصلوات الخمس فیصلیها کما امر باحسان وضوئها ورعایة وقتها واتمام رکوعها
اس بیان کی موافق مومن پر واجب ہے کہ پانچوں نماز کی محافظت رکھے ہر اونکو اسیطرح ادا کرے جیسے حکم فرمایا اچھی طرح وضو کرے اور وقتوں کی رعایت رکھے رکوع

وسجودها وخشوعها وان غفل عن شیء منها فلیجتهد فی سننه ونوافله ولا یتساهل فیها حتی یکمل بها فرض
اور سجود پوری پوری کرے ساتھ فروتنی کے اور اگر اسمیں سے کسی امر کی غفلت ہو جاوے تو چاہیئے کہ اسکی سنن اور نوافل میں خوب کوشش کرے سستی نکرے تاکہ اوسکی فرض

لما روی انه علیه السلام قال اول ما یحاسب به العبد یوم القیمة صلوته فان وجدت تامة کتبت
اسواسطے کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا پہلی چیز کہ بندے سے قیامت کے دن حساب لیا جاویگا تو نماز ہے اور اگر وہ پوری نکلی تو پوری لکھی جاویگی

وان نقص منها شیء قال الله تعالی انظروا هل لعبدی من تطوع فان کان له تطوع یکمل له ما ضیع من فرض
اور اگر اوسمیں کچھ نقصان نکلا تو اللہ فرماویگا دیکھو تو اس بندے کی نفلیں بھی ہیں پھر اگر اوسکی نفلیں ہونگی تو اوسکی فرض میں جو نقصان تھا

من تطوعه يعنى ان من صلى صلوته المفروضة ووقع فيها نقصان يكمل ذلك النقصان بالتطوع ان كان تطوعه ولكن من
نفلوں سے پورا ہو جائیگا مراد یہہ ہے کہ جسنے فرض نماز پڑھی اور اوس میں کچھہ نقصان ہوگیا تو وہ نقصان نفلوں سے عوض ہوکر کامل ہوجاویگا اگر نفلیں ہونگی پہ چال تو یہہ ہے جو
لا يحسن الفرض كيف يحسن النفل بل هو في النقصان اشد لخفة النفل عند الناس وعدم مبالاتهم له كما نشاهد كثيرا ممن يظن
شخص فرضوں کو درست نہیں کرتا وہ نفلوں کو کب درست کریگا بلکہ وہ زیادہ تر خراب ہونگی کیونکہ نفلیں لوگوں کی نظروں میں بہت خفیف ہوتی ہیں اونکی کچھہ پروا نہیں کرتے دیکھتے ہیں اکثر
به العلم انه في نفله بل في فرضه يترك تعديل الاركان وينقر نقر الديك فكيف العوام الذين هم كالهوام لا يعلمون الدين ولا الاسلام
پڑھے لکھے ہیں کہ وہ نفلوں تک بلکہ فرضوں میں ارکان کی تعدیل نہیں کرتے اور مرغ کی سی ٹھونگیں مارتے ہیں اب عوام کا جو جانور کی مثال ہیں نہ دین کو جانتے ہیں نہ اسلام کو کیا حال ہوگا
فان تعديل الاركان عند ابي يوسف والشافعي فرض يبطل الصلوة بتركه وعند ابي حنيفة ومحمد واجب في رواية الكرخي
بیشک تعدیل ارکان کی ابو یوسف اور شافعی کی نزدیک فرض ہے تعدیل ترک کرنی سی نماز باطل ہوجاتی ہے اور امام ابو حنیفہ اور محمد کی نزدیک واجب ہے اور امام کرخی کی
لا يبطل الصلوة بتركه بل ان ترك سهوا يلزم سجدة السهو وان ترك عمدا يلزم الاثم ويجب الاعادة كما هو الحكم في كل صلوة
روایت میں ہے کہ تعدیل ترک کرنی سی نماز باطل نہیں ہوتی بلکہ اگر سہوا ترک کیا تو سجدہ سہو کا لازم آتا ہے اور اگر عمدا ترک کیا تو گنہگار ہوتا ہے اور اعادہ واجب ہے جیسا حکم تمام نمازوں
اديت مع الكراهة التحريمية وسنة في رواية الجرجاني فعلى هذه الرواية لا يلزم سجدة السهو بتركه سهوا ولا يجب الاعادة
کا ہے جو مکروہ تحریمی ہوجاتی ہیں اور تعدیل جرجانی کی روایت میں سنت ہے پس اس روایت کی موافق سجدہ سہو کا لازم آتا ہے سہوا چھوڑنے سے اور نہ اعادہ لازم آتا ہے
بتركه عمدا بل يستحب مع استحقاق العتاب وحرمان الشفاعة فاذا كان كذلك فمن يصلي النوافل بغير تعديل الاركان
عمدا ترک سے بلکہ مستحب ہے لیکن سزاوار عتاب اور محرومی شفاعت کا ہے پس جب حال یہہ ہے تو جو شخص نفلیں بدون تعدیل ارکان کی پڑھتا ہے
فعلى رواية الوجوب يكون عاصيا مستحقا للعذاب بالنار ويجب عليه اعادتها وان لم يعدها يكون معصية اخرى مثل
تو موافق روایت وجوب اعادہ کی گنہگار مستحق عذاب دوزخ کا ہے اور اوسپر اعادہ واجب ہوتا ہے اور اگر اعادہ نکریگا تو یہہ دوسرا گناہ ہوویگا جیسا
الاولى ولو تنزلنا الى السنة يكون مستحقا للعتاب وحرمان الشفاعة فاذا كان الحال هذا فكيف يكمل امثال هذه
پہلا ہوا ہے اور اگر ہم مانا کہ تعدیل سنت ہے تو بھی مستحق عتاب اور محرومی شفاعت کا ہے پھر جب نفلوں کا یہہ حال ہے تو ایسی نفلیں فرضوں کی نقصان کو کیا پورا
النوافل ما نقص من الفرض هيهات هيهات بل لو لم يصل تلك النوافل لم يكن مستحقا للعذاب ولا للعتاب ولا الحرمان
کرینگی ای ای مگر اگر ایسی نفلیں نہ پڑھتا تو نہ مستحق عذاب کا ہوتا اور نہ عتاب کا اور نہ شفاعت سی
الشفاعة وقد روي انه عليه الصلوة والسلام راى رجلا يصلي وهو لا يتم ركوعه وينقر في سجوده فقال لو مات هذا
محروم ہوتا اور روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نے ایک شخص کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا کہ وہ رکوع پورا نکرتا تھا اور سجدہ میں ٹھونگ سی مارتا تھا سو آپ نے فرمایا اگر یہہ شخص
على حالته هذا مات على غير ملة محمد وقد اغتر بعض الغافلين بكلمة الجواز الواقع في كتب الائمة لمن ترك القومة والجلسة
اس حالت میں مرجاتا تو برخلاف ملت محمدی کی مرتا اور بعضی غافل لوگ بہول رہے ہیں جواز کی لفظ پر جو ائمہ کی کتابوں میں واقع ہوا ہے اوسکی حق میں جو قومہ اور جلسہ
والطمانينة فيهما ولم يعرفوا ما ذكر في اصول الفقه من ان الجواز في العبادات بمعنى سقوط فرضية القضاء لا انه يحل ولا
اور اونکی بیچ میں طمانینت کو ترک کرے اور یہہ نہیں خبر کہ اصول الفقہ میں کیا مذکور ہے یعنی عبادات میں جواز سے یہہ مقصود ہے کہ فرضیت قضا کی ذمہ سے ساقط ہوجاتی ہے یہہ مراد نہیں ہے
يحصل الاثم كيف وقد صرحوا بكراهة ترك القومة والجلسة والطمانينة فيهما وقال القرطبي في تذكرته نقلا عن شيخه
گناہ نہیں ہوتا بھلا یہہ کب ہوسکتا ہے حالانکہ صاف کہہ رکھا ہے کہ قومہ اور جلسہ اور اونکی بیچ کی طمانینت ترک کرنی مکروہ ہے اور قرطبی تذکرہ میں اپنی استاد سے نقل کرتا ہے
لا اعتبار بقول من قال الواجب من اركان الصلوة اقل ما يطلق عليه الاسم لان من اقتصر على ذلك يصدق عليه ان
کہ کوئی کہے اس قول کا کچھہ اعتبار نہیں ہے کہ ارکان نماز میں کم سے کم اتنا واجب ہے کہ اوسکو رکن کہہ سکیں فقط اسواسطے کہ جو نمازی اتنی ہی پر اکتفا کریگا تو اوسکو کہہ سکتی ہیں کہ
ينقر في الصلوة ويدخل في الذم المرتب على ذلك بقوله عليه السلام تلك صلوة المنافق يجلس يرقب الشمس حتى اذا كانت بين
نماز میں ٹھونگیں مارتا ہے اور اوس گناہ میں جو اس فعل پر اس حدیث میں ثابت ہوا ہے داخل ہوگا یہہ نماز منافق کی ہے کہ بیٹھا ہوا آفتاب کا منتظر رہتا ہے یہانتک کہ جب وہ

في الشيطان قائم فيقرا واذا كانت الصلوة بهذه الصفة يدخل صاحبها تحت قوله تعالى فخلف من بعدهم خلف
شیطان کی سینگوں میں جا پہنچا ودنیا پر شروع نماز کی جب نماز کا یہ حال ہی تو نمازی اس آیت کی مصداق میں داخل ہی پہر اونکی جگہ ناخلف آئی جنہوں نے

اضاعوا الصلوة واتبعوا الشهوات فسوف يلقون غيا وان جماعة من العلماء قالوا ليس المراد باضاعة الصلوة تركها
کھو دی نماز اور پیچھے پڑی مزوں کی سو آگے ملیگی گمراہی بیشک بہت سی علما کا یہ قول ہی کہ نماز ضائع کرنی سی یہ مراد نہیں ہی کہ نماز ترک کرے

بل المراد ان لا يقيم حدودها بعدم رعاية وقتها وطهارتها وعدم اتمام ركوعها وسجودها ونحوها وقد روي عن ابن مسعود
بلکہ یہ مراد ہی کہ نماز کی حدود کو قایم نرکہی یعنی رعایت وقت اور طہارت کی نکری اور رکوع اور سجود وغیرہ کو پورا پورا نکری اور ابن مسعود انصاری سی

الانصاري انه عليه السلام قال لا تجزي صلوة لا يقيم الرجل فيها صلبه في الركوع والسجود والاخبار في هذا المعنى كثيرة
روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا وہ نماز کافی نہیں ہی جسمیں نمازی رکوع اور سجود میں کمر سیدھی نہ کری اور اس باب میں ایسی بہت حدیثیں آئی ہیں

وهي تبين المراد من قوله تعالى واضاعوا الصلوة فان من لم يحافظ على اوقات الصلوة وطهارتها وركوعها وسجودها
کہ وہ اس آیت سی واضاعوا الصلوة معنی مراد کی تفسیر کرتی ہیں کیونکہ جو شخص نماز کی اوقات اور وضو اور رکوع اور سجود کی محافظت نہیں

لا يحافظ عليها ومن لم يحافظ فقد ضيعها فهو لما سواه اضيع وقد روي انه عليه السلام قال اذا احسن الرجل الصلوة
کرتا تو وہ نماز کی محافظت نہیں کرتا محافظت نکی تو بیشک نماز کو ضائع کیا سو وہ اور کو بدرجہ اولی ضائع کرنیوالا ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ جب آدمی اچھی طرح نماز پڑہتا ہی حسن حدود کی

فاتم ركوعها وسجودها قالت الصلوة حفظك الله كما حفظتني وان اساء الصلوة فلم يتم ركوعها وسجودها
اوسکا رکوع اور سجود پورا کرتا ہی تو نماز یہہ دعا دیتی ہی خدا تیری حفاظت کری جیسی تو نی میری حفاظت کی پہر نماز مقبول ہوتی ہی اور اگر نماز بری طرح پڑہی رکوع اور سجود پورا نکیا

قالت الصلوة ضيعك الله كما ضيعتني ثم تلف كما يلف الثوب الخلق فيضرب بها وجهه وروي عن ابي هريرة انه عليه السلام
تو نماز کہتی ہی کہ خدا تجھکو ضائع کری جیسا تو نی مجھکو ضائع کیا پہر اوس کو پرانی کپڑی کی طرح لپیٹ کر اوسکی منہ پر مارتی ہیں اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی

قال ان الرجل ليصلي ستين سنة ولا تقبل له صلوة لعله يتم الركوع ولا يتم السجود او يتم السجود ولا يتم الركوع ثم انا
کہ بعضا آدمی ساٹھ برس تک نماز پڑہتا جاتا ہی اور اوسکی نماز ایک بہی مقبول نہیں ہوتی اسلیے کہ کبہی رکوع پورا کرتا ہی تو سجدہ پورا نہیں کرتا یا سجدہ پورا کرتا ہی تو رکوع نہ

ان يعرف صلوته مقبولة ام لا فلينظر الى قوله تعالى ان الصلوة تنهى عن الفحشاء والمنكر فانه ان كان يصلي الصلوة
معلوم کیا چاہی کہ اوسکی نمازیں مقبول ہیں یا نہیں تو اس آیت میں غور کری بیشک نماز روکتی ہی بیحیائی سی اور بری بات سی کیونکہ یہہ شخص اگرچہ پنجگانہ نماز پڑہتا ہی

الخمس ثم لم يكن بعد ذلك حسن حال مع ربه بل يقع منه بعض من الفواحش والمنكرات فليعلم ان صلوته غير
اور پہر بہی اوسکا حال رب کی ساتھ درست نہیں ہی مگر اوس سی کچہ کچہ فواحش اور منکرات عمل میں آتی ہیں تو جاننا چاہیی کہ اوسکی نمازیں

مقبولة بل هي وبال عليه وبعدة من الله تعالى كما قال ابن مسعود وابن عباس من لم تامره صلوته بالمعروف ولم
مقبول نہیں ہیں بلکہ وہ نمازیں اوسپر وبال ہیں اور خدا سی دور کرتی ہیں جیسا کہ ابن مسعود اور ابن عباس کہتی ہیں کہ جسکو نماز امر بالمعروف پر شوق نہ دی اور منکرات سی

عن المنكر لم يزدد بصلوته من الله الا بعدا وقال الحسن وقتادة من لم تنهه صلوته عن الفحشاء والمنكر فصلوته
منع نکری وہ نماز اللہ سی سوا دوری کی کچہ نہ بڑہا دی گی اور حسن اور قتادہ کہتی ہیں جسکو نماز فحش اور منکر سی منع نکری تو وہ نماز اوسپر وبال کا

عليه وان من يصلي الصلوات برعاية شرائطها واركانها وواجباتها وسننها وادابها يعصمه الله تعالى عن الفحشاء والمنكر
بیشک جو شخص تمام نمازیں شرائط اور ارکان اور واجبات اور سنن اور ادب کی رعایت کر کی پڑہی گا تو اللہ اوسکو فحش اور منکرات سی محفوظ

كما روي عن انس انه قال كان فتى من الانصار يصلي الصلوات الخمس مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم لم يدع شيئا
رکہی گا چنانچہ انس سی روایت ہی کہ ایک جوان انصاری پنجگانہ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتھ ادا کرتا تھا پہر بہی جو فحش ہو جاتا

من الفواحش الا ركبه فوصف ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم فقال عليه السلام ان صلوته تنهاه فلم يلبث
سو کر گذرتا تھا پہر کسی نی یہ حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی بیان کیا آپ نی فرمایا بیشک اوسکی نماز کسی دن اوسکو روکدیگی پہر کچہ دن نگذری

حتى تاب وحسن حاله اللهم حول حالنا الى حسن المآل المجلس الثاني والخمسون في بيان فرضية
کہ اوسنی توبہ کی اور اوسکا حال سنور گیا الٰہی ہمارا احوال نیک انجام کا بدل دے مجلس باونویں بیان فرضیت نماز

الصلوٰة المفروضة واركانها تفصيلا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من امرء مسلم يحضره
مفروضہ کا اور اوسکی ارکان کی تفصیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی شخص مسلمان جو آوے اوسپر وقت

صلوٰة مكتوبة فيحسن وضوءها وخشوعها وركوعها الا كانت كفارة لما قبلها من الذنوب ما لم يأت
نماز مفروضہ کا پہر وہ اوسکی وضو اور خشوع اور رکوع کو خوب پورا کرے مگر وہ پہلی گناہوں کا بدلہ ہو جاویگی جب تک

كبيرة وذلك الدهر كله هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه عثمان بن عفان وقد بين فيه ان من يصلي الصلوٰة
کبیرہ گناہ نکیا ہوگا اور یہہ کفارہ ہمیشہ کو ہی یہہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہی عثمان بن عفان کی روایت سی اس حدیث میں یہہ بیان کیا کہ جو کوئی

المفروضة عند دخول وقتها باحسان وضوءها وخشوعها وركوعها وسائر اركانها تكون كفارة لذنوبه
فرض نماز میں اول وقت پر اچھی طرح وضو کر کی اور اوسکا خشوع اور رکوع اور تمام ارکان پوری پوری کر کی ادا کریگا تو وہ نماز گذشتہ گناہ کا

الماضية ما لم يعمل بكبيرة وذلك التكفير يكون في جميع الزمان وانما اكتفى بذكر الركوع دون سائر الاركان لان
کفارہ ہو جاویگی جب تک کبیرہ گناہ نکیا ہو اور یہہ کفارہ ہمیشہ کو تمام زمانہ میں ہوتا رہیگا اور اکتفی صرف رکوع کی ذکر پر بدون ذکر تمام اور ارکان کی اسلئی ہی

الشارع اذا امر باحسان ركن واحد من اركان الصلوٰة يفهم منه احسان سائر اركانها فانها وان وقعت
کہ شارع نی جسوقت درستی کسی ایک رکن کی نماز کی تمام ارکان میں سے امر کیا تو اوسی تمام ارکان کی درستی سمجھی جاتی ہی کیونکہ تمام ارکان اگرچہ قرآن میں

في كتاب الله تعالى متفرقة حيث تثبت فرضية تكبيرة الافتتاح بقوله تعالى في سورة المدثر وربك فكبر
متفرق جگہہ مذکور ہیں اسواسطی کہ فرضیت تکبیر تحریمہ کی سورہ مدثر کی اس آیت سی ثابت ہی اور اپنی رب کی بڑائی بول

وفرضية القيام بقوله تعالى في سورة البقرة وقوموا لله قانتين وفرضية القراءة بقوله تعالى في سورة المزمل فاقرءوا ما تيسر
اور فرضیت قیام کی سورۂ بقرہ میں اس آیت سی اور کہڑی رہو اللہ کی آگی ادب سی اور فرضیت قرأت کی سورۂ مزمل میں اس آیت سی سو پڑہو جتنا

من القرآن وفرضية الركوع والسجود بقوله تعالى في سورة الحج يا ايها الذين آمنوا اركعوا واسجدوا لكن علم الترتيب
آسان ہو قرآن سی اور فرضیت رکوع اور سجود کی سورۂ حج میں اس آیت سی اے ایمان والو رکوع کرو اور سجدہ کرو پر ترتیب ارکان کی

بتعليم النبي عليه الصلوٰة والسلام تارة بفعله وتارة بقوله على ما بينه العلماء في كتبهم فعلى هذا ينبغي للمؤمن ان
نبی علیہ السلام کی تعلیم سی معلوم ہوئی کبھی فعل سی اور کبھی ارشاد کرنی سی چنانچہ اسکو علما نی اپنی اپنی کتابوں میں بیان کیا ہی اب اس بیان کی موافق مومن کو

يداوم عليها في اوقاتها باتمام جميع فرائضها وهو ست الاولى تكبيرة الافتتاح ولا دخول في الصلوٰة الا بها وهي ان
چاہی کہ نماز کو ہمیشہ وقت پر تمام فرائض پوری کر کر ادا کرتا رہی اور فرائض چھہ ہیں اول تکبیر تحریمہ جسکو تکبیر افتتاح بہی کہتی ہیں اور بدون اسکی نماز شروع نہیں ہوتی اور وہ

يقول من يريد الدخول في الصلوٰة الله اكبر بلا ادخال مد في همزة الله وهمزة اكبر وبائه اذ لو حصل المد في
اس طور پر ہی کہ جو شخص نماز شروع کرے تو کہی اللہ اکبر اللہ کی ہمزہ پر اور اکبر کی ہمزہ پر اور با پر مد نکرے اسواسطی کہ اگر دونو ہمزہ میں سی

احدى الهمزتين لا يصير داخلا في الصلوٰة بل تفسد لو وقع في اثنائها ولو تعمده يكفر لانه يصير استفهاما مقتضا
کسی پر مد واقع ہوگا تو نماز میں داخل نہوگا بلکہ نماز فاسد ہو جاویگی اگر مد نماز میں بیچکی تکبیروں میں آجاویگا اور اگر قصداً مد کہینچیگا تو کافر ہوگا اسواسطی کہ اوسکی

للشك في كبرياء الله وقال محمد بن مقاتل ان كان لا يميز بين المد وعدمه يكون داخلا في الصلوٰة ولا تفسد لو وقع
شک ہی ہوتا ہی اللہ کی بڑائی میں اور محمد بن مقاتل کہتا ہی اگر وہ شخص مد اور بی مد میں کچھہ تمیز نہیں کرتا تو نماز میں داخل ہو جاتا ہی اور نماز بہی فاسد نہیں ہوتی اگر مد

في اثنائها والاستفهام يحتمل ان يكون للتقرير والاول اصح لان مثل هذا الجهل لا يصلح ان يكون عذرا والتقرير المستفاد
نماز میں بیچ کی تکبیروں میں آجاوی اور استفہام میں یہہ احتمال ہی کہ واسطی تقریر کی ہو اور روایت اول صحیح تر ہی اسلئی کہ ایسی جہالت قابل عذر کی نہیں ہی اور استفہام جو تقریر کی

من الاستفهام معناه حمل المخاطب على الاقرار بما تعرف ولا انسان لا تصلى ان يحمل نفسه على الاقرار بان الله تعالى
تو دریں ہی سے مراد ہی کہ مخاطب کو اپنی معلوم کا مقر کر دی ۔ اور انسان اس حکم کا نہیں ہی کہ ہی آپ کو اس اقرار پر آمادہ کری کہ اللہ
اكبر ولو وقع المد في باء اكبر بان يقول اكبار بزيادة الالف الممال بين الباء والراء لا يصير داخلا في الصلوة وتفسد
تعالیٰ بڑا ہی اور اگر مد اکبر کی با پر واقع ہو یعنی لفظ اکبار با اور راء کی بیچ میں الف بڑھا کر کہی تو نماز میں داخل نہیں ہوگا اور نماز فاسد ہو جاتی ہی
لو وقع في اثنائها قيل انه اسم من اسماء الشيطان وقيل لانه جمع كبر بفتحتين وهو الطبل وقيل يصير داخلا في
اگر درمیان نماز میں بیچ تکبیروں کی ہو جاوی تو اس لئے کہ کہتے ہیں کہ یہ نام شیطان کی ناموں میں سے ہی اور کوئی کہتا ہی اس لئے کہ اکبار جمع کبر کی ہی دو حرکتوں سے طبل کو کہتے ہیں اور بعضی کہتی
الصلوة ولا تفسد لو وقع في اثنائها لانه اشباع والاول اصح لان الاشباع انما يكون في الاخر لا الوسط ومحل التكبير
نماز میں داخل ہو جاتا ہی اور نماز فاسد نہیں ہوتی اگر درمیان نماز کی بیچ آجاوی اس لئے کہ یہ اشباع ہی اور پہلا قول صحیح تر ہی اس لئے کہ اشباع آخر میں ہوتا ہی بیچ میں نہیں ہوتا اور موقع تکبیر
القيام المحض حتى لو ادرك الامام في الركوع وكبر حال الانحطاط لا يصير داخلا في الصلوة لان شرط الدخول بها وقوع
صرف قیام ہی یہاں تک کہ اگر امام کو رکوع میں پایا اور جھکتی ہوئی تکبیر کہتا ہوا رکوع میں شامل ہو گیا تو نماز میں داخل نہیں ہوتا اس لئے کہ نماز میں داخل ہونی کی شرط
التكبير في محض القيام ولو قال في القيام الله وفي الركوع اكبر لا يصير داخلا فيها ايضا والثاني من فرائض الصلوة القيام
یہ کہ تکبیر خالص قیام میں واقع ہو اور اگر قیام میں اللہ کہا اور رکوع میں اکبر تو بھی نماز میں داخل نہیں ہوتا اور دوسرا فرض نماز کا قیام ہی
وهو ركن في الفرض والواجب دون النفل ومطلق عن التقدير نظرا الى الدليل وهو قوله تعالى وَقُومُوا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ حتى لو كبر
اور قیام فرض اور واجب میں رکن ہی نفل میں نہیں اور اسکی مقدار باعتبار دلیل کی کچھ معین نہیں ہی دلیل یہ ہی درکھڑی رہو واسطے اللہ کی آگی ادب سے یہاں تک کہ اگر تکبیر
قائما ولم يقف يصير مؤديا فرضي التكبير والقيام جميعا ولا يلزمه الوقوف بعده قائما لان قدر ما وجد من القيام يكفي
ہوئی کہی اور پھر توقف نہ کیا تو فرض تکبیر اور قیام دونوں ادا کر چکا اسپر بعد اسکی توقف کرنا قیام میں کچھ ضرور نہیں ہی اسلئے کہ جسقدر اس سے قیام عمل میں آیا سو کافی ہی
ويظهر نفعه في الامي والاخرس ومدرك الامام في الركوع الا ان المتعارف في حق القاري تقديره في الاوليين بالقرأة
اور اسکا فائدہ ناخواندہ اور گونگے میں اور جو شخص کہ امام کو رکوع میں پاوی ظاہر ہوتا ہی اتنا ہی کہ قاری کی حق میں مقدار قیام کی پہلی دو رکعت میں برابر قرأت کی ٹھہری ہی
وفي الاخريين قول المعتمدين ان شاء قرأ وان شاء سبح وان شاء سكت يشير الى عدم التقدير فيهما
پچھلی دو رکعت میں معتمدین کا یہ قول ہی چاہی کچھ قرآن پڑھی چاہی سبحان اللہ کہی اور چاہی چپکا رہی اشارہ ہی کہ ان دونوں میں بھی اندازہ قیام کا
ايضا لكن ذكر في القنية انه مقدر بمقدار ثلث تسبيحات سواء سبح او سكت هذا كله عند القدرة على القيام فان
مقرر نہیں ہی لیکن قنیہ میں یوں مذکور ہی کہ قیام کم سے کم برابر تین تسبیح کی ہی برابر ہی کہ تسبیح کہی یا چپ رہی یہ تمام جب ہی کہ قیام پر قادر ہو کیونکہ
المريض اذا قدر على القيام لو صلى قاعدا لا يجوز ولو قدر على بعض قيامه دون كله يلزمه ذلك حتى لو قدر على التكبير
بیمار اگر باوجود طاقت قیام کی بیٹھ کر نماز پڑھ لی تو جائز نہیں ہی اور اگر کچھ تھوڑا کھڑی ہونی کی طاقت ہو پوری قیام کی ہو تو تو اتنا ہی اسپر لازم ہی یہاں تک کہ اگر تمام
يكبر قائما ثم يقعد واما المريض الذي عجز عن القيام حقيقة بحيث لو قام لسقط او خاف زيادة مرضه او بطوء برئه
دیکر تکبیر کہی کی طاقت ہو تو تکبیر کھڑا ہو کر کہی پھر بیٹھ جاوی اور وہ بیمار جو حقیقت میں قیام سے عاجز ہو ایسا کہ اگر کھڑا ہووی تو گر پڑی یا خوف مرض کی بڑھنی کا یا دیر تک رکنا
او كان يجد المًا شديدا وان استطاع القعود يقعد كما يقعد في التشهد وهو قول زفر وعليه الفتوى بانه المعهود في
یا سخت تکلیف ہوتی ہو سو اگر بیٹھنی کی طاقت ہو تو بیٹھ جاوی جیسی تشہد میں بیٹھتی ہیں یہی قول زفر کا ہی اور اسی پر فتویٰ ہی کہ نماز میں یہ طور بیٹھنا معہود
الصلوة وفي رواية محمد عن ابي حنيفة يقعد كما شاء من التربع وغيره وقيل يقعد بعد التشهد كما يستند وفي التشهد
اور امام محمد کی روایت میں ابو حنیفہ سی یہ ہی کہ بیٹھ جاوی جیسی چاہی مربع وغیرہ سی اور بعضی کہتی ہیں کہ سوا تشہد کی جس طرح چاہی بیٹھا رہی اور تشہد میں
كسائر الصلوات والظاهر هو الاول عند الاستطاعة وعند عدم الاستطاعة يقعد بحسب قدرته ويصلي قاعدا
موافق تمام نمازوں کی بیٹھی اور طاقت ہوتی ہوئی ظاہر اول روایت ہی اور جب طاقت نہ ہو تو پھر جیسی بن آوی اور نماز بیٹھ کر پڑھا کرے

ولو

بركوع وسجود لأن الطاعة بحسب الطاقة لقوله تعالى لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وإن لم يستطع الركوع والسجود
رکوع کری اور سجدہ کری اسلئے کہ طاعت طاقت کی موافق ہی اس دلیل سی خدا تکلیف نہیں دیتا کسی شخص کو مگر جو اسکی گنجایش ہی اور اگر رکوع اور سجدہ کی طاقت نہیں

يومي برأسه قاعدا ويجعل سجوده أخفض من ركوعه ليتحقق الفرق بينهما ولا يرفع إليه شيء ليسجد عليه ولو رفع إليه
تو بیٹھا ہوا سر سے اشارہ کری اور سجدہ کو رکوع کی نسبت زیادہ پست کری تاکہ دونوں میں فرق ہو جاوی اور یہ نہیں چاہیے کہ کوئی چیز اونچی کردیں تاکہ اوسپر سجدہ کری اسلئے کہ اگر

فسجد عليه إن كان خفض رأسه صح ويكون صلاته بالإيماء وإلا فلا وإن لم يستطع القعود يستلقي على ظهره و
اوسپر سجدہ کیا پھر اگر اوسنی سر کو نیچا کیا ہی تو درست ہی اوسکی نماز اشارہ سی ہوگئی اور نہیں تو نہیں ہوئی اور اگر طاقت بیٹھنی کی نہیں تو چت لٹایا جاوی اور

يجعل رجليه نحو القبلة ويومي برأسه للركوع والسجود ولكن ينبغي أن يوضع تحت رأسه وسادة ليمكنه الإيماء بالرأس
اسکی پاوں قبلہ کی طرف کر دیں اور وہ رکوع اور سجود کی لئی سر سی اشارہ کری پر یہ چاہیے کہ اسکی سر تلی تکیہ رکھ دیں تاکہ اوس سی سر کا اشارہ ہو سکی

لأن حقيقة الاستلقاء يمنع الإيماء للصحيح فكيف للمريض وإن لم يستطع الإيماء بالرأس لا يومي بعينيه ولا بحاجبه
اسلئی کہ حقیقت میں چت پڑی ہوئی اچھی بھی سی بھی اشارہ نہیں ہو سکتا پھر بیمار سی تو کہاں اور اگر سر سی اشارہ کرنی کی بھی طاقت نہیں تو آنکھ کا اشارہ یا ابرو کا

ولا بقلبه بل كان يعقل الصلوٰة في تلك الحالة تؤخر عنه إلى زمان القدرة ولا يسقط هو الصحيح على ما ذكر في الهداية لأنه
یا دل کا اشارہ نکری بلکہ اگر نماز کی سمجھ باقی ہی اوس حالت میں تو قدرت کی وقت تک ملتوی رکھی جاوی گی اور نماز ساقط نہیں ہی موافق بیان ہدایہ کی یہی صحیح ہی

يفهم مضمون الخطاب وإن كان لا يعقلها أكثر من يوم وليلة تسقطان لم يفق في المدة وإن أفاق وكان للإفاقة وقت
کہ مضمون حکم کا سمجھتا ہی اور اگر ایک رات دن سی زیادہ غفلت میں رہا تو نماز ساقط ہو جاتی ہی اگر اس مدت کی اندر افاقہ نہوا اور اگر افاقہ ہوا اور کسی ایک وقت

معلوم مثل أن يفيق عند الصبح قليلا ثم يعود الإغماء فهو إفاقة معتبرة في بطلان حكم ما قبلها من الإغماء وإن لم يكن
معین پر جیسی مثلا صبح کی وقت کچھ افاقہ ہوکر پھر بیہوش ہو جاتا ہی تو ایسا افاقہ ہی واسطی باطل کرنی حکم پہلی بیہوشی کی معتبر ہی اور اگر افاقہ کسی وقت معین پر

للإفاقة وقت معلوم بل يفيق بغتة ثم يعود الإغماء فلا اعتبار بهذه الإفاقة ومن كان في السفينة الجارية إذا
نہیں ہوتا بلکہ ناگاہ کبھی افاقہ ہوکر پھر بیہوش ہو جاتا ہی تو ایسی افاقہ کا اعتبار نہیں ہی اور جو شخص چلتی کشتی میں سو اگر

صلى الفرض قاعدا بركوع وسجود مع القدرة على القيام لا يجوز عندهما لأن القيام ركن فلا يسقط إلا بعذر محقق وعند
فرض نماز بیٹھ کر رکوع اور سجود کی ساتھ باوجود طاقت قیام کی پڑھلی تو صاحبین کی نزدیک جائز نہیں ہی اسلئی کہ قیام نماز کا رکن ہی سو بسبب عذر واقعی کی ساقط

أبي حنيفة يجوز لأن دوران الرأس فيها غالب كالمحقق لكن الأفضل القيام وأما في المربوطة في الشط فلا يجوز
اور امام ابو حنیفہ کی نزدیک جائز ہی اسلئی کہ اسمیں دوران سر اکثر ہوتا ہی اور اکثری بات مثل امر ثابت کی ہی لیکن افضل قیام ہی ہی اور جو کشتی کنارہ پر بندھی ہوئی ہو اوسمیں

بالإجماع والثالثة من فرائض الصلوٰة القراءة وهي فرض في جميع ركعات النفل والوتر والفرض من ذوات الركعتين وليست
بالاجماع جائز نہیں اور تیسرا فرض نماز کی فرائض میں سی قراءت ہی اور قراءت تمام رکعات نفل اور وتر میں اور فرض دوگانہ میں فرض ہی اور اول

بفرض في جميع ركعات الفرض من ذوات الأربع والثلاث بل في الركعتين من غير تعيين وإنما عينت في الأوليين لقوله عليه الصلوٰة
فرض کی تمام رکعات میں فرض نہیں ہی جو چار رکعت یا تین رکعت کی ہیں بلکہ دو دو رکعت میں بلا تعیین فرض ہی اور پہلی دو رکعت میں اسلئی معین ہوگئی کہ نبی علیہ الصلوٰة

والسلام القراءة في الأوليين قراءة في الأخريين وأدنى ما يجزي منها عند أبي حنيفة آية وإن كانت من الفاتحة أو كانت
والسلام نی فرمایا پہلی دو رکعت میں قراءت گویا پچھلی دو رکعت میں بھی ہی اور کم سی کم قراءت جو کافی ہی تو ابو حنیفہ کی نزدیک ایک آیت ہی اگرچہ سورہ فاتحہ کی ہو یا

قصيرة مركبة من كلمتين كقوله تعالى ثُمَّ نَظَرَ أو من كلمات كقوله تعالى فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ والمكتفي بها مسيء لأن قراءة
چھوٹی دو کلمہ سی مرکب ہو جیسی یہ آیت ثم نظر یا کئی کلمات سی جیسی یہ آیت فقتل کیف قدر لیکن اسیقدر پر اکتفا کرنا اچھا نہیں اسلئی کہ

الفاتحة وضم سورة أو ثلاث آيات إليها واجب ففي الاكتفاء بها ترك الواجب وأما لو كانت كلمة واحدة كمُدْهَامَّتَانِ أو حرفا كـ ق
الحمد کا پڑھنا اور کسی ورسوة کا یا تین آیت کا اوسکی ساتھ ملانا واجب ہی اور اوسپر اکتفا کرنی میں ترک واجب ہوتا ہی اور جو آیت ایک کلمہ کی ہی جیسی مدہامتان یا ایک حرف کی

أكثر من ذلك ففيه اختلاف والأصح أنه لا يجوز عنده ولو قرأ نصف آية طويلة كآية الكرسي وآية المداينة
جیسے اس سے زیادہ میں اختلاف ہے اصح یہ ہے کہ ابوحنیفہ کے نزدیک جائز نہیں اور اگر بڑی آیت میں سے جیسے آیۃ الکرسی اور آیۃ مداینہ

في ركعة ونصفها في ركعة أخرى اختلفوا فيه قال بعضهم لا يجوز لأنه لم يقرأ آية تامة في كل ركعة وقال عامتهم
آدھی ایک رکعت میں پڑھی اور آدھی دوسری رکعت میں تو اس میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ جائز نہیں اس واسطے کہ اس نے ہر رکعت میں پوری آیت نہیں پڑھی اور علماء کی تعداد

يجوز لأن بعض هذه الآيات يزيد على ثلاث آيات قصار أو تعدلها فلا تكون أدنى من آية وعندهما أدنى ما يجزئ
کہتی ہیں جائز ہے اس واسطے کہ ان آیتوں کا ٹکڑا چھوٹی تین آیتوں سے بڑھتی ہے یا برابر ہے ہر صورت ایک سے کم نہیں ہے اور صاحبین کے نزدیک کم سے کم قرأت جس سے نماز

منها ثلاث آيات قصار أو آية طويلة تقوم مقامها لأن القرآن معجز وأدنى ما يقع به الإعجاز سورة لقوله تعالى
تین آیتیں چھوٹی یا ایک آیت بڑی ان کے برابر ہو اس واسطے کہ قرآن معجز ہے اور کم سے کم جس میں اعجاز واقع ہو وہ سورۃ ہے واسطے قول اللہ تعالیٰ کے

فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ وأقل السورة سورة الكوثر وهي ثلاث آيات ومن كان أميا ولم يطاوعه لسانه على تعلم
لاؤ کوئی سورۃ ایسی اور سورۃ قرآن میں سب سے چھوٹی سورۃ کوثر ہے اسکی تین آیتیں ہیں اور جو شخص امی ہو کہ اس کی زبان قرآن سیکھنے میں قادر نہ ہو

القرآن إن كان يجتهد آناء الليل وأطراف النهار تجوز صلاته وإن ترك الاجتهاد لا تجوز صلاته فعلى هذا
اگر وہ رات دن قرآن پر محنت کرتا ہے تو اس کی نماز جائز ہے اور جو وہ محنت چھوڑ دیگا نماز جائز نہ ہوگی اس روایت کی مطابق

كل من كان في دار الإسلام وترك التعلم وبقي أميا واعتاد أن يصلي صلاة الأمي لا تجوز صلاته لأن الأمي إنما تجوز
جو شخص دار الاسلام میں ہو کر قرآن نہ سیکھا اور امی رہ جاوے اور امیوں کیسی نماز کی عادت کر لی تو اس کی نماز جائز نہیں ہے اس واسطے کہ امی کی نماز جب ہی جائز ہے

صلاته إذا بلغ أو زال جنونه أو أسلم وهجم الوقت ولم يتمكن من التعلم وأما إذا تمكن من التعلم ولم يتقيد به
کہ جب وہ بالغ ہوا یا جنون سے ہوش میں آوے یا مسلمان ہوا اور تنگ وقت نماز کا آجاوے اور فرصت قرآن سیکھنے کی نہ ملے اور جس صورت میں سیکھنے کی فرصت ہو اور محنت نہ کی

فلا تجوز صلاته والرابع من فرائض الصلوة الركوع وهو طأطأة الرأس مع انحناء الظهر فمن طأطأ رأسه مع
تو اس کی نماز جائز نہیں اور چوتھا فرض نماز کے فرضوں میں سے رکوع ہے اور وہ سر جھکانا کمر جھکا کر پھر جس نے سر کو جھکایا

انحناء الظهر قليلا إن كان إلى الركوع أقرب يجوز وإن كان إلى القيام أقرب لا أو يوجد طأطأة رأسه مع
اور کچھ تھوڑی کمر جھکی اگر وہ رکوع کی طرف قریب ہے تو جائز ہے اور اگر قیام سے قریب ہے اس طور کہ سر جھکایا کچھ مونڈھوں کی میلان سے

الميلان في منكبيه ولا يوجد انحناء ظهره لا يجوز لأنه لا يعد راكعا ومن كان أحدب وبلغت حدوبته
پھر کمر کبڑی نہیں ہوئی تو جائز نہیں ہے اسلئے کہ اس کو کوئی رکوع کرنے والا نہیں کہتا اور جو شخص کبڑا ہووے اور اس کا کوب رکوع کی

حد الركوع يخفض رأسه في الركوع تحقيق الانتقال من القيام إلى الركوع والخامسة من فرائض الصلوة
نوبت کو جا پہنچی تو وہ رکوع میں سر کو جھکا دے تا کہ قیام سے رکوع کی طرف انتقال پایا جاوے پانچواں نماز کی فرائض میں سے

السجدة وهي وضع الجبهة على الأرض أو ما يتصل بها والكمال فيها وضع الجبهة والأنف واليدين والركبتين
سجدہ ہے اور وہ رکھنا پیشانی کا زمین پر یا جو چیز کہ زمین سے متصل ہو اور کامل سجدہ میں رکھنا پیشانی کا اور ناک کا اور دونوں ہاتھوں کا اور دونوں گھٹنوں کا

وأطراف القدمين لقوله عليه السلام أمرت أن أسجد على سبعة أعظم على الجبهة واليدين والركبتين وأطراف
اور دونوں پاؤں کی انگلیوں کا واسطے قول علیہ السلام کے مجھ کو حکم ہے کہ سات ہڈیوں پر سجدہ کروں پیشانی پر اور دونوں ہاتھوں پر اور دونوں گھٹنوں پر اور دونوں

القدمين والأنف داخل في الجبهة لكونهما عظما واحدا ولو وضع جبهته دون أنفه يجوز لكن يكره إن كان من
پاؤں کی انگلیوں پر اور ناک پیشانی میں داخل ہے اسلئے کہ دونوں ہڈی ایک ہی ہے اور اگر پیشانی رکھدی اور ناک نہ رکھی تو جائز ہے مگر مکروہ اگر بے عذر ہے

غير عذر وكذلك لو وضع أنفه دون جبهته يجوز عند أبي حنيفة لكن يكره إن كان من غير عذر وعندهما
اور ایسے ہی اگر ناک رکھدی اور پیشانی نہ رکھی تو ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے پر مکروہ اگر بے عذر ہے اور صاحبین کے نزدیک

لا یجوز الا ان یکون فی جبهته عذر یمنع السجود بها ووضع الیدین والرکبتین لیس بفرض بل هو سنة واما وضع
جایز نہیں مگر اوس صورت مین کہ اوسکی پیشانی مین ایسا عذر ہو کہ سجدہ نکر سکی اور دونو ہاتہہ اور دونو گہٹنون کا رکہنا فرض نہین ہی بلکہ سنت ہی اور رہا دونو
القدمین فقد ذکر القدوری والکرخی والخصاف انه فرض حتی لو سجد ولم یضع قدمیه او احدهما علی الارض بل
قدم کا رکہنا سو قدوری اور کرخی اور خصاف کہتی ہین کہ فرض ہی یہان تک کہ اگر سجدہ کیا اور دونو پانو یا ایک پانو زمین پر نہ رکہا بلکہ
رفعهما عن الارض لا یجوز سجوده ولو وضع احدهما یجوز ولکن یکره وذکر التمرتاشی ان وضع الیدین والقدمین
دونو زمین سی اوٹہالئی تو اوسکا سجدہ جایز نہین ہی اور اگر ایک پانو ہی لگا دیا تو جایز ہی پر مکروہ اور تمرتاشی کہتا ہی کہ رکہنا دونو ہاتہون اور دونو پانو کا
سواء فی عدم الفرضیة وقال اکمل الدین فی شرح الهدایة انه الحق وذکر فی شرح المنیة انه بعید عن الحق والمراد بوضع
عدم فرضیت مین برابر ہی اور اکمل الدین شرح ہدایہ مین کہتا ہی کہ حق یہہ ہی ہی اور شرح منیہ مین یون مذکور ہی کہ یہہ حق سی بعید ہی اور مراد دونو پانو کی
القدمین علی ما ذکر فی الخلاصة وضع اصابعهما والمراد بوضع الاصابع توجیهها نحو القبلة لیکون الاعتماد علیها
رکہنی سی موافق اوس بیان کی جو خلاصہ مین ہی دونو پانو کی اونگلیون کا رکہنا ہی اور اونگلیون کی لگانی سی اونکا قبلہ کی طرف متوجہ کرنا مراد ہی تاکہ اونہی پر زور پڑی
حتی لو وضع ظهر القدمین ولم یوجه اصابعهما او اصابع احدهما نحو القبلة لا یصح سجوده وهذا مما یجب حفظه
یہان تک کہ اگر دونو پانو کی پشت رکہدی اور دونو پانو کی یا ایک پانو کی ہی اونگلیان قبلہ کی طرف متوجہ نکری تو سجدہ درست نہین ہی اور اسکا لحاظ واجب ہی
واکثر الناس عنه غافلون ولو کان موضع السجود ارفع من موضع القدمین مقدار نصف ذراع یجوز وان کان اکثر منه
اور اکثر لوگ اس سی غافل ہین اور اگر سجدہ کی جگہ پانو کی جگہہ سی آدہ ہاتہہ اونچی ہو تو سجدہ جایز ہی اور اگر اس سی زیادہ بلند ہو
لا یجوز ولو سجد علی کور عمامة ان کان کورها متصلا بالجبهة ولم یکن غلیظا بحیث یوجد حجم الارض یجوز لکن یکره
تو جایز نہین ہی اور اگر پگڑی کی پیچ پر سجدہ کیا تو اگر وہ پیچ پیشانی سی متصل ہی اور موٹا نہین ہی ایسا کہ زمین کی سختی معلوم ہوتی ہی تو جایز ہی پر مکروہ
ولو لم یکن متصلا بالجبهة بل کان فوق الجبهة او کان غلیظا لا یوجد حجم الارض لا یجوز وکذلک لا یجوز السجدة علی
اور اگر پیشانی سی متصل نہین ہی بلکہ پیشانی سی اوپر ہو یا ایسا موٹا ہو کہ سختی زمین کی معلوم نہین ہوتی تو جایز نہین ہی اور ایسی ہی سجدہ
کل شیء لا یوجد فیه حجم الارض کالقطن المحلوج والثلج والدخن ونحو ذلک لعدم استقرار الجبهة علی الارض او ما
ایسی شی پر جایز نہین ہی جسمین سختی زمین کی معلوم نہو وی جیسی دہنی ہوئی روئی اور برف اور چینا وغیرہ اسواسطی کہ پیشانی زمین پر یا جو
یتصل بها ولو سجد علی فاضل ثوبه او بسط خرقة علی الارض وسجد علیها فلا کلام فی الجواز وانما الکلام فی الکراهة
قایم مقام زمین کی ہی نہین ٹہرتی اور اگر کسیتی کپڑی پہ سجدہ کیا یا زمین پر کپڑی بچہا کر اوسپر سجدہ کیا تو اوسکی جواز مین کوئی تکرار نہین ہی اور اگر تکرار ہی تو کراہت مین
والصحیح عدم الکراهة لما روی عن ابی حنیفة انه صلی فی المسجد الحرام وسجد علی خرقة فقال له رجل لا یجوز هذا
اور صحیح یہہ ہی کہ مکروہ نہین ہی اسلئی کہ ابو حنیفہ سی روایت ہی کہ اونہون نی کعبہ مین نماز پڑہی اور سجدہ خرقہ پر کیا کسی شخص نی کہا یہہ جایز نہین ہی
فقال له الامام من این انت فقال من خوارزم فقال جاء التکبیر من وراء یعنی انکم تتعلمون منا ثم تعلموننا اهل
امام نی پوچہا تو کہان کا رہنی والا ہی اوسنی کہا خوارزم کا پہر امام نی کہا پیچہی تکبیر ہوئی یعنی مقتدی تکبیر کہنی لگی مراد یہہ ہی کہ تم ہم سی سیکہہ کر پہر ہمکو سکہاتی ہو کیونکہ
تصلون علی البردی فی دیارکم قال نعم فقال تجوزون الصلوة علی الحشیش ولا تجوزونها علی الخرقة والسادس من
اپنی ملک مین بردی گہاس پر نماز پڑہتی ہو کہا ہان پہر امام نی کہا تم گہاس پر نماز جایز رکہتی ہو اور خرقہ پر جایز نہین رکہتی اور چہٹا فرض
فرائض الصلوة القعدة الاخیرة سواء تقدمها قعدة اخری او لم تتقدم کما فی الثنائیة وقدر الفرض فیها مقدار
نماز کی فرایض مین سی قعدہ اخیرہ ہی برابر ہی کہ اوس سی پہلی ہی قعدہ ہو جیسی رباعی نماز مین یا نہو جیسی ثنائی نماز مین اور اسمین مقدار فرض کی اتنی ہی
ما یتمکن فیه من قراءة التشهد الی قوله عبده ورسوله لقوله علیه الصلوة والسلام لابن مسعود حین علمه
جسمین عبدہ ورسولہ تک تشہد پڑہ لی اسواسطی کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نی ابن مسعود سی

التشهد اذا قلت هذا او فعلت هذا فقد تمت صلوتك فانه عليه الصلوة والسلام علق التمام بالفعل قرأ او لم

تشہد کی بابت فرمایا جب تو یہ پڑھ چکا یا یہ کر چکا تو نماز تیری ختم ہو گی کیونکہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تمامی نماز کو عمل پر موقوف کیا تشہد پڑھے یا

يقرأ لان معنى قوله اذا قلت هذا اي قرأت التشهد وانت قاعد ولم يشرع قراءة التشهد الا في القعود ومعنى قوله

نہ پڑھے اسواسطے کہ معنی اذا قلت ہذا کی یہ ہیں پڑھا تو نے تشہد کو بیٹھ کر اسلئے کہ تشہد کا پڑھنا مگر قعود کی میں مشروع نہیں ہے اور معنی

او فعلت هذا اي قعدت ولم تقرأ شيئا فصار التخيير في القول لا الفعل لان الفعل ثابت في الحالين والمعلق بالشرط

او فعلت ہذا کی یہ ہیں کہ تو بیٹھ گیا اور پڑھا کچھ نہیں پس اب اختیار قول میں ہے عمل میں نہیں ہے اسواسطے کہ عمل دونوں حالوں میں ثابت ہے اور جو امر شرط پر موقوف

لا يوجد قبل وجود الشرط ووجه اخر ان الصلوة متناهية والتناهي لا يكون الا بالتمام والتمام لا يكون الا بالاتمام

وہ شرط سے پہلے موجود نہیں ہوتا دوسری وجہ یہ ہے کہ نماز متناہی ہے اور تناہی بدون تمامی کے نہیں ہوتی اور تمامی تمام کئے بدون نہیں ہوتی

والاتمام لا يعلم ما لم يبينه الشارع فقعدته به فيكون فرضا فان قيل الفرضية لا تثبت بخبر الواحد فما وجه ثبوتها

اور تمام کرنا بدون شارع کی معلوم نہیں ہوتا سو شارع نے قعدہ بتادیا سو فرض ہوگیا اگر کوئی کہے فرضیت خبر واحد سے ثابت نہیں ہوتی پھر یہاں

به هٰهنا فالجواب عدم ثبوتها به ليس على الاطلاق بل اذا ثبت به ابتداء واما اذا لم يثبت به ابتداء بل بين به ان

کیونکر ہے سو جواب یہ ہے کہ عدم ثبوت فرضیت کا خبر واحد سے مطلق نہیں ہے کہ فرضیت کبھی نہیں ثابت ہوتی بلکہ جب خبر واحد سے ابتداءً ثابت کریں اور جو صورت ابتداءً

ما به ان نفس الصلوة ثابتة بالكتاب وتمامها منها فيلزم كون تمامها ثابتا به ايضا وهذا الخبر بين كيفية

اسکی تفصیل یہ ہے کہ عین نماز تو قرآن سے ثابت ہے اور تمامی نماز کی اسی میں داخل ہے پس تمام کا بھی ثبوت قرآن سے لازم آیا اور اس خبر نے کیفیت اتمام کی بیان کردی

فيكون فرضا ويظهر ثمرة كونها فرضا في مسائل الاولى من تلك المسائل ان من صلى الظهر او نحوها خمسا

سو فرض ہوا اور قعدہ کی فرضیت کا فائدہ کئی مسائل میں ظاہر ہوتا ہے اول ان مسائل میں سے یہ ہے کہ جس نے ظہر کی نماز میں پانچ رکعت پڑھیں اور پانچویں

الخامسة بالسجدة ولم يقعد على رأس الرابعة تبطل فرضية صلوته وتتحول نفلا عند ابي حنيفة وابي يوسف

کرلیا اور چوتھی رکعت پر قعدہ نہ کیا تو اسکی نماز فرضیت باطل ہوکر امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک نفل ہوجاتی ہے

وعند محمد تبطل فرضيتها وتخرج من كونها صلوة وكذا لو لم يقعد على ثالثة المغرب او ثانية الفجر والثانية من

امام محمد کے نزدیک فرضیت باطل ہوکر نماز ہی نہ رہی اور ایسے ہی اگر نماز مغرب میں تیسری رکعت پر یا فجر کی دوسری رکعت پر قعدہ نہ کرے اور دوسرا ان مسا

تلك المسائل ان المسافر اذا اقتدى بمقيم في فائتة غير ثنائية لا يصح اقتداؤه لان القعدة الاولى فرض في حق المسافر

میں سے یہ ہے کہ مسافر اگر مقیم کا مقتدی ہو قضا نمازیں تو اسکا اقتدا صحیح نہیں ہے اسواسطے کہ پہلا قعدہ مسافر کے حق میں فرض ہے نہ

دون المقيم فيكون اقتداؤه به من قبيل اقتداء المفترض بالمتنفل وهو غير جائز عندنا وانما يجوز اقتداؤه به في

مقیم کے حق میں فرض نہیں اب اسکا اقتدا ایسا ہوگیا جیسے فرض پڑھنے والا نفل پڑھنے والے کا مقتدی ہو جاوے اور یہ ہمارے نزدیک جائز نہیں ہے

لان صلوته يصير اربعا باقتدائه به في الوقت لا بعده والثالثة من تلك المسائل ان المصلي بعد القعود قدر

اسلئے کہ مسافر کی نماز اس سبب اقتدا کی وقت میں رباعی ہو جاتی ہے وقت کے بعد نہیں ہوتی تیسرا ان مسائل میں سے یہ ہے کہ مصلی کو بعد قعدہ بقدر تشہد کے

في اخر الصلوة لو تذكر سجدة التلاوة وسجدها ارتفع القعدة حتى لو لم يقعد قدر التشهد بعد ما سجد

آخر نماز میں اگر سجدہ تلاوت کا یاد آیا اور اس نے وہ سجدہ کیا تو وہ قعدہ باطل ہوگیا یہاں تک کہ اگر بعد سجدہ تلاوت کی بقدر تشہد قعدہ نہ کریگا

تفسد صلوته لفوات ما هو فرض منها وهو القعدة الاخيرة والرابعة من تلك المسائل ان المصلي اذا نام في

تو اسکی نماز بسبب فوت ہونے ایک رکن نماز یعنی قعدہ اخیرہ کی فاسد ہو جاوے گی اور چوتھا ان مسائل میں سے یہ ہے کہ اگر مصلی تمام قعدہ اخیر میں سوتا رہا

الاخيرة كلها فبعد انتباهه يفرض عليه ان يقعد قدر التشهد وان لم يقعد تفسد صلوته لان ما حصل من

تو جب وہ جاگے اس پر فرض ہے کہ بقدر تشہد کی قعدہ کرے اگر نہیں کریگا تو نماز فاسد ہو جاویگی اسواسطے کہ جو

الافعال في الصلوٰة حالة النوم لا تعتبر لصدورها من غير اختيار فكون وجودها كعدمها وهذه المسئلة يكثر
افعال نماز میں سوتی ہوئی اوسکی میں اونکا اعتبار نہیں ہی کیونکہ وہ بلا اختیار ہوتی ہیں اونکا ہونا نہ ہونا برابر ہی اور یہہ مسئلہ اکثر واقع ہوتا ہی خاص کر

وقوعها لاسيما في التراويح وخصوصا في ليالي الصيف لكن الناس عنها غافلون يسر الله تعالى عملا موافقا لرضائه
ولقه الأمن والبشرى والكرامة والزلفى برحمتك يا أرحم الراحمين ونحو ذلك من الأدعية إذ ليس له دعاء

اور اسکو امن اور بشارت اور بزرگی اور قربت دی رحمت سی عنایت کر ای سب سی زیادہ مہربان اور سوا اس دعا کی اور بھی دعائیں جائز ہیں اسلئی کہ اسکی کوئی

معين وإن كان الميت صبيا أو مجنونا لا يستغفر لهما إذ لا ذنب لهما بل يقول بعد قوله ومن توفيته منا

معین نہیں ہی اور اگر وہ میت بچہ ہو یا دیوانہ ہو تو اسکی لئی آمرزش کی دعا نہیں چاہئی اسوسطی کہ انکی حق میں کوئی گناہ نہیں ہی بلکہ اس قول کی بعد من توفیتہ منا

فتوفه على الإيمان اللهم اجعله لنا فرطا اللهم اجعله لنا أجرا وذخرا اللهم اجعله لنا شافعا ومشفعا برحمتك

فتوفہ علی الایمان یہہ دعا پڑہی الٰہی اسکو ہماری لئی میر منزل بنادی الٰہی ہماری لئی محنت کا پہل اور سامان بنادی الٰہی اسکو ہماری لئی سفارشی اور سفارش قبول کیا

يا أرحم الراحمين ومن جاء بعد ما كبر الإمام للافتتاح لا يكبر بل يمكث حتى يكبر الإمام الثانية فيكبر معه ويكون

رحمت سی ای سب سی زیادہ مہربان اور جو شخص ایسی وقت آوی کہ امام تکبیر تحریمہ کہہ چکا ہو تو وہ ابھی تکبیر شروع نہ کری بلکہ اتنی ٹہرا رہی کہ امام دوسری تکبیر کہی پس امام کی ساتہہ تکبیر کہی

هذا التكبير في حقه تكبيرة الافتتاح فيصير مسبوقا بتكبيرة فإذا سلم الإمام يقضيها قبل أن ترفع الجنازة

یہہ تکبیر اسکی حق میں بجائی تکبیر تحریمہ کی ہوگی سو یہہ شخص بلحاظ اس تکبیر کی مسبوق ہوگا جب امام سلام پہیری تو اوسکو جنازہ کی اوٹہنی سی پہلی قضا کرلی اور

إن جاء بعد ما كبر الإمام تكبيرتين لا يكبر حتى يكبر الإمام الثالثة فيكبر معه فيصير مسبوقا بتكبيرتين فإذا

اگر ایسی وقت آیا کہ امام دو تکبیر کہہ چکا ہی تو بہی اتنی تکبیر نہ کہی کہ امام تیسری تکبیر کہی اب اوسکی ساتہہ تکبیر کہی اب دو تکبیروں کا مسبوق ہو دیگا پہر جب امام سلام پہیری

الإمام يقضيهما قبل أن ترفع الجنازة وإن جاء بعد ما كبر الإمام ثلاثا لا يكبر حتى يكبر الإمام الرابعة فيكبر معه

تو دونو تکبیریں جنازہ کی اوٹہنی سی پہلی قضا کرلی اور اگر ایسی وقت آیا کہ امام تین تکبیر سی فارغ ہو چکا تو بہی تکبیر نہ کہی جب تک امام چوتھی تکبیر کہی اب اوسکی ساتہہ تکبیر کہی پس

مسبوقا بثلاث تكبيرات فإذا سلم الإمام يقضيهن متوالية بلا دعاء قبل أن ترفع الجنازة إذ لو رفعت قبل

تین تکبیروں کا مسبوق ہوگا پہر جب امام سلام پہیری تو تکبیریں پی در پی بغیر دعا کی جنازہ کی اوٹہنی سی پہلی قضا کرلی اسوسطی کہ اگر جنازہ تکبیریں پوری ہونی کی پہلی

تمامهن بطل صلاته وإن جاء بعد تكبير الإمام الرابعة فقد فاتته صلوٰة الجنازة بخلاف من كان حاضر

اوٹہالیں گی تو اوسکی نماز باطل ہو جاویگی اور اگر ایسی وقت آیا کہ امام چوتھی تکبیر کہہ چکا تو اوسکی لئی جنازہ کی نماز فوت ہوئی برخلاف اوسکی جو حاضر صف میں

ا بالصف ولم يكبر مع الإمام لغفلته أو لكونه مشغولا بالنية فإنه يكبر ولا ينتظر تكبير الإمام لأنه

کہڑا ہو پر امام کی ساتہہ بسبب غفلت کی یا نیت کی مشغولی سی تکبیر نہ کہی پایا سو یہہ شخص تکبیر کہی امام کی تکبیر کہی کا منتظر نہ رہی کیونکہ یہہ شخص

بمنزلة المدرك لتلك التكبيرة إذ لا يمكنه أن يكبر معه إلا بحرج وإن لم يكبر الأولى حتى يكبر الإمام الثانية

گویا اس تکبیر کا مدرک ہی اسواسطی کہ یہہ امام کی ساتہہ بدون حرج کی تکبیر نہیں کہہ سکتا اور اگر اسنی تکبیر اولیٰ نہ کہی اتنی کہ امام نی دوسری تکبیر کہدی

بکبر

يكبر مع الامام ولا يكبر للاولى حتى يسلم الامام لانه لو كبر للاولى يكون قضاء والمسبوق لا يشتغل بقضاء ما قد سبق

تو اب امام کی شامل تکبیر کہی اور تکبیر اولی نہ کہی جبتک کہ امام سلام پھیری اسلئی کہ اگر اب تکبیر اولی کہیگا تو قضا ہو دیگی اور مسبوق کو گزشتہ کی قضا بن امام کی فراغت سی

قبل فراغ الامام وان لم يكبر حتى يكبر الامام اربعا يكبر هو للافتتاح قبل ان يسلم الامام واذا سلم الامام يكبر ثلاثا

پہلی کر نا چاہئی　اور اگر تکبیر اولی نہ کہی یہاں تک کہ امام نے چاروں پوری کردیں تو اب یہ شخص امام کی سلام سی پہلی تکبیر افتتاح کہی اور جب امام سلام پھیری تو تینوں تکبیرین

متتابعا بلا دعاء قبل ان ترفع الجنازة وان كبر مع الامام التكبيرة الاولى ولم يكبر الثانية والثالثة يكبرهما ثم يكبر

بے درپے بدون دعا کی جنازہ کی اوٹھنی سی پہلی کہدی اور اگر امام کی ساتھ تکبیر اولی تو کہی دوسری اور تیسری تکبیر نہ کہی تو پہلی یہہ دونو تکبیرین کہی پھر امام کی ساتھ

مع الامام الرابعة وقال ابو يوسف من جاء بعد ما كبر الامام تكبيرة الافتتاح يكبر كما جاء ولا ينتظر التكبيرة الثانية

چوتھی تکبیر کہی　اور امام ابو یوسف کہتی ہین جو شخص ایسی وقت آیا کہ امام تکبیر کہہ چکا تو آتی ہی تکبیر کہہ کر شامل ہوجاوی دوسری تکبیر کا منتظر نہ ہو

قال ابرهيم الحلبي في شرح المنية وبقوله ناخذ وان جاء بعد ما كبر الامام الرابعة يكبر للافتتاح قبل ان يسلم

ابراہیم حلبی منیہ کی شرح مین کہتا ہی　اور ہم نی انکا ہی قول لیا ہی اور اگر ایسی وقت آیا کہ امام چوتھی تکبیر کہہ چکا تو امام کی سلام سی پہلی تکبیر افتتاح کہی

الامام واذا سلم يقضي ثلث تكبيرات عنده قال ابرهيم الحلبي وعليه الفتوى ومن دفن قبل ان يصلي عليه يصلى

اور جب امام سلام پھیری تو تینوں تکبیرین قضا کری امام ابو یوسف کی نزدیک ابراہیم حلبی کہتا ہی اور اسی پر فتوی ہی اور جو مردہ نماز جنازہ سی پہلی دفن ہوگیا ہو تو اوسکی

على قبره ما لم يتفسخ اقامة للواجب بقدر الامكان والمعتبر في معرفة عدم تفسخه اكبر الراي على الصحيح لانه

قبر پر نماز پڑہین جبتک کہ پہٹا نہو تا کہ بقدر امکان واجب ادا ہوجاوی　اور پہٹنی اور نہ پہٹنی کی باب مین صحیح مذہب پر غالب رای معتبر ہی　اسلئی کہ یہہ حالت

يختلف باختلاف الازمان من الحر والبرد وباختلاف حال الميت من السمن والهزال واولى الناس بالامامة في الصلوة

باعتبار اختلاف زمانہ　گرمی اور جاڑی کی اور باعتبار اختلاف حال مردہ کی　موٹا پا　اور دبلا پن مین یکسان نہین ہوتی اور نماز جنازہ کی امامت کی

عليه السلطان ان حضر ثم القاضي ثم امام الحي ثم الولي على ترتيب العصبات في الارث فان سبب العصوبة فيه

سلطان ہی اگر بروقت موجود ہو پھر قاضی　پھر امام قوم کا　پھر ولی ترتیب عصبات وراثت کی اعتبار سی　بیشک سبب عصوبت کا ارث مین

اولا البنوة ثم الابوة ثم الاخوة ثم العمومة واذا انتهى الحق اليه يجوز له ان ياذن لغيره ان يصلي عليه وليس لغيره

اول بنوت ہی پھر ابوت　پھر اخوت　پھر عمومت　اور جب امامت کسیکا حق ٹہرچکی تو اوسکو اختیار ہی کہ امامت کی لئی اور کسیکو اجازت دیدی اور دوسرے کو

ان يصلي بغير اذنه وان صلى غيره بغير اذنه فله ان يعيد ان شاء وبعد ما صلى عليه هو او من كان مقدما عليه من

یہہ اختیار نہین ہی کہ اوسکی بی اجازت نماز پڑہا دی اور اگر غیر شخص نی بی اجازت نماز پڑہا دی تو ولی　کو اختیار ہی اگر چاہی تو آپ پھر پڑہ لی اور اگر ولی یا جو ولی کی

السلطان او غيره لا يصلي عليه غيره اذ بصلوة من هو اولى يتادى حق الميت ويسقط فرض صلوة الجنازة فلو صلى عليه غيره

سلطان وغیرہ نماز پڑہ چکا ہو تو اب کسیکو اختیار اعادہ کا باقی نہین ہی اسواسطی کہ سبکی نماز پڑہنی ایسی کی جو واسطی اوا حق میت کی اولی ہی فرضیت نماز جنازہ کی ادا ہوچکی اب جو

بعده يكون نفلا والتنفل بها غير مشروع وهذا من صلى عليه مرة قبل اذن الولي لا يصلي عليه مرة اخرى مع الولي ولو

کوئی اور کوئی نماز پڑہیگا تو نفل ہوگی اور نفل نماز جنازہ کی شرع سی ثابت نہین ہی اور اسی لئی جو شخص ایک بار بدون اجازت ولی کی نماز جنازہ پڑہ چکا ہو تو دوسری دفعہ ولی کی

اوصى بان يصلي عليه فلان فالوصية باطلة وليس له ان يصلي عليه الا برضى وليه وان لم يكن له ولي فالجيران اولى

اور اگر مردہ نی وصیت کی ہو کہ میری نماز جنازہ فلانا شخص پڑہاوی تو یہہ وصیت باطل ہی اوس فلانی کو بدون رضامندی ولی کی اختیار نہین ہی اور اگر میت کا کوئی ولی نہین ہی تو ہمسایہ اولی

ويقوم الامام بحذاء صدر الميت ذكرا كان الميت او انثى لان الصدر اشرف الاعضاء في البدن لكونه مع القلب الذي

اور امام میت کی سینہ کی مقابل کہڑا ہو مردہ مرد ہو یا عورت　اسلئی کہ　سینہ　بدن مین　سب اعضا سی اشرف ہی اسواسطی کہ سینہ مین دل ہی

فيه نور الايمان فيكون القيام بازائه اشارة الى ان الشفاعة له انما يكون لاجل ايمانه ليعفو ربه عن عصيانه

جسمین ایمان کا نور ہوتا ہی اب اوسکی مقابل کہڑی ہونی مین یہہ اشارہ ہی کہ شفاعت اس مردہ کی اس ایمان کی واسطی ہی تاکہ اوسکی خطاؤن سی پروردگار درگذر کری

ولو وضعوا رأس الميت متايلي يسار الامام يجوز لكن لو تعمدوه يكونون مسيئين ويستحب ان يصفوا ثلثة صفوف

اور اگر قوم نے میت کا سر امام کی بائیں ہاتھ کی متصل کردیا تو جایز ہے پر اگر ایسا قصدا کیا تو سب خطاوار ہیں اور مستحب ہے کہ تین صفیں بناویں

حتى لو كانوا سبعة يتقدم احدهم للامامة ويقف ثلثة وراءه واثنان وراءهم وواحد وراءهما وافضل

یہانتک کہ اگر ہمراہی لوگ سات ہوں تو ایک شخص امامت کے لئے آگے بڑھے اور تین آدمی اوسکے پیچھے کھڑے ہوں اور دو انکے پیچھے اور ایک ان دو کے پیچھے اور

الصفوف في صلوة الجنازة اخرها وفي سائر الصلوات اولها ولو حضر الميت صبيحة يوم الجمعة يكره تاخيره الى

نماز جنازہ کی تمام صفوں میں افضل پچھلی صف ہوتی ہے اور اور تمام نمازوں میں اول صف افضل ہے اور اگر جنازہ جمعہ کے دن صبح کی وقت تیار ہوگیا تو پھر جمعہ کی وقت تک تاخیر

وقت الجمعة ليصلي عليه جمع عظيم بعد الجمعة ولا يجوز الصلوة عليه عند طلوع الشمس وعند استوائها

تاکہ اوسپر جمعہ کی بعد انبوہ کثیر نماز پڑھے مکروہ ہے اور نماز جنازہ طلوع آفتاب کے وقت اور زوال کے وقت

وعند غروبها ان حضر قبل هذه الاوقات وان حضر فيها يجوز من غير كراهة لانها ادى كما وجبت لان

اور غروب کی وقت جائز نہیں ہے اگر جنازہ ان اوقات سے پہلے موجود ہو چکا ہو اور اگر انہی اوقات میں آیا ہو تو بلا کراہت جائز ہے اسلئے کہ جیسی واجب ہوئی ویسے ادا بھی ہوئی

الوجوب بالحضور وهو افضل والتاخير مكروه لقوله عليه السلام لا تؤخرن وذكر منها الجنازة ولو حضر بعد

کیونکہ جنازہ کی موجود ہونے سے نماز واجب ہوتی ہے یہ افضل ہے اور تاخیر مکروہ ہے واسطے ارشاد نبی علیہ السلام کی دیر کر نکرنا اور انمیں جنازہ کو ذکر فرمایا اور اگر جنازہ بعد

غروب الشمس بدأ بالمغرب ثم بصلوة الجنازة ثم بسنة المغرب وقيل يقدم سنة المغرب ايضا ويكره الصلوة على

غروب آفتاب کی موجود ہو تو پہلے مغرب کے فرض پڑھیں پھر جنازہ کی نماز پڑھیں پھر مغرب کی سنتیں پڑھیں اور کوئی کہتا ہے مغرب کی سنتیں بھی پہلے پڑھیں اور جنازہ کی نماز مسجد میں

الجنازة في المسجد ان كانت الجنازة فيه وان كانت الجنازة والامام وبعض القوم خارج المسجد والباقي فيه

مکروہ ہے اگر جنازہ مسجد کے اندر ہو اور اگر جنازہ اور امام اور کچھ لوگ مسجد سے باہر ہوں اور باقی مسجد میں ہوں

لا يكره ولو كان الامام على غير طهارة والقوم على طهارة تعاد الصلوة لعدم صحتها واما لو كان الامام على طهارة

تو مکروہ نہیں ہے اور اگر امام بے وضو ہو اور تمام قوم باوضو ہو تو نماز دوبارہ پڑھیں اسلئے کہ وہ نماز صحیح نہیں ہوئی اور اگر امام باوضو ہو

والقوم على غير طهارة فلا تعاد لان صلوة الامام صحيحة وبها يتم حق الميت ويسقط فرض صلوة الجنازة لعدم

اور قوم تمام بے وضو ہوں تو اعادہ نہیں ہے اسلئے کہ امام کی نماز صحیح ہوگئی ہے اور اسمیں میت کا حق ادا ہوگیا اور فرضیت نماز جنازہ کی ذمہ سے ساقط ہوگئی

كون الجماعة شرطا فيها وان لم يوجد من يصلي عليه من الرجال وصلت عليه النساء وحدهن جماعة يجوز

کیونکہ اس نماز میں جماعت شرط نہیں ہے اور اگر مردوں میں سے کوئی نماز پڑھنے والا میسر نہوا اور نری عورتوں نے جماعت کر کر نماز پڑھی تو جائز ہے

وان امت المرأة الرجال فيها لا تعاد لان صلوة الرجال وان كانت فاسدة لكن صلوتها صحيحة وبها يتم حق الميت

اور اگر عورت نے نماز جنازہ میں مردوں کی امامت کی تو اعادہ نہیں ہے اسواسطے کہ مردوں کی نماز اگرچہ فاسد ہوئی پر اوس عورت کی نماز تو صحیح ہوئی اور اسمیں میت کا حق ادا ہوگیا

ويتادى فرض صلوة الجنازة فلا تعاد لان تكرارها غير مشروع عندنا ومن ولد وظهر منه عند ولادته

اور نماز جنازہ کی فرضیت ادا ہوگئے پھر اعادہ نہوگا اسلئے کہ اسکا تکرار شرع میں ہماری نزدیک ثابت نہیں ہے اور جو بچہ پیدا ہووے اور پیدا ہوتے ہوئے

ما يدل على حيوته من رفع صوت او تحريك عضو يسمى ويغسل ويصلى عليه وان لم يظهر منه عند ولادته

کوئی نشان زندگی کا معلوم ہووے جیسے رونیکی آواز یا کسی عضو کا ہلانا تو اوسکا نام مقرر کرینگے اور نہلاوینگے اور نماز جنازہ پڑھینگے اور اگر پیدا ہوتے ہوئے

ما يدل على حيوته لا يصلى عليه واختلف في تسميته وغسله والمختار انه يسمى ويغسل ويدرج في خرقة

کوئی نشان زندگی کا ظاہر نہوا تو اوسپر نماز جنازہ نہ پڑھینگے اور اوسکی نام معین کرنے میں اور نہلانے میں اختلاف ہے اور مختار یہ ہے کہ نام رکھیں اور نہلا دیں اور کپڑے میں لپیٹ کر

ويدفن تكريما لبني ادم ولو سبي صبي ومات ان لم يسب معه احد ابويه يصلى عليه لكونه تبعا للسابي

واسطے تعظیم بنی آدم کی دفن کر دیں اور اگر لوٹ میں بچہ پکڑا آوے اور مر جاوے تو اگر اوسکے ساتھ اوسکا ماں باپ کوئی نہیں پکڑا آیا تو اوسپر نماز پڑھیں کیونکہ اب وہ گرفتار کرنیوالے کا

والدار وان سبي مع احد ابويه لا يصلي عليه لكونه كافرا تبعا لمن سبي معه من احد ابويه الا ان يقر هو بالاسلام وهو

بالک کافر ہی ہے، اور اگر وہ کسی ماں یا باپ کے ساتھ گرفتار ہوا ہی تو نماز نہ پڑھیں کیونکہ وہ ماں باپ میں سے کسی کے ساتھ گرفتار ہوا ہے اوسکی تبعیت میں کافر ہے ہاں اگر وہ بچہ اسلام کا اقرار کرے اور وہ سمجھ

يعقل صفته المذكورة في قوله عليه الصلوة والسلام لجبريل عليه السلام حين ساله عن الايمان ان تؤمن بالله وملئكته وكتبه و

اسلام کی صفت جو اس حدیث میں مذکور ہے جانتا ہو کہ نبی علیہ السلام نے جبریل علیہ السلام سے جب وے نبی علیہ السلام سے صفت ایمان کی پوچھی تو فرمایا کہ یقین کرے تو اللہ کا اور اوسکے فرشتوں کا اور اوسکی

رسله واليوم الآخر وبالقدر خيره وشره او يسلم من سبي معه من احد ابويه فحينئذ يصلي عليه اذ قد جاء فيه الخبر ان الولد

رسولوں کا اور قیامت کے دن کا اور نیک و بد کی اندازہ کرنیکا یا اوسکا ماں یا باپ جسکے ساتھ وہ گرفتار ہوا ہی مسلمان ہو جاوے تو اوسپر نماز پڑھیں اسلئے کہ اوس باب میں حدیث ہی کہ بچہ

يتبع خير الابوين دينا وان مات في دار الاسلام بعد موت ابيه فيها لا يصلي عليه لتقرب التبعية بموت ابيه ومن مات في السفينة

ماں باپ میں سے با عتبار دین کے اچھے کا تابع ہوتا ہی اور اگر وہ بچہ دار الاسلام میں بعد مرنے اپنے باپ کے دار الاسلام میں مر جاوے تو اوسپر نماز نہ پڑھیں کیونکہ باپ کی موت سے اوسکی تبعیت قرب ہے اور جو شخص جہاز میں مر جاوے

ولم يكن في قربها ارض يغسل ويكفن ويصلي عليه ويلقى في البحر ومن قتل في حد او قصاص يغسل ويصلي عليه لما روي ان ماعزا

اور کوئی زمین قریب جہاز کے نہو تو غسل دیکر اور کفنا کر اور نماز پڑھکر دریا میں ڈالدیں اور جو شخص حد یا قصاص میں مارا جاوے تو اوسکو نہلا دیں اور اوسپر نماز پڑھیں کیونکہ روایت ہی کہ ماعز کو

لما رجم جاء عمه الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله قتل ماعز كما يقتل الكلاب فماذا تامرني اصنع به فقال النبي عليه الصلوة

جب رجم کیا تو اوسکے چچا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر پوچھا کہا یا رسول اللہ ماعز کتی کی موت مارا گیا اب جو حکم ہو سو کروں پس نبی علیہ الصلوۃ

والسلام لا تقل هذا لانه تاب توبة لو قسمت على اهل الارض لوسعتهم اذهب واغسله وكفنه وصل عليه ومن يقتل من

والسلام نے فرمایا یہ مت کہہ کیونکہ اوسنے توبہ ایسی توبہ کی ہی اگر تمام روی زمین کی باشندوں پر تقسیم ہو تو سب کو کافی ہو جا اوسکو نہلا دے کفن دی اور نماز پڑھ اور جو شخص

البغاة وقطاع الطريق لا يغسل ولا يصلي عليه لما روي ان عليا رضي الله عنه لم يغسل البغاة ولم يصل عليهم فقيل له اهم

باغیوں میں سے یا رہزنوں میں سے مارا جاوے تو نہ غسل دیں اور نہ اوسپر نماز پڑھیں کیونکہ روایت ہی کہ علی رضی اللہ عنہ نے نہ باغیوں کو غسل دیا اور نہ نماز پڑھی پھر کسی نے اونسے پوچھا کیا

كفار فقال لا بل هم بغوا علينا اشار الى انه انما ترك غسلهم والصلوة عليهم لبغيهم ليكون عقوبة لهم وزجرا لغيرهم قيل هذا

یہ لوگ کافر ہیں جواب دیا نہیں بلکہ یہ ہم پر باغی ہیں تو یہ اشارہ ہی کہ انکا غسل اور نماز بغاوت کے لئے ترک ہوا ہی تاکہ انکو سزا ہو اور اوروں کو خوف ہو کوئی کہتا ہے کہ

في حق من يقتل في حال المحاربة قبل ان تضع الحرب اوزارها الا لمن يقتل بعد ثبوت يد الامام عليه فانه يغسل ويصلي عليه قال

یہ سزا اوس باغی کے حق میں ہی جو عین جنگ میں لڑائی موقوف ہونے سے پہلے مارا جاوے اور اوسکی سزا نہیں ہی جو بعد قابض ہونے امام کے مارا جاوے ایسی کو غسل بھی دیں اور نماز بھی پڑھیں زیلعی

الزيلعي هذا التفصيل حسن اخذ به الكبار من المشائخ ومشائخنا جعلوا حكم المقتولين بالعصبية حكم اهل البغي وكذلك حكم

کہتا ہی یہ فرق خوب ہی اسکو بڑے بڑے مشائخ نے اختیار کیا ہے اور ہمارے مشائخ نے عصبیت کے مقتولوں کو ف باغیوں میں داخل کیا ہی اور ایسی جو شخص

الواقفين الناظرين اليهم اذا اصابهم حجر او سهم وماتوا في تلك الحالة لا يصلي عليهم وان ماتوا بعد تفرقهم يصلي عليهم ومن يقتل

کھڑے ہو کر باغیوں کا تماشا دیکھے اگر اوسکو پتھر یا تیر جا لگے اور اسی حالت میں مر جاوے تو اوسپر بھی نماز نہ پڑھیں اور اگر بعد چلی جانیکے مرے تو اوسپر نماز پڑھیں اور جو شخص اپنے

نفسه عمدا يصلي عليه عند ابي حنيفة ومحمد وهو الاصح لانه وان كان باغيا على نفسه الا انه غير ساع في الارض بالفساد

تئیں عمداً قتل کرے طرفین کی نزدیک اوسپر نماز پڑھیں اور یہی اصح ہی اسواسطے کہ اگرچہ یہ شخص اپنی جان پر باغی ہے پر اوسنے ملک میں کچھ فساد نہیں پھیلایا

بل هو فاسق كسائر فساق المسلمين ومن يقتله السبع او يحترق بالنار او يتردى من الجبل او يموت تحت هدم يغسل ويصلى عليه

بلکہ فاسق ہی جیسے اور مسلمان فاسق ہوتے ہیں اور جسکو درندہ پھاڑ ڈالے یا آگ میں جل جاوے یا پہاڑ پر سے گر کر ہلاک ہووے یا مکان تلے دب مرے تو اوسکو نہلاویں اور نماز پڑھیں

ومن يقتله اهل الحرب واهل البغي او قطاع الطريق ولم يكن جنبا لا يغسل لكونه شهيدا بل يصلي عليه ويدفن بدمه وثيابه الخ

اور جسکو حربی لوگ یا باغی یا رہزن مار ڈالیں اور وہ جنب نہو تو اوسکو غسل نہ دیں اسلئے کہ وہ شہید ہے بلکہ اوسکو نماز پڑھکر خون آلودہ اپنے کپڑوں میں دفن کریں

تنزع عنه الا ما ليس من جنس الكفن كالفرو والحشو والخف والقلنسوة فان كان ما عليه من الثياب ناقصا عن كفن السنة يزاد عليه

مگر اوتار لیں اوسکی جو کفن کی قسم کا نہو جیسے پوستین اور روئی دار کپڑا اور موزہ اور ٹوپی اور اگر اوسکے بدن کی کپڑے مقدار کفن مسنون سے کم ہوں تو زیادہ کردیں

ف [illegible]

وان كان زائدا ينقص منه مراعاة للسنة ولا يصلى الا على عضو الا اذا كان في حكم الكل بان يوجد اكثر الميت او

اور اگر بڑہتی ہون تو واسطی رعایت سنت کی کم کردین اور مقتول کی عضو پر نماز نہین پڑہتے جب ہی کہ وہ عضو کل کی حکم مین ہو اسطور کہ آدمی کی زیادہ ہو

نصفه مع راسه بخلاف ما لو وجد نصفه او نصفه مشقوقا بالطول فانه لا يغسل ولا يصلى عليه والمصلوب

مع میت آدہا ہو بخلاف اوس مقتول کی جسکا فقط سر ہی بانہہ آدمی یا آدہا طول کی جانب سی چرا ہوا ہو ایسیکی نہ غسل ہی اور نہ نماز اور سولی دیا ہوا

يترك على خشبته ثلثة ايام عقوبة له وزجر الغيره ثم اذا تم له ثلثة ايام يخلى بينه وبين اهله ليدفنوه ولو

تین دن تک سولی پر لٹکا رہی اوسکی یہی سزا ہی اور اورون کی لئی خوف پہر جب تین دن پوری ہو جاوین تو اوسکی وارثون کو اجازت دین تاکہ اوسکو دفن کرین اور اگر

مات كافر ولم يكن له ولي من الكفار وله قريب مسلم يغسله القريب المسلم ويدفنه لما روي ان عليا لما مات ابوه

کوئی کافر مر جاوی اور اوسکا کوئی کافر وارث نہو اور اوسکا سگا مسلمان ہو تو وہ ہی مسلمان اوسکو غسل دیکر دب دی کیونکہ روایت ہی کہ علی جب اونکا باپ مر گیا

جاء الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله ان عمك الضال قد مات فقال له النبي صلى الله عليه وسلم

تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس آئی عرض کیا یا رسول اللہ آپکا چچا گمراہ مر گیا آپ نی فرمایا

اذهب فاغسله وكفنه وواره لكن لا يغسل كغسل المسلم بل يصب عليه الماء ويغسل غسل الثوب النجس من

جا اوسکو نہلا اور کفنا کر داب دی پر اوسکو مسلمانون کی طرح نہ نہلا دین بلکہ اوسپر پانی بہا دین جیسی گندہ کپڑی کو دہوتی ہین

غير وضوء ولا بداية من التيامن ويلف في خرقة من غير مراعاة سنة الكفن ويحفر حفرة من غير لحد ويلقى فيها

نہ تو وضو کرائین اور نہ داہنی طرف سی شروع کرین پہر کپڑی مین لپیٹین کفن مین کچہ رعایت سنت کی نہ کرین اور گڑہا بدون لحد کی کہود کر ڈالین

ولا يوضع ويجوز دفعه الى اهل دينه وان كان له ولي من الكفار لا ينبغي للمسلم ان يتولى امره بل يخلى بينه وبينهم

اور مردہ کی طرح نہ اوتارین اور جایز ہی کہ اوسکا لاشہ اوسکی ملت والون کو حوالہ کردین اور اگر کفار مین سی کوئی اوسکا وارث ہو تو اب مسلمان کو نہین چاہئی کہ اوسکی کاروبار کا ذمہ دار ہو

ليصنعوا به ما يصنعون بموتاهم هذا اذا لم يكن كفره بالارتداد واما اذا كان كفره بالارتداد فلا يدفع الى اهل

تاکہ جیسا وہ اپنی مردون کو کرتی ہون سو اوسکو کرین یہہ جب ہی کہ اوسکا کفر ارتداد کا نہو اور اگر وہ مرتد ہو کر کافر ہوا ہی تو اوسکی ملت والون کو جنکی دین مین

الدين الذي انتقل اليه بل يلقى في حفرة كالكلب بلا غسل ولا كفن يسرنا الله تعالى النجاة من زوال الايمان بلطفه وكرمه

ملگیا ہی نہ دیوین بلکہ کتی کی مثال بی غسل اور بی کفن گڑہی مین ڈالدین الٰہی ہمکو زوال ایمان سی بچا اپنی لطف وکرم سی آسان کر

المجلس السادس والخمسون في بيان قوله عليه السلام من كان اخر كلامه

مجلس چہپن اس حدیث کی بیان مین جسکا آخر کلام

لا اله الا الله دخل الجنة

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان اخر كلامه لا اله الا الله

لا الٰہ الا اللہ ہی وہ جنتی ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جسکا پچہلا بول لا الٰہ الا اللہ ہو

دخل الجنة هذا الحديث من حسان المصابيح رواه معاذ بن جبل ومعناه ان كل من كان اخر كلامه عند الموت

وہ جنتی ہی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین ہی معاذ بن جبل کی روایت سی اور معنی یہہ ہین کہ جسکا آخر کلام مرتی وقت کلمہ توحید ہو

كلمة التوحيد يدخل الجنة اما قبل ان يعذب بعفو ذنوبه او بعد ان يعذب بقدر ذنوبه فعلى هذا كل من

وہ جنت مین داخل ہوگا یا تو بی عذاب اگر خطائین معاف ہوئین یا گناہون کی برابر عذاب بہگت کر اس بیان کی موافق

يئس من حياته ينبغي له ان يكثر الاستغفار ويتوب عن ذنوبه ويستحضر في ذهنه ان هذا اخر اوقاته

جسکو توقع زیست کی نہ رہی تو اوسکو چاہئی کہ استغفار بہت کیا کری اور اپنی گناہون سی توبہ کری اور اپنی دلمین یہی خیال رکہی کہ دنیا مین سی میرا یہی وقت آخر ہی

من الدنيا ويجتهد ان يختمها بخير ويسارع في قضاء دينه لئلا يبقى في قبره مرتهنا بدينه كما اخبر به النبي عليه الصلوة والسلام

اور یہہ ہمت کری کہ اوسوقت کو خیر پر تمام کری اور جلدی سی اپنا قرض اوتار دی تاکہ قبر کی اندر قرض مین الجہا نہ پڑا رہی چنانچہ حدیث مین آیا ہی

وقال نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يقضى عنه ويبادر في اداء سائر الحقوق الى اهلها من رد المظالم والودائع والعواري

فرمایا مؤمن کی جان قرض مین الجھی رہتی ہی جبتک قرض ہو ادا نہی ہووی اور جلدی سی تمام حقداروں کی حق ادا کردی ناحق لیا ہوا پھیردی اور امانتیں اور مانگی ہوئی چیزین

واستحلال اهله من زوجته ووالديه واولاده وغلمانه وجيرانه واصدقائه وكل من كان معه معاملة اومصاحبة

اور اپنی اہل سی یعنی اپنی بیوی اور ماں باپ اور اولاد اور غلاموں اور ہمسایوں اور دوستوں سی اور جسکی ساتھہ کچھہ معاملہ ہوتا ہو یا ہمنشینی ہو حق معاف کرالی

ويوصي بما لا يتمكن من ادائه في الحال حتى لو كان عليه حق من حقوق الله تعالى كالصلوة والزكوة والصوم والحج

اور جو حق کہ بالفعل ادا نہیں ہوسکتا اوسکی وصیت کردی یہاں تک کہ اگر اوسکی ذمہ حقوق اللہ ہوں جیسی نماز اور زکوة اور روزی اور حج وغیرہ

وغيرها يجب عليه ان يوصي لهذه الحقوق بثلث ماله ان احتيج اليه وان لم يكن عليه حق من هذه الحقوق لا

تو اسپر واجب ہی کہ واسطی ادا ان حقوق کی تہائی مال مین سی وصیت کردی اگر مال کی حاجت ہووی اور اگر اوسکی ذمہ ایسی حقوق نہیں ہین تو اوسپر کوئی

يجب عليه الوصية بل ينبغي له ان ينظر الى حال الورثة فانهم ان كانوا صغارا فالافضل له ترك الوصية وكذلك

کوئی وصیت واجب نہیں ہی مگر اوسکو یہہ چاہئی کہ وارثوں کی حال کو لحاظ کری کیونکہ اگر وارث بچی ہیں تو افضل یہہ ہی کہ وصیت نکری اور ایسی ہی

لوكانوا كبارا وهم فقراء ولا يستغنون بحصتهم من التركة كان ترك الوصية افضل له وان كانوا اغنياء او يستغنون

اگر بالغ ہوں لیکن ایسی محتاج کہ ترکہ مین سی اپنا اپنا حصہ لیکر بھی غنی نہو دیں تو بھی وصیت نکری افضل ہی اور اگر غنی ہوں یا ترکہ میں سی

بحصتهم من التركة فالافضل له ان يوصي باقل من الثلث فيما هو طاعة لامعصية فيه فيبدأ بمن ليس بوارث من اهل قرابته

اپنا اپنا حصہ لیکر غنی ہوجاوین تو اوسکو افضل یہہ ہی کہ تہائی مال مین کم کی ایسی وصیت کری جو طاعت ہو اوسمیں کوئی معصیت نہو پہلی قرابتیوں میں سی ایسی کہ شروع کری

ان كانوا فقراء وان لم يكونوا فقراء بل كانوا اغنياء فبالجيران وقدر الاستغناء عند ابي حنيفة على ما ذكر في قضايا الخلاصة والبزازية ان يبقى

اگر وہ محتاج ہوں اور اگر محتاج نہوں بلکہ غنی ہوں تو ہمسایوں سی شروع کری اور مقدار استغنا کی امام ابو حنیفہ کی نزدیک موافق اوسکی جو خلاصہ اور بزازیہ کی وصایا مین مذکور ہی

لكل وارث بعد الوصية اربعة الاف وعن الفضلي عشرة الاف وبعد الوصية ينبغي له ان يحسن

کہ وصیت ادا کرکر چار ہزار ہر ایک وارث کی لئی بچ رہیں اور فضلی سی یہہ روایت ہی کہ دس ہزار بچی رہیں اور وصیت کرلی کی بعد چاہئی کہ اپنا گمان

ظنه بالله تعالى بانه يرحمه ويغفر ذنوبه ويستحضر في ذهنه انه حقير في مخلوقاته تعالى

حق تعالی سی درست کری کہ مجھہ پر اللہ رحمت ہی کریگا اور میری گناہ معاف ہی کریگا اور اپنی دلمیں یہہ خیال کری کہ اوسکی مخلوقات مین سب سی کمینہ ہوں

وانه تعالى غني عن عذابه وطاعته وينبغي له ان يكون مشغولا بقراءة ايات من القران العظيم في الرجاء

اور اللہ تعالی کو میری عذاب اور طاعت کی کچھہ پرواہ نہیں ہی اور چاہئی کہ قرآن شریف کی وہ آیات جنمین رجا اور امیدواری ہی پڑہی

او يقرأها غيره عنده وهو يسمع وكذلك يستقرئ احاديث الرجاء او يقرأ غيرها عنده و

یا اسکی پاس اور لوگ پڑہیں یہہ سنتا رہی اور ایسی ہی رجا کی حدیثیں پڑہی یا اور لوگ اسکی پاس پڑہین اور

هو يسمع وحكايات الصالحين واثارهم عند الموت وينبغي له ان يحافظ على الصلوات الخمس و

یہہ سنتا رہی اور صلحاء کی قصی اور اونکی مرتی دم کی حالات سنی اور اوسکو چاہئی کہ پنجگانہ نماز کی اور

غيرها من وظائف الدين بقدر طاقته فانه اذا عجز عن القيام في الصلوة يصلي

سوای اوسکی اور وظائف دین کی طاقت کی موافق محافظت کیا کری بیشک اگر وہ نماز مین قیام سی تنگ رہی

قاعدا بركوع وسجود وان لم يقدر على الركوع والسجود يصلي بالايماء قاعدا ويجعل سجوده

تو بیٹھکر رکوع اور سجود کی ساتھہ پڑہی اور اگر رکوع اور سجود کی قدرت نہو تو بیٹھکر اشارہ سی پڑہی اور سجدہ کو بہ نسبت رکوع کی

اخفض من ركوعه ليحصل الفرق بينهما وان لم يقدر على القعود يصلي بالايماء

پست کری تاکہ دونوں میں فرق رہی اور اگر بیٹھنی کی قدرت نہو تو کروٹ پر پڑا ہوا اشارہ سی پڑہی

مضطجعا او مستلقيا لان الطاعة بحسب الطاقة لقوله تعالى لا يكلف الله نفسا الا وسعها ويجتنب النجاسة ما استطاع

یا پت لیٹکر یا ٹیکر کہ طاعت بقدر طاقت ہوتی ہی اسواسطے کہ اللہ تعالی کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر جو اسکی گنجایش ہے اور گندگی سی بچا رہے جہانتک ہو سکی

حتى اذا عجز عن استعمال الماء يصلي بالتيمم واذا كان على بدنه او ثوبه او موضع صلاته نجاسة وعجز عن ازالتها يصلي معها

یہان تک کہ پانی استعمال نکر سکے تو تیمم سی نماز پڑہی اور اگر اوسکی بدن پر یا کپڑی پر یا نماز کی جگہہ پر گندگی ہو اور پاک نکر سکے تو ویسی ہی نماز پڑہی

ولا يترك الصلوة ولا يؤخرها عن وقتها ما دام عقله ثابتا خوفا من حضور اجل بغتة وقد حصل منه التقصير في اتيان

نماز کو بالکل قضا نکری اور نہ وقت سی تاخیر کری جب تک کہ اوسکی عقل قایم ہو کیونکہ یہہ خوف ہی کہ ناگاہ موت ایسی وقت نا جاوی کہ بقدر طاقت

ما وجب عليه بقدر استطاعته وليحذر من التساهل في ذلك اذ من اقبح القبائح ان يكون اخر عهده من الدنيا التي

واجبات کی ادا کرنی سی قاصر ہو اور اسوقت مین سستی سی حذر کری کیونکہ یہہ بڑی قباحت ہی کہ دنیا مین جو

هي مزرعة الاخرة التفريط فيما وجب عليه او ندب اليه وليجتهد في ختم عمره باكمل الحالات ويوصي اهله واصحابه

آخرت کا کہیت ہی اسکی آخری وقت مین واجبات و مستحبات کی ادا کی کوتاہی پائی جاوی اور چاہیئے کہ اپنی عمر کو اچہی سی اچہی حالت پر تمام کری اور اپنی اہل اور اصحاب کو

بالصبر والاحتمال على ما يصدر منه في مرضه ويوصيهم بالصبر وترك البكاء عليه ويقول لهم قد صح انه عليه الصلوة

اون حرکات پر جو اوس سی بیماری مین واقع ہون صبر و تحمل کی وصیت کری اور وصیت کری کہ صبر کرنا رونا پیٹنا نہین اور اسطور پند کری کہ صحیح روایت ہی کہ نبی علیہ السلام

والسلام قال الميت يعذب ببكاء اهله عليه فاياكم يا احبائي والسعي في اسباب عذابي ويوصيهم ايضا باجتناب

نے فرمایا ہی میت کو اوسکی اہل کی رونی سی عذاب ہوتا ہی سو اے میری عزیزو میری عذاب مین سعی کرنی سی بچیو اور یہہ وصیت کری کہ ماتم مین

ما جرت به العادة من البدع في الجنائز ويؤكد عليهم ذلك وينبغي له ان يقول في وقت بعد وقت متى رأيتم مني تقصيرا

جو جو بدعات رسم ہو رہی ہین ہرگز نکرنی چاہیین اور خوب تاکید کردی اور چاہیئے کہ دم بدم یہہ کہتا رہی جب تمکو میری کوئی قصور

في شيء فنبهوني عليه برفق فاني معرض للغفلة والكسل والاهمال واذا قصرت فنشطوني وعاونوني على اهبة سفري

معلوم ہو تو مجہکو نرمی سی جتا دیا کرو کیونکہ مین اب غفلت اور کاہلی اور سستی مین مبتلا ہون اور جب مجہسی کوئی قصور ہو تو مجکو جگاؤ اور اس سفر کی سامان پر میری مدد کرو

هذا فاذا احضر الموت يوجه نحو القبلة على شقه الايمن قال الزيلعي والمختار في زماننا ان يلقى على قفاه وقدماه

پہر جب دم نکلنے لگے تو داہنے کروٹ پر اوسکا مونہہ قبلہ کی طرف پہیر دیں زیلعی کہتا ہی مختار اس زمانہ مین یہہ ہی کہ چت لٹا کر اوسکے پانو

الى القبلة ويرفع راسه قليلا ليكون وجهه الى القبلة دون السماء وانما اختير ذلك وان كان الاول سنة لكونه

قبلہ کی طرف کر کر کچہہ تہوڑا سا اوسکا سر اوبہار دین تاکہ اوسکا منہہ قبلہ کیطرف ہو جاوی آسمان کی طرف نرہی یہہ اسلئی مختار ٹہیرا ہے اگرچہ صورت اول مسنون ہی کہ

ايسر لخروج الروح ويلقن الشهادة لانه موضع يتعرض الشيطان فيه لافساد اعتقاده فيحتاج الى مذكر ومنبه على

واسطی نزع روح کی آسان ہی اور کلمہ شہادت تلقین کرین کیونکہ اس وقت شیطان اوسکا اعتقاد خراب کرنیکو لپٹا رہتا ہے سو اب توحید یاد دلانی والی کے

التوحيد وكيفية التلقين ان يذكر عنده كلمة التوحيد ولا يؤمر بها مخافة ان يتضجر ويردها لكون الحال صعبا

حاجت ہی اور تلقین کا طریقہ یہہ ہے کہ اوسکو سنا کر کلمہ توحید پڑہین اوسکو نہ کہین کہ کلمہ پڑہ یہہ خوف ہی کہ دل تنگ ہو کر رد کردی کیونکہ اوسپر سخت

عليه واذا قالها مرة لا تعاد عليه الا ان يتكلم بكلام اخر فحينئذ يلقن مرة اخرى حتى يكون اخر كلامه كلمة التوحيد

وقت ہی اور جب وہ ایک بار بہی پڑہ لی تو پہر اوسپر اعادہ نکرین ہان اگر اوسکی بعد اور بات بولی ہو تو اب دوبارہ تلقین کرین تاکہ اوسکے آخر کلام کلمہ توحید ہو

واما التلقين بعد الموت فقد اختلفوا فيه فقيل يلقن لظاهر ما روى عن ابي سعيد الخدري انه عليه الصلوة والسلام

اور بعد موت کی جو تلقین کرتی ہین اوسمین اختلاف ہی کوئی کہتا ہی تلقین کرنا چاہئی باعتبار ظاہر مضمون ایک ابو سعید خدری کے کہ نبی علیہ السلام نے

قال لقنوا موتاكم لا اله الا الله وقيل لا يلقن لعدم الفائدة فيه بعد الموت لانه ان مات مؤمنا لا يحتاج الى التلقين

فرمایا اپنی موتا کو لا الہ الا اللہ تلقین کیا کرو اور کوئی کہتا ہی تلقین نکرین کیونکہ بعد موت کے اس مین کچہہ فائدہ نہین اسلئے کہ اگر وہ ایمان سی مرا تو اب تلقین کی کیا حاجت ہے

ان مات كافرا لا يفيده التلقين وما ذكر من الحديث فالجواب عنه ان المراد بالموتى هم الذين حضرهم الموت وقربوا

اور اگر کافر مرا ہی تو اوسکو تلقین سے کیا فائدہ اور یہہ حدیث جو مذکور ہوئی تو اوسکا جواب یہہ ہی کہ موتی سے مراد وہ آدمی ہین جو نزع کی حالت مین ہین اور کوئی

من الموت ولا ينهى عنه واذا مات يغمض عيناه ويشد لحياه بعصابة عريضة من فوق راسه لان فيه تحسين اذ لو ترك على

اوسکو منع نہ کرے اور جب مر جاوے تو دونون آنکھیں اوسکی بند کر دیں اور دونو جبڑے چوڑی پٹی سے سر پر باندہ دیں کیونکہ اسمین خوبصورتی ہے اگر اسی حالت پر

حاله يبقى فظيع المنظر ولا يؤمن من دخول الهوام في جوفه والماء عند غسله ويمد اطرافه ويوضع على بطنه حديد

چھوڑ دیں تو بہت برا معلوم ہوگا اور اوسکے پیٹ مین کیڑے وغیرہ اور نہلاتی ہوئی پانی بہر جاوے اور اوسکے ہاتہہ پاؤں سیدہے کر دین اور پیٹ پر لوہا رکہہ دین

لئلا ينتفخ ويقول مغمضه بسم الله وعلى ملة رسول الله اللهم يسر عليه امره وسهل عليه ما بعده واسعده بلقائك واجعل

تاکہ پہول نہ جاوے اور آنکھیں بند کرنیوالا یہہ پڑہے بسم الله وعلى ملة رسول الله اے الله آسان کر اوسپر اسکا حال اور سہل کر اسکا ما بعد اور نیک بخت کر اوسکو اپنی دیدار سے اور کر دے

ما خرج اليه خيرا مما خرج عنه ويكره قراءة القران عنده حتى يغسل ثم ان غسله شريعة قديمة لما روى ان ادم النبي عليه

جس منزل کی طرف جاتا ہے اوس منزل سے بہتر جہان سے نکلتا ہے اور اوسکے پاس قرآن پڑہنا مکروہ ہے جبتک نہلا نہ چکین پہر نہلانا قدیمی طریقہ ہے اسواسطے کہ روایت ہے کہ آدم نبی

الصلوة والسلام لما قبض نزل جبريل عليه السلام بالملائكة وغسلوه وقالوا لولده هذا سنة موتاكم والمراد بالسنة المذكورة

علیہ السلام جب موئی تو جبریل علیہ السلام فرشتون کو لیکر آیا اور اونکو نہلا کر اونکی بیٹی سے کہا یہہ تمہاری موتا کی سنت ہے اور سنت سے اسجگہہ

ههنا الطريقة لان غسله واجب عملا بكلمة على في قوله عليه الصلوة والسلام للمسلم على المسلم ستة حقوق ومن

طریقہ مراد ہی نہین تو میت کا غسل واجب ہے بلحاظ حرف علی کے جو اس حدیث مین واقع ہوا ہے مسلمان کی حقوق مسلمان پر چھہ مین اونمین سے

جملتها ان يغسله بعد موته لكن اذا قام به البعض سقط عن الباقين لحصول المقصود فاذا اريد غسله يوضع على سرير

ایک یہی کہ اوسکو مرنی کی پیچھی نہلاوی پر اس مین جب کوئی لگ گیا تو باقی کی ذمہ سے ساقط ہو جاتا ہے کیونکہ مقصود جو تہا سو ہو چکا پہر جب اوسکے نہلانی کا ارادہ کرین تو تختہ پر

لينصب عنه الماء ويجمر سريره وترا تعظيما للميت وازالة للرائحة الكريهة عنه وكيفية التجمير ان يدار المجمر حول السرير

لٹا دین تاکہ اوسپر سے پانی بہہ جاوے اور اوس تختہ کو طاق یعنی تین بار یا پانچ بار خوشبو دہونی دین اسمین میت کی تعظیم ہے اور بدبو دور ہو جاتی ہے اور دہونی کا یہہ طریقہ ہی کہ مجمر کو دہونی کے ساتھہ

بالبخور مرة او ثلثا او خمسا قال الزيلعي ولا يزاد عليها ويخلع ثيابه ويستر عورته لان سترها واجب والنظر اليها حرام لقوله عم

تختہ کی گرد ایک بار یا تین بار یا پانچ بار گردش دین زیلعی کہتا ہی اس سی زیادہ نہ کرین پہر اوسکی کپڑی اوتار دینا اور عورت ڈہانپ دین کیونکہ ستر عورت واجب ہے اوسکا دیکہنا حرام ہے اسواسطے کہ

لا تنظر الى فخذ حي وميت ويوضأ بلا مضمضة ولا استنشاق لان الوضوء سنة الغسل لكن في الميت يترك المضمضة

نبی کو فرمایا کہ نہ زندہ اور مردہ کی ران پر نگاہ مت کرنا پہر وضو کرا دین بدون کلی اور ناک کے پانی کے اسواسطے کہ وضو غسل مین مسنون ہے لیکن میت کے غسل مین کلی

والاستنشاق لتعذر اخراج الماء منه فيبدأ بغسل وجهه لا بغسل يديه ولا يؤخر غسل قدميه واختلف في استنجاءه و

اور ناک کا پانی ترک ہے اسلیے کہ پہر پانی کا نکالنا دشوار ہی پہہ پہلے منہ دہوین پہلے ہاتہہ نہ دہوین اور پاؤں کا دہونا پیچہے نہ رکہین اور میت کے استنجا اور

مسح راسه والصحيح انه يستنجي ويمسح راسه لكن الغاسل لا يمس عورته لان مس العورة حرام بل

سر کی مسح مین اختلاف ہے صحیح یہہ ہے کہ استنجا اور سر کا مسح بہی کرین پر نہلانی والا اوسکی عورت کو نہ چہوی اسلیے کہ عورت کا چہونا حرام ہے بلکہ

يلف خرقة على يده ويغسل المخرج حتى يطهر ثم يفاض عليه الماء مغلي بسدر او حرض وان لم يوجد ماء

اپنی ہاتہہ پر کپڑا لپیٹ کر مخرج کو اتنا دہو دی کہ پاک ہو جاوی پہر اوسپر بیری کی پتو کا یا اشنان کا جوش دیا ہوا پانی بہا دین اور اگر ایسا پانی نہ ملے

كذلك يغسل بالماء القراح وهو الخالص لان المقصود الذي هو الطهارة يحصل به واما اذا وجد فالترتيب

تو خالص پانی سے نہلا دین کیونکہ اصل مقصود یعنی طہارت اس مین سے بہی حاصل ہے ہان اگر میسر آوی تو پہر ترتیب موافق

على ما ذكر في مبسوط شيخ الاسلام وهو مروي عن ابن مسعود رض ان يبدأ بالماء القراح حتى يبتل ما على

بیان شیخ الاسلام کے جو مبسوط مین ہی اور وہ روایت ہی ابن مسعود سے یون ہے کہ اول غسل خالص پانی سی تاکہ جو کچھہ بدن پر

البدن من الدرن والنجاسة ثم بماء السدر او الحرض لیزول ما علی البدن لکونه ابلغ فی التنظیف ثم بماء فیه

میل کچیل نجاست ہی سو بہگ کر بہول جاوی پہر بیری یا اشنان کی جوش دی ہوئی پانی سی تاکہ جو بدن پر ہی سو چھوٹ جاوی کیونکہ اسمین نظافت خوب ہوتی ہی پہر کافور

کافور ان وجد تطییبا لبدن المیت ثم یغسل راسه ولحیته بالخطمی لانه ابلغ فی استخراج الوسخ لکونه مثل الصابون فی تنظیف

ملی ہوئی پانی سی اگر میسر ہو تاکہ میت کا بدن خوشبو ہو جاوی پہر اوسکا سر اور ڈاڑہی گل خیرو سی دہو دین کیونکہ اسمین میل خوب چہوٹتا ہی اسلی کہ خطمی صابون کی مانند صاف کرتا ہی

وان لم یوجد فبالصابون ثم یضجع علی یساره ویغسل حتی یصل الماء الی مایلی التخت منه ولا یکب علی وجهه لیغسل ظهره

اور اگر یہ خطمی نہو تو صرف صابون سی پہر بائیں کروٹ پر لٹاکر اتنا نہلا دین کہ پانی نیچے کی طرف تخت تک بہہ جاوی اور پیٹہ دہونی کی لئی منہ کی بل اوندہا نہ کر دین

ثم یجلسه الغاسل ویسنده الیه ویمسح بطنه برفق وان خرج منه شیء یغسله ولا یعید غسله ولا وضوءه لان غسله

پہر اوسکو بٹہلا دیوی اپنی سہارا سی بیٹہا کر نرم نرم پیٹ کو ملدی اور اگر پیٹ میں سی کچہ نکلی تو دہو دی اسکی غسل کا اعادہ نہی اور نہ وضو کا اسواسطی کہ اوسکا غسل

عرف بالنص وهو قوله علیه الصلوة والسلام للمسلم علی المسلم ستة حقوق وذکر منها غسله بعد موته وقد حصل مرة فلا یتکرر

جو نص سی اسحدیث مین ثابت ہوا ہی واسطی مسلمان کی مسلمان پر چہہ حق ہین اونہین غسل میت کو بہی ذکر فرمایا سو وہ ایکبار ہو لیا پہر اعادہ نہین

ثم ینشف بثوب لئلا یبتل اکفانه ویجعل علی راسه ولحیته الحنوط وهو عطر مرکب من اشیاء طیبة ولا باس بسائر انواع الطیب

پہر کپڑی سی پونچہ دین تاکہ کفن تر نہو جاوی اور اوسکی سر اور ڈاڑہی پر اگرچہ خوشبو مرکب لگاوین حنوط خوشبو ہی کئی خوشبو چیزون سی مرکب ہوتی ہی اور سب قسم کی خوشبو لگانی

غیر الزعفران والورس فانهما یکرهان فی حق الرجال دون النساء ویجعل الکافور علی مساجده وهی جبهته وانفه ویداه

سوا زعفران اور ورس کی کچہ ڈر نہین ہی یہہ دونو مردون کی حق مین مکروہ ہین عورتون کی لئی مکروہ نہین اور سجدہ پر کافور لگاوین اور مساجد اوسکی پیشانی ہی اور ناک اور دونو ہاتہ

ورکبتاه وقدماه لانه کان یسجد بهذه الاعضاء فکانت اولی بزیادة الکرامة ولا یسرح شعره ولحیته ولا یقص ظفره

اور دونو گہٹنی اور دونو قدم اسلی کہ ان اعضا پر سجدہ کرتا تہا اسواسطی زیادتی تعظیم کی یہہ ہی اعضا لائق ترہین اور بالون مین اور ڈاڑہی مین کنگہی نہ کرین اور نہ ناخن ترشین

وشعره لان هذه الاشیاء انما تفعل للزینة وقد استغنی عنها وما روی انه علیه الصلوة والسلام قال اصنعوا بموتاکم

اور نہ بال کترین کیونکہ یہہ سامان زینت کی ہین سو اسکی کچہ حاجت نہین رہی اور یہہ جو روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا سنگار کیا کرو اپنی موتا کا

کما تصنعون بعروسکم محمول علی التطییب والتطهیر لا علی التنقیص وازالة الجزء لکن ذلک غیر مسنون فی المیت وروی

جیسی سنگار کرتی ہو اپنی دلہنون کو سو محمول ہی خوشبو اور طہارت پر ناقص کرنی پر اور جز کی دور کرنی پر نہین کیونکہ یہہ امور میت کی حق مین غیر مسنون ہین اور

عن ابی حنیفة وابی یوسف ان الظفر ان کان منکسرا فلا باس باخذه ومن مات ولم یوجد ماء لیغسل یتیمم ویصلی علیه ثم

ابو حنیفہ اور ابو یوسف سی روایت ہی کہ ناخن اگر ٹوٹا ہو تو اوسکی کترنیکا کچہ مضائقہ نہین اور اگر کوئی شخص مر جاوی اور پانی غسل کو نہ ہاتہ آئی تو اوسکو تیمم کرا دین اور نماز پڑہ لین پہر

ان وجد ماء یغسل وتعاد صلوته وقیل لا تعاد وان جری الماء علی المیت او اصابه مطر عن ابی یوسف انه لا ینوب عن الغسل

اگر پانی مل جاوی تو نہلا دین اور نماز دوبارہ پڑہین اور کوئی کہتا ہی کہ پہر نہ پڑہین اور اگر میت پر خود بخود پانی بہہ گیا یا مینہہ مین بہیگ گیا تو ابو یوسف سی روایت ہی کہ قائم مقام غسل کی

لانا امرنا بالغسل وجریان الماء واصابة المطر لیس بغسل والغریق یغسل ثلاثا فی قول ابی یوسف وعند محمد فی روایة ان

ہوتا کیونکہ ہمکو حکم غسل دینی کا ہی اور پانی کا بہنا اور مینہہ مین بہیگنا کچہ غسل نہین ہی اور ڈوبی ہوئی کو ابو یوسف کی قول پر تین بار غسل دین اور محمد کی قول کی موافق ایک روایت

نوی الغسل عند الاخراج من الماء یغسل مرتین وان لم ینو یغسل ثلاثا وفی روایة عنه یغسل مرة واحدة وغاسل المیت

پانی مین سی نکالتی ہوئی غسل کی نیت کی ہو تو پہر دو بار نہلا دین اور اگر نیت غسل کی نہین کی تو تین بار نہلا دین اور ایک روایت مین اونسی کہ ایکہی دفعہ نہلا دین اور میت کا نہلانیوالا

ینبغی ان یکون علی طهارة وان یکون اقرب الناس الیه وان لم یوجد فاهل الورع والصلاح واذا تم غسله یکفن وکل واحد

چاہئی کہ با وضو رہو اور میت کا سب سی زیادہ تر قریب ہو اور اگر ایسا شخص موجود نہو تو کوئی خدا ترس اور پرہیزگار ہو اور جب نہلا چکین تو کفن پہنا دین اور ہر ایک

من الرجل والمرأة کفن السنة وکفن الکفایة وکفن الضرورة فی حقهما ما یوجد وکفن السنة للرجل قمیص وازار ولفافة

کی لئی عورت ہو یا مرد ایک تو کفن سنت ہی اور ایک کفن کفایت ہی اور ضرورت کا دونو کی لئی وہ ہی جو میسر آجاوی اور کفن سنت مرد کا قمیص یعنی کفنی اور تہبند اور چادر

فالقمیص من المنکبین الی القدمین بلا دخریص ولا جیب ولا کمین وکل واحد من الازار واللفافۃ من الفرق الی

پس قمیص دونو مونڈھیوں سی پاؤوں تک بے کلی اور گریبان اور آستینوں کے اور دونوں تہبند اور پوٹ کی چادر سر سے

القدم فاذا ارید تکفینہ یبسط اللفافۃ اولا ثم الازار ثم القمیص ثم یوضع المیت فیہ ویقمص ثم یعطف

پاؤں تک ہیں جب کفن پہناویں تو پہلے پوٹ کی چادر بچھاویں پھر اوسکی اوپر تہبند پھر اوسکے اوپر قمیص پھر اوسکے اوپر میت کو لٹا کر قمیص پہنا دیں پھر تہبند

الازار من جھۃ الیسار ثم من جھۃ الیمین ثم اللفافۃ کذلک وان خیف انتشار الکفن یعقد صیانۃ عن

پہلے بائیں طرف سی لپیٹیں پھر داہنی طرف سی پھر پوٹ کی چادر اسی طور پر اور اگر کفن کے اوڑنے کا خوف ہو تو گرہ لگا دیں مبادا

الکشف وکفن الکفایۃ لہ ازار ولفافۃ ویکرہ اقل من ذلک الا عند الضرورۃ وکفن السنۃ للمراۃ درع وخمار

کھل جاوے اور کفن کفایت مرد کے واسطے تہبند اور پوٹ ہے اور اتنی کم مکروہ ہے مگر لاچاری کو اور کفن سنت عورت کی لئے پیراہن اور اوڑھنی

وازار ولفافۃ وخرقۃ تربط علی ثدییھا فانھا تلبس الدرع اولا ثم یجعل شعرھا ضفیرتین علی صدرھا فوق الدرع

اور تہبند اور پوٹ کی چادر اور دامنی جس میں اوسکی پستان چھپا دیں پس عورت کو پہلے پیراہن پہنا دیں پھر اوسکی بالوں کی دو لٹیں کر کر پیراہن کی اوپر دونو طرف سینہ

ثم یوضع الخمار علی راسھا منشورۃ کالمقنعۃ فوق ذلک ثم یعطف الازار واللفافۃ کما ذکر فی حق الرجال ثم تربط الخرقۃ

پر اور اوڑھنی اوسکے سر پر مقنع کی طور پر ڈال دیں اوپر پھیلا کر اور پھر ازار اور لفافہ کو اوسی طور پر جو مردونکی حق میں مذکور ہوا لپیٹیں پھر اوسکے سینہ

فوق الاکفان وعرضھا ما بین الثدی الی السرۃ وکفن الکفایۃ لھا ازار ولفافۃ وخمار ویکرہ اقل من ذلک الا عند

سب کفنوں کی اوپر لپیٹ دیں اوسکا عرض پستان سی ناف تک چاہیے اور کفن کفایت عورت کا تہبند اور پوٹ کی چادر اور اوڑھنی اس سی کمتر مکروہ ہے مگر

الضرورۃ ویجمر الاکفان قبل ان یدرج فیھا المیت وترا ولا یزاد علی خمس علی ما ذکرہ الزیلعی وقال المرغینانی علی ما ذکر

لاچاری کو اور کفنوں کو میت کی داخل کرنے سی پہلے خوشبو کی دھونی دیں طاق اور پانچ بارسی زیادہ موافق بیان زیلعی کی نہیں اور مرغینانی موافق اوسکے جو منیہ کے

فی شرح المنیۃ ان کان فی المال کثرۃ وفی الورثۃ قلۃ تکفن السنۃ اولی والا فکفن الکفایۃ اولی مع جواز کفن

شرح میں مذکور ہی کہتا ہی اگر ترکہ بہت ہو اور وارث کم ہوں تو کفن سنت اولی ہی اور نہیں تو کفن کفایت اولی ہے اگرچہ کفن سنت تو بھی

السنۃ والمراھق فی الکفن بمنزلۃ البالغ والطفل الذی لم یبلغ حد الشھوۃ فالاحسن ان یکفن فیما یکفن البالغ وان

جائز ہی اور مراہق کفن کی باب میں بجای بالغ کی ہی اور وہ لڑکا جو ابھی حد شہوت کو نہیں پہونچا تو بہتر ہے کہ اوسکو کفن بالغ کا دیویں اور اگر

کفن فی ثوب واحد یجوز وبعد تکفینہ یصلی علیہ والصلوۃ علیہ فرض کفایۃ ان اداھا البعض ولو رجلا واحدا

اوسکو ایک ہی کپڑے کا کفن دیویں تو بھی جائز ہی اور کفنا کر اوسپر نماز پڑھیں اور نماز جنازہ فرض کفایہ ہی اگر کوئی بھی ادا کر دے اگرچہ ایک ہی مرد یا

او امراۃ واحدۃ تسقط عن الباقین والا یاثم الکل واذا حمل علی سریرہ فالسنۃ ان یحملہ اربعۃ نفر من جوانبہ الاربعۃ

ایک ہی عورت ہو تو سب کے ذمہ سی ساقط ہو جاتی ہی اور نہیں تو سب گنہگار ہوتی ہیں اور جب اوسکو جنازہ پر اوٹھا لیں تو مسنون یہ ہے کہ چار آدمی چاروں طرف سی اوٹھا دیں

اذ فیہ تخفیف للحاملین وصیانۃ للمیت عن السقوط والانقلاب وتکثیر الجماعۃ حتی لو لم یتبعہ احد یکون ھؤلاء

کیونکہ اس میں اوٹھانے والوں کو تخفیف ہی اور میت کی گرنے سی اور اولٹ پلٹ سی حفاظت ہی اور جماعت کثیر ہو جاتی ہے یہانتک کے اگر اور کوئی ساتھ نہ چلے تو یہی

جماعۃ ویسرعون بہ فی المشی بلا خبب وعند کثرۃ الناس یتناوبون فی حملہ یستحب لکل من یحملہ ان یحملہ من کل جانب

جماعت ہے اور چلنے میں جلدی کریں دوڑیں نہیں اور کثرت انبوہ میں اگر باری باری اوسکو لے چلیں تو ہر ایک کو چاروں طرف سی

عشر خطوات لقولہ علیہ الصلوۃ والسلام من حمل جنازۃ اربعین خطوۃ کفرت عنہ اربعین کبیرۃ وکیفیۃ حملہ

دس دس قدم لے چلنا مستحب ہے واسطے ارشاد نبی علیہ السلام کی جو کوئی جنازہ چالیس قدم لے چلتا ہے تو اوسکے چالیس کبیرہ گناہ معاف ہو جاتی ہیں اور لے چلنے کی کیفیت

ان یبتدی بالمقدم الایمن ویضعہ علی عاتقہ الایمن ثم بالمؤخر الایمن ویضعہ علی عاتقہ الایمن ثم بالمقدم الایسر

یہی کہ پہلی اگلی داہنی جانب اوٹھا کر اپنی داہنے مونڈھے پر رکھی پھر پچھلے داہنے جانب اپنی داہنی مونڈھی پر رکھی پھر اگلی بائیں جانب اپنی

ويضعه على عاتقه الايسر ثم بالمؤخر الايسر ويضعه على عاتقه الايسر فالافضل لبقية الناس مشيهم خلفه لانه ابلغ

بائیں مونڈہی پر رکہی پہر پچھلی بائیں جانب اپنی بائیں مونڈہی پر رکہی اور باقی لوگوں کو یہہ افضل ہی کہ جنازہ کی پیچھے پیچھے چلیں کیونکہ نصیحت ہر

فی الاتعاظ واذا بلغوا قبره يكره لهم الجلوس قبل وضعه على الارض ولا يكره بعد وضعه هذا فی حق من يمشی مع الجنازة

کی لئی بہت خوب ہی اور جب قبر کی پاس پہنچیں تو انکو مکروہ ہی کہ جنازہ زمین پر اوتارنے سے پہلے بیٹھ جاویں اور جب زمین پر اوتار لیں تو مکروہ نہیں یہہ انکی حق میں ہی جو جنازہ کی ساتھہ آئے

واما الذهب قوم الى المصلى وجلسوا ينتظرونها تجیء بها فالصحيح انهم لا يقومون قبل الوضع وكذا من كان قاعدا على

اور اگر ایک قوم آگی جا کر نمازگاہ میں ہوسکی منتظر بیٹھے ہوں پہر اوس جنازہ کو ان لیکر آویں تو صحیح یہہ ہے کہ یہہ قوم جنازہ زمین پر رکہی سے پہلے کہڑی نہ ہو اور ایسی ہی جو شخص رستہ پر بیٹھا ہو

الطريق فمرت به الجنازة الا اذا اراد ان يتبعها وما ورد فی الاحاديث من القيام لها منسوخ ولا ينبغی لمن يتبعها

اور وہاں کو جنازہ آجاوی ہاں اگر جنازہ کی ساتھہ جانیکا ارادہ کری تو کہڑا ہوجاوے اور جو حدیثوں میں جنازہ کی لئی کہڑا ہونا آیا ہی سو منسوخ ہی اور ساتھہ جانیوالوں کو نہیں چاہئے

ان يرجع قبل ان يصلى عليها وبعد ان يصلى عليها قالوا لا يرجع الا باذن اهلها وذكر فی المحيط ان الرقيق يسعه الرجوع

کہ نماز جنازہ سی پہلی پہر کر چلی آویں اور بعد نماز کے بہی کہتی ہیں کہ بدون اجازت ولی جنازہ کے نہ آویں اور محیط میں کہا ہے کہ غلام کو مضائقہ نہیں کہ بلا اجازت

بغير اذنهم وهو الاوجه والاولى على ما ذكر فی شرح المنية ويحفر القبر واختلف فی مقدار عمقه فقيل قدر نصف القامة

ولی میت کی چلا جاوی اور موافق مذکور شرح منیہ کی یہہی ٹہیک راہ ہی اور قبر کہودیں اور اوسکے گہراو میں اختلاف ہے کوئی کہتا ہی بقدر نیم قدآدم

وقيل الى الصدر وان زادوا الى القامة فهو افضل واحسن ثم الافضل فيه اللحد وهو ان يحفر فی جانب القبلة منه

اور کوئی کہتا ہی سینہ تک اور اگر برابر قدآدم گہری کریں تو افضل اور احسن ہے پہر اوس میں اگر لحد یعنی بغلی بناویں تو بہت افضل ہے لحد یہہ ہوتا ہی کہ قبر کی اندر قبلہ کی طرف گڑہا

حفيرة ويوضع الميت فيها وان كانت الارض رخوة فلا باس بالشق وهو ان يحفر فی وسط الارض حفيرة كالنهر ويبنی جانباها

کہود کر اوسکی اندر مردہ کو رکہدیں اور اگر زمین بہس بہسی نکر ور ہو تو شق کا کچھ مضائقہ نہیں شق یہہ ہی کہ قبر کی بیچوں بیچ نہر کی وضع پر گڑہا کہودیں اور اوسکی دونو پہلو

باللبن ويوضع الميت فيها وتسقف باللبن ولا يمس السقف الميت والسنة ان يوضع الميت فی قبره من جانب القبلة

بھی اینٹ سی چن کر اوسکی اندر مردہ کو رکہیں اور کچی اینٹ سی چہت پاٹیں اور چہت میت سی دور رہے اور طریق مسنون یہہ ہے کہ میت کو قبر میں قبلہ کی طرف سی اوتاریں

ولا تعيين فی عدد الواضعين بل المعتبر حصول الكفاية وترا كانوا او شفعا ويقول جميعهم عند الوضع بسم الله و

اور اوتارنی والونکی گنتی مقرر نہیں ہی بلکہ یہہ ہی معتبر ہی کہ جسقدر کفایت کریں طاق ہوں یا جفت اور اوتارتی وقت سب یہہ پڑہیں بسم اللہ و

على ملة رسول الله ويوجه الى القبلة ولا يلقى على ظهره وتحل العقدة لانها كانت لخوف انتشار الكفن وقد حصل

علی ملۃ رسول اللہ اور میت کا منہہ قبلہ کی طرف پہیر دیں چت نہ پڑا دیں اور گرہ کہول دیں کیونکہ گرہ تو اسلئی تہی کہ کفن نکہل جاوی سو اب

الامن منه ويسوى اللبن والقصب على اللحد ويكره الاجر والخشب لانهما لاحكام البناء والقبر موضع البلاء والفناء وذو

امن ہو گیا اور لحد پر کچی اینٹ یا بانس بچہا دیں اور پکی اینٹ اور لکڑیاں مکروہ ہیں کیونکہ یہہ دونو چنائی کی مضبوطی کے واسطے ہیں اور قبر کہنگی اور فنا کی جگہہ ہے اور

الرحم المحرم اولى بوضع المراة فان لم يكن فاهل الصلاح من الاجانب ويسجى قبرها بثوب حال الوضع حتى يجعل اللبن

عورت کو اوتارنی کی لئی محرم شخص اولی ہی اگر موجود ہو تو اجنبی پرہیزگار اور عورت کی قبر پر اوتارتی ہوئی جب تک لحد کو چہاب نہ لیں کپڑہ بہی

ونحوه على اللحد لان مبنى حالهن على الستر ولا يسجى قبر الرجل لان مبنى حالهم على الكشف ثم يهال عليه التراب ويسنم القبر

پردہ کو رہیں اسلئی کہ عورتوں کی حال ہی کا سب پردہ ہے اور مرد کی قبر پر پردہ نہیں چاہئے اسلئی کہ مردوں کے حال میں کہلا ہونا مناسب ہے پہر اوس پر مٹی ڈالدیں اور قبر کو بالشت بہر اونچی

قدر شبر ولا يسطح ولا يزاد على التراب الذی خرج عن القبر ولا باس برش الماء عليه كيلا ينتشر التراب بالريح ويكره ان يبنى

اونٹ کی پشت بناویں اور چوکہونٹی نکریں اور نہ اوپر مٹی سوا قبر کی کہدی ہوئی کی ملاویں اور اوسپر پانی چہڑکنی کا کچھہ مضائقہ نہیں تاکہ مٹی ہوا سے اوڑ نہ جاوے اور مکروہ ہے کہ اوسپر مکان

عليه بيت او قبة او نحو ذلك وكذا يكره وطؤه والجلوس عليه والنوم لديه والصلوة اليه لما روى عن مرثد الغنوی

یا گنبج وغیرہ بناویں اور ایسی ہی پامال کرنا اوسپر بیٹہنا اور اوسکے پاس سونا اور اوسکی طرف کو نماز پڑہنی مکروہ ہے کیونکہ مرثد غنوی سے

انه علیه الصلوة والسلام قال لا تجلسوا علی القبور ولا تصلوا الیها ویکره الذبح عنده لما روی عن انس انه علیه الصلوة
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ قبر پر مت بیٹھو اور نہ اسکے طرف کو نماز پڑھو اور قبر کے پاس ذبح کرنا مکروہ ہے کیونکہ انس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام
والسلام قال لا عقر فی الاسلام وهو الذی کان یعقر عند القبر بقرة او شاة ویکره اتخاذ الضیافة من اهل المیت لکن
فرمایا کہ اسلام میں عقر نہیں ہے اور عقر وہ گائے یا بکری ہے جو قبر پر یا کر ذبح کرتی تھی اور میت کی اہل سے مہمانی کا لینا مکروہ ہے لکن
یستحب لجیران المیت واقربائه الاباعد تهیئة الطعام لهم والحاحهم فی الاکل لما روی عن ابن مسعود انه علیه
میت کی ہمسایوں اور دور کی ناتہ داروں کو کھانا تیار کرنا اہل مصیبت کیواسطے اور انکو بہت کھلانا مستحب ہے جو نکہ ابن مسعود سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام
لما جاءه نعی جعفر بن ابی طالب قال اصنعوا لآل جعفر طعاما فقد اتاهم ما یشغلهم ویستحب التعزیة لما روی عن ابن مسعود
جب خبر مرگ جعفر بن ابی طالب کی سنے تو فرمایا واسطے عیال جعفر کے کھانا تیار کرو کہ انکو ایسے خبر آئی ہے جس میں مشغول ہیں اور تعزیت مستحب ہے اسلئے کہ ابن مسعود سے روایت ہے
انه علیه الصلوة والسلام قال من عزی مصابا فله مثل اجره وکیفیة التعزیة ان یقال لمن مات له قریب اعظم الله
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جس نے مصیبت زدہ کی تعزیت کی تو اسکو ویسا ہی اجر ہے اور کیفیت تعزیت کی یہ ہے کہ اس سے جسکا قریب گیا ہو کہے خدا تیرا اجر عظیم
اجرك واحسن عزاك وغفر لمیتك ان کان المیت مکلفا والا لا یقول وغفر لمیتك ومن مات ولم یدفن ایاما بان وضع
عنایت کرے اور تیری عزا نیک کرے اور تیری میت کو بخشے یہ جبکہ اگر میت مکلف ہو اور نہیں تو یہ نہ کہے تیری میت کو بخشے اور جو شخص مرجاوے اور چند روز مدفون نہ ہو مثلاً کہ
فی التابوت لیحمل من مصر الی مصر اخر فما لم یدفن لا یسئل لان السوال لا یکون الا فیما یستقر فیه المیت حتی لو اکله
تابوت میں رکھا ہو تاکہ ایک شہر سے دوسرے شہر میں لیجاویں سو جب تک دفن نہ ہو گا سوال منکر نکیر کا بھی نہ ہو گا اسواسطے کہ سوال انہی ہوتا ہے جہاں میت قرار پکڑے یہاں تک کہ اگر اسکو
السبع یکون السوال فی بطنه وهو لکل ذی روح من بنی ادم حتی الرضیع فانه یسئل فیلهمه الله الجواب وهل للانبیاء
درندہ کھا جاوے تو سوال اسکے پیٹ میں ہو گا اور یہ سوال بنی آدم میں سے ہر ایک ذی روح سے ہوتا ہے یہاں تک کہ دودھ پیتے بچہ سے بھی کیونکہ اس سے سوال ہو گا سو اللہ تعالیٰ اسکو جواب سکھلا دیتا ہے اور آیا انبیاء کو بھی
فی القبر سؤال قد ذکر فی الظهیریة ان الزاهد الصفار قال لیس فی هذا نص ولا خبر ودلیل نفی ذلک عنهم ارزقنا
قبر میں سوال ہوتا ہی سو ظہیریہ میں مذکور ہے کہ زاہد صفار کہتا ہے کہ اس باب میں نہ کوئی نص ہی اور نہ کوئی خبر اور اسکے نفی کی دلیل ظاہر ہے الٰہی ہم کو
الله تعالی حسن الخاتمة عند الممات

المجلس السابع والخمسون فی بیان جواز زیارة القبور وعدم جوازها

مرنے کے وقت خاتمہ بالخیر آسان کر

ستاونویں مجلس زیارت قبور کے جواز اور عدم جواز کے بیان میں

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم نهیتکم عن زیارة القبور فزوروها هذا الحدیث من صحاح المصابیح رواه بریدة
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تمکو قبروں پر جانے سے منع کیا تھا سو اب قبروں کی زیارت کیا کرو یہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں سے ہے بریدہ کی روایت سے
وفیه تصریح بوقوع النهی فی اوائل الاسلام عن زیارة القبور لکونها مبدأ عبادة الاصنام وکان ابتداء ذلك
اور اسمیں تصریح ہے کہ اول اسلام میں زیارت قبور سے ممانعت ہوئی تھی اسلئے کہ یہ ہی سبب بت پرستی کا ہے کہ پہلی پہل یہ سخت مرض
الداء العضال فی قوم نوح النبی علیه السلام کما اخبر الله تعالی فی کتابه ﴿قَالَ نُوحٌ رَّبِّ إِنَّهُمْ عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا مَن
نوح نبی علیہ السلام کے امت میں پیدا ہوا تھا چنانچہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں خبر دیتا ہے کہا نوح نے اے رب میرے انہوں نے میرا کہا نہ مانا اور مانا ایسے کا
لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهُ وَوَلَدُهُ إِلَّا خَسَارًا ۝ وَمَكَرُوا مَكْرًا كُبَّارًا ۝ وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَلَا سُوَاعًا وَلَا يَغُوثَ
جسکو اسکی مال اور اولاد نے اور بڑا ٹوٹا دیا اور داؤ کیا ہی بڑا داؤ اور بولے نہ چھوڑیو اپنے ٹھاکروں کو اور نہ چھوڑیو ود کو اور نہ سواع کو اور نہ یغوث
وَيَعُوقَ وَنَسْرًا﴾ قال ابن عباس وغیره من السلف کان هؤلاء قوما صالحین فی قوم نوح النبی علیه السلام فلما ماتوا عکف
اور یعوق اور نسر کو ابن عباس وغیرہ سلف کہتے ہیں کہ یہ لوگ نوح نبی علیہ السلام کی امت میں صلحا تھے جب یہ مر گئے تو
الناس علی قبورهم ثم صوروا تماثیلهم ثم طال علیهم الامد فعبدوهم فلما کان منشأ عبادة الاصنام من جهة القبور
لوگوں نے انکی قبروں پر بیٹھ رہنا اختیار کیا پھر انکی صورتوں کی تصویریں بنا لیں پھر جب ایک مدت گذر گئی پوجنے لگے تو جبکہ منشا بت پرستی کا قبروں سے پیدا ہوا ہے

نهى النبي عليه الصلوة والسلام اصحابه في اوائل الاسلام عن زيارة القبور سدًّا للذريعة الشرك لكونهم حديث العهد

نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے یاروں کو اوائل اسلام میں زیارت قبور سے منع کر دیا تاکہ شرک کا وسیلہ بند ہو جاوے کیونکہ وہ کفر چھوڑ کر نئے تھے

بالكفر ثم لما تمكن التوحيد في قلوبهم اذن لهم في زيارتها وعلمهم كيفيتها تارة بفعله وتارة بقوله وذلك في الاحاديث

ہوئے اور جب توحید ان کے دلوں میں جم گئی تو ان کو زیارت قبور کی اجازت دی اور اس کی کیفیت سکھائی کبھی کر کے کبھی کہکر اور یہ مضمون بہت حدیثوں

الكثيرة بعضها في الاذن وبعضها في التعليم وفي ضمنها بيان الفائدة اما التي في الاذن فمنها ما روي عن ابي سعيد

میں ہے بعضی درباب اذن ہیں اور بعضی درباب تعلیم اور ان کے ضمن میں فوائد کا بیان ہے پھر جو کہ درباب اذن ہیں ان میں سے ایک یہ ہے ابو سعید سے روایت

انه عليه الصلوة والسلام قال اني كنت نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها فان فيها عبرة ومنها ما روي عن علي بن

کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں نے تمکو زیارت قبور سے منع کیا تھا سو تم زیارت کیا کرو کیونکہ اس میں عبرت ہے اور ایک یہ ہے علی ابن

ابي طالب انه عليه الصلوة والسلام قال اني كنت نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها فانها تذكركم الآخرة ومنها ما روي

ابی طالب سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا میں نے تمکو زیارت قبور سے منع کیا تھا سو تم زیارت کیا کرو کیونکہ تمکو آخرت یاد دلاتی ہے اور ایک یہ ہے

عن ابن مسعود انه عليه الصلوة والسلام قال كنت نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها فانها تزهد في الدنيا ومنها

ابن مسعود کی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا میں نے تمکو زیارت قبور سے منع کیا تھا سو تم زیارت کیا کرو کیونکہ یہ دنیا چھڑاتی ہے اور ایک یہ ہے

ما روي عن ابي هريرة انه عليه الصلوة والسلام قال زوروا القبور فانها تذكر الموت ومنها ما روي عن بريدة انه عليه السلام

ابی ہریرہ کی روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ موت یاد دلاتی ہے اور ایک یہ ہے بریدہ کی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

قال كنت نهيتكم عن زيارة القبور فمن اراد ان يزور فليزر ولا تقولوا هجرا واما التي في التعليم فمنها ما روي عن بريدة

میں نے تمکو زیارت قبور سے منع کیا تھا سو جس کا ارادہ ہو کہ زیارت کرے تو زیارت کرے اور بیہودہ بات نہ کہو اور وہ حدیثیں جو تعلیم میں ہیں ان میں سے ایک یہ ہے بریدہ کی روایت ہے

انه عليه الصلوة والسلام كان يعلمهم اذا خرجوا الى المقابر ان يقولوا السلام عليكم يا اهل الديار من المؤمنين والمسلمين

کہ نبی علیہ السلام سکھاتے تھے جب کوئی مقابر پر جاتا کہ کہو السلام علیکم اے اہل قبور مومنین اور مسلمین

وانا ان شاء الله بكم لاحقون انتم لنا سلف ونحن لكم تبع نسئل الله لنا ولكم العافية ومنها ما روي عن ام المؤمنين

اور ہم انشاءاللہ تمہارے پاس آتے ہیں تم ہمارے پیشوا ہو اور ہم تمہارے پیچھے ہیں اللہ سے مانگتے ہیں اپنی اور تمہاری عافیت اور ایک یہ ہے ام المومنین

عائشة انها قالت لرسول الله صلى الله عليه وسلم كيف اقول يا رسول الله في زيارة القبور قال قولي السلام على

عائشہ کی روایت ہے کہا انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ یا رسول اللہ میں زیارت قبور میں کیا کہا کروں آپ نے فرمایا کہہ سلام

اهل الديار من المؤمنين والمسلمين ويرحم الله المستقدمين منا ومنكم والمستاخرين وانا ان شاء الله بكم لاحقون ومنها

اہل دیار پر مومنین و مسلمین پر سے اور اللہ رحمت کرے اگلوں پر ہم میں اور تم میں سے اور پچھلوں پر اور ہم انشاءاللہ تمہارے پاس آتے ہیں اور ایک یہ ہے

ما روي عن ابي هريرة انه عليه الصلوة والسلام خرج الى المقبرة فقال السلام عليكم دار قوم مؤمنين وانا ان شاء الله

ابوہریرہ کی روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مقبرہ کو تشریف لے گئے سو آپ نے فرمایا سلام تم پر اے دار قوم مومنین اور ہم انشاءاللہ

عن قريب بكم لاحقون ومنها ما روي عن ابن عباس انه عليه الصلوة والسلام مر بقبور المدينة فاقبل عليهم فقال

تم سے جلد ملنے والے ہیں اور ایک یہ ہے ابن عباس کی روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ کے مقابر پر گذرے سو ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا

السلام عليكم يا اهل القبور يغفر الله لنا ولكم انتم سلفنا ونحن بالاثر فانه عليه الصلوة والسلام بيّن في هذه الاحاديث

سلام تم پر اے اہل قبور بخشے اللہ ہمکو اور تمکو تم ہمارے اگلے ہو اور ہم تمہارے پیچھے ہیں پس بے شک نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان حدیثوں میں

فائدة زيارة القبور وهي احسان الزائر الى نفسه والى اهل القبور اما احسانه الى نفسه فتذكر الموت والآخرة والزهد

زیارت قبور کا فائدہ بیان فرمایا اور وہ زیارت کرنیوالے کی اپنی جان اور اہل قبور کے حق میں بھلائی ہے اپنی جان میں یہ بھلائی ہے کہ موت کو اور آخرت کو یاد کرنا اور دنیا سے بے رغبتی

في الدنيا بالايقاظ والاعتبار واما احسانه الى اهل القبور فالسلام عليهم والدعاء لهم بالرحمة والمغفرة وسؤال النجاة
دنیا کی اور پند پذیری اور عبرت اور اہل قبور کی حق میں بھلائی یہہ ہی اونپر سلام بھیجنا اور اونکی لئی رحمت اور مغفرت کی دعا کرنا اور نجات کا سوال کرنا
قال عامة العلماء هذا في حق الرجال واما النساء فلا يحل لهن ان يخرجن الى المقابر لما روي عن ابي هريرة انه عليه الصلوة
عام علماء کہتی ہیں یہہ مردونکی حق میں ہی اور یہی عورتین سو اونکو حلال نہیں کہ مقابر میں جایا کریں کسلئی کہ ابو ہریرہ سی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے
لعن زوارات القبور وذكر في نصاب الاحتساب ان القاضي سئل عن جواز خروج المراة الى المقابر فقال لا تسئل
قبرون میں جانے والی عورتوں پر لعنت کی ہی اور نصاب الاحتساب میں ذکر ہی کہ قاضی سے کسی نے پوچھا کہ کیا عورتوں کو مقابر میں جانا جائز ہے قاضی نے جواب دیا کہ مت
عن الجواز في مثل هذا وانما تسئله عن مقدار ما يلحقها من اللعن فانها لما نوت الخروج كانت في لعنة الله تعالى
جواز کو کیا پوچھتا ہی یہہ پوچھ کہ عورتوں پر کتنی لعنت برستی ہے بیشک جب عورت جانے کی نیت کرتی ہی تو اللہ تعالی کے اور اوسکے
وملئكته واذا خرجت لحقتها الشياطين واذا اتت القبر يلعنها روح الميت واذا رجعت تكون في لعنة الله تعالى
فرشتوں کی لعنت میں ہوتی ہی اور جب چلتی ہی تو شیاطین اوسکی ساتھ ہو جاتے ہیں اور جب قبر پر جا پہنچتی ہی تو میت کی روح لعنت کرتی ہے اور جب وہاں سی پلٹتی ہی تو خدا اور فرشتوں کی لعنت میں
وملئكته حتى تعود الى منزلها وقد روي في الخبر ايما امراة خرجت الى مقبرة يلعنها ملئكة السموت السبع والارضين
رہتی ہی جب تک اپنی گہر میں آوی اور روایت ہی حدیث میں جو عورت مقبرہ کو جاتی ہے تو اوس پر ساتون آسمان اور ساتون زمین کی فرشتے لعنت
السبع وايما امراة دعت للميت بخير ولم تخرج من بيتها يعطيها الله تعالى ثواب حجة وعمرة وروي عن سلمان وابي هريرة
کرتی ہیں اور جو عورت میت کی لئی گہر میں بیٹھی ہوئی دعا خیر کرتی ہے اوسکو اللہ تعالی ثواب ایک حج اور عمرہ کا دیتا ہے اور سلمان اور ابو ہریرہ سی منقول ہے
انه عليه الصلوة والسلام ذات يوم خرج من المسجد فوقف على باب داره فاتت بنته فاطمة رض فقال لها من
نبی علیہ الصلوۃ والسلام ایک دن مسجد سے باہر آکر اپنی گہر کے دروازہ پر ٹہر گئے اس میں حضرت کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا آگئیں آپ نی پوچھا کہاں سے
اين جئت فقالت خرجت الى منزل فلانة التي ماتت فقال هل ذهبت قبرها فقالت معاذ الله ان افعل شيئا بعد
آئی ہی عرض کیا فلانی عورت کی گہر گئے تہے وہ جو مر گئی ہے فرمایا کیا اوسکے قبر پر گئی تہی عرض کیا خدا پناہ میں رکہی مجھ سے کہ میں ایسا کام کرون بعد
ما سمعت منك فقال لو ذهبت قبرها لم تريحي رائحة الجنة فعلى هذا كل من يريد ان يزور القبور من الرجال
اوسکی کہ میں سن چکی ہون آپ سے جو سنا آپ نی فرمایا اگر تو قبر پر جاتی تو جنت کے خوشبو نسونگہتی اس بیان کی مطابق جو شخص زیارت قبور کا ارادہ کریگا
ينبغي ان لا يكون حظه من زيارته لها الطواف عليها كالبهائم بل ينبغي له اذا جاءها ان يسلم على اهلها ويخاطبهم
تو اوسکو چاہئے کہ اپنا حصہ زیارت قبور میں سی بہائم کی طرح قبر کا طواف ہی نہ ٹہیراوے بلکہ یہہ چاہئی کہ جب قبر پر آوی تو مقبور پر سلام بہیجی اور حاضرون کی طرح
خطاب الحاضرين ويسال لهم الرحمة والمغفرة والعافية كما تقدم في الاحاديث ثم يعتبر بمن كان تحت التراب وانقطع
خطاب کری اور اونکی لئی خدا سی رحمت اور مغفرت اور عافیت مانگی چنانچہ اوپر احادیث میں آچکا ہی پہر اوسکی حال سی جو مٹی تلی دب کر اہل و احباب سے
عن الاهل والاحباب وانه حين دخل القبر وابتلي بالسؤال هل اصاب في الجواب وكان قبره روضة من رياض الجنة
جدا ہو گیا ہے عبرت پکڑی کہ یہہ جب قبر میں داخل ہو کر سوال جواب میں گرفتار ہوا آیا اچھا جواب پایا کہ اوسکی قبر بہشت کی باغ کا ایک چمن ہو گئی
او اخطا في الجواب وكان قبره حفرة من حفر النار ثم يجعل نفسه كانه مات ودخل القبر وذهب عنه ماله واهله و
یا جواب میں چوک گیا کہ اوسکی قبر ایک گڑہا دوزخ کی گڑہوں میں سی ہو گئی پہر اپنی ذات کو یہہ تصور کری کہ گویا میں مر گیا اور قبر میں داخل ہوا اور تمام مال اور اہل اور
ولده ومعارفه وبقي وحيدا فريدا وهو الان يسئل فماذا يجيب وماذا يكون حاله ويكون مشغولا بهذا الاعتبار ما دام
اولاد اور دوست چھوٹ گئی اور میں اکیلا تنہا رہ گیا اور اب مجھسے سوال ہو رہا ہی اب کیا جواب دون اور میرا کیا حال ہوگا اسی عبرت میں مشغول رہی جب تک
هناك ويتملق بمولاه في الخلاص من هذه الامور الخطيرة العظيمة ويلجا اليه واما قراءة القران هناك فجوزها بعض
وہان ہی اور اپنی مولا سی ان امور نہایت خوفناک کی رستگاری کی واسطی علاقہ پیدا کری اور اوسی کی طرف التجا کری اور قبر پر قران پڑہنا بعض علماء جائز بتاتی ہیں

العالمين ولا احد من الصحابة والتابعين وسائر ائمة الدين بل قد انكر الصحابة ما هو دون ذلك بكثير كما روي عن
عالمین نے کیا اور نہ کسی نے صحابہ اور تابعین میں سے اور نہ کسی نے تمام ائمہ دین میں سے بلکہ صحابہ نے اکثر اس سے کمتر باتوں میں انکار کیا ہے چنانچہ
المعرور بن سويد ان عمر صلى صلوة الصبح في طريق مكة ثم رأى الناس يذهبون مذهبا فقال اين يذهب هؤلاء
معرور بن سوید سے روایت ہے کہ عمر نے صبح کی نماز مکہ کی رستہ میں پڑھی پھر لوگوں کو دیکھا کہ ایک طرف کو جاتے ہیں پوچھا یہ لوگ کہاں جاتے ہیں
فقيل مسجد صلى فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم فهم يصلون فيه فقال انما هلك من كان قبلكم بمثل
کسی نے جواب دیا اوس مسجد میں جہاں رسول اللہ صلعم نے نماز پڑھی تھی سو یہ لوگ بھی وہاں نماز پڑھیں گے پس فرمایا پہلی امتیں ایسی ہی باتوں سے ہلاک ہوئے
هذا كانوا يتبعون آثار انبيائهم ويتخذونها كنائس وبيعا فمن ادركته الصلوة في هذه المساجد فليصلها فيها ومن
ہیں کہ اپنی اپنی انبیا کی آثار پر لگے رہتے تھے اور انہی کو کنیسہ یعنی عبادتگاہ بنا لیتے تھے پس جسکو وقت نماز کا ان مسجدوں میں ہو جاوے اوسی جا پڑھے کہ یہاں نماز پڑھنے کا حکم
لا فليمض ولا يتعمدها وكذلك لما بلغه ان الناس ينتابون الشجرة التي بويع تحتها النبي عليه الصلوة والسلام ارسل اليها فقطعها
وقت نہو تو چلا جاوے اور خواہ مخواہ ارادہ نہ کرے اور ایسے ہی جب عمر نے سنا کہ لوگ باری باری اوس درخت پر جاتے ہیں جسکے تلے نبی علیہ السلام نے بیعت لی تھی آدمی بھیجکر اوسکو کٹوا ڈالا
فاذا كان عمر فعل هذا بالشجرة التي بايع الصحابة تحتها رسول الله صلى الله عليه وسلم وذكرها الله تعالى في القرآن حيث
پس جب عمر نے اوس درخت کا یہ حال کیا ہو جسکے تلے صحابہ نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بیعت کی تھی اور اللہ تعالی نے اوسکا ذکر قرآن میں کیا ہے جہاں
قال لقد رضي الله عن المؤمنين اذ يبايعونك تحت الشجرة فماذا يكون حكمه فيما عداها ولقد جرد السلف الصالح
کہا ہے البتہ خوش ہوا ایمان والوں سے جب بیعت کرنے لگے تجھسے اوس درخت کے نیچے اب اور کی تو کیا اصل ہے اور بیشک سلف صالح نے توحید کو خوب
التوحيد وحموا جانبه حتى كانت الحجرة النبوية منفصلة عن المسجد الى زمن الوليد
صاف کیا ہے اور توحید کی جانب کو حمایت کے ہے یہانتک کہ صحابہ اور تابعین اسواسطے کہ حجرہ نبوی علیہ السلام مسجد سے الگ تھا ولید بن عبد الملک کے عہد تک
بن عبد الملك لا يدخل فيها احد لا للصلوة ولا للدعاء ولا لشيء آخر مما هو من جنس العبادة بل كانوا يفعلون جميع
کوئی اوس حجرہ میں نہیں گھستا تھا نہ تو واسطے نماز کے اور نہ واسطے دعا کی اور نہ کسی اور کام کو جو عبادت کی جنس کا ہو بلکہ وہ لوگ یہ تمام عبادت
ذلك في المسجد وكان احدهم اذا سلم على النبي عليه السلام واراد الدعاء استقبل القبلة وجعل ظهره الى جدار القبر
مسجد میں کیا کرتے تھے اور ہر ایک کا یہ حال تھا کہ جب نبی علیہ السلام پر درود پڑھکر دعا مانگتا تو قبلہ کیطرف متوجہ ہوتا اور اپنی پشت قبر شریف کی دیوار کے طرف کرتا
ثم دعا وهذا مما لا نزاع فيه بين العلماء وانما نزاعهم في وقت السلام عليه قال ابو حنيفة يستقبل القبلة عند السلام
تو دعا مانگتا اور یہ تو وہ مقدمہ ہے کہ اس میں علما کو کچھ بحث نہیں ہے بحث اس میں ہے کہ درود پڑھتے ہوئے کیا کرے امام ابو حنیفہ کہتے ہیں بروقت درود کے بھی قبلہ کیطرف منہ کرے
ايضا ولا يستقبل القبر وقال غيره لا يستقبل القبر عند الدعاء بل قالوا انه يستقبل القبلة وقت الدعاء ولا يستقبل
چاہئے اور قبر کی طرف توجہ نہیں چاہیے اور اور کہتے ہیں دعا میں استقبال قبر کا نکرے بلکہ کہتے ہیں دعا میں قبلہ کیطرف متوجہ ہونا چاہیے اور قبر کی طرف
القبر حتى لا يكون الدعاء عند القبر فان الدعاء عبادة كما ثبت بالحديث المرفوع ان الدعاء هو العبادة والسلف الصالح
منہ کرکر کھڑا ہو تاکہ دعا قبر کی طرف نہ واقع ہو کیونکہ دعا عبادت ہوتی ہے چنانچہ حدیث مرفوع سے ثابت ہے کہ دعا عبادت ہی ہے اور سلف صالح
من الصحابة والتابعين جعلوا العبادة خالصة لله تعالى ولم يفعلوا عند القبور شيئا منها الا ما اذن فيه النبي عليه
یعنی صحابہ اور تابعین نے عبادت کو خاص واسطے اللہ کا ٹھہرا لیا ہے اور انہوں نے عبادتوں میں سے قبروں پر جاکر کچھ نہیں کیا مگر وہی جسکی نبی علیہ السلام
الصلوة والسلام من السلام على اصحابها وسؤال الرحمة والمغفرة والعافية من الله لهم وسبب ذلك ان الميت قد انقطع
نے اجازت دی ہے یعنی اہل قبور پر سلام اور اللہ سے اونکی لئے رحمت اور مغفرت اور آرام مانگنا اور سبب اسکا یہ ہے کہ میت کے اعمال تو منقطع
عمله وهو يحتاج الى من يدعو له ويشفع لاجله ولهذا شرع في الصلوة عليه من الدعاء له وجوبا او ندبا ما لم يشرع
ہوگئے ہیں اور وسکو یہ حاجت ہے کہ کوئی اوسکے لئے دعا مانگے اور شفاعت کرے اور اسی لئے میت کے واسطے وہ دعا وجوبا یا ندبا ثابت ہیں کہ اوس قسم کے

مثل من الدعاء للحي فانا لما كنا اذا قمنا الى جنازة ندعو له ونشفع لاجله فبعد الدفن اولى ان ندعو له ونشفع لانه

اور مردہ کی واسطے جائز نہیں سو ہم لوگ جب اوسکے جنازہ پر کھڑے ہو کر اوسکے واسطے دعا مانگتے ہیں اور اوسکی شفاعت کرتے ہیں تو دفن کے بعد بطریق اولی دعا مانگیں اور شفاعت

في قبره بعد الدفن اشد احتياجا الى الدعاء له منه على نعشه لانه حينئذ معرض للسؤال وغيره على ما روي عن عثمان

قبر کے اندر بعد دفن کے دعا کا بہت ہی محتاج ہے کہ اپنا نعش پر نہیں تھا کیونکہ اب اوسکو سوال وغیرہ درپیش ہے جیسے روایت ہے عثمان

بن عفان انه عليه الصلوة والسلام كان اذا فرغ من دفن الميت وقف عليه وقال استغفروا لاخيكم واسالوا له

بن عفان کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب میت کو دفنا کر فارغ ہوتے تو اوسی جگہ توقف کر کر فرماتے مغفرت مانگو اپنی بھائی کیلئے اور دعا کرو

التثبيت فانه الان يسأل وروي عن سفيان الثوري انه قال اذا سئل الميت من ربك يتراءى له الشيطان في صورة

کہ وہ ثابت رہی کیونکہ اب اوس سے سوال ہوگا اور سفیان ثوری سے روایت ہے کہ وہ کہتا تھا جب میت سے سوال ہوتا ہے تیرا رب کون ہے تو اوسکو شیطان صورت بنا کر

ويشير الى نفسه اني انا ربك قال الترمذي هذه فتنة عظيمة ولذلك كان النبي عليه الصلوة والسلام يدعو بالثبات

نظر آتا اور اپنی طرف اشارہ کرتا ہے کہ تیرا رب میں ہوں ترمذی کہتا ہے یہ بڑا فتنہ ہے اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ثبات کی دعا مانگا کرتی تھی کہ

اللهم ثبت عند المسئلة منطقه وافتح ابواب السماء لروحه وكان يستحبون اذا وضع الميت في اللحد ان يقال اللهم

الٰہی سوال کی وقت اوسکی بات کو ثابت رکھیو اور اوسکی روح پر آسمان کی دروازہ کھولدی اور سب نیک جانتی تھی کہ میت کو لحد کی اندر رکھ کر یہ دعا کہیں الٰہی

اعذه من الشيطان الرجيم فهذه سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم في اهل القبور بضعا وعشرين سنة

اوسکو شیطان راندہ سے بچا پس یہی طریق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اہل قبور کی حق میں کئی اوپر بیس سال رہا

وهذه سنة الخلفاء الراشدين وطريقة جميع الصحابة والتابعين فبدل اهل البدع والضلال قولا غير الذي قيل

اور یہی طریق خلفاء راشدین اور طریقہ تمام صحابہ اور تابعین کا ہی پھر گمراہ بدعتیوں نے وہ بات جو اون سے کہی گئی تھی بدل ڈالی

لهم فانهم قصدوا بالزيارة التي شرعها رسول الله صلى الله عليه وسلم احسانا الى الميت والى الزائر سؤالهم بالميت و

انکی مراد زیارت سے جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میت اور زائر کی حق میں نیک سمجھ کر جاری کیا تھا یہ ہے کہ میت سے سوال

الاستعانة به وليس هذا الا الفتنة التي قال فيها عبد الله بن مسعود كيف اذا لبستكم فتنة يهرم فيها الكبير

اور استعانت کرنا اور یہ وہی فتنہ ہی جسمیں عبد اللہ بن مسعود نے کہا ہے کیا حال ہوگا جب تمکو فتنہ ڈہانپ لیگا جسمیں بڑا بڈہا ہو جاوے

وينشأ فيها الصغير تجري على الناس يتخذونها سنة اذا غيرت قيل غيرت السنة قال ابن القيم في اغاثته هذا يدل

اور بچہ جوان ہو جاوے لوگوں پر جو گذرے گا اوسکو سنت ٹہرا لینگے اگر اوسکو بدلیں تو یہ کہیں سنت بدل ڈالی ابن قیم اغاثہ میں کہتا ہے اس سے

على ان العمل اذا جرى على خلاف السنة فلا اعتبار ولا التفات اليه وقد جرى العمل على خلاف السنة منذ زمن طويل

اس قول سے معلوم ہوتا ہے کہ جب عمل طریق سنت کے خلاف ہونے لگی تو اوسکا کچھ اعتبار نہیں اور نہ اوسپر کچھ توجہ ہے اور مدت دراز سے عمل برخلاف سنت جاری ہے

فاذن لابد ان تكون شديد التوقي من محدثات الامور وان اتفق عليه الجمهور فلا يغرنك اطباقهم على ما احدث

سو اب خواہ مخواہ محدثات امور یعنی بدعات سے بہت ہی بچا چاہیے اگرچہ اوس پر جمہور متفق ہوں اور انکی اتفاق پر جو بدعات پر ہو

بعد الصحابة بل ينبغي لك ان تكون حريصا على التفتيش عن احوالهم واعمالهم فان اعلم الناس واقربهم الى الله اشبههم

بعد صحابہ کی پیدا ہوئی ہیں مغرور نہ ہو بلکہ تجھکو لائق ہی کہ اونکی احوال اور اعمال کی خوب تفتیش کرتا رہے کیونکہ سب میں بڑا عالم اور اللہ تعالیٰ کا بڑا مقرب وہی ہی جو اونکی

واعلمهم بطريقتهم اذ منهم اخذ الدين وهم اصول في نقل الشريعة من صاحب الشرع فلا يهولك ان لا تكترث بمخالفتك

خوب مشابہ ہو اور انکی طریقہ سے خوب واقف ہو اسواسطے کہ دین اونہی سے حاصل ہوا ہی اور وہی صاحب شرع سے شریعت نقل کرنے میں اصل ہیں سو تجھکو لازم ہی کہ اپنی اہل عصر کی مخالفت کا

لاهل عصرك في موافقتك لاهل عصر النبي عليه السلام اذ قد جاء في الحديث اذا اختلف الناس فعليكم بالسواد الاعظم

صحابہ کی موافقت میں کچھ فکر نہ کریں کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ جب آدمیوں میں دو راہ ہو جاویں تو بڑی انبوہ کو لو

قال

عبد الرحمن بن إسمعيل المعروف بأبي شامة حيث جاء الأمر بلزوم الجماعة فالمراد به لزوم الحق واتباعه وإن كان
عبد الرحمن بن اسمعیل جو ابو شامہ مشہور ہیں کہتا ہے جس جگہ لزوم جماعت کا حکم ہے تو مراد اس سے لزوم حق کی جانب کا اور حق کا تابع ہی اگرچہ
المتمسك به قليلا والمخالف له كثيرا لأن الحق ما كان عليه الجماعة الأولى وهم الصحابة ولا عبرة إلى كثرة الباطل
اوسکے والے تھوڑے ہوں اور اوسکے مخالف بہت ہوں یاد رہے حق وہ ہی ہے جس پر جماعت اول رہی ہے یعنی صحابہ اور اونکے بعد جو باطل بہت پھیل گیا اسکا
بعدهم وقد قال الفضيل بن عياض ما معناه الزم طرق الهدى ولا يضرك قلة السالكين وإياك وطرق الضلالة
اعتبار نہیں اور فضیل بن عیاض نے ایسی بات کہی ہے کہ معنی اوسکی یہ ہیں راہ ہدایت پر لگا رہ اوسکی چلنے والوں کی کمی تجھکو کچھہ مضر نہ ہوگا اور گمراہی کی رستوں سے بچا رہ
ولا تغتر بكثرة الهالكين وقال ابن مسعود أنتم في زمان خيركم فيه المتسارع في الأمور وسيأتي زمان بعدكم
ہلاک ہونیوالوں کی کثرت سے دہوکہ مت کہا اور ابن مسعود کہتا ہے تم ایسے زمانہ میں ہو جسمیں بہتر وہ شخص ہے جو عمل میں جلدی کرے اور تمہارے بعد ایسا زمانہ آتا ہے
خيركم فيه المتثبت المتوقف لكثرة الشبهات قال الإمام الغزالي لقد صدق لأن من لم يتثبت في هذا الزمان بل
بہتر وہ شخص ہوگا جو ثابت رہے اور توقف کرے اس لیے کثرت شبہات کے امام غزالی کہتے ہیں کہ ٹھیک کہا ہے کیونکہ جو شخص اس زمانہ میں ثابت نہ رہے بلکہ
وافق الجماهير فيما هم فيه وخاض فيما خاضوا فيه يهلك كما هلكوا فإن أصل الدين وعمدته وقوامه ليس بكثرة
جمہور کا ساتھہ دے جو وہ کر رہے ہیں اور انکی انکرات میں غور کرنے لگے وہ ہلاک ہو جائیگا جیسے وہ ہلاک ہوئے کیونکہ دین کی اصل اور عمدگی اور استواری
العبادة والتلاوة والمجاهدة بالجوع وغيره وإنما هو باحترازه من الآفات والعاهات التي يأتي عليه من البدع و
عبادت اور تلاوت کی کثرت سے اور بھوکہ پیاسے رہ کر مجاہدہ کرنے سے نہیں ہے دین کی استواری صرف ان آفات اور صدمات کے بچنے سے ہے جو اوس پر بدعتوں اور
المحدثات التي تؤدي إلى تبدله وتغيره كما تبدل وتغير أديان الرسل عليهم السلام من قبل بسبب ذلك فعلى هذا
نئی باتوں کی طرف سے ہیں جسمیں دین تمام بدل جاتا ہے جیسے پہلی رسل علیہم السلام کی دین انہی سبب سے بدل گئے ہیں اس بنا پر حق
على المؤمن أن لا يغتر ويستدل بقوة تصميمه على شيء وكثرة عبادته أنه على الحق فإن تصميمه عليه وعدم رجوعه عنه
مومن کو چاہیئے کہ فریب میں آکر اپنی قوت تصمیم سے کسی شی پر اور اپنی کثرت عبادت سے یہ استدلال نکرے کہ وہ حق ہے کیونکہ اوسکا تصمیم کسی شے پر اور اوس سے رجوع نکرنا
وتبشيره بالمنامات لا يدل على كونه على الحق فيه لأن جزمه وتصميمه عليه ليس من حيث كونه حقا بل من حيث
اور خوابوں میں اوسکی بشارت ہونا اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ اس بات میں حق پر ہے کیونکہ اوسکا جزم اور تصمیم اوس پر اس لیے نہیں ہے کہ وہ حق ہی بلکہ اس حیثیت سے ہے
أنه نشأ في قوم يدينون به وللنشأة والمخالطة أثر عظيم في تصميم شيء حقا كان أو باطلا ألا ترى أن مثل هذا
کہ وہ ایسی قوم میں پیدا ہوا ہے کہ وہ اوس امر کو دین جانتے ہیں اور نشو و نما اور ربط ضبط کو اثر عظیم ہے کسی شے کی تصمیم میں حق ہو یا باطل کیا تو نہیں دیکھتا کہ ایسی ہی
التصميم يوجد عامة في ذوي الجهل المركب كاليهود والنصارى ومن في معناهم وإن كان كذلك فالواجب على كل
تصمیم تمام عام لوگ جہل مرکب میں جیسے یہود اور نصاری اور جو انکی مثال ہیں پائی جاتی ہیں جب یہ حال ہے تو ہر مسلم پر لازم ہے
مسلم في هذا الزمان أن يحترز عن الاغترار والميل إلى شيء من البدع والمحدثات ويصون دينه من العوائد التي
کہ ایسے زمانہ میں بدعات اور محدثات کی رغبت سے بچا رہے اور اپنے دین کو عادات سے جن سے
تأنس بها وتربى عليها فإنها سم قاتل قل من سلم من آفاتها وظهر له الحق معها ألا ترى أن قريشا لأجل العوائد التي اعتادتها
انس ہوگیا ہے اور اسی میں پرورش پائی ہے بچا دے کیونکہ یہ زہر قاتل ہے اس سے کم بچتے ہیں اور اس حال میں حق کم ظاہر ہوتا ہے کیا دیکھتا نہیں کہ قریش نے انہیں عادات کے سبب جنکی عادی
نفسهم أنكروا على النبي صلى الله عليه وسلم ما جاء به من الهدى والبيان وكان ذلك سبب كفرهم وطغيانهم ولذلك
ہوگئے تھے نبی علیہ الصلوۃ والسلام اور اونکی ہدایت اور بیان کو نہ مانا اور یہی سبب ہے کافر ہوگئے اور سرکشی کی اور اسی لیے
قال ابن مسعود يقول إياكم وما يحدث من البدع فإن الدين لا يذهب مرة من القلوب بل الشيطان يحدث لكم
ابن مسعود کہا کرتے تھے نئی بدعات سے بچو کیونکہ دین ایکبارگی دلوں میں سے نہیں جاویگا بلکہ شیطان تمہارے لیے نئی نئی بدعتیں نکالتا جاویگا

ما يلحق بذهب الايمان من قلوبكم نسئل الله تعالى ان يرينا الحق حقا ويرزقنا اتباعه ويرينا الباطل باطلا و
آخر ہوتے ہوتے تمہارے دلوں میں سے ایمان نکل جاویگا ہم خدا سے چاہتے ہیں کہ ہم پر حق کو حق ظاہر کر دے اور اوسکا اتباع نصیب کرے اور ہم پر باطل کو
يرزقنا اجتنابه **المجلس الثامن والخمسون في بيان ذكر الموت ولزوم الاستعداد له** قال رسول
باطل ظاہر کر دے اور اوس سے اجتناب نصیب کرے اٹھاونویں مجلس موت کی یادگاری اور اوسکی تیاری کے لزوم میں رسول اللہ
الله صلى الله عليه وسلم اكثروا ذكر هاذم اللذات الموت هذا الحديث من حسان المصابيح رواه ابو هريرة
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت کیا کرو یادگاری توڑنے والی لذت کی یعنی موت کی یہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں سے ہے ابو ہریرہ کی روایت
ومعناه ان الموت يكسر كل لذة فاكثروا ذكره حتى تستعدوا له فان قوله عليه الصلوة والسلام اكثروا ذكر
سے اسکی معنے یہ ہیں کہ موت ہر لذت کو توڑ دیتی ہے سو اسکو ہر وقت یاد رکھو تاکہ اوسکی سامان میں لگو کیونکہ قول علیہ السلام کا کہ اکثروا ذکر کرو
هاذم اللذات كلام وجيز مختصر لكن جمع فيها جميع المواعظ فان من ذكر الموت حقيقة نغص عليه لذته الحاضرة
لذات توڑنی والیکا کلام نہایت مختصر ہے پر اسمیں تمام مواعظ بھر دئے ہیں کیونکہ جو شخص حقیقت میں موت کو یاد رکھیگا تو اوسپر لذت حال
ومنعه من تمنيها في المستقبل وزهده فيما كان يؤمل منها لكن النفوس الراكدة والقلوب الغافلة تحتاج الى تكثير
کم ہو جاویگی اور اوسکو آیندہ کی آرزو سے بند کریگی اور جو اوسمیں پکاتا ہوگا اسسے چھوڑا دیگی پر نفوس بستہ اور غافل دلونکو بہت سے
اللفظ وتطويل الوعظ والا ففي قوله عليه الصلوة والسلام اكثروا ذكر هاذم اللذات الموت مع قوله تعالى كل نفس ذائقة
لفظ درکار اور وعظ طویل ہو نہیں تو حدیث کے اس جملہ میں کہ یاد کرو یادگاری لذات توڑنی والیکے جو موت ہے ہمراہ اس آیت کے
الموت ما يكفي السامع له والناظر فيه لان ذكر الموت يورث استشعار الانزعاج عن هذه الدار الفانية والتوجه في كل
ہر جان چکھنی والی ہے موت کو اسقدر حصول ہے کہ سمجھنے والے اور اسکو غور کرنے والے کو کافی ہے اسلئے کہ موت کی یادگاری اس دار فانی سے اٹھ جانے اور
لحظة الى الدار الباقية اذ قد قال العلماء الموت ليس بعدم محض وفناء صرف وانما هو انقطاع تعلق الروح بالبدن ومفارقته
ہر لحظہ دار باقی کیطرف متوجہ رہنے کی عقل پیدا ہوتی ہے سو اسواسطے کہ علما کہتے ہیں کہ موت نرا عدم اور صرف فنا ہی نہیں ہی بلکہ موت کیا ہی
عنه وتبدل من حال الى حال وانتقال من دار الى دار وهو من اعظم المصائب وقد سماه الله تعالى مصيبة حيث قال
تعلق روح کا بدن سے چھوٹ جانا اور روح کا بدن سے جدا ہونا اور ایک حال کا دوسری حال پر بدل جانا اور ایک گھر سے دوسرے گھر میں چلا جانا اور موت بڑی
فاصابتكم مصيبة الموت فالموت هو المصيبة العظمى واعظم منه الغفلة عنه والاعراض عن ذكره وقلة التفكر فيه مع
بڑی مصیبت ہے اور اللہ تعالی نے بھی اسکا نام مصیبت رکھا ہے جہاں فرمایا پھر آوے تم پر مصیبت موت کی پس موت ہی بڑی مصیبت ہے اور اس سے بڑھ کر موت سے غفلت
ان فيه وحده لعبرة لمن اعتبر وقد قال القرطبي في تذكرته ان الامة اجمعت على ان الموت ليس له سن معلوم ولا زمن
اور ذکر اوسکا اور اوس میں فکر کا نہ کرنا ہے حالانکہ صرف موت میں عبرت لینے والیکو بڑی عبرت ہے اور قرطبی نے تذکرہ میں کہا ہے کہ تمام امت اس بات پر اتفاق رکھتی ہے کہ موت کا کوئی سال معین اور
معلوم ولا مرض معلوم وانما كان كذلك ليكون المرء على اهبة منه مستعدا له لكن من غلب عليه حب الدنيا والانهماك
زمانہ معلوم نہیں اور کوئی مرض مقرر اور یہ اسلئے ہی تاکہ آدمی ہر دم اوس سے ڈرتا اور سامان کرتا رہے لیکن جسپر دنیا کی محبت غالب ہے اور وہ دنیا کی لذتوں میں
في لذاتها فلا محالة يغفل عن ذكره ولا يذكره بل اذا ذكر عنده يكرهه وينفر عنه طبعه لان غلبة حب الدنيا والعلقة
کھپ رہی ہے بیشک اوسکی یاد سے غافل ہے کبھی یاد نہیں کرتا بلکہ اوسکی پاس اگر موت کا ذکر آتا ہے تو ستاتا ہے اور اوسکی طبیعت کو نفرت ہوتی ہے کیونکہ اوسکی دنیا کی
وترسخ علائقها فيه يمنع عن التفكر في الموت الذي هو سبب مفارقتها ولا يحب ذكره وان ذكره يذكره للتأسف على الدنيا
محبت کا غلبہ اور دنیا کی مضبوط علاقے موت کی فکر سے روک دیتے ہیں جو کہ سبب دنیا کی مفارقت کا ہے اور اوسکا ذکر اچھا نہیں لگتا اور اگر موت کو یاد بھی کرتا ہے تو دنیا کی تاسف
ويشتغل بمذمته ويزيده ذكره بعدا من الله تعالى اذ قد ورد في الحديث من كره لقاء الله تعالى كره الله لقاءه ومع هذا
موت کی برائیاں کرتا ہے اور موت کا ایسا ذکر اللہ تعالی سے اور بھی دور کر دیتا ہے اسواسطے کہ حدیث میں آیا ہے کہ جو کوئی اللہ تعالی کی ملاقات کو مکروہ جانیگا اللہ تعالی بھی اوسکی ملاقات کو مکروہ جانیگا

تذكره للموت خير له لان تذكر الموت ينقص عليه نعيمه ويكدر عليه صفوة لذته فما يكدر على الانسان لذته وينقص
گرو کہنا ہی تیسرا ہی موت کا یاد کرنا بہتر ہی اسلئی کہ موت کو یاد رکھنی سی دنیا کا عیش ناقص اور تمام لذت مکدر ہو جاتی ہی اور جو چیز انسان کی لذت کو مکدر اور شہوت کو ناقص
عليه شهوته فهو من اسباب سعادته ولذا قال النبي عليه الصلوة والسلام اكثروا ذكر هاذم اللذات لان الانسان لا ينفك
کرے وہ ہی اسباب سعادت میں سی ہی اسیلئے نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی بہت یاد کرو توڑنی والی لذت کو اسلئے کہ انسان دو حالت سے خالی
عن حالتين اما في ضيق ومحنة او في سعة ونعمة فان كان في ضيق ومحنة فذكر الموت يسهل عليه ما هو فيه بانه
نہیں ہوتا یا تنگی اور محنت میں یا فراخی اور نعمت میں پس اگر شخص تنگی اور محنت میں ہی تو موت کا یاد کرنا اسپر تنگی اور محنت کو آسان کرتا ہی
يزول ولا يدوم والموت اصعب منه وان كان في سعة ونعمة فذكر الموت يمنعه عن الاغترار بها والسكون اليها كما
کہ یہ سب فنا ہونیوالا ہی ہمیشہ کو نہیں ہے اور موت اوس سے سخت ہی اور اگر فراخی اور نعمت میں ہے تو موت کا یاد کرنا اوسکو دنیا کی فریفتگی سی اور رکنی لگاؤ سی باز رکھتا ہی چنانچہ
روى انه عليه الصلوة والسلام قال كفى بالموت واعظا وقال اللفاف من اكثر ذكر الموت اكرم بثلثة اشياء تعجيل
روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا موت نصیحت کرنیکو کفایت کرتی ہی لفاف کہتا ہی جو شخص موت کو بہت یاد رکھیگا تو اوسکو تین باتین حاصل ہونگی جلدی
التوبة وقناعة القلب ونشاط العبادة ومن نسي الموت عوقب بثلثة اشياء تسويف التوبة والحرص على الدنيا
توبہ اور دل میں قناعت اور عبادت میں سرور اور جو موت کو بھولا رہیگا تو وہ تین باتوں میں مبتلا رہیگا توبہ کی تاخیر دنیا کا لالچ
والتكاسل في العبادة وقالت ام المؤمنين عائشة رض يا رسول الله هل يحشر مع الشهداء احد قال نعم من يذكر الموت
عبادت میں سستی ام المومنین عائشہ رض نے پوچھا یا رسول اللہ کوئی شہدا کے ساتھ بھی اوٹھیگا فرمایا ہان جو ہر روز
في اليوم والليلة عشرين مرة وسبب النيل الى هذه الفضيلة ان ذكر الموت يوجب التجافي عن الدنيا والاستعداد
رات دن میں موت کو بیس دفعہ یاد کرلی اور سبب حصول اس درجہ کا یہ ہے کہ موت کی یادگاری دنیا سی الگ کر دیتی ہی اور آخرت کے سامان میں لگاتی ہے
للاخرة والغفلة عنه تدعو الى الانهماك في شهوات الدنيا ولذاتها ونسيان الاخرة وقد قال النبي عليه الصلوة و
اور موت کی غفلت دنیا کی شہوات اور لذات میں ڈبو دیتی ہے اور آخرت کو بھلا دیتی ہے اور بیشک نبی علیہ السلام نے
السلام لابن عمر كن في الدنيا كانك غريب او عابر سبيل فكانه عليه الصلوة والسلام قال له انك مسافر ومسافر الى
ابن عمر کو فرمایا دنیا میں ایسا رہ جیسی مسافر یا رستہ چلتا پس گویا نبی علیہ السلام نے اوس سے یہ کہا تو مسافر ہی اور جلد آخرت کا
الاخرة فلا تتخذ الدنيا وطنا ولا تميل الى حظوظها وحطامها واغتنم صحتك واصرفها في طاعة الله تعالى و
سفر کرتا ہی سو دنیا کو وطن مت بنا اور دنیا کی لذت اور مال اسباب پر رغبت مت کر اور اپنی صحت کو غنیمت سمجھکر اللہ تعالی کی طاعت میں صرف کر
اجتهد ان تقدم في حياتك ما تقر به عينك يوم الجزاء وذلك انما يحصل بذكر الموت فلذلك كان ذكر الموت
اور کوشش کر کی اپنی زندگی میں پہلے ایسی اعمال کرلے جسمین قیامت کی دن تیری آنکھ ٹھنڈی رہے اور یہ بات بدون یادگاری موت کی حاصل نہیں ہوتی اسلئے موت کا یاد کرنا
افضل وانفع وغفلة الناس عنه لقلة فكرهم فيه وعدم ذكرهم له ومن يذكره لا يذكره بقلب فارغ بل بقلب
بہت افضل اور نافع ہی اور لوگوں کی غفلت صرف کوتاہی فکر اور موت کو یاد نکرنی سی ہے اور جو یاد کرتا ہی تو صفائی دل سی یاد نہیں کرتا بلکہ دل میں
مشغول باشغال الدنيا فلا ينفع ذكره في قلبه مع ان الواجب على العبد ان يفرغ قلبه عن كل شئ الا عن ذكر الموت
دنیا کی خیالات بھری ہوتی ہین ہوئے ولیکن موت کا ایسا یاد کرنا فائدہ نہیں کرتا باوجودیکہ انسان پر واجب یہی ہے کہ اپنی دلکو سب خیالات سی سوائی ذکر موت کے
الذي هو بين يديه فانه اذا ذكره بقلب فارغ يوشك ان يؤثر فيه وعند ذلك يقل فرحه وسروره بالدنيا وينكسر قلبه
جو سامنی کھڑی ہی خالی کر دی بیشک انسان اگر فارغ دل ہوکر موت کو یاد کریگا تو اوسمین تاثیر جلد معلوم ہوگی اور اب دنیا کی فرحت اور سرور گھٹتی ہوتا جائیگا اور دل ٹوٹ جاویگا
فان من كان اسير النفس مصرا على الذنوب يجب عليه ان يجتهد في اصلاح نفسه بمداواة قلبه فان مداوات
پس جو شخص نفس کا مقید گناہوں پر قائم ہوا ہی اوسکو واجب ہے کہ اپنی دل کی علاج کی واسطی اصلاح نفس کے مشقت اختیار کری کیونکہ دلوں کی دوا کرنے واجب ہے

القلوب واجبة لاسيما اذا كان قاسية فعلاجها باربعة اشياء اذ قد قال العلماء اذا كانت القلوب قاسية
کیونکہ دلوں کی درستی واجب ہے خاص ایسی حالت میں کہ وہ سخت ہو جاویں پھر اوسکا علاج چار چیزیں ہیں علماء کہتے ہیں کہ جب دل سخت ہو جاویں تو ایسے

فعلى اصحابها ان يلتزموا باربعة الاول حضور مجالس العلم التي يكون فيها دعوة الخلق من الدنيا الى الاخرة ومن
لوگوں کو چاہئے کہ چار چیزوں کو لازم کریں اول علم کی ایسی مجلسوں میں حاضر ہوا کریں خلق کی رہنمائی دنیا سے آخرت کے طرف اور

المعصية الى الطاعة فان ذلك مما تلين القلوب ويخشع فيها والثاني ذكر الموت الذي هو هادم اللذات ومفرق
معصیت سے طاعت کی طرف ہوتی ہو کیونکہ اس سے دلوں میں نرمی اور خشوع پیدا ہوتا ہے اور دوسرے موت کا یاد رکھنا جو کہ لذتوں کو توڑنے ہی اور

الجماعات وموتم للبنين والبنات والثالث مشاهدة المحتضرين فان النظر الى المحتضر ومشاهدة سكراته ونزعاته
جماعات کو پراگندہ کرتی ہی اور بیٹا بیٹی کو چھوڑا دیتی ہی اور تیسرے مرتے ہوؤں کا حالت نزع میں دیکھنا کیونکہ مشاہدہ سکرات کا اور دیکھنا اوسکے ہچکیوں اور نزع کا

وتامل صورته بعد موته يقطع عن النفوس لذاتها وعن القلوب مسراتها ويمنع الاجفان من النوم والابدان
اور غور کرنا اوسکی صورت کا بعد موت کے نفوس کو لذات سی اور قلوب کو مسرت سی اور پلکوں کو نیند سے اور بدن کو

من الراحة ويبعث على الطاعات فهذه ثلثة امور ينبغي لمن كان قاسي القلب واسر النفس مصرا على الذنوب
آرام سی الگ کر دیتا ہی اور طاعات پر ابھارتا ہی سو یہ تین طریقے ہیں چاہئے کہ سخت دل آدمی نفس کا مغلوب گناہوں پر لگا ہوا ان سی

ان يستعين بها على دوائه فان انتفع بها فذاك وان عظم عليه رين القلوب واستحكمت دواعي الذنوب
اپنے دل کا علاج کرے پھر اگر نفع ہوا تو بس اور کیا چاہئے اور اگر دل کے میل جم گئی اور اسباب گناہوں کی مضبوط ہو گئے

فزيارة القبور يؤثر في ذلك ما لم يؤثر الاول والثاني ولذلك قال النبي عليه الصلوة والسلام زوروا القبور
تو پھر اسی قسم کی زیارت ایسا اثر کرتی ہے جو کہ اول اور ثانی اثر نہیں کرتا اور اسی لئے نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا قبروں کی زیارت کیا کرو

فانها تذكر الموت والاخرة وتزهد في الدنيا فان الاول سماع بالاذن والثاني اخبار القلب بما اليه المصير
کیونکہ اس سے موت اور آخرت یاد آتی ہی اور دنیا چھوٹتی ہے کیونکہ اول طریقہ کانوں سی سننا ہی اور دوسرا طریقہ دل سی انجام کی سمجھ کا ہی اور

فی مشاهدة من احتضر وزيارة من قبره معاينة ولذلك كانا ابلغ من الاول والثاني وقد قال النبي صلى الله عليه وسلم
سسکتی کو دیکھنے میں اور قبر کے زیارت میں انجام کا معائنہ ہوتا ہی اور اسی لئے یہ دو اول اور ثانی سی بہت نافع ہیں چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ليس الخبر كالمعائنة لكن الاعتبار والاتعاظ بحال المحتضر غير ممكن في كل وقت من الاوقات ولا يتفق ان يريد لاج
سنا ہوا دیکھی ہوئی کی برابر نہیں ہوتا پر عبرت اور پند پذیری سسکتے کی حال سی ہر وقت میسر ہونا ممکن نہیں ہے اور جو اپنی اصلاح

قلبه في ساعة من الساعات واما زيارة القبور فوجودها اسرع والانتفاع بها اوسع لكن ينبغي لمن يقصد زيارة
کیا چاہی تو گھڑی گھڑی اوسکو نہیں ملتا ہی زیارت قبور کی تو اسکا تیار جلد ہو سکتا ہی اور نفع اسکی بہت ہے پر لائق یوں ہی کہ قبور کی زیارت کرنے

القبور ان يحترز من الزيارة البدعية التي يقصدها اكثر الناس في هذا الزمان وهي زيارة قبور بعض المتبركين
تو زیارت بدعت سی پرہیز رکھی جو کہ اس زمانہ میں اکثر لوگوں کو مقصود ہی جیسے متبرک لوگوں کی قبر پر جاکر

لاجل الصلوة عندها والطواف بها وتقبيلها واستلامها وتعفير الخدود عليها واخذ ترابها ودعاء اصحابها
نماز پڑھنا اور قبروں پر طواف کرنا اور چومنا اور بوسہ دینا اور اوس پر گال رکھنا اور وہاں کی مٹی لینا اور مردوں سی دعا مانگنی

والاستغاثة بهم وسوالهم النصر والرزق والولد والعافية وقضاء الديون وتفريج الكربات واغاثة اللهفان وغير
اور ان سے بھروسہ کرنا اور ان سی امداد اور رزق اور اولاد اور آرام اور قرضوں کا ادا اور مصیبتوں کی کشائش اور ناتوانوں کی مدد مانگنے اور

ذلك من الحاجات ما التي كان عباد الاوثان يسئلونها من اوثانهم اذ ليس شئ منها مشروعا باتفاق علماء المسلمين
سوا اسکی اور حاجتیں جو بت پرست لوگ بتوں سی مانگا کرتے ہیں اسواسطی کہ ان میں سے کوئی بات بھی تمام علماء اہل اسلام کی نزدیک جائز نہیں ہے

اذ لم يفعله رسول رب العلمين ولا احد من الصحابة والتابعين وسائر ائمة الدين بل يتادب بادابها ويكون حاضر

کیونکہ آنحضرت رسول رب العالمین نے نہیں کیا اور نہ کسی صحابہ اور تابعین سے اور نہ کسی ائمہ دین سے بلکہ طریقہ زیارت قبور کی سیکھ کر حضور دل سے

القلب في اتيانها ولا يكون حظه منها الطواف عليها فقط لانه حالة تشاركه فيها البهائم بل يقصد بزيارته وجه الله

ادا کرے ایسا نہ ہو کہ زیارت قبور میں اسکا حصہ صرف طواف ہی ہو کیونکہ یہ بات تو چوپایوں میں بھی ہے بلکہ زیارت میں صرف مقصود واسطے خدا تعالی کا ہو

واصلاح نفسه ودواء قلبه ويجتنب المشي على المقابر والجلوس عليها ويخلع نعليه ان دخلها كما جاء في الحديث

اور درستی اپنی حال کی اور علاج اپنی دل کا اور قبروں کی اوپر پیر نہ رکھے اور نہ اوپر بیٹھے اور قبروں میں جائے جوتی اتار لے چنانچہ حدیث میں آیا ہے

ويسلم على اهلها ويخاطبهم خطاب الحاضرين ويقول السلام عليكم دار قوم مؤمنين فانه عليه الصلوة والسلام

اور مردوں پر سلام بھیجے اور ان سے مخاطب ہو کر کلام کرے یہ کہے کہ سلام تم پر اے دار قوم مومنین کے کیونکہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام

كان يقول كذلك واذا وصل الى ميت ينبغي له ان ياتيه من تلقاء وجهه ويسلم عليه ايضا لكن اذا اراد ان يدعو

یہ ہی کہا کرتے تھے اور جب کسی مردہ کی پاس جاوے تو چاہیے کہ اسکی منہ کی سامنے ہی جاوے اور اوسپر بھی سلام علیک کرے لیکن اگر دعا مانگنی کا قصد کرے

يدعو قائما مستقبل القبلة وكذلك الكلام في زيارة النبي عليه الصلوة والسلام ثم يعتبر بمن كان تحت التراب

تو رو بقبلہ کھڑا ہو کر مانگے اور ایسی ہی گفتگو ہے نبی علیہ السلام کے زیارت میں پھر اوسکی حال سے جو مٹی تلے دب گیا

وانقطع عن الاهل والاحباب بعد ان قاد الاصحاب والعشائر وجمع الاموال والذخائر وجاءه الموت في وقت لم يحتسبه

اور اہل عیال اور یاروں سے جدا ہو گیا عبرت پکڑے ایک دن تھا کہ یاروں اور کنبے میں بڑا تھا اور مال اور ذخیرہ جمع کیا تھا اور اسکو ایسی وقت موت آ گئی جو گمان نہ تھا

وفي حال لم يرتقبه فانه حين دخل القبر وابتلى بالسؤال هل اصاب في الجواب وكان قبره روضة من رياض الجنة

اور ایسی حال میں جو توقع نہ کرتا تھا پھر جب قبر میں گیا اور سوال میں مبتلا ہوا تو خدا جانے جواب میں پورا اترا اور اسکی قبر بہشت کا چمن ہو گئی ہے

او اخطأ في الجواب وكان قبره حفرة من حفر النيران ثم يجعل نفسه كانه مات ودخل القبر وذهب عنه اهله وولده

یا جواب میں پورا نہ اترا اور اسکی قبر ایک گڑھا دوزخ کا ہو گیا ہو پھر اپنی آپ کو تصور کرے گویا مر گیا اور گور میں داخل ہوا اور اہل اور اولاد

ومعارفه وبقي وحيدا فريدا وهو الآن يسأل فماذا يجيب وماذا يكون حاله ثم يتأمل حال من مضى من اخوانه واقرانه

اور جان پہچان جدا ہو گئی اکیلا تن تنہا رہ گیا اب جیسے سوال ہو رہا ہے اب کیا جواب دے اور میرا کیا انجام ہوگا پھر اپنی گذشتہ بھائی بندوں اور ہمسروں کی حال میں تامل کرے

الذين ملؤا الآفاق وجمعوا الاموال كيف انقطعت آمالهم ولم تغن عنهم اموالهم وغير التراب محاسن وجوههم وافترقت في

جو کہ بڑی بڑی امیدیں رکھتے تھے اور خوب مال جمع کیا تھا کیونکر اونکی امیدیں ٹوٹ گئیں اور مال اونکا کچھ فائدہ نہ دیا اور مٹی نے اونکی اچھی اچھی چہری بگاڑ دیئے اور

القبور اجزاؤهم وارملت بعدهم نساؤهم وشمل اليتيم اولادهم واقتسم غيرهم اموالهم وليعلم ان ميله الى الدنيا كميلهم

گور میں اونکی اجزاء بکھر گئے اور اونکی جورو بیوہ ہو گئیں اور اونکی اولاد میں یتیمی پھیل گئی اور اونکا مال اوروں نے بانٹ لیا اور یوں یقین کرے کہ جیسی رغبت دنیا میں تھی

وغفلته كغفلتهم وانه لا شك صائر الى مصيرهم وليتحقق ان حاله كحالهم وان الموت الفظيع والهلاك السريع بين يديه

اور جیسی غفلت اون کیسی غفلت میں بیشک اسی جگہ جاوے گا جہاں وہ گئی ہیں اور میرا حال ہے اونکا سا حال ہونے والا ہے اور موت ناگوار اور ہلاک سریع سامنے موجود ہے

وعند هذه التذكر والاعتبار يلين قلبه ويخشع جوارحه ويزول عنه جميع الاعتناء الدنيوية ويقبل على الاعمال الاخروية

اسطرح کی یاد اور اعتبار سے البتہ دل نرم ہو جاویگا اور ہاتھ پاؤں کانپ جاوینگے اور دنیا کی تمام رابطے جاتے رہینگے اور اعمال آخرت پر متوجہ ہووے گا

ويترك هواه ويتوجه الى طاعة مولاه ثم ينبغي له في كل حين وزمان ان يكثر ذكر اقرانه وامثاله الذين مضوا قبله فيتذكر

اور ہوا و ہوس ترک کر کر مولی کی طاعت اختیار کریگا پھر اسکو چاہیے کہ دم بدم اپنے اقران اور امثال کا جو کہ اس سے پہلے مر گئے ہیں ذکر کیا کرے

سرورهم ونشاطهم وعيشهم وعشرتهم وطول املهم واعتمادهم الى القوة والشباب وميلهم الى الضحك واللعب

اور اونکی سرور اور نشاط اور اونکی عیش اور عشرت اور بڑی بڑی امیدیں اور اونکا بھروسہ قوت اور جوانی کا اور رغبت ہنسی اور کھیل کی یاد کیا کرے

ثم يتأمل كيف كانت حالهم وخلت منهم مجالستهم وديارهم وانقطعت آثارهم وضاعت اموالهم ثم ينظر في نفسه فانه
پھر یہ سوچے کیسا اونکا حال تھا اور اونکی مجلسین اونکے گھر اونسے خالی ہو گئی اور اون کا نشان مٹ گیا اور اونکے مال تباہ ہو گئے پھر اپنی طرف خیال کرے کہ اونکا
سيكون عاقبة امره كعاقبة امرهم فيسعى في اصلاح نفسه باسقاط ما في ذمته من الفرائض والواجبات والاجتناب
انجام یہ ہی ہونے والا ہے جو اونکا ہوا پھر اپنے حال کو درست کرے جو جو اسکے ذمہ پر فرائض اور واجبات باقی ہیں ادا کرے
عن المحرمات والمكروهات والتوبة عن الذنوب والسيئات يسرنا الله التوبة والاستغفار اناء الليل واطراف النهار
اور حرام اور مکروہات سے بچے اور گناہوں اور بری کاموں سے توبہ کرے اللہ ہمکو رات کو اور صبح شام توبہ اور استغفار کی توفیق دے

المجلس التاسع والخمسون في بيان ماهية الطاعون وعدم التقدم عليه وعدم الفرار منه

اونسٹھون مجلس وبا کی حقیقت میں اور نہ اوسکے اندر جانا اور نہ وہان سے بھاگنا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الطاعون رجز ارسل على طائفة من بني اسرائيل فاذا سمعتم به بارض فلا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طاعون یعنی وبا عذاب ہی جو بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر نازل ہوا تھا جب تم کسی سرزمین میں وبا سنو تو
تقدموا عليه واذا وقع وانتم فيه فلا تخرجوا منها فرارا منه هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه اسامة بن زيد
اوسمین نجاؤ اور جب وبا آجاوی اور تم وہان ہو تو اوسی وبا کی ڈر کی ماری مت نکلو یہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں سی ہی اسامہ بن زید کی روایت سے
والمراد بالطائفة المذكورة هم الذين امرهم الله تعالى ان يدخلوا الباب سجدا ويقولوا حطة فدخلوا الباب قائلين
اور مراد گروہ مذکور سی وہ قوم ہے جسکو اللہ تعالی کا حکم ہوا تھا کہ دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئی اور حطہ یعنی معاف کہتی ہوئی چلی جاؤ سو وہ لوگ دروازہ میں
حنطة فخالفوا امر الله تعالى فارسل الله تعالى عليهم الطاعون فمات منهم في ساعة واحدة اربعة وعشرون الفا من
حنطہ کہتی ہوئی داخل ہوئی اونہوں نی امر الہی کی جو خلاف کیا تو اللہ تعالی نی اون پر وبا بھیجی سو اون میں سی گھڑی بھر کی عرصہ میں چوبیس ہزار
شيوخهم وكبرائهم فدل الحديث على ان سبب ظهور الطاعون هو المخالفة لامر الله تعالى وقد وقع فيه النهي عن
بڑی بڑی آدمی مر گئی اب اس حدیث سی معلوم ہوا کہ سبب طاعون وبا پڑنیکا وہ امر الہی کی مخالفت ہے اور اس حدیث میں وہان یعنی وباکی جگہ میں جانی کی ممانعت
القدوم عليه وعن الفرار عنه فالنهي الاول لبيان لزوم الحذر عن التعرض للتلف اذ لا يجوز للعبد ان يلقي نفسه الى
اور وہان سی بھاگنی کی پہلی ممانعت ہی تو اس بیان کیلئی ہی کہ تلف میں پڑنی سی بچو اسلئے کہ بندہ کو جایز نہین ہے کہ اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالی
التهلكة لقوله تعالى وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ والنهي الثاني لبيان لزوم التوكل والرضاء بقضاء الله تعالى وقدره
اس آیت سی اور نہ ڈالو اپنی جان کو ہلاکت میں اور دوسری ممانعت واسطے بیان لزوم توکل کی ہی اور تقدیر الہی پر رضا
ولبيان ان العذاب الواقع بسبب المعصية لا يدفعه الفرار وانما يدفعه التوبة والاستغفار واختلف في هذا النهي
اور اس بیان کی واسطے کہ جو عذاب بسبب گناہونکی نازل ہوتا ہی وہ بھاگنے سے نہیں دفع ہوتا اوسکو تو فقط توبہ اور استغفار ہی دفع کرتی ہی اور اس نہی میں اختلاف ہے
فقال القاضي تاج الدين السبكي مذهبنا هو الذي عليه الاكثرون ان النهي عن الفرار منه للتحريم وقال بعض العلماء
سو قاضی تاج الدین سبکی کہتا ہی ہمارا مذہب وہ ہی ہی جسپر اکثر علماء ہیں کہ وہان سی بھاگنی کی نہی تحریمی ہی اور بعض علماء کہتے ہیں
هو للتنزيه واتفقوا على جواز الخروج لشغل عرض غير الفرار لقوله عليه السلام في آخر الحديث ولا تخرجوا منها فرارا منه
کہ نہی تنزیہی ہی اور بالاتفاق کہتی ہیں کہ وہانسی چلا جانا واسطی کسی کام کی سوائی بھاگنی کی جایز ہی اس دلیل سی کہ نبی علیہ السلام آخر حدیث میں فرماتی ہیں
ويدل على التحريم ما روى عن ام المؤمنين عائشة رضي الله عنها انه عليه السلام قال الفار من الطاعون كالفار من الزحف واخرج
اور حرمت ام المؤمنین عائشہ کی روایت سی ثابت ہوتی ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ وبا سی بھاگنی والا ایسا ہی جیسے لڑائی سی بھاگنی والا اور
ابن خزيمة في صحيحه ان الفرار منه من الكبائر والله تعالى يعاقب عليه ان لم يعف واختلف العلماء في حكمة ذلك النهي
ابن خزیمہ نی اپنی صحیح میں نقل کیا ہی کہ وبا سی بھاگنا گناہ کبیرہ ہی اور اللہ تعالی اسپر عذاب کریگا اگر نہ معاف کیا اور علماء کو اس ممانعت کی حکمت میں اختلاف ہے

فقيل

نقيل هو تعبدي لا يعقل معناه لان الفرار من المهالك مامور به وقد وقع النهي عنه وفيه سر لا يعلمه الا الله تعالى
کوئی کہتا ہی اسمین بندگی ہی کچھ معنی سمجھ مین نہین آتی اسلئے کہ ہلاکت کے مقام سی بھاگ جانیکا حکم ہی اور اسمین ممانعت آئی ہی تو اسمین کوئی ایسی پوشیدہ بات ہے کہ اسکے سوا

وقيل هو معلل بان الطاعون اذا وقع في بلاد يعم من كان فيه بمداخلة سببه فلا يفيد الفرار منه بل ان كان اجله حضر
اور کوئی کہتا ہی اوسکی یہ علت ہے کہ وبا جب کسی ملک مین پڑتی ہی تو جو وہان ہوتا ہی سب پر پہیل جاتی ہی کیونکہ سبب داخل ہوتا ہی پہر اوسسے بہاگنی مین کچھ فائدہ نہین بلکہ اگر

فالطاعون سبب موته سواء اقام او رحل فلما تعين المفسدة ولا انفكاك عنها تعين الاقامة لما في الخروج من العبث
اوسکی موت آگئی ہی تو وبا ہی اوسکی موتکا سبب ہے ٹہرا رہے یا چلا جاوے پہر جب فساد صحیح ہو اور اوس سے نکلنا ممکن نہین ہے تو پہرا رہنا ہی متعین ہوا اسلئے کہ نکل جانے مین ایسی بیفائدہ حرکت

الذي لا يليق بالعقلاء مع ان فيه الفرار من حكم قدر الله تعالى وامر بالصبر عليه وجعل لمن يموت به اجر الشهيد بل
جو عقلاء کی حال سی مناسب نہین ہے باوجودیکہ اسمین تقدیر الہی سی بہاگنا ہی حالانکہ اوسپر صبر کرنے کا حکم ہی اور اوسمین مرنی والی کی واسطے اجر شہید کا مقرر ہے بلکہ

جعل للمقيم فيه صابرا اجر الشهيد ولو لم يمت بالطاعون والفرار من مثل هذا الاجر خسارة عظيمة مع انه لا يعلم
اسمین صبر سی قایم رہنی والی کی واسطے اجر شہید کا ہی اگرچہ وبا مین جیتا بچ رہی اور بہاگنا ایسے اجر سے بڑی ہی ٹوٹے کی بات ہی باوجودیکہ یہہ خبر نہین

ان الموت الذي فر منه هل يسلم منه ام لا وتقل ابو الحسن المدائني عن ابيه قال قلما فر احد من الطاعون فسلم قال
کہ جس موت سی بہاگتا ہون اسی سلامت بچونگا یا نہین اور ابو الحسن مدائنی اپنی باپ سے نقل کرتا ہی کہ وبا سے بہاگنے والا کم بچتا ہے

تاج الدين السبكي والذي حكاه مجرب وليس ببعيد ان يجعل الله الفرار منه سببا لقصر العمر وقد جاء في الكتاب الكريم
تاج الدین سبکی کہتا ہی یہہ بات آزمودہ ہی اور کیا بعید ہے کہ اللہ تعالی اس بہاگنی کی باعث سی اوسکی عمر کوتاہ کردی چنانچہ کتاب کریم مین یہہ مضمون حاصل ہوتا ہی

ما يوخذ منه ان الفرار من الجهاد سبب لقصر العمر وهو قوله تعالى قُلْ لَنْ يَنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِنْ فَرَرْتُمْ مِنَ الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ
کہ جہاد مین سی بہاگنا عمر کو کوتاہ کردیتا ہے اور وہ یہہ آیت ہی تو کہہ ہرگز نہ فایدہ دیویگا تمکو بہاگنا اگر بہاگو گی تم مرنے سے یا مارے جانے سے

وَإِذًا لَا تُمَتَّعُونَ إِلَّا قَلِيلًا وحكي ان والده استنبط ذلك من هذه الاية وقال اهل التفسير في قوله تعالى أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا
اور اب نہ پہل پاؤگے مگر تہوڑے دنون اور نقل کرتا ہی کہ میرے باپ نے یہہ مضمون اسی آیت سے نکالا ہی اور مفسرین اس آیت مین تو نے نہ دیکہی وہ لوگ جو نکلے

مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ان اهل قرية وقع فيهم فخرجوا منها هاربين فاماتهم الله تعالى ثم احياهم ليعتبروا ويعلموا
اپنے گہرون سی اور وہ ہزارون تہی موت کی ڈرسی یہہ کہتی ہین کہ ایک قریہ مین وبا پڑی سو وہ لوگ وہانسے بہاگی پہر اللہ تعالی نی انکو مارا پہر زندہ کیا تاکہ عبرت پذیر ہون اور جانلین

ان لا يفر من قضاء الله تعالى وقدره وقد ورد في الحديث انه وخز اعدائنا من الجن على ما روى عن ابي موسى الاشعري
کہ تقدیر الہی سی نہین بہاگا جاتا اور حدیث مین آیا ہی کہ وبا ہماری دشمنون جنات کی نیزہ زنی ہی موافق روایت ابو موسے اشعری کے

انه عليه السلام قال فناء امتي بالطعن والطاعون قيل يا رسول الله هذا الطعن قد عرفناه فما الطاعون قال وخز اعدائكم
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا میری امت کی موت طعن اور طاعون سی ہی کسی نی عرض کیا یا رسول اللہ اس طعن کو تو ہم جانتی ہین یہہ طاعون کیا ہی فرمایا نیزہ زنی ہی تمہاری دشمنون

يعني الجن وفي كل منهما شهادة قال ابن القيم في كون الطاعون وخز اعدائنا من الجن حكمة بالغة وهي ان اعدائنا منهم
یعنے جن کی اور ان دونون مین شہادت ہی ابن القیم کہتا ہی کہ طاعون جو ہمارے دشمنون جنات کی نیزہ زنی ہی اسمین بڑی حکمت ہی وہ یہہ ہے کہ الجن سے شیاطین ہمارے دشمن ہین

شياطينهم واما اهل الطاعة منهم فهم اخواننا في الدين وقد امرنا الله تعالى معاداة اعدائنا من الجن والانس وان
اور جو انمین اہل طاعت ہین سو وہ ہمارے دینی بہائی ہین اور ہمکو حکم الہی ہے کہ اپنے دشمنون کی انسان ہون یا جن دشمنی کرین اور

نحاربهم طلبا لمرضاته وابى اكثر الناس الا مسالمتهم وموالاتهم فسلطهم الله تعالى عليهم عقوبة لهم لانهم لما استجابوا حين اخذوهم
واسطے طلب رضامندی اسکے لڑین اور اکثر لوگ اس حکم سی پہر کر اونکی محبت کے طلبگار ہوگئے سو اللہ تعالی نے انکو انپر عقوبت کی لئی غالب کردیا کیونکہ اونہون نے جب انکو

وامروهم بالفسق والفجور واطاعوهم في الفساد والشر اقتضت الحكمة الالهية ان يسلطوا عليهم بالطعن فيهم
فسق وفجور کیلئے بکڑا تو مان گئے اور فساد اور شرارت مین مطیع ہوگئی تو حکمت الہی نے چاہا کہ یہہ بہی اونپر غالب آکر اون مین طعن قایم کرین

كما يسلط عليهم اعداءهم من الانس حين افسدوا في الارض ونبذوا كتاب الله تعالى وراءهم فهذه المحاربة ملحمة من
جیسے کہ وہ پھر اونکے دشمن انسان غالب ہو جاتے ہیں جب وہ ملک میں فساد برپا کرتے ہیں اور کتاب اللہ کو پس پشت ڈالتے ہیں پس یہ محاربہ صف جنگ

الانس والطاعون ملحمة من الجن وكل منهما يسلط عليهم بتقدير العزيز الحكيم عقوبة لهم لمن يستحق العقوبة وشهادة
انسان کی ہی اور طاعون صف جنگ جنات کی ہی اور یہ دونوں ان پر اللہ عزیز حکمت والے کی تقدیر سے مسلط ہوتے ہیں عذاب مستحق عذاب کے اور واسطے شہادت مستحق

لمن هو اهل لها فهذه سنة الله تعالى في العقوبات التي يقع عامة فيكون طهر المتقين وعذاب الفاجرين وقد ثبت
شہادت کے مسلط ہوتے ہیں پس یہ ان عقوبات میں جو عام نازل ہوتی ہیں عادت الٰہی یہ ہی جاری ہے سو متقیوں کی واسطے طہارت اور بدکاروں کی لئے عذاب ہے اور حدیث

في الحديث ان سبب وقوع الطاعون ظهور الفاحشة واعلان المنكرات على ما روي عن ابن عمر انه عليه السلام قال لم تظهر
میں ثابت ہو چکا ہے کہ وبا پڑنیکا سبب ہے فاحشہ کا ظاہر ہونا اور منکرات کا برملا عمل میں آنا موافق روایت ابن عمر کے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ نہیں ظاہر ہوا

الفاحشة في قوم قط حتى يعلنوها الا فشى فيهم الطاعون واخرج مالك عن ابن عباس موقوفا والطبراني مرفوعا ما فشا
کہ کسی قوم میں فاحشہ تو ایسا ظاہر ہو کر برملا ہونے لگی اور وبا نہ پڑی ہو اور مالک نے ابن عباس سے موقوفا اور طبرانی نے مرفوعا نقل کیا ہے نہیں ظاہر ہوا

الزنا في قوم قط الا كثر فيهم الموت قال ابن حجر الحكمة في ذلك ان حد الزنا في المحصن ازهاق الروح بصفة مخصوصة وهي
زنا کبھی کسی قوم میں مگر ان میں مرنے کی کثرت ہوئی ہے ابن حجر کہتا ہے حکمت اسمیں یہ ہے کہ زنا کی حد محصن کے حق میں جان کا نکالنا ہے بطور خاص یعنے

الرجم فاذا لم يقم فيه الحد يسلط عليهم الجن ليقتلوهم قال السيوطي ومن تتمة ذلك ان الزنا لما كان في غالب الاحوال
سنگسار کر کر پھر جب اسمیں یہ حد قائم نہ ہوئی تو جن ان پر تعینات ہوئے تاکہ اونکو قتل کریں سیوطی کہتا ہے اسکا تتمہ یہ ہے کہ زنا چونکہ اکثر اوقات

يقع سرا يسلط الله عليهم عدوا يقتلهم سرا من حيث لا يرونه وقاعدة العذاب انه اذا نزل بقوم يعم المستحق وغيره
پوشیدہ واقع ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی ان پر ایسا دشمن تعینات کرتا ہے کہ پوشیدہ مار ڈالے ایسا کہ کسیکو معلوم نہ ہو اور عذاب کا قاعدہ یہ ہے کہ جب کسی قوم پر نازل ہو تو سب پر ہوتا ہے

ثم يبعثون على نياتهم كما روي عن عبد الله بن عمر انه عليه السلام قال اذا انزل الله بقوم عذابا اصاب العذاب من كان فيهم
پھر وہ اپنی اپنی نیتوں کی موافق مبعوث ہوتے ہیں چنانچہ عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب بھیجتا ہے تو جو وہاں موجود ہوتا ہے سب کو پہنچتا ہے

ثم يبعثون على نياتهم قال العلماء انما يصيب العذاب جميع الناس لظهور المنكرات والاعلان بها لان انكارها وتغييرها
پھر وہ اپنی اپنی نیت پر مبعوث ہوتے ہیں علماء کہتے ہیں کہ تمام لوگوں کو عذاب اسلئے پہنچتا ہے کہ منکرات ظاہر اور برملا عمل میں آتی ہیں اور منکرات کا انکار کرنا اور بدلنا

يصير واجبا عليهم فمن رأى ولم ينكر صار كمن فعل في استحقاق العقوبة كما روي عن ابن عباس انه قيل يا رسول الله
اونپر واجب ہو جاتا ہے پھر جو دیکھے اور انکو منع نہ کرے تو وہ استحقاق عقوبت میں ایسا ہے گویا کہ عمل کرتا ہے چنانچہ روایت ہے ابن عباس سے کہ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ

اتهلك القرية وفيها الصالحون قال نعم قيل بم يا رسول الله قال بتهاونهم وسكوتهم عن معاصي الله تعالى ثم ان
کیا تمام گاؤں ہلاک ہو جاتا ہے اور اسمیں نیک ہوتے ہیں فرمایا ہاں عرض کیا کس خطا پر یا رسول اللہ فرمایا خدا کی نافرمانی کیے اونکی سستی اور چپ رہنے سے پھر بیشک وہ

الطاعون وان كان يقع عذابا لهم بسبب سكوتهم عن المنكرات عند ظهورها لكن الله جعله لهم كفارة وطهرة لهم
وبا اگرچہ اونکی لئے منکرات کی ظہور پر چپ رہنے کی سزا میں عذاب آتا ہے پر چونکہ اونکی لئے کفارہ اور طہارت ہے تو اونکی حق میں

رحمة كما روي عن ام المؤمنين عائشة رض انه عليه الصلوة والسلام قال اذا كثر ذنوب العبد ولم يكن له ما يكفرها ابتلاه
رحمت ہے چنانچہ ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا جب بندہ کی گناہ بہت ہو جاتے ہیں اور کفارہ نہیں ہوتا

الله تعالى بالحزن ليكفرها ويجوز ان يكون في حق من لم يقصر فيما وجب عليه من الامر بالمعروف والنهي عن المنكر لزيادة
تو اللہ تعالیٰ کفارہ کیواسطے اوسکو غم میں مبتلا کر دیتا ہے اور احتمال ہے کہ اوسکی حق میں جو تمام واجبات یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں قصور نہ کرے واسطے افزائش

حسناته كما جاء في الحديث ان الرجل لتكون له عند الله تعالى منزلة فما يبلغها بعمله فما يزال الله يبتليه بما يكرهه
حسنات کے ہو چنانچہ حدیث میں آیا ہے کوئی شخص تقدیر الٰہی میں ایک مرتبہ کی لائق ہوتا ہے اور اوسکو عمل کی برکت سے نہیں حاصل کر سکتا تو اللہ تعالیٰ اوسکو ہمیشہ گرفتار

حتى يبلغه اياه وقد ورد في الحديث ان الطاعون شهادة للمؤمنين ورحمة لهم ورجز على الكافرين وهو صريح في ان

آسودہ اوس مرتبہ پر پہنچا دیتا ہے اور بیشک حدیث میں آیا ہے کہ وبا مومنین کے حق میں شہادت اور رحمت ہے اور کفار کے لئے عذاب ہے اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ

كونه شهادة ورحمة خاصة بالمؤمنين واذا وقع في الكافر فانما هو عذاب عجل عليه في الدنيا وله في الآخرة اشد

وہ مرض مومن کے لئے شہادت اور رحمت ہے اور جب کافر پر پڑے تو وہ عذاب ہے کہ اوس پر جلد ہی سے دنیا میں آگیا اور آخرت میں اوسکے لئے

العذاب واما العاصي المرتكب الكبيرة من هذه الامة اذا كان مصرا عليها ولم يتب عنها فكون الطاعون شهادة

سخت عذاب ہے اور رہا گنہگار کبیرہ کرنیوالا اس امت میں سے اگر وہ کبائر پر اڑا ہوا ہے اور تائب نہیں ہوا تو وبا اوسکے حق میں شہادت ہونے میں

له محل نظر اذ يحتمل ان يقال انه لا ينال درجة الشهادة لشوم ما كان متلوثا به من الذنوب وقد قال الله تعالى

اسمیں تامل ہے اسواسطے کہ ہو سکتا ہے کہ کوئی کہے یہ شخص ان گناہوں کی وبال سے جن میں مبتلا تھا شہادت کا درجہ نہیں پا سکتا اور بیشک اللہ تعالی فرماتا ہے

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَنْ نَجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وايضا قد سبق ان الطاعون

کیا خیال رکھتے ہیں وہ جنہوں نے کمائی ہیں برائیاں کہ ہم کر دینگے اونکو برابر ان کی جو ایمان لائے ہیں اور کئے ہیں نیک کام اور یہ بھی گذر چکا ہے کہ وبا

ينشأ عن ظهور الفاحشة ونفع عقوبة بسبب المعصية فكيف يكون شهادة ويحتمل ان يقال انه ينال درجة الشهادة لعموم الاخبار الواردة

فاحشہ کے ظاہر ہونے سے پیدا ہوتی ہے اور گناہ کے سبب سے عقوبت ہوتی ہے پھر شہادت کیونکر ہو سکتی ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ کہئے کہ شہادت کا درجہ پا لیگا

فيها لاسيما الحديث الوارد عن انس انه عليه الصلوة والسلام قال الطاعون شهادة لكل مسلم فانه صريح في العموم والقياس

اسواسطے کہ حدیثوں میں حکم عام ہے خاص کر اوس حدیث میں جو انس روایت کرتا ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا وبا ہر مسلم کی لئے شہادت ہے اسلئے یہ مضمون صاف علی العموم ہے

على شهيد المعركة ان يحكم له بالشهادة ولو كان له ذنوب كثيرة لم يتب عنها الا التبعات الادميين للحديث الوارد

اور میدان جنگ کے شہید پر قیاس کر کر حکم شہادت کا کر سکتے ہیں اگرچہ سوا حقوق العباد کی اوسکے بہت سے گناہ ہوں توبہ نہ کی ہو اسلئے کہ حدیث میں آیا ہے کہ

ان الشهيد يغفر له كل ذنب الا الدين وسائر التبعات في معنى الدين ولا يلزم من حصول درجة الشهادة لمن اكتسب السيئات

شہید کے تمام گناہ بجز قرض کے بخشے جاتے ہیں اور تمام حقوق مثل قرض کے ہیں اور یہ لازم نہیں آتا کہ ایک شخص جو گناہ کرتا ہو شہادت کا درجہ پا کر

ان ساوى المؤمن الكامل في المنزلة لان درجات الشهداء متفاوتة نعم يستفاد من الحديث ان الشهادة لا تكفر

مومن کامل کے درجہ میں برابر ہو جاوے اسواسطے کہ شہیدوں کے درجے کئی طرح کے ہوتے ہیں البتہ اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شہادت سے حقوق

التبعات لكن التبعات لا تمنع الشهادة اذ ليس للشهادة معنى الا انها اذا حصلت لشخص يثيبه الله تعالى ثوابا مخصوصا

نہیں معاف ہوتی ہیں لیکن حقوق مانع نہیں ہیں شہادت میں فرق نہیں آتا اسواسطے کہ شہادت کے یہی معنی ہیں کہ جب ملے کسی شخص کو تو اوسکو اللہ تعالی ایک خاص

ويغفر له ذنوبه غير التبعات ثم ان كان له اعمال صالحة فهي نفعه في موازنة ما عليه من التبعات وتبقى له درجة الشهادة

ثواب دیتا ہے اور اوسکے تمام گناہ سوائے حقوق کے معاف ہو جاتے ہیں پھر اگر اوسکے اعمال صالحہ ہیں تو وہ اون حقوق کی مقابلہ میں فائدہ کرینگے اور درجہ شہادت کا اوسکے لئے بچا رہیگا

وان لم يكن له اعمال صالحة فالشهادة تكفر اعماله السيئة غير التبعات وهو في حق التبعات يبقى في مشية الله تعالى

اور اگر کچھ اعمال صالحہ نہیں تو شہادت اوسکے گناہوں کو سوائے حقوق کی تو محو کر دیگی اور باقی حقوق اوسکے اللہ تعالی کی مشیت میں رہیگا

فانه تعالى اذا اراد ان لا يعذب به يرضي غريمه كما روي انه عليه الصلوة والسلام بينما هو جالس اذ ضحك حتى

بیشک اللہ تعالی اگر چاہے کہ اوس پر عذاب نہ ہو تو مدعی کو راضی کر دیگا جیسا کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام ایک وقت بیٹھے ہوئے ایسے ہنسے

بدت ثناياه فقيل له لم تضحك يا رسول الله قال رجلان من امتي جثيا بين يدي رب العزة فيقول احدهما يا رب خذ

کہ دندان مبارک پیش نظر آنے لگے پھر کسی نے پوچھا یا رسول اللہ آپ کیوں ہنستے ہیں فرمایا میری امت کے دو شخص رب العزت کے سامنے آئے ایک کہتا ہے اے رب میرا حق

لي مظلمتي من هذا الاخ فيقول الله تعالى اعط اخاك مظلمته فيقول يا رب لم يبق من حسناتي شيء فيقول الله تعالى

اس بھائی سے دلا دے پھر اللہ تعالی فرماتا ہے اپنے بھائی کا حق ادا کر دے وہ جواب دیتا ہے کہ میری پاس تو کوئی بھلائی باقی نہیں اے رب پھر اللہ تعالی

للطالب يا تصم بأخيك لم يبق من حسناته شيء فيقول يا رب فليحمل عني أوزاري ففاضت عينا رسول الله
طالب سے کہیگا تو اپنے بھائی سے کیا مدد کریگا اوسکی نیکیوں میں سے کوئی حسنات نہیں رہا سو وہ کہیگا یارب پھر وہ میرا بوجھ میرے گناہ اوٹھالے پس دونوں آنکھیں رسول اللہ
صلى الله عليه وسلم وقال إن ذلك اليوم ليوم عظيم يحتاج الناس فيه أن يحمل عنهم أوزارهم ثم قال فيقول الله تعالى
صلی اللہ علیہ وسلم کی ڈبڈبا گئیں اور فرمایا بیشک وہ دن بڑا سخت دن ہے اوس دن لوگوں کو اس بات کی حاجت ہوگی کہ اونکے گناہ اوروں پر پڑ جاویں پھر آپنے فرمایا پھر اللہ تعالی
للطالب حقه ارفع بصرك وانظر إلى الجنان فيرفع بصره فيرى مدائن من فضة وقصورا من ذهب مكللة باللؤلؤ فيقول
مدعی سے فرماویگا کہ اپنا سر اٹھا کر جنت کی طرف تو دیکھ پھر وہ آنکھ اوٹھا کر دیکھیگا بہت سے شہر چاندی کے اور محل سونے کے تمام موتی جڑے ہوئے پھر عرض کریگا
لمن هذا يا رب فيقول الله تعالى هذا لمن يعطي ثمنه فيقول فمن يملك ثمنه يا رب فيقول الله تعالى أنت تملكه فيقول
الٰہی یہ کسکی ہیں پھر اللہ تعالی فرماویگا جو کوئی انکی قیمت ادا کرے پھر عرض کریگا اسکی قیمت کسکی پاس ہے پھر اللہ تعالی فرماویگا اسکی قیمت تیری پاس ہے پھر عرض کریگا
ماذا يا رب فيقول الله تعالى بعفوك عن أخيك فيقول يا رب قد عفوت عنه فيقول الله تعالى خذ بيد أخيك وأدخله
کس چیز کی بدلہ پھر اللہ تعالی فرماویگا تیری اس بھائی کی معافی کی بدلہ پھر عرض کریگا الٰہی میں نے بیشک اوسکو معاف کیا پھر اللہ تعالی فرماویگا اپنی بھائی کا ہاتھ پکڑ اور جنت میں لیجا
الجنة ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فاتقوا الله وأصلحوا ذات بينكم فإن الله تعالى يصلح بين المؤمنين
پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ سے ڈرو اور آپسمیں ملاپ رکھو کیونکہ اللہ تعالی قیامت کے روز مومنوں میں
يوم القيامة قال القرطبي نقلا عن شيخه هذا لبعض الناس ممن أراد الله تعالى أن لا يعذبه وكذا ما روي عنه عليه الصلوة
ملاپ کردیگا قرطبی اپنی اوستاد سے نقل کرتا ہے یہہ حال کسی کسی کا ہے جسکو اللہ تعالی عذاب سے بچایا چاہے اور ایسی ہی وہ جو نبی علیہ الصلوۃ والسلام
والسلام أن مناديا ينادي يوم القيامة من تحت العرش يا أمة محمد أما ما كان لي قبلكم فقد وهبته لكم وبقيت التبعات
سے روایت ہے کہ ایک منادی قیامت کی دن عرش کے تلے سے آواز دیگا اے امت محمد کی جو میرا حق تمہاری ذمہ تھا میں نے تمکو بخشدیا اب حقوق عباد باقی ہیں
فتواهبوا وادخلوا الجنة برحمتي هذا أيضا لبعض الناس إذ لو كان في جميعهم لما دخل أحد النار وقد وردت أخبار صحيحة
سو ہر ایک دوسرے کو معاف کرکے میری رحمت سے جنت میں چلی جاو یہہ بھی کسی کسی کی واسطے ہے کیونکہ اگر سب کے لیے یہہ ہو تو کوئی بھی دوزخ میں نہ جاوے اور بیشک صحیح حدیثیں
نقلها ثقات ولا بد من الإيمان بها أن من كان من أهل الإيمان لا يبقى في النار بسبب العصيان بل يخرج منها ولو بعد حين
جو ثقات کی روایت سے آئی ہیں اور سب کو ایمان لانا ضرور ہے کہ کوئی ایمان والا گناہ ہونے کے سبب سے دوزخ میں ہمیشہ پڑا نہ رہیگا بلکہ دوزخ سے نکلیگا اگرچہ بعد زمانہ قلیل
وزمان والخروج منها لا يكون إلا بعد الدخول فيها عصمنا الله تعالى عن الدخول فيها

یا زمانہ دراز کی اور دوزخ سے باہر آنا بدون داخل ہوئے نہیں ہوسکتا اللہ ہمکو دوزخ میں جانے سے بچاوے

المجلس الستون في بيان فضيلة الصابر في موضع الطاعون وعدم جواز الدعاء لرفعه

ساٹھویں مجلس صابر کی فضیلت کا بیان موضع طاعون میں اور اوسکی رفع کے لیے دعا کا نہ جائز ہونا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس من أحد يقع الطاعون فيمكث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسا کوئی نہیں کہ طاعون واقع ہو اور
في بلده صابرا محتسبا يعلم أنه لا يصيبه إلا ما كتب الله له إلا كان له مثل أجر الشهيد هذا الحديث من صحاح المصابيح
اوس شہر میں صبر کرکر ثواب کے لیے یہہ سمجھکر ٹھہرا رہے کہ مجھکو وہی پہنچیگا جو اللہ تعالی نے لکھ دیا ہے مگر اوسکی واسطے برابر اجر شہید کے ہوگا یہہ حدیث مصابیح کی صحیح ہے
روته أم المؤمنين عائشة رض قال ابن حجر مقتضى هذا الحديث أن أجر الشهيد يكون لمن لا يخرج من البلد الذي
ام المومنین عائشہ کی روایت سے ابن حجر کہتا ہے مقتضی اس حدیث کا یہہ ہے کہ شہید کا اجر اوسکو ہوتا ہے جو اوس شہر میں سے جہاں
وقع فيه الطاعون ويكون في حال إقامته قاصدا ثواب الله تعالى راجيا موعده عارفا بأن ما يقع له فهو بتقدير الله تعالى
طاعون واقع ہوا ہے چلا نجاوے اور وہاں ٹھہرا ہوا اللہ سے ثواب کا ارادہ کرے اور اوسکے وعدہ کا امیدوار رہے یہہ سمجھکر کہ مجھپر جو گذریگا سو تقدیر الٰہی سے ہے
وما يصرف عنه فهو بتقدير الله تعالى غير متضجر بوقوعه معتمدا على ربه في كل حال فمن اتصف بهذه الصفات زاد
اور جو ٹل جاویگا سو تقدیر الٰہی سے ہے اور اسکی واقع ہونے سے دل تنگ نہو اپنے رب پر ہر حال میں بھروسہ کرے جس شخص میں یہہ صفات موجود ہوں پھر وہ

ثم

بغير الطاعون فظاهر الحديث ان اجر الشهيد يحصل له ويؤيده رواية من مات في الطاعون فهو شهيد الحديث حيث لم يقيد بالطاعون
طاعون میں نہ مری تو یہ موافق ظاہر حدیث کے اسکو شہید کا ثواب ملتا ہے اور اسکی تائید یہ روایت کرتی ہے جو شخص طاعون کے زمانہ میں مر جاوے شہید ہے

ثم قال لو وجدت في شخص هذه الصفات ثم مات بعد انقضاء زمن الطاعون فظاهر الحديث انه يكون شهيدا و
پھر کہا جس شخص میں یہ صفتیں موجود ہوں پھر وہ بعد گذرنے موسم طاعون کے مرے تو ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شہید ہے اور

نية المؤمن خير من عمله ثم قال ومما يستفاد من هذا الحديث ان الصابر في الطاعون المتصف بالصفات المذكورة
مومن کی نیت عمل سے بہتر ہوتی ہے پھر کہا اور اس حدیث سے یہ نکلتا ہے کہ طاعون میں صبر کرنے والا جو ان صفات مذکورہ سے موصوف ہو

يأمن فتنة القبر لانه نظير المرابط في سبيل الله تعالى وقد صح ذلك في المرابط كما في حديث مسلم وغيره ثم
قبر کے فتنہ سے محفوظ رہیگا اسلئے کہ گویا گھوڑا اللہ کی راہ میں جہاد میں تیار ہے اور یہ ثواب مرابط کے حق میں ثابت ہو چکا ہے چنانچہ حدیث مسلم وغیرہ میں موجود ہے

قال واما من لم يتصف بالصفات المذكورة تراه يشتد تضجره ويشتغل بوجوه من الحيل في دفعه بانواع الاشياء
اور جس شخص میں صفات مذکورہ موجود نہ ہوں تو دیکھو گے اسکا دل تنگ ہوتا ہے اور وبا دفع کرنے کو قسم قسم کی حیلے طرح طرح کی باتیں جو وبا کی دور کرنے والے

التي يقال انها تدفعه كالرقى والخواتم والتعويذات التي تعلق في الرؤس وتكتب على الابواب ويتشاءم بانواع الطيرة
مشہور ہیں کئے جاتے ہیں جیسے منتر اور نقش اور تعویذ جو گلے میں ڈالتے ہیں اور دروازوں پر لکھتے ہیں اور شگون لینا کئی قسم کی فال کے

التي نهى الشارع عنها ويحيل امره على الهوى والماء من غير نظر الى سببه الحقيقي الذي هو ظهور الفاحشة واعلان المنكرات
جو شرع میں ممنوع ہیں اور حوالہ کرتا ہے حال کا آب و ہوا پر اور حقیقی سبب کا کچھ لحاظ نہیں جو ظاہر ہونا فواحش کا اور برملا ہونا منکرات کا ہے

ويجتنب عن عيادة المرضى وحضور الجنائز التي ترقق القلوب وتستجلب الدمع وتورث الخشية والخشوع واكثرهم
اور بیماروں کی عیادت اور جنازہ پر جانا سے پرہیز کرتا ہے جس سے دل نرم ہوتے ہیں اور آنسو ٹپکتے ہیں اور خوف اور انکسار پیدا ہوتا ہے اور ایسے لوگ اکثر

يموتون في زمن الطاعون بالطاعون وغيره فتفوتهم درجة الشهادة بسبب عدم امتثالهم بالامر بالصبر عليه
طاعون کے موسم میں طاعون وغیرہ سے مر جاتے ہیں سو انکو درجہ شہادت کا نہیں ملتا کیونکہ موافق حکم کے طاعون پر صبر نہ کیا

عند وقوعه وقد يموت بعض منهم فيزعمون انه يقوم بعد موته ويخرج من قبره ليلا ويدور بيوت الناس و
اور ان میں کوئی مر جاتا ہے تو یہ کہتے ہیں کہ موت کے بعد پیدا ہوتا ہے اور رات کو قبر میں سے نکل کر لوگوں کے گھروں میں پھرتا ہے

يدعو بعض اصحابها ويموت من دعاه وبهذا الزعم ينبشون قبره ويذبحونه بل ربما يخرجونه ويحرقونه كما يفعله
اپنے یاروں میں کسی کسی کو پکارتا ہے پھر جسکو وہ پکارتا ہے وہ بھی مر جاتا ہے اسی گمان پر اسکی قبر اکھیڑ کر اسکو ذبح کر ڈالتے ہیں بلکہ بسا اوقات اسکو نکال کر جلا دیتے ہیں جیسا کہ ہند کے

كفار الهند مع كون هذه الافعال كلها مما ورد النهي عنها في الشرع المحمدي وانما يرتكبونها لنفرتهم عن الطاعون وكراهتهم
کفار یہی کرتے ہیں باوجودیکہ یہ تمام حرکات دین محمدی میں سراسر ممنوع ہیں اور یہ حرکات اسی لئے کرتے ہیں کہ طاعون سے گھبراتے ہیں اور اسکو برا سمجھتے ہیں

له وقد ثبت انه عليه السلام دعا به لامته وقال اللهم اجعل فناء امتي بالطعن والطاعون وبعضهم وان استشكل
اور بیشک ثابت ہو چکا ہے کہ نبی علیہ السلام نے اپنی امت کے لئے اسکی دعا کی ہے فرمایا الٰہی میری امت کی موت طعن اور طاعون سے کیجیے اور بعضوں نے اگرچہ اس حدیث پر

هذا الحديث بان اكثر الامة يموتون بغيرهما لكن اجيب بانهما الغالب على فناء الامة وهو صحيح بلا شك اذا استقرئ
یہ اعتراض کیا ہے کہ امت اکثر دوسری بیماریوں سے مرتی ہے لیکن جواب یہ ہے کہ اکثر یہی دو چیزیں امت کے موت کے سبب ہوتی ہیں اور یہ بات بیشک صحیح ہے کیونکہ اگر تحقیق

الامر وجد العدد الذي مات في الطاعون اكثر من العدد الذي مات فيما بينه وبين الطاعون الذي قبله كيف اذا انضم
تلاش کرو تو البتہ گنتی طاعون کے مردوں کی ان مردوں سے زیادہ ہوگی جو درمیان میں اس طاعون کے اور پہلے طاعون کے مرے ہیں پھر کیا حال اگر مقتولین کو شامل

اليه القتل الحاصل في الجهاد وفي الفتن فان قيل كيف دعا على امته بالهلاك فالجواب ان المقصود من هذا الدعاء ليس
کریں جو جہاد یا فتنہ میں قتل ہوئے ہیں تو کیونکر نہ زیادہ ہونگے پھر اگر کوئی یہ کہے کہ اپنی امت کی ہلاکی کی کیوں دعا کی تو جواب یہ ہے کہ اس دعا سے ہلاک کا کوسنا مقصود نہیں

دعاء عليهم بالهلاك وان كان من لوازمه الهلاك بل المراد منه حصول الشهادة لهم بكل من الامرين لان الموت

کہ موت اوسکی لوازم سے ہی بلکہ مقصد بد دعا سے دونوں اسباب کے اونکے لئے شہادت مطلوب ہے کیونکہ موت تو اسبب سے ہوگی

امر لازم لاخلاص منه فكان محط الدعاء على جعل كل منهما سببا للموت الذي قدره الله تعالى ولا مفر منه حتى

کہ موت سے مخلص نہیں ہے بس مطلب دعا کا یہ ہے کہ طعن و طاعون ہی سے موت ہو کہ جو اللہ تعالیٰ نے مقرر کی ہے اور اوس سے کوئی بچاؤ نہیں ہے

يحصل بكل منهما الشهادة اما حصولها بالطعن الذي هو القتل الحاصل في الجهاد والفتن فظاهر واما حصولها

تاکہ ان دونوں سے شہادت ہو اگرچہ حصول شہادت طعن سے جو جہاد میں یا فتنہ میں مارے جاتے ہیں ظاہر ہے رہا حصول شہادت کا

بالطاعون فلما ثبت بالحديث انه وخز اعدائنا من الجن فيكون شهادة بلا ريب ولهذا كان الدعاء برفعه غير

طاعون سے سو اسلئے کہ حدیث سے ثابت ہوا ہے کہ طاعون کو یا ہمارے دشمنوں جنات کا سبب ہے بس بیشک شہادت ہے اور اسی لئے اوسکے رفع کی دعا جائز نہیں ہے

مشروع قال المنبجي يكره لان معاذا امتنع منه واعتل بان الطاعون شهادة ورحمة ودعوة نبينا محمد عليه السلام

منبجی کہتا ہے کہ مکروہ ہے اسلئے کہ معاذ رض نے دعا نہ کی اور یہ حجت کی کہ طاعون شہادت اور رحمت ہے اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا ہے

على ما روى عن عبد الله بن رافع ان ابا عبيدة بن الجراح لما اصيب في طاعون عمواس استخلف معاذا واشتد الامر

موافق روایت عبد اللہ بن رافع کے کہ ابو عبیدہ ابن جراح جب طاعون عمواس میں مبتلا ہوکر مر گئے تو معاذ رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب کیا اور اس شدید ہوئی

فقال الناس لمعاذ ادع الله برفع هذا الرجز فقال انه ليس برجز ولكنه دعوة نبيكم وموت صالحين قبلكم وشهادة

معاذ سے کہا کہ اللہ سے دعا مانگو کہ یہ عذاب دور ہو جاوے معاذ نے کہا یہ عذاب نہیں ہے بلکہ یہ تمہارے نبی کی دعا ہے اور اگلے صلحا کی موت اور شہادت ہے

يخص الله تعالى بها من يشاء منكم اللهم آت آل معاذ نصيبهم الاوفر من هذه الرحمة فهذا القول من معاذ صريح بان

تم میں سے جسکو چاہے اللہ عطا فرماوے اے اللہ معاذ کی آل کو بڑا حصہ اس رحمت میں سے عطا کر اور معاذ کی یہ تقریر صریح ہے کہ

الدعاء برفعه غير مشروع وقد صح ان معاذا اعلم الامة بالحلال والحرام وانه امام الفقهاء يوم القيامة فلو كان مشروعا

اسکے دور ہونے کی دعا جائز نہیں ہے اور تحقیق ہو چکا ہے کہ معاذ تمام امت میں حلال اور حرام کو خوب جانتا تہا اور قیامت کی روز تمام فقہا کا پیشوا ہوگا اگر دعا

لما احوجهم ان يشاوره بل كان يفعل من تلقاء نفسه بل لو كان مباحا لبادر بفعله عند سؤال الرعية عنه ما ظنوا

جائز ہوتی تو لوگوں کی کہنے کی کیا حاجت تہی بلکہ خود بخود دعا کرتا بلکہ گر دعا مباح ہوتی تو فورا کرتا جب لوگوں نے درخواست کیا تہا اس خیال سے کہ ہمارے حق میں

انه مصلحة لهم وقد صرح الحنابلة المسئلة وقال صاحب الفروع منهم لا يقنت له لانه لم يثبت القنوت في طاعون

بہتر ہے اور حنبلیوں نے اس مسئلہ کو صراحت سے بیان کیا ہے اور صاحب فروع ان میں سے کہتا ہے اسکی دعا نہ کریں اسلئے کہ طاعون عمواس میں دعا ثابت نہیں ہوئی

عمواس وغيره وابن البحر وان مال الى مشروعيته فرادى الا انه منع الاجتماع له وقال واما الاجتماع للدعاء برفعه كما في

اور ابن بحر اگرچہ پسند کرتا ہے کہ الگ الگ جائز ہے پر اجتماع کو وہ بہی منع کرتا ہے اور کہتا ہے کہ جماعت کرنی دفع کی دعا کی لئے جیسے

الاستسقاء فبدعة حدثت بدمشق في الطاعون الكبير سنة تسع واربعين وسبعمائة ولم يفد شيئا بل ازداد الامر

نماز استسقا میں ہوتی ہے سو بدعت ہے دمشق میں جاری ہوئی تہی بڑے طاعون ۷۴۹ سات سو انچاس میں اور کچھ فائدہ بہی نہوا حال اوربہی

شدة ثم قال ولو انه كان مشروعا لم يخف على السلف ولا على فقهاء الامصار واتباعهم في الاعصار الماضية فلم يبلغنا

تباہ ہوگیا پہر کہا اور اگر دعا جائز ہوتی تو سلف پر پوشیدہ نرہتے اور نہ ملک کی فقہا پر اور نہ اونکی تلامذہ پر زمانہ گذشتہ میں سو اس باب میں ہمکو کوئی حدیث

في ذلك خبر ولا اثر عن المحدثين ولا فرع مسطور عن احد من الفقهاء وائمة الدين وقد تمسك قوم على مشروعيته بقول

اور نہ محدثین سے کوئی اثر اور نہ کوئی جزئی کسی فقیہ اور دین کی امام کی لکہی ہوئی ہے اور ایک قوم نے جواز دعا پر بعضے فقہاء کے

بعض الفقهاء ان القنوت في الصلوات كلها مشروع عند النوال وان الاجتماع والدعاء لعموم الامراض جائز وقالوا نصير

اس قول سے تمسک کیا ہے کہ دعا قنوت تمام نمازوں میں ہر وقت نزول حوادث کی مشروع ہے اور جماعت کرنی اور دعا مانگنی عموم امراض کی واسطے جائز ہے

بالمرض العام بمنزلة التصریح بالوباء الذی یشمل الطاعون وهو ایضا من اشد النوازل والجواب ان کلا من الوباء والنوازل
عموم امراض کا نام لینا بمنزلہ نام لینے وبا کی ہے جسمیں طاعون بھی داخل ہے اور یہہ بھی بڑا حادثہ ہے اور جواب یہہ ہے کہ تمام وبا اور حوادث
وان کان عاما یشمل الطاعون وغیره الا ان الطاعون اختص بکونه شهادة ورحمة ودعوة نبینا محمد علیه الصلوة والسلام بخلاف
اگرچہ عام ہیں کہ طاعون وغیرہ بھی انمیں داخل ہیں پر طاعون ہی خاص کر شہادت ہوتی ہے اور رحمت ہے اور ہمارے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا ہے برخلاف
الوباء والنوازل ولهذا شرع الدعاء برفعهما ولم یشرع برفع الطاعون ویؤید ذلك ورود النهی عن الفرار منه دون الوباء و
وبا اور حوادث کی اور اسیواسطی وبا اور نوازل کی رفع کی دعا جایز ہے اور طاعون کے رفع کی دعا جایز نہیں اور اسیکی تائید کرتی ہے طاعون سی بھاگنی کی نہی سوا وبا اور
سائر النوازل فانه قد وقع فی القرن الاول مرات متعددة والصحابة یومئذ متوافرون واکابرهم موجودون ولم ینقل عن
اور تمام حوادث کے کیونکہ طاعون قرن اول میں کئی بار نازل ہوا ہی اور صحابہ اوسوقت بہت اور بڑے بڑے موجود تھے اور کسی ایک سی بھی منقول نہیں ہے
واحد منهم انه فعل شیئا من ذلك او امر به والمراد من قول معاذ دعوة نبیکم حدیث اللهم اجعل فناء امتی بالطعن و
کہ کسی نے ان میں سے کچھہ بھی آپ کیا ہو یا کسیکو بتایا ہو اور معاذ کا قول دعوة نبیکم اس سے مراد یہہ حدیث ہی الٰہی کر دی نیستی میری امت کے طعن اور
الطاعون والمراد بالصالحین قبلکم وقد تکلم علیه الکلاباذی فقال یجوز ان یکون المراد بهم بنی اسرائیل فان الطاعون
طاعون سے اور صالحین سے جو قبل تمہارے مراد ہیں اونمیں کلاباذی گفتگو کرتا ہی اور اوسکی رای یہہ ہی کہ اون لوگوں سی بنی اسرائیل مراد ہو سکتی ہیں کیونکہ گو ان
وان کان قد وقع عذابا لهم بسبب سکوتهم عن المنکرات عند ظهورها الا انه قد جعل کفارة لهم وطهرة لما کان منهم
اگرچہ اونپر عذاب آیا تھا وقت ظہور اور برملا ہونے منکرات کے جو دم کہا رہے سے منع نکیا پر اونکی حق میں اونکی وہم کہا سے نہی کی گناہ کا کفارہ اور طہارت تھے
من السکوت کما کان قتل بعضهم بعضا کفارة لمن کان منهم عبد العجل فانهم تائبون صالحون مستسلمون وقد علم من
جیسی آپسمیں ایک دوسرے کے ہاتھ سے واسطے کفارہ گوسالہ پرستی کی قتل ہوئے کیونکہ یہہ سب تائب اور صلحی اور مطیع تھے اور اس سے معلوم ہوا
هذا ان الواجب علی کل مسلم ان یسعی فی اصلاح نفسه باسقاط ما فی ذمته من الفرائض والواجبات والاجتناب عن
کہ مسلم پر واجب یہہ ہی کہ اپنی ذات کی صفائی اور اصلاح میں کوشش کری اسطور کہ جو اوسکے ذمہ فرائض اور واجبات ہیں ادا کری
المحرمات والمکروهات والتوبة عن الذنوب والسیئات والمبادرة الی رد المظالم والتخلص من التبعات وهو مطلوب فی کل
اور محرمات اور مکروہات سی بچے اور گناہوں اور برائیوں سی توبہ کری اور جور اور جفا کی معافی اور حقوق سی رستگاری میں جلدی کری اور اسی سعی تو ہر وقت
وقت ویتأکد ذلك عند وقوع الوباء عموما ولمن وقع به الطاعون خصوصا لاسیما الوصیة من غیر ان یقع فیها حیف لقوله ع م
درکار ہی اور اسمیں وبا کی موسم میں عموما تاکید ہے اور جو طاعون میں مبتلا ہوا اوسکو زیادہ تر علی الخصوص وصیت میں کہ بلا قصور کہ ہو کات ہو وہ اسطی ارشاد نبی علیہ السلام کے
ما حق امرأ مسلم له شیء یوصی فیه یبیت لیلتین الا ووصیته مکتوبة عنده فان معناه اذا کان لامرء مسلم شیء یرید ان یوصی فیه
نہیں اچھا کرتا شخص مسلمان مالک کسی چیز کا قابل وصیت کی کہ دو شب بسر کرے مگر وصیت اوسکی لکھی ہوا اوسکی پاس اسکی یہہ معنی ہیں جب کسی مرد مسلمان پاس ایسی چیز ہو کہ اوسمیں وصیت کیا چاہے
فحقه لیس الا ان یکون وصیته مکتوبة عنده لانه لا یدری متی یوافیه منیه ویحول بینه وبین ما یریده وقید لیلتین
تو اوسکا حق نہیں ہے مگر اوسکی وصیت لکھی ہوئی اوسکی پاس ہو کیونکہ کیا جانتا ہی کہ اوسکی موت کب پہنچ جائے اور اوسکی ارادہ کو روک لے اور دو شب کی قید
غیر مقصود بل هو تنبیه علی انه لا ینبغی ان یمضی علیه زمان وان کان قلیلا الا ووصیته مکتوبة عنده لاسیما اذا کان علیه
کچھہ مقصود نہیں ہی بلکہ یہہ تاکید ہے کہ ایسا نہیں چاہئی کہ اوسپر کچھہ زمانہ گذری اگرچہ قلیل ہو مگر اوسکی وصیت لکھی ہو اوسکی پاس ہو خاص اسوقت کہ اوسکی
دین او ودیعة او غیر ذلك من الحقوق فح یلزمه الوصیة ویستحب تعجیلها لانه لا یأمن ان یشتد مرضه فیعتقل لسانه
قرض ہو یا امانت یا کوئی اور حق ہو پس ایسا وسپر وصیت ضروری ہی اور اسمیں جلدی اسلئے مستحب ہے کیا خبر ہی کہ مرض بڑھ کر زبان بند ہو جائے
فیموت بغیر وصیة فیکون اثما بترك ما وجب علیه ان کانت الوصیة واجبة علیه بان کان علیه حق من حقوق الله تعالی
پھر بے وصیت مرجاوے اب اپنی ذمہ کا واجب ترک کرنی سی گنہگار ہوویگا اگر اوسپر وصیت باین لحاظ واجب تھی کہ اوسکی ذمہ کوئی حق الله

وحقوق الناس وان لم یکن علیه من هذین الحقین بشیٔ لا یجب الوصیة بل یستحب فی محلها لمن کان له مال ولم یکن له
یا کوئی حق بندوں کا باقی ہو اور اگر اوسکے ذمہ ان دونوں میں سے کچھ نہیں ہے تو وصیت واجب نہیں ہوتی بلکہ مستحب ہے اور محل وصیت کا اسکے حق میں جسکے پاس مال تو ہو
وارث جمیع المال وان کان له وارث فثلث المال ویستوفیه فی الوصیة الواجبة ان احتیج الیه وینقص منه فی الوصیة
پر وارث نہیں تمام مال ہے اور اگر وارث ہی تو پھر تہائی مال وصیت واجب میں اگر حاجت پڑے تو پورا کردے اور وصیت مستحب میں تہائی سے کم
المستحبة وطریقها ان یذکرها بلسانه عند عدلین ویبین قدرها وجنسها وصفتها وان کتبها وقراها علیها واشهدهما
اور طریقہ وصیت کا یہ ہے کہ اپنی زبان سے دو عادل کی سامنے ذکر کرے اور اسکی مقدار اور جنس اور صفت بیان کرے اگر وصیت لکھ کر دونوں کو پڑھ سنا دے اور گواہ
علیها کان اولی لکن ینبغی له ان یحترز غایة الحذر ان یخص وارثا من ورثته بشیٔ علی وجه التملیك او الاقرار فیکون خاتم
گواہ کردے تو بہت بہتر ہے لیکن چاہیے کہ ایسا ہرگز نکرے کہ خاص ایک وارث کو کوئی چیز معین کر کے مالک یا اوسکی لیے اقرار کردے پھر اوسکی خاتمہ کا
شرالاخاتمة خیر لان الله تعالی تولی قسمة المواریث بنفسه واعطی کل ذی حق حقه وعینه له فی کتابه الذی انزل علی
برا انجام ہی اچھا نہیں اسلئے کہ اللہ تعالی نے بذات خود قسمت میراث کا ذمہ دار ہوا اور ہر ایک حقدار کی لیے اپنی کتاب میں جو اپنی رسول پر نازل کی ہی
رسوله وتوعد من عصاه وبدل حکمه بدخول النار والخلود فیها فقال فی اخر ایات المواریث ومن یعص الله ورسوله ویتعد
حصہ معین کر دیا ہی اور نافرمان کی حق میں جو اوسکی حکم کو تبدیل کرے دوزخ میں جانے کا اور ہمیشہ رہنے کا وعید فرمایا ہی چنانچہ میراث کی اخیر آیت میں ہی اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ کی اور رسول کی
حدوده یدخله نارا خالدا فیها وله عذاب مهین وقد روی عن ابی هریرة رضی الله عنه انه علیه الصلوة والسلام قال ان الرجل والمراة
اور بڑھے اوسکی حدوں سے اوسکو داخل کریگا آگ میں ہمیشہ رہیگا اوسمیں اور اوسکو ذلت کی مار ہے اور ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نے فرمایا بیشک بعضی مرد اور عورت
لیعمل بطاعة الله ستین سنة ثم یحضرهما الموت فیضاران فی الوصیة فتجب لهما النار ثم قرا ابو هریرة قوله تعالی من بعد وصیة
ساٹھ برس تک اللہ کی عبادت کرتی رہتی ہیں پھر جب اونکی موت آتی ہی تو وصیت میں بے اعتدالی کرتے ہیں آخر اونکی لیے دوزخ واجب ہو جاتا ہی پھر ابو ہریرہ نے یہ آیت پڑھی
یُوْصٰی بِهَآ اَوْ دَیْنٍ غَیْرَ مُضَآرٍّ الی اخر الایة یسرنا الله تعالی من الاعمال ما یوافق رضاه

المجلس الحادی والستون فی بیان فضیلة الصبر عند البلاء والمصائب وفضیلة الاسترجاع عندها

جو ہو چکے ہے یا قرض کی بعد ورثوں کا نقصان نکیا ہو آخر تک آیت الہی ہمیں اعمال وافق اپنی رضا کی آسان کر
اکسٹھویں مجلس صبر کی بزرگی میں بلیات اور مصائب پر اور بوقت انا للہ وانا الیہ راجعون کی پڑھنے کی فضیلت میں

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یزال البلاء بالمؤمن والمؤمنة فی نفسه وماله وولده حتی یلقی الله تعالی وما علیه من خطیئة هذا الحدیث من حسان المصابیح رواه ابو
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ بلا مومن مرد اور عورت کی جان اور مال اور اولاد پر اوترتی رہتی ہی آخر ایسا صاف ہو کر مرتا ہی کہ اوسپر کوئی گناہ نہیں رہتا یہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہی ابو ہریرہ کی روایت
هریرة ومعناه ان البلاء لا یزال یلحق بالمؤمن فی نفسه وماله وولده حتی یموت ولا یبقی له ذنب بل یکون ذنوبه
اسکے معنی یہ ہیں کہ بلا ہمیشہ مومن کی جان اور مال اور اولاد پر آتی رہتی ہی آخر وہ مر جاتا ہی اور اوسکی ذمہ کوئی گناہ نہیں رہتا بلکہ اسکی تمام
کلها زائلة عنه بسبب ما اصابه من البلایا والمحن وقد روی عن ام المؤمنین عائشة انه علیه الصلوة والسلام
اسلئے محو ہو جاتی ہیں کہ بلا اور محنتیں اوٹھاتا ہے اور ام المؤمنین عائشہ رضی سے روایت ہی کہ نبی علیہ الصلوة والسلام نے
قال اذا کثر ذنوب العبد ولم یکن له ما یکفرها ابتلاه الله تعالی بالحزن لیکفرها وروی عن ابی موسی الاشعری انه علیه
فرمایا جب کسی بندہ کی گناہ بہت ہو جاتی ہیں اور اونکا کچھ کفارہ نہیں ہوتا تو اللہ تعالی اوسکو غم میں مبتلا کر دیتا ہی تاکہ کفارہ ہو جاوے اور ابو موسی اشعری سی روایت
الصلوة والسلام قال لا یصیب العبد نکبة فما فوقها او دونها الا بذنب وما یعفو الله تعالی عنه اکثر وقرا قوله تعالی
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا بندہ پر کوئی گزند بہت یا تھوڑا بدون گناہ کی نہیں آتا اور اکثر اللہ معاف کر دیتا ہے سو بہت ہیں اور یہ آیت پڑھی
وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَیْدِیْكُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍ یعنی ان ما اصابکم من مصیبة ای مصیبة کان
جو پڑی تم پر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہاری ہاتھوں نے اور معاف کرتا ہی بہت یعنی تم پر جو مصیبت آتی ہی کیسی ہی ہووے

هي بسبب معاصيكم التي اكتسبتموها والله تعالى يعفو عن كثير من الذنوب فلا يعاقب عليها في الدنيا وقال علي للمؤمن
سو وہ تمہاری نافرمانی کی شامت سے ہے جو تم کرچکے ہو اور اللہ تعالیٰ بہتری گناہ معاف کردیتا ہے انکی سزا دنیا میں نہیں دیتا اور علی رض کہتے ہیں مومن کے لیے
عند الله تعالى خمس نقمات فاولها المرض ثم المصائب فان كان ذنوبه اكثر يعذب في قبره فان كانت اكثر من ذلك
اللہ تعالیٰ کے یہاں پانچ عقوبتیں ہیں پہلی بیماری پھر مصیبتیں پھر اگر اسکے گناہ بڑھتے ہوتے ہیں تو قبر میں عذاب ہوتا ہے پھر اگر اس سے بھی زیادہ ہوتے ہیں
يحبس على الصراط وان كانت اكثر من ذلك يعذب في جهنم على قدر ذنوبه ثم يخرج منها وهذا كله مختص بالمجرمين واما
تو صراط پر رکتا ہے اور اگر اس سے بھی بڑھتی ہوتی ہیں تو گناہوں کی موافق دوزخ میں عذاب ہوتا ہے پھر اوس میں سے نکلیگا یہ تمام حال گنہگاروں کا ہے اور
غير المجرمين من المؤمنين فانما يصيبهم المصائب في الدنيا ليرفع درجاتهم في العقبى كما جاء في الحديث ان الرجل لتكون
بے گناہ مومن اون پر مصایب دنیا ہی میں اسی لئے آتی ہے کہ اونکے درجات عقبے میں بلند کیا دیں چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ بعضے شخص کا ایک مرتبہ
له عند الله منزلة فما يبلغها بعمله فما يزال الله تعالى يبتليه بما يكرهه حتى يبلغه اياها والاحاديث في هذا المعنى
اللہ کے نزدیک مقرر ہوتا ہے سو وہ عمل کی برکت سے حاصل نہیں کر سکتا پس اللہ تعالیٰ اوسکو مکروہات میں مبتلا کرتا ہے کہ وہ مرتبہ پالیتا ہے اور اس مضمون میں حدیثیں
كثيرة لكن ينبغي ان يعلم ان الثواب الوارد لاهل البلاء في هذه الاحاديث وغيرها منوط بالصبر لا على نفس المصيبة
بہت ہیں لیکن سمجھنے کی بات ہے کہ ثواب اہل بلا کا جو ان حدیثوں میں اور اور جگہ آیا ہے اوسکا مدار صبر ہے مین مصیبت پر نہیں ہے
على ما روي عن سفيان الثوري انه قال انما الاجر على قدر الصبر والصبر خلق كسبي يتخلق به الانسان ويختص به ولا
موافق روایت سفیان ثوری کی وہ کہتا ہے کہ اجر برابر صبر کے ہوتا ہے اور صبر ایسی سیرت کسبی ہے جسکو صرف انسان ہی حاصل کر سکتا ہے انسان ہی سے خاص ہے
يتصور في الملئكة والبهائم وهو ثبات القلب على احكام القدر والشرع وحبس النفس عن الجزع واللسان عن الشكوى
فرشتے اور جانوروں میں نہیں ہو سکتا یعنی قضا و قدر اور شرع کی احکام پر دل کا قائم رکھنا اور نفس کو بیصبری سے اور زبان کو شکوہ شکایت سے
والجوارح عن فعل ما لا ينبغي قال الشيخ الامام عز الدين بن عبد السلام قد ظن بعض الناس ان المصاب ماجور على مصيبة
اور اعضا کو بیہودہ کاروبار سے باز رکھنا شیخ امام عز الدین بن عبد السلام کہتا ہے بعضے لوگوں کا یہ گمان ہے کہ شخص مصیبت زدہ مصیبت پر ماجور ہوتا ہے
وهذا خطاء لان المصائب ليس من كسبه اصلا لا مباشرة ولا تسببا وقد قال الله تعالى انما تجزون ما كنتم تعملون
اور یہ گمان غلط ہے اسلئے کہ مصیبت انسان کی اختیاری ہرگز نہیں ہے نہ باعتبار عمل کے اور نہ باعتبار سبب کے اور بیشک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہی بدلہ پاؤگے جو کرتے تھے
فمن مات ولده وتلف ماله واصيب ببلاء في بدنه فهذه المصائب ليست من كسبه ولا من تسببه حتى يوجر
پس جسکا بیٹا مرجاوے اور مال لٹ جاوے اور بدن پر آفت آجاوے تو یہ مصیبتیں اوسکی اختیار سے نہیں ہیں اور نہ اسکے سبب پیدا کرنے سے تاکہ اسپر ثواب دیے
عليها بل ان صبر عليها يكون له اجر الصابرين وان رضي بها يكون له اجر الراضين لكن قد ورد في الحديث انما الصبر
بلکہ اگر اسپر صبر کریگا تو اسکو صابرین کا سا ثواب ملیگا اور اگر اسپر رضامند ہوا تو رضامندوں کا اجر ملیگا لیکن حدیث میں بیشک یہہ آیا ہے کہ صبر
عند الصدمة الاولى كما روي عن انس انه عليه السلام مر بامراة تبكي عند قبر فقال لها اتقي الله واصبري فقالت اليك
پہلے صدمہ پر ہوا کرتا ہے چنانچہ انس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام ایک عورت کے پاس کہ قبر پر روتی تھی گئے آپ نے فرمایا اے عورت خدا سے ڈر اور صبر کر جواب دیا الگ رہ مجھ
عني فانك لم تصب بمصيبتي ولم تعرفه فقيل لها انه النبي عليه السلام فاتت النبي عليه السلام فقالت لم اعرفك يا رسول
ایسی مصیبت نہیں پڑی ہے اور اسکو اوسنے نہ پہچانا کسی نے کہدیا کہ یہہ نبی علیہ السلام ہیں پھر وہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں آئی اور عرض کیا میں نے تمکو یا رسول اللہ
الله فقال النبي عليه السلام انما الصبر عند الصدمة الاولى وانما قال كذلك اذ بعد ما مضى عليه زمان يحصل الصبر
پہچانا نہیں تھا پھر نبی علیہ السلام نے فرمایا صبر پہلے صدمہ پر ہوتا ہے اور یہہ اسلئے فرمایا کہ جب اوسپر کچھ دیر گذر جاتی ہے تو ہر مصیبت زدہ کو خود بخود صبر آجاتا ہے
لكل مصاب شاء او ابى وقال ابن مبارك المصيبة واحدة فان جزع صاحبها صارت اثنتين احدهما المصيبة نفسها
چاہے یا نچاہے اور ابن المبارک کہتا ہے پہلے مصیبت ایک ہوتی ہے پھر اگر وہ بیصبری کرتا ہے تو دو مصیبتیں ہو جاتی ہیں ایک تو وہی مصیبت

والاخرى ذهاب اجرها وهو اعظم من المصيبة نفسها وان الجزع لا يرد ما فات ولا يرفع الحزن بل يبطل ثواب المصيبة

دوسرے ثواب کا فوت ہو جانا ... کیونکہ بے صبری گذشتہ بات کو نہیں پھیر لاتی اور نہ غم کو دور کرتی ہے بلکہ مصیبت کا ثواب باطل کرتی

لان من يجزع على المصيبة فهو انما يشكو ربه ويريد ان يرد قضاؤه وقد ورد في الحديث ان الميت ليعذب ببكاء

اسلئے کہ مصیبت پر بے صبری کرنیوالا ... شکایت کرتا ہے چاہتا ہے کہ قضا پھر جاوے اور حدیث میں آیا ہے ...

اهله عليه وذلك اذا كان على طريق النوح وكان الميت راضيا به قبل موته واما اذا لم يكن كذلك فلا باس بالبكاء

... اور اگر یہ دونوں امر نہوں تو ...

عليه رحمة له وشفقة عليه لما هو فيه من السؤال المحتوم والعقاب الموهوم فان النبي عليه السلام حين مات

... کیونکہ حضرت علیہ السلام ...

ابنه ابراهيم بكى فقال له عبد الرحمن بن عوف وانت تبكي يا رسول الله فقال النبي عليه السلام يا ابن عوف انها رحمة

بیٹا ابراہیم مر گیا تھا تو روتے تھے ... یارسول اللہ ... فرمایا اے ابن عوف ...

جعلها الله تعالى في قلوب عباده وانما يرحم الله من عباده الرحماء وفي حديث آخر انه عليه السلام قال القلب يحزن

... اور ایک اور حدیث میں ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا ...

والعين تدمع ولا نقول ما يسخط الرب في رواية ولا نقول الا ما يرضي ربنا وفي حديث آخر انه عليه السلام قال ان

... اور ایک اور حدیث میں ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا ...

الله لا يعذب بدمع العين ولا بحزن القلب ولكن يعذب بهذا واشار الى لسانه وفي حديث آخر انه عليه السلام

... اور ایک حدیث میں ہے کہ حضرت علیہ السلام نے ...

قال ليس منا من ضرب الخدود وشق الجيوب ودعى بدعوى الجاهلية والمراد بدعوى الجاهلية قولهم واويلاه واثبوراه واكاسياه وانا صراه

... اور جاہلیت ...

ونحو ذلك وروي انه عليه السلام قال الضرب على الفخذ عند المصيبة يحبط الاجر ولهذا ندبت التعزية وهي الحمل

... ثواب کو کھو دیتا ہے اور اسی لیے تعزیت مستحب ...

على العزاء وهو الصبر بوعد الاجر والدعاء للميت والمصاب بالمغفرة قال الزيلعي لا باس بتعزية اهل الميت وترغيبهم

... زیلعی کہتا ہے اہل میت کی تعزیت میں ...

في الصبر لقوله عليه السلام من عزى مصابا فله مثل اجره وكيفية التعزية ان يقال لمن اصابته المصيبة

... اور طریقہ تعزیت کا یہ ہے کہ مصیبت رسیدہ کو کہیں

عظم الله اجرك واحسن عزاءك وغفر لميتك وقال الفقيه ابو الليث ان العبد لا يدرك منزلة الاخيار الا بالصبر

... اور فقیہ ابو اللیث کہتا ہے کہ انسان کو درجہ اخیار کا نہیں ملتا ...

على الشدة والاذى وقد امر الله تعالى نبيه بالصبر فقال فاصبر كما صبر اولو العزم من الرسل والامر للنبي امر لامته

... اور اللہ تعالیٰ اپنے نبی سے صبر کو فرماتا ہے ...

فيجب على من كان من الامة ان يقتدي بنبيه ويصبر على ما يصيبه من الالم ويعلم ان ما دفعه الله تعالى عنه

...

من البلاء اكثر مما اصابه ويحمد الله تعالى على ذلك وروي انه عليه السلام قال اذا مات ولد العبد يقول الله تعالى

...

الملٰئکۃ اقبضتم ولد عبدی فیقولون نعم فیقول اقبضتم ثمرۃ قلبہ فیقولون نعم فیقول ماذا قال عبدی
فرشتوں سے پوچھتا ہے کیا تمنے میرے بندہ کے بچہ کی جان نکال لی وہ عرض کرتے ہیں ہان پھر فرماتا ہے کیا تمنے لے لیا اوسکے دل کی ثمری کو وہ عرض کرتے ہیں ہان پھر پوچھتا ہے میرے بندے نے کیا کہا
حمدك واسترجع فیقول اللہ تعالیٰ ابنوا لعبدی بیتا فی الجنۃ وسموہ بیت الحمد وقد ذکر ان اھل الاعمال
پس وہ عرض کرتے ہیں تیری حمد کی اور انا للہ و انا الیہ راجعون کہا پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے کے لئے جنت میں گھر بناؤ اور بیت الحمد نام رکھدو اور مذکور ہے کہ نماز
من الصلوۃ والزکوۃ والصوم والحج یؤتی بھم یوم القیٰمۃ فیوفی الیھم اجورھم بالمیزان ثم یؤتی باھل البلاء فلا ینصب
اور زکوۃ دینے والے اور روزہ دار اور حاجی جب قیامت کے دن حاضر کئے جاوینگے تو اونکا ثواب میزان سے تول کر پورا کیا جاویگا پھر مصیبت رسیدہ لوگ
لھم المیزان ولا ینشر لھم الدیوان بل یصب الاجر صبا فیود اھل العافیۃ لو ان جلودھم کانت قرضت فی الدنیا
لائے جاوینگے سو ان کے لئے نہ ترازو کھڑی ہوگی اور نہ کچھ دفتر موجود ہوگا بلکہ انکا اجر بے اندازہ بہایا جاویگا پھر عافیت والے آرزو کرینگے کاش کہ دنیا میں ہماری کھال قینچیوں سے کتری
بالمقاریض یرون ما یعطی لاھل البلاء من الثواب بغیر حساب فذلك قولہ تعالیٰ انما یوفی الصابرون اجرھم بغیر
جاتی کیونکہ دیکھینگے کہ اہل بلا کو کتنا بے حساب ثواب عطا ہوا ہے یہ قول اللہ تعالیٰ کا صبر والوں ہی کو ملتا ہے اونکا نیگ
حساب وھٰذا کان السلف الصالح یفرحون بالبلاء فی الدنیا لما تحققوا ان فی الصبر علیہ اجرا جزیلا لا نھایۃ فان
ان گنت اور اسی لئے متقدمین صلحاء دنیا میں بلا پر خوش ہوتے تھے کیونکہ اونکو یقین تھا کہ بلا پر صبر کرنے میں بڑا ہی ثواب جید ہے اگر کوئی
قیل ان کان المراد بالصبر علی البلاء الرضی بہ وعدم الکراھۃ فلا قدرۃ للادمی علیہ وان کان المراد بہ الفرح بوجودہ
اعتراض کرے کہ بلا پر صبر کرنے سے اگر یہ مراد ہے کہ بلا پر راضی ہو اور نا خوش نہ ہووے تو یہ آدمی کی اختیار میں نہیں ہے اور اگر اوس سے یہ مراد ہے کہ بلا پر خوش ہو
فھو ابعد من الاول فالجواب ان الشارع لم ینہ عن شیٔ لا یدخل تحت الوسع وانما نھی عن المکتسب کشق الجیوب وضرب
تو یہ اوس سے بھی بعید تر معلوم ہوتا ہے تو جواب یہ ہے کہ شارع نے ایسی شی ہی کہیں منع نہیں جو اوسکی اختیار میں نہ ہو ما نعت اوسی کی ہے جسکو کر سکتا ہے جیسے گریبان چیرنا
الخدود والقول باللسان کالندب والنیاحۃ واما ما ذکر من فرح الصالحین بہ فذلك فرح شرعی مکتسب من قوۃ الایمان
گلے پیٹنے اور زبان سے بکنا جیسے چیخنا اور نوحہ کرنا اور وہ جو مذکور ہے یعنی بلا پر صلحا کی فرحت سو یہ فرح شرعی ہے ایمان اور یقین کے قوت سے
والیقین مثالہ مثال رجل قال لہ الملك کلما اضربك سوطا اعطیك مائۃ دینار فان ذلك الرجل کما یفرح بکثرۃ ضرب
حاصل ہوتی ہے اوسکی مثال ایسی ہے کہ کسی شخص کو بادشاہ کہے میں تیری جب کوڑا ماروں تو ہر کوڑہ کی بدلہ سو اشرفی دونگا سو یہ شخص باوجود الم کی جیسا
الملك لہ مع وجود الم الضرب لما یرجوا من جزیل العطاء فکذلك الصالحون لما سمعوا قولہ تعالیٰ انما یوفی الصبرون اجرھم
بادشاہ کی کثرت ضرب سے خوش ہوتا ہے کیونکہ بڑی بخشش کا امیدوار ہے تو ایسی نے جب یہ آیت سنے صبر کرنے والوں ہی کو ملتا ہے اونکا نیگ
بغیر حساب وقولہ تعالیٰ وجزٰھم بما صبروا جنۃ وحریرا وتیقنوا بحصول جزیل الثواب ھان علیھم ما اصابھم فی
ان گنت اور بدلہ دیا اونکو اوسپر کہ وہ ٹھیرے رہے باغ اور پوشاک ریشمی اور یقین لائے بڑی ثواب ملنے کا تو اونپر دنیا میں جو
الدنیا من المصائب کما حکی عن بعض النساء الصالحات انھا عثرت یوما فانقطع ظفرھا فضحکت فقیل لھا اما تجدین
مصیبت گذری سب آسان ہوگئی چنانچہ کسی صالحہ عورت کا قصہ ہے کہ ایک روز پہسلکر گر پڑی تو اوسکا ناخن ٹوٹ گیا تو وہ ہنسنے لگی کسی نے کہا کیا تجکو
مرارۃ الوجع فقالت ان لذۃ الثواب الحاصل من اللہ تعالیٰ بالصبر والرضی ازالت عنی مرارۃ الوجع قال العلماء حقیقۃ الرضی
اسمیں دکھ نہیں ہوتا جواب دیا ثواب کی لذت نے جو اللہ تعالیٰ سے صبر اور رضا پر ملیگا دکھ کی تلخی کو میری اسی دور کردیا ہے علماء کہتے ہیں حقیقت رضا کی
ما علمنا اللہ تعالیٰ ان نقولہ عند المصیبۃ انا للہ وانا الیہ رٰجعون وھذا استرجاع باللسان فلا بد للعاقل عند اتیانہ
وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ہمکو تعلیم کی ہے کہ مصیبت کی وقت پر کہا کریں ہم اللہ کا مال ہیں اور اوسکی طرف پھر جاویں گے اور یہ تو استرجاع زبانی ہوا پھر عاقل کو لازم ہے کہ اسکو زبان سے کہتے ہوئے
بہ ان یتفکر فی ثواب المصیبۃ لیسھل علیہ المصیبۃ فان ثواب المصیبۃ اذا استقبلہ یوم القیٰمۃ یود لو ان جمیع اولادہ
مصیبت کی ثواب کا تصور کرے تاکہ اوسپر مصیبت آسان ہو جاوے بیشک مصیبت کا ثواب جب قیامت کے روز سامنے آویگا تو یہ آرزو کریگا کاش کہ میرے سارے اولاد

لا ثوابه ما فاته قبله في الدنيا لينال ثواب مصيبتهم وقد وعد الله تعالى في المصيبة ثوابا عظيما حيث قال ولنبلونكم
اور تمام جانے والے دنیا میں پیہ سامنے ہو جاتا کہ ہونکی مصیبت کا ثواب تھا اور بیشک اللہ تعالے نے مصیبت میں بڑی ثواب کا وعدہ فرمایا ہے چنانچہ کہا ہی اور البتہ ہم آزمایئنگے تمکو

بشيء من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرات وبشر الصبرين الذين اذا اصابتهم مصيبة قالوا انا لله و
کچھ ایک ڈر سے اور بھوک سے اور نقصان سے مالوں کی اور جانوں کی اور میووں کی اور خوشی سنا ثابت رہنے والوں کو کہ جب انکو پہنچے کچھ مصیبت کہیں ہم اللہ کا مال ہیں اور

انا اليه رجعون اولئك عليهم صلوت من ربهم ورحمة واولئك هم المهتدون يعني ان كل من اصابه مصيبة في ماله او ولده
ہمکو اسیکی طرف پھر جانا ایسے لوگ اونہیں پر شاباشیں ہیں رب کی اور مہربانی اور وہی ہیں راہ پر مراد یہ ہی کہ جسکو کچھ مصیبت پہنچی مال میں یا اولاد میں

ونفسه او عرضه كالكلمة القبيحة التي يسمعها في حقه او الهم الذي يهمه او الغم الذي يغمه من ضيق معيشته او
یا جان میں یا آبرو میں جیسے عیب کی بات اپنی حق میں سن پاوی یا ایسا اندوہ پہنچے جو سوچ لگا دی یا غم پہنچے جسنے فکر میں ڈال رکھا ہو تنگی معیشت کا

قلة قوته او لعدم كسبه او عدم نبات ذرعه او غير ذلك فانه اذا صبر واحتسب ثواب مصيبته التي اصيب بها يعطيه
یا قلت روزی کا یا پیشہ نچلنے کا یا کھیتی ماری جانیکا یا کچھ اور سوا اسکے اسپر جو صبر کریگا اور مصیبت کی ثواب کا جو اسپر گذری امیدوار ہوگا تو اسکو

الله تعالى ما وعده في كتابه من الصلوة والرحمة والهداية لانه تعالى لا يخلف الميعاد وروى عن عكرمة انه عليه السلام
وہ ہی عطا کریگا جسکا وعدہ اسکی اپنی کتاب میں دیا ہی شاباش اور رحمت اور ہدایت کیونکہ اللہ تعالی وعدہ کے خلاف نہیں کرتا اور عکرمہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام کا

طفي سراجه فقال انا لله وانا اليه رجعون فقيل له امصيبة هي يا رسول الله فقال نعم كل شئ يؤذي المؤمن فهو له
چراغ بجھ گیا تھا سو آپ نے فرمایا ہم اللہ کا مال ہیں اور ہمکو اسیکی طرف پھر جانا کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا یہ مصیبت ہی پس فرمایا ہاں جس شے سی مومن کو ایذا ہو وہی اوسکی

مصيبة وفي حديث اخر انه عليه السلام قال اذا انقطع شسع احدكم فليسترجع فانها من المصائب وروى عن ام سلمة
مصیبت ہی اور ایک حدیث میں ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب کسیکی جوتی کا تسمہ ٹوٹ جاوے تو انا للہ پڑھے کیونکہ یہ بھی مصیبت ہی اور ام سلمہ سی روایت ہے

انه عليه السلام قال ما من مسلم يصيبه مصيبة فيقول انا لله وانا اليه رجعون اللهم اجرني في مصيبتي واخلف
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جس مسلم پر کچھ مصیبت گذری پھر وہ کہے ہم اللہ کا مال ہیں اور ہمکو اسی کی طرف پھر جانا الٰہی مجھکو میری مصیبت کا اجر دی اور مجھکو اسکے

خيرا منها الا اجره الله في مصيبته واخلف له خيرا منها وروى عن ابن عباس انه عليه السلام قال من استرجع عند المصيبة
بہتر عوض دی تو اللہ تعالے اوسکو اوسکی مصیبت کا اجر اور اس سے بہتر عوض دیگا اور ابن عباس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جسنے مصیبت پر انا للہ پڑھا

جبر الله مصيبته واحسن عقباه وجعل له خلفا صالحا يرضاه وروى عن الحسين انه عليه السلام قال ما من مسلم يصاب
تو اللہ تعالی اوسکی مصیبت کو رفع اور اوسکا انجام نیک کریگا اور اوسکا اچھا بدلا اوسکی پسند کا دیگا اور حسین علیہ السلام کی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا نہیں کوئی مسلم کہ اوسپر

بمصيبة فيذكرها وان قدم عهدها فيحدث لها استرجاعا الا كتب الله له مثلها من الاجر يعني انه تعالى يعطيه من الاجر
مصیبت گذری پھر وہ اوسکو یاد کری اگرچہ مدت گذر گئی ہو پھر وہ از سرنو انا للہ پڑھے مگر اللہ تعالے اوسکی لیئے ویسا ہی اجر مقرر کریگا مراد یہ ہی کہ اللہ تعالی اوسکو اجر

مثل الاجر الذي اعطاه يوم اصيبها وروى عن سعيد بن جبير ان الاسترجاع لم يعط الامة من الامم الا لهذه الامة ولو اعطي
برابر اوس اجر کے جو مصیبت کے روز عطا کیا تھا عنایت کریگا اور سعید ابن جبیر کی روایت ہی کہ استرجاع سوا اس امت کی اور کسی امت کو عطا نہیں ہوا اگر کسیکو ملتا

لاحد لاعطي يعقوب النبي عليه السلام الا ترى انه حين اصابه لم يسترجع بل قال يا اسفى على يوسف وروى عن ابن عباس
تو البتہ یعقوب علیہ السلام کو ملتا کیا دیکھتا نہیں کہ یعقوب علیہ السلام مصیبت کے وقت انا للہ نہیں پڑھا بلکہ یہ کہا کہ ہائی افسوس یوسف پر اور ابن عباس سی روایت ہی

انه نعي اليه ابنة له وهو في السفر فاسترجع ثم نزل فصلى ركعتين ثم قال قد صنعنا ما امرنا الله تعالى فانه تعالى قال استعينوا
کہ اونکو سفر میں بیٹی کی مرنے کی خبر آئی تو انا للہ پڑھا پھر اوتر کر دو رکعت پڑھیں پھر کہا ہمکو اللہ کا حکم تھا سو کر چکے کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا ہی قوت پکڑو

بالصبر والصلوة فينبغي للمؤمن ان يفعل كذلك فانه عليه السلام كان اذا حزنه امر فزع الى الصلوة لكونها ام العبادات
ثابت رہنے سے اور نماز سے اب مومن کو لازم ہی کہ یہی کیا کری کیونکہ نبی علیہ السلام اگر کسی بات سے غمگین ہوتے تو نماز شروع کرتی اسلئے کہ نماز سب عبادات کی اصل

ومعراج المؤمنين ومناجات رب العالمين قال عليه السلام ان اعظم الجزاء مع عظم البلاء وان الله تعالى اذا
اور مومنین کے لئے معراج اور پروردگار سے سرگوشی ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا بیشک بڑا ثواب بڑی بلا پر ہوتا ہی اور بیشک اللہ تعالی جب
احب قوما ابتلاهم فمن رضي فله الرضى ومن سخط فله السخط يعني ان كثرة الثواب يحصل بحصول كثرة
کسی قوم کو محبوب کرتا ہی تو انپر بلا نازل کرتا ہے پھر جو اسپر راضی ہوا تو اوسکی لئے رضا مندی ہے اور جو بیزار ہوا تو اوسکے لئے بیزاری ہے مراد یہ ہے کہ ثواب کی کثرت بلا کی کثرت سے
البلاء فمن رضي به وصبر عليه يحصل له رضاء الله تعالى ومن كره البلاء وجزع ولم يرض بحكمه تعالى يحصل
حاصل ہوتی ہے پھر جو راضی ہوا اور اوسپر صبر کیا تو اوسکے لئے اللہ کی رضا مندی ہی اور جسنے بلا کو مکروہ جانا اور رونا دھلایا اور اللہ کے حکم پر راضی نہوا تو اوسکے لئے
له سخط الله وغضبه لكن ينبغي ان يعلم ان الرضى والسخط محلهما القلب وهما يتعلقان به لا باللسان فلهذا ترى
اللہ کی بیزاری اور غضب ہے لیکن جاننا چاہئے کہ رضا مندی اور بیزاری کا ٹھکانا دل ہے یہ دونوں دل سے علاقہ رکھتی ہیں زبان سے علاقہ نہیں رکھتی ہیں اسلئے
كثيرا من الناس يكون له انين من وجع او شدة المرض مع ان في قلبه الرضى والتسليم بالله تعالى فهذا كل من
اکثر لوگوں کو دیکھتے ہو کہ درد کی مارے یا بیماری کی شدت سے آہ اف تو کرتے ہیں حالانکہ اونکی دلمیں اللہ تعالی کی رضا اور تسلیم ہوتی ہی اس بیان کی موافق جس سے کہ آہ
يسمع منه انين لا يجوز ان يقال في حقه انه غير صابر وغير راض بحكم الله تعالى لانك لا يطلع احد على قلب احد
سنے میں آتی ہیں اسکو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ صبر نہیں کرتا اور اللہ کی حکم پر راضی نہیں ہی اسلئے کہ کسیکو کسیکے دل کی کیا خبر ہے
وروي عن عامر الرامي انه عليه السلام قال ان المؤمن اذا اصابه السقم ثم عافاه الله تعالى كان كفارة لما مضى من
اور عامر رامی سے روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ مومن اگر بیمار ہو جاتا ہی پھر اوسکو اللہ تعالی عافیت دیتا ہی تو گذشتہ گناہوں کا کفارہ
ذنوبه وموعظة له فيما يستقبل وان المنافق اذا مرض ثم اعفي كان كالبعير الذي عقله اهله ثم ارسلوه فلم يعلم
اور آیندہ کی واسطے پند ہی اور بیشک منافق اگر بیمار ہو کر صحت پاتا ہی تو ایسا ہی جیسے اونٹ کہ پہلے اوسکو مالکوں نے باندھ دیا پھر اوسکو چھوڑ دیا
لم عقلوه ولم ارسلوه فتعلم من هذا انه تعالى انما يبتلي عبده المؤمن لمحو سيئاته او لرفع درجاته التي لم يبلغها
تو اوسکو خبر نہیں ہوتی کیوں باندھا تھا اور کیوں چھوڑ دیا اب اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالی اپنی مومن بندہ کو اسیلئے مبتلا کرتا ہی کہ اوسکی گناہ گھٹا دے یا وہ درجات کہ بغیر ان مصایب کے نہین
الا بانواع البلايا فانه تعالى يرسل عليه في الدنيا اشد البلاء ومحنها حمية له عن الافتتان بها وتزهيدا له عنها
پہنچ سکتا تھا بلند ہو جاویں سو اللہ تعالی اوسپر دنیا میں سختیاں اور محنتیں دنیا کی فتنہ سے بچالیتا ہے اور دنیا سے چھڑا دیتا ہی
لئلا يطمئن اليها ويألف بمحبتها فيقطعه ذلك عن منازل الآخرة لانه متى ابتلي يضعف سورة نفسه ويذهب
تاکہ دنیا پر اطمینان کرکر اوسکے الفت میں نہ پھنس جاوے پھر اوسکی نحوست سے اخروی مراتب سے محروم نہ رہ جاوے کیونکہ جب مبتلا ہوگا تو نفس کی تندی سست اور بشری
صفات بشريته وينقطع عنه مواد الهوى ولذة الدنيا فيتوجه في كل حال في السراء والضراء الى مولاه ويألف الاقبال عليه
عادات جاتی رہینگے اور ہوا و ہوس اور دنیا کی لذت اوسکی دل سے دور ہو کر پھر بہر حال راحت اور رنج میں اپنے مولی کے طرف متوجہ رہے گا اور اوسکی طرف لگا رہنے
ويستوطن بالصبر والرضى بين يديه الى ان يرفعه الى درجات الاحباب والاولياء وهذا معنى ما روى عن انس انه عليه السلام
الفت پکڑیگا اور صبر اور رضا کو اپنی سامنے قایم رکھیگا آخر اسکو مرتبہ دوستوں اور اولیا کا حاصل ہو جاویگا اور انس سے جو روایت ہے یہی معنی ہیں کہ نبی علیہ السلام
قال ان الله تعالى اذا اراد بعبد خيرا واراد ان يصافيه صب عليه البلاء صبا ومن جملة ما يصب عليه من البلاء
فرمایا کہ بیشک اللہ تعالی جب کسیکی خیر اور اوسکو پاک کیا چاہتا ہی تو اوسپر بہت بلا ڈالدیتا ہی اور بعضے بلائیں اس قسم کی ہیں کہ
انه تعالى يقيض له ويسلط عليه من بعض خلقه من يقصده بالاذى حتى لو اختفى في جحر ضب ونارة يقيض الله تعالى
کہ اللہ تعالی اپنی مخلوق میں سے ایسی کو اوسپر تعین کرکر غالب کر دیتا ہی کہ اوسکو ہر وقت ستاتا رہی یہان تک کہ اگر گوہ یا چوہی کی بل میں جا کر چھپی تو اللہ تعالی
له من يؤذيه كما روي عن علي انه عليه السلام قال لو كان المؤمن في جحر ضب ليقيض الله تعالى له فيه من يؤذيه وروي
اوسی جگہ ایذا رسان کو بھیجتا ہی چنانچہ علی رضی سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر مومن گوہ کی بل میں چھپا ہوتا ہی تو اوسمیں بھی ایذا دینے والا موجود ہوتا ہی اور ایسی ہے

مثله عن انس بلفظ لوان المؤمن كان في جحر فارة لقيض له فيه من يؤذيه والحكمة في ذلك ان البلاء يسبك صفات

انس سے بہ روایت ہی اگر مومن چوہی کی بھٹ میں ہو تو اوسمیں بھی اوسکا موذی جا موجود ہوتا ہی اور اسمین حکمت ہی کہ بلا صفات بشریہ کو پگہلا کر صاف کرتی ہی

العبد فكانه تعالى يسبك نفس عبده المؤمن بنار المحنة والبلاء ليصفيه من كدورات اخلاق شريه ليصلح للولاية

گویا اللہ تعالی اپنی مومن بندہ کی نفس کو محنت اور بلا کی آگ مین گلا کر صاف کرتا ہی تاکہ عادات بشریہ کی کدورت سی صاف ہوکر ولایت اور محبت کے لائق ہو جاوے

ومحبته

المجلس الثالث والستون في بيان تحقيق قوله عليه السلام اغتنم خمسا قبل خمس الحديث وما يتفرع عليه

باسٹھوین مجلس اس حدیث کے تحقیق مین کہ غنیمت جان پانچ کو پہلے پانچ سے اخیر حدیث تک اور جو اس سے متعلق ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لرجل يعظه اغتنم خمسا قبل خمس شبابك قبل هرمك وصحتك قبل سقمك وغناك قبل فقرك وفراغك قبل شغلك وحياتك قبل موتك هذا الحديث

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے پند دیتی ہوئی فرمایا غنیمت جان پانچ کو پہلے پانچ کی جوانی کو پہلے بڑہاپے سے اور صحت کو پہلے بیماری سی اور تونگری کو پہلے فقر سے اور فرصت کو پہلے دہندے کی اور زندگی کو پہلے موت سی یہہ حدیث

من حسان المصابيح رواه ميمون بن مهران فانه عليه السلام بين فيه ان الانسان في حال شبابه يقدر على

مصابیح کی حسن حدیثون میں سی ہے میمون بن مہران کی روایت سی کیونکہ نبی علیہ السلام نے اس حدیث مین یہہ فرمایا کہ آدمی اپنی جوانی مین وہ کام کر سکتا ہے

الاعمال التي لا يقدر عليها في حال هرمه فلا بد له ان يغتنم الفرصة ويشتغل بالطاعات في حال شبابه قبل

جو حالت پیری مین نہین کر سکتا سو اوسکو لازم ہی کہ فرصت کو غنیمت جانے اور عہد جوانی مین پیری سے پہلے عبادت مین مشغول رہی کیونکہ

في حال شبابه ان ترك العمل واتبع هواه وتعود بالمعصية لا يقدر على تركها في حال هرمه فينبغي له ان يترك

جوانی مین اگر عمل خیر ترک کرکر ہوا و ہوس مین پڑا اور معصیت کی عادت کر لے تو پہر کیا طاقت ہی کہ بڑہاپی مین چہوڑ دی تو لائق یہہ ہی کہ معاصی کو

المعاصي في حال شبابه ويعود نفسه باعمال الخير حتى يسهل عليه في حال هرمه وبين ايضا انه في حال صحته يقدر

جوانی مین ترک کری اور اعمال خیر کی عادت ڈالی تاکہ پیری مین جاکر آسانی رہی اور یہہ بہی بیان فرمایا کہ انسان اپنی صحت مین

على كسب الخيرات بماله وبدنه فينبغي له ان يغتنم صحته ويجتهد في كسب الخيرات بماله وبدنه لانه اذا مرض يضعف

مال اور بدن سی ثواب حاصل کر سکتا ہی پہر اوسکو لازم ہی کہ اپنی صحت کو غنیمت جانکر اپنے مال اور بدن سی کسب خیرات مین کوشش کری کیونکہ بیمار ہوکر بدن ناتوان ہوجاتا ہی

بدنه فلا يقدر على الطاعات ببدنه ويقصر يده عن ماله فيما زاد على الثلث فلا يقدر على التصرف في ماله الا في مقدار

پہر بدن مین طاعات کی طاقت کہان رہتی ہی اور ہاتھ بہی تہائی مال کی زیادہ سی تنگ ہو جاتا ہی پہر یہہ قدرت نہیں کہ تہائی مال سی زیادہ خرچ کرے

ثلثه وبين ايضا انه في حال غناه وفي حال فراغه يقدر على الطاعات بلا مانع فاذا بدل الغنى بالفقر والفراغ

اور یہہ بہی بیان فرمایا کہ آدمی تونگری اور فرصت مین بلا موانع طاعات کر سکتا ہی اور جب تونگری کی بدلہ فقر آیا اور فرصت کی جگہ

يظهر الموانع فلا يقدر على الطاعات بل يكون مشتغلا بامر المعاش فينبغي له ان يغتنم غناه وفراغه في تحصيل

تو پہر موانع پیدا ہوجاتے ہین پہر طاعات کی قوت کہان بلکہ اپنی معاش کی فکر مین لگا رہتا ہے سو لائق یہہ ہی کہ تونگری اور فرصت کو صالح اعمال کی لئی غنیمت سمجہے

الصالحات لان الغنى يعقبه الفقر والفراغ يعقبه الشغل وبين ايضا انه في حال حيوته يقدر على العمل فاذا

اسلئے کہ غنا کے پیچہے فقر اور فرصت کی پیچہے دہندا لگا ہوا ہے اور یہہ بہی بیان فرمایا کہ آدمی اپنی زندگی مین عمل کر سکتا ہی اور جب مرا

ينقطع عن العمل فينبغي له ان يغتنم حياته ولا يضيع عمره فيما لا يعنيه فان كل نفس من انفاس العمر جوهرة نفيسة

تو عمل تمام ہوئی پس لازم یہہ ہی کہ اپنی زندگی کو غنیمت جانکر نکمی باتون مین عمر نکہوئی کیونکہ عمر کا ایک ایک دم ایک نفیس بے بہا جوہر ہے

قيمة لها اذ يمكن ان يشتري بها كنز من كنوز الجنة التي لا يتناهى نعيمها ابد الاباد فاضاعة تلك الانفاس واشترا

اسلئے کہ اسکے بدلہ ایک خزانہ جنت کی خزانون مین سی ہاتہہ آسکتا ہی جسکی نعمتین کبہی تمام نہونگی پہر ایسی انفاس کو ضایع کرنا اور ایسی چیز کا خریدنا

مما يكون سببا هلاكه باتباع هواه غاية الخسران ونهاية الخذلان فان من يتبع هواه يفعل ما يضره او يهلكه
کہ ہوا و ہوس میں پھنسا کر ہلاک کر ڈالے بڑا ہی زیاں اور نہایت نقصان ہی سو جو شخص ہوا و ہوس میں پھنسا ہوا ہی تو وہ ہی کام کرتا ہی جس میں
حالا او مالا وهو لا يشعر او يشعر لكن لخفة عقله يرجح اللذة الحاضرة التي لا بقاء لها على العقوبات الاخروية
حال اور مآل کا ضرر اور تباہی ہو پھر وہ بے خبر ہو یا جانتا ہی پر بے وقوفی سے حال کی ناپائدار لذت کو اخروی عقوبات سے جنکی
التي لا نهاية لها ويظن لعمى بصيرته وتناهي حماقته انه ظفر بشيء من اللذائذ ولا يعلم ذلك لاحمقيته
کچھ انتہا نہیں ہے بہتر سمجھتا ہی اور اندھا ہو کر کمال بیوقوفی سے خیال کرتا ہی کہ کچھ عیش اوڑایا اور احمق یہ نہیں سمجھتا کہ دنیا سے
يخرج من الدنيا ويرى انه لم يظفر بشيء من اللذائذ اصلا لا من لذائذ الدنيا لانها عنه تزول ولا من لذائذ
ابھی نکلکر دیکھ لیگا کہ کچھ بھی عیش نکیا نہ تو دنیا کی عیش و لذت کیونکہ سب ہر جھکیگی اور نہ
الاخرة اذ ليس له اليها الوصول فيبقى في حسرة وندامة حين لا ينفعه الندم وقد روي انه عليه السلام قال
آخرت کی عیش کی لذت کیونکہ وہ کہاں ہاتھ آ سکتے ہیں پھر حسرت اور ندامت باقی ہوگی او سوقت ندامت سی کچھ فائدہ نہوگا اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا
ما من احد يموت الا ندم قالوا وما ندامته يا رسول الله قال ان كان محسنا ندم ان لا يكون ازداد وان كان
جب کوئی مرتا ہی سو نادم ہوتا ہی عرض کیا یا رسول اللہ ندامت کیوں ہوتی ہی فرمایا اگر نیکوکار رہتا ہی تو یہ ندامت ہوتی ہی کہ عمل زیادہ کیوں کئے اور اگر
مسيئا ندم ان لا يكون نزع فيا ايها العاقل لا تضيع عمرك في الغفلة واجتهد في تحصيل منفعة الاخرة قبل
بدکار رہتا ہی تو یہ ندامت کیوں نہ باز آیا سو دانا ہو کر اپنے عمر غفلت میں کیوں کھوتا ہے آخرت کی سامان حاصل کرنے میں کوشش اس سے پہلے کر
ان يجيء يوم لا تقدر على تحصيلها في ذلك اليوم فانك عن قريب تعاين ذلك اليوم فتندم على
کہ ایسا دن آ جاوے کہ اوس روز تو ہرگز حاصل نہ کر سکے بیشک تو اوس دن کو جلد دیکھ لیگا پھر تو گذشتہ عمر پر
ما فات من عمرك في غير طاعة ربك ولا ينفعك الندم فان العبد اذا كان في شغل من اشغال الدنيا و
بدون عبادت پروردگار کی نادم ہوگا اور ندامت سی کچھ فائدہ نہوگا کیونکہ آدمی جب تک دنیا کے کاروبار میں لگا رہتا ہے
كان شغله يمنعه من العمل واحال ذلك العمل على فراغه وقال اذا فرغت عملت فلا بد له من حالة من
اور وہ شغل اوسکو عمل نیک سی باز رکھتا ہی تو اوس عمل نیک کو فرصت کی وقت پر ٹال رکھتا ہی کہتا ہے فرصت ملیگی تو کر لونگا سو یہ صرف دو طریقے ہی
حالتين احدهما ايثار الدنيا على الاخرة وليس هذا من شان العاقل وقد قال الله تعالى بل تؤثرون
دو وجہ سی ایک تو دنیا کو آخرت پر پسند کرنا اور یہ عاقل کا کام نہیں ہے اور بیشک اللہ تعالیٰ فرماتا ہی بلکہ تم پسند
الحيوة الدنيا والاخرة خير وابقى والثاني تسويفه العمل الى وان فراغه فانه قد لا يجد مهلة بل يختطفه
رکھتے ہو دنیا کا جینا اور پچھلا گھر بہتر ہے اور رہنی والا اور دوسری وجہ عمل کو فرصت کی وقت پر ٹال رکھنا کیونکہ بعضے دفعہ مہلت نہیں ملتی بلکہ
الموت قبل فراغه او يزداد شغله لان اشغال الدنيا يستلزم بعضها بعضا فيبقى بلا زاد ليوم المعاد فالواجب
موت فرصت کی وقت سی پہلی آ پکڑتے ہی یا وہ دنیا کا دہندا بڑہتا چلا جاتا ہی کیونکہ دنیا کی کام کا سلسلہ ایک سی ایک لگا ہوا ہی پھر آخرت کے توشہ سی خالی رہ جاتا ہی
على العبد ان يبادر الى الاعمال الصالحات على اي حال كان قبل وصول الموت وحصول الفوت لقوله
سو آدمی پر یہ واجب ہے کہ جلدی سی اعمال صالح کو کسی حال میں ہو موت سی پہلی اور فوت سی پیشتر اختیار کرے اسکے
تعالى سارعوا الى مغفرة من ربكم وجنة عرضها السموات والارض اعدت للمتقين فان من تعلق قلبه
مطابق اور دوڑو بخشش پر اپنی رب کی اور جنت پر جسکا پھیلاو ہی آسمان اور زمین تیار ہوئی ہی واسطے پرہیزگاروں کی بیشک جسکا دل
بالدنيا واخذ منها القدر الزائد على حاجته من الطعام والشراب واللباس يكون مضرة عليه الا ان يستعين
دنیا پر لگا ہوا ہی اور دنیا میں سی کچھ مقدار حاجت سی بڑہ کر کہانا و پینا اور پوشاک حاصل کرتا ہی تو اوسکی حق میں مضر ہی ہاں اگر اوس سے طاعت الٰہی میں مدد لے

علی طاعة الله تعالی لان کل ما احبه الانسان وظفر به لا بد ان یفارقه فان کان احبه لغیر الله یعذب به

اسلئے کہ آدمی جس چیز کو محبت کی راہ سے پیدا کرتا ہی تو البتہ وہ اوس سے جدا ہو جائیگا پھر اگر اوسکی محبت واسطے غیر اللہ کی تھی تو اوسکی وجہ

بفواته ان یحصل له من الالم قدر ما تعلق به قلبه ولهذا قال بعض السلف من احب الدنیا فلیوطن نفسه علی

سے عذاب دیگا اور اتنا ہی الم پیدا ہوگا جسقدر اوس سے دل متعلق تھا اسی لئے بعض متقدمین کا قول ہی کہ جو شخص دنیا کی محبت کرے تو چاہیے کہ اپنی جان کو

تحمل المصائب فان محبها لا ینفک عن ثلث مصائبهم لازم وتعب دائم وحسرة لا تنقضی فلو لم یکن لمحبها

مصیبت کا خوگر بنالے کیونکہ دنیا کے محب تین مصیبت سے خالی نہیں ہوتے فکر دائمی اور رنج ہمیشہ کا اور ارمان بے انتہا اور اگر دنیا دار کو تو ہ کوئی

العذاب لعاجل لا هذا لکفی له مصیبة فکیف اذا حیل بینه وبین محبوباته ولذاته کلها بالموت وصار

عذاب سوا اسکے نہ ہو تو یہ مصیبت ہی اوسکی لئے کفایت کرتی ہی پھر تو کیا حال ہوگا جب موت اوسمیں اور اوسکی محبوبات اور لذات کی بیچ میں آ جاوے اور ایسی کے

معذبا بنفس ما کان متلذذا به علی قدر لذته التی شغلته عن سعیه فی طلب زاده لیوم معاده اذ لو کان

عذاب میں رہ جاوے جس سے مزے اوڑاتا تھا موافق اوس لذت کے جسکے مارے قیامت کی زاد راہ کی کچھ سعی کی اسلئے اگر کسی

لاحد الف محبوب ینزل به عند الموت فی وقت واحد الف مصیبة لانه کان یحب جمیعها وسلب

ہزار محبوب ہوں تو موت کے وقت ہی اوسپر ہزار مصیبت ایکبار گی پڑ جاتے ہیں اسلئے کہ اوسکو سب سے محبت تھی اور وہ سب

عنه فی لحظة واحدة کلها ویبقی حسرة وندامة بعد موته وهذا اول ما یلقاه عقیب موته من الالم فضلا

ایکدم میں پھر جاتی رہتی ہیں اور مرنے ہی حسرت اور ندامت میں رہ جاتا ہے اور یہ تو پہلا الم ہے جو مرتے ہی پیش آ وے سو

عما اعده الله تعالی للذین استحبوا الحیوة الدنیا ورضوا بها من عذاب الاخرة والحاصل ان من احب

اوسکو تو کیا کہئے جو اللہ نے اون کیلئے جو دنیا کو محبت سے آخرت کے عذاب پر پسند کرکے بیٹھی ہیں آخرت کا عذاب تیار کر رکھا ہی اور حاصل یہ ہے کہ جو شخص

شیئا سوی الله تعالی ولم یکن محبته له لله تعالی ولا لکونه معینا علی طاعة الله تعالی یحصل له به

سوا اللہ تعالی کے اور چیز کی محبت پیدا کرے اور وہ محبت نہ خدا کے واسطے ہو اور نہ طاعت الٰہی پر مددگار ہو تو اوسکے حق میں

چہوٹ کر قیس کی بیٹے پر گر پڑی اوسکو زخمی کر دیا پہر وہ مر گیا اسمیں وہ لونڈی بہوچکا رہ گئی پہر قیس نے کہا اس لونڈی کا خوف بدون آزاد ہوئے نہیں جاوے گا پہر کہا

انت حرة لوجہ اللہ تعالی یا جاریة لا باس علیک وروی عن ابی امامة انہ علیہ الصلوة والسلام وہب لعلی
ای جاریہ تو واسطے خدا کی آزاد ہی ڈر کا مت اور ابو امامہ سے روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے حضرت علی کو ایک غلام دیا

غلاما فقال لہ لا تضربہ فانی نہیت عن ضرب اہل الصلوة وقد رایتہ یصلی فانہ علیہ السلام اشار فی
اور فرمایا اسکو مارنا مت کیونکہ مجہکو نمازی کی مار ڈالنے سے ممانعت ہوئی ہی اور میں نے اسکو نماز پڑہتے دیکہا ہی بیشک نبی علیہ السلام نے اس حدیث میں اشارہ

ہذا الحدیث ان المصلی لا یاتی غالبا بما یستحق الضرب لان الصلوة تنہی عن الفحشاء والمنکر وروی عن الحسن البصری
فرمایا کہ نمازی اکثر ایسی خطا نہیں کرتا جسمیں مار کہاوی اسلئے کہ نماز فحشاء اور منکرات سے بچا رکہتی ہی اور حسن البصری کی روایت ہی

انہ سئل عن مملوک یرسلہ مولاہ فی حاجة وتحضرہ صلوة الجماعة او الجمعة بای ذلک یبدا قال بحاجة مولاہ
کہ اونسے کسی نے حال غلام کا پوچہا کہ اوسکو مولی کسی کار کو بہیجی اور اوسکو جماعت کی یا جمعہ کی نماز پیش آجاوی تو اب کیا کری جواب دیا مولی کا کام

قال الفقیہ ابو اللیث ہذا اذا کان فی الوقت سعة ولا یخاف فوت الصلوة واما اذا خاف فوتہا فلا یجوز لہ
فقیہ ابو اللیث کہتی ہیں یہہ جب ہی کہ وقت میں گنجایش ہو اور نماز کی فوت کا خوف نہو اور اگر فوت کا خوف ہو تو پہر نماز کی وقت سے تاخیر

تاخیرہا عن وقتہا لما روی انہ علیہ السلام قال لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق وذکر فی المظہر ان السید
جائز نہیں ہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا خدا کی گناہ میں بندہ کی تابعداری نہیں ہی اور مظہر میں مذکور ہی کہ مولی کو

لا یجوز لہ ان یمنع عبدہ عن اداء فرائض اللہ تعالی لاجل خدمتہ واذا ادی العبد فرائض اللہ تعالی لا یجوز
جائز نہیں ہی کہ غلام کو اپنی خدمت کی نظر سے فرائض الہی ادا نکرنی دی اور غلام جب فرائض الہی ادا کر چکی تو اوسکو جائز نہیں ہی

له ان یترك خدمة سیده ویشتغل بعبادة غیر واجبة علیه الا ان یاذن له سیده فیها حتی لو احرم
کہ مولی کی خدمت چھوڑ کر عبادت غیر واجبی کرنی لگی البتہ اگر اوسکا مولی اجازت دیوی تو مضائقہ نہین یہاں تک کہ اگر غلام نی حج کی

للحج بغیر اذن سیده یجوز للسید ان یخرجه من الاحرام ویمنعه عن اتمام الحج ولو حج وفات عنه خدمة
ہی احرام باندہا تو مولی کو جائز ہی کہ اوسکو احرام میں سی نکال لی حج پورا نہ کرنی دی اور اگر غلام نی حج کیا اور اوسمین خدمت مولی کی فوت ہو گئی

سیده یکون اثما وکذا یجوز لسیده ان یمنعه عن صلوة النفل وصوم النفل ولا یجوز له ان یمنعه
تو گنہگار ہوگا اور ایسی ہی مولی کو جائز ہی کہ غلام کو نماز نفل اور روزہ نفل سی روکدی اور مولی کو یہہ جائز نہین ہی کہ تشہد اور الحمد

عن تعلم التشهد والفاتحة وعدة سور من القرآن وفرائض الصلوة والصوم لان هذه الاشیاء واجبة
اور چند سورتین قرآن کی اور فرائض نماز روزہ کی نہ سیکہنی دی اسلئی کہ یہہ سب واجب ہین

لا یجوز اهمالها بخلاف غیرها وینبغی للعبد ان یغتنم ایام رقه لما روی انه علیه السلام قال اذا نصح العبد لسیده
انکا ترک جائز نہین ہی اس سی علاوہ کا ترک مضائقہ نہین اور غلام کو چاہئی کہ اپنی غلامی کا زمانہ غنیمت سمجہی کیونکہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب غلام اپنی

واحسن عبادة ربه کان له الاجر مرتین وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال نعما للمملوك ان یتوفاه الله تعالی
اور عبادت اپنی رب کی اچہی ادا کرتا ہی تو اوسکو دوہرا ثواب ہوتا ہی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کیا اچہا غلام ہی جسکو اللہ تعالی وفات دی

بحسن عبادة ربه وطاعة سیده نعماله وقد روی انه علیه السلام قال فی وعید الابق من مولاه اذا
کہ رب کی عبادت اور مولی کی اطاعت اچہی کر گیا اوسکو نعمت ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی غلام کی حق مین جو مولی سی بہاگ جاوی فرمایا جب غلام بہاگ جاتا ہی

ابق العبد لم یقبل له صلوة وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال ایما عبد ابق برئت منه الذمة وینبغی
تو اوسکی نماز قبول نہین ہوتی اور ایک اور حدیث مین ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو غلام بہاگ جاتا ہی اوس سی ذمہ خالی ہی اور مولی کو

للمولی اذا طالت مدة مملوکه فی خدمته ان یعتقه لعله ینجو به مما بقی علیه من حقوقه ومظالمه براسا
لازم ہی کہ جب غلام کو خدمت کرتی ہوئی مدت دراز ہو جاوی تو اوسکو آزاد کر دی کیا بعید ہی کہ اسکی سبب اپنی حقوق اور مظالم سی برابر برابر بچ جاوی

برأس ولعل الله تعالی یعتق بکل عضو منه عضوا منه لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام قال
شاید کہ اللہ تعالی غلام کی ہر عضو کی بدلہ اسکی اعضا کو آزاد کری کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

من اعتق رقبة مسلمة اعتق الله تعالی بکل عضو منه عضوا من النار حتی فرجه بفرجه وفیها اشارة
جسنی غلام مسلمان آزاد کیا تو اللہ تعالی اوسکی ہر عضو کی بدلہ اسکی اعضا آگ سی آزاد کریگا یہان تک کہ اسکی شرمگاہ اوسکی شرمگاہ کی بدلہ اسمین اشارہ ہی

الی استحباب اعتاق کامل الاعضاء بان لا یکون مجبوبا او خصیا انما ما للمقابلة اذ فهم منه انه تعالی
کہ آزاد کرنیکا حق یہہ ہی کہ اعضا کامل ہون ایسا کہ ذکر بریدہ یا خوجہ نہو تا کہ پورا مقابلہ ہو جاوی اسلئی کہ اس حدیث سی یوں معلوم ہوتا ہی

یعتق فرج المعتق من النار بمقابلة اعتاق فرج مملوکه من الرق ولذلك قیل المستحب ان یعتق الرجل
کہ اللہ تعالی معتق کی شرمگاہ آگ سی آزاد کر دیتا ہی بدلہ مین آزادگی شرمگاہ غلام کی غلامی کا اسیلئی کہتی ہین کہ مستحب یہہ ہی کہ مرد تو غلام آزاد کیا کری

عبدا والمرأة امة تحقیقا للمقابلة وکذا ینبغی للسید اذا اتی مملوکه بطعام قد اصلحه ان یقعد معه
اور عورت لونڈی تاکہ مقابلہ ثابت ہو جاوی اور ایسی ہی سید کو لازم ہی کہ جب غلام کہانا پکا کر لاوی تو اوسکو اپنی ساتہہ دستر خوان پر بٹہالی

علی الخوان وان لم یقعده یعطیه لقمة ویقول له کل هذه لما روی عن ابی هریرة انه علیه السلام
اور اگر نہ بٹہاوی تو ایک لقمہ ہی دیدی اور کہدی کہ کہالی کیونکہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا

قال اذا صنع لاحدکم خادمه طعامه ثم جاء به وقد ولی حره ودخانه فلیقعده معه فلیأکل فان
جب تمہاری کسی غلام کہانا پکاوی پہر لیکر آوی اور بیشک اوسنی گرمی اوٹہائی اور دہوان کہایا تو چاہئی کہ اوسکو کہانی کو ساتہہ بٹہالی اگر

كان الطعام مستغرها قليلا فليضع في يده منه اكلة او اكلتين وفي الفتاوى رجل لا ينفق على عبده

کہا ہمراہ بہت ہوں اور کہا تا تہوڑا ہو تو اوسکی ہاتہہ پر ایک یا دو لقمہ رکہدی اور فتاوی میں ہی کہ ایک شخص غلام کا خرچ نہیں اوٹہاتا

ان كان العبد قادرا على الكسب لا ياكل من مال مولاه بلا رضاه وان لم يكن قادرا على الكسب او منعه

اگر وہ غلام کمانی پر قادر ہی تو مولی کی مال میں سی اوسکی بلا رضا نہ کہا وی اور اگر کما نہیں سکتا یا مولی کمانی نہیں

مولاه عن الكسب يجوز له ان ياكل من مال مولاه بلا رضاه والامة تاكل مطلقا وروي عن ام سلمة رضي

دیتا تو اسے جائز ہی کہ مولی کی مال میں سی بلا اجازت کہا لی اور لونڈی بہر حال کہا لیگی ام سلمہ سی روایت ہی

انه عليه السلام كان يقول في مرضه الصلوة وما ملكت ايمانكم فانه عليه السلام قرن المماليك بالصلوة

کہ نبی علیہ السلام مرض کی حالت میں فرماتی تہی نماز کی اور مملوک کی حفاظت کرو بیشک نبی علیہ السلام نی ممالیک کو نماز کی ساتہہ ملا کر

وامر بحفظهم كما امر بحفظها ليعلم ان القيام بمقدار حاجتهم من الطعام واللباس وتعليم الدين واجب

اونکی حفاظت کا حکم دیا جیسا نماز کی حفاظت کا تاکہ معلوم ہو کہ مالیک کی خدمت بقدر حاجت کہانی پہنی اور دین سیکہنی کی مالکوں کی ذمہ

على من يملكهم كما يجب الصلوة عليهم فان المسلم كما يجب عليه نفقة عبيده واماءه قدر ما يكفيهم كذلك

ایسی واجب ہی جیسی اونپر نماز واجب ہی بیشک مسلمان پر جیسی خرچ غلاموں اور لونڈیوں کا بقدر کفایت واجب ہی ایسی ہی

يجب عليه ان يعلمهم ما فرض الله تعالى عليهم وما نهاهم عنه فان هذا امر قد اهمل اكثر العلماء في هذا

اوسپر یہہ واجب ہی کہ سکہادی اللہ تعالی نی کیا کیا اونپر فرض کیا ہی اور کیا کیا منع کیا ہی بیشک یہہ ایسا کام ہی کہ اس زمانہ میں اکثر علما نی چہوڑ دیا ہی

الزمان فضلا عن العوام فان العبيد والاماء في هذا الزمان لا يقصدون بالتعليم اصلا بل انما يقصدون

عوام کو کیا روئیں بیشک غلام لونڈیاں اس زمانہ میں دین سیکہنی کا ارادہ ہرگز نہیں کرتی بلکہ بجز مقاصد

لقضاء المآرب الدنيوية فقط كانهم عندهم حيوان بهيمي لا تكليف عليهم فان كثيرا ممن يدعي

دنیوی کی کچہہ ارادہ نہیں کرتی گویا وہ اپنی مالکوں کی پاس بیل ڈنگر ہیں اونکی ذمہ احکام شرعی نہیں ہیں بیشک اس زمانہ میں اکثر شخص جو اسلام

الاسلام في هذا الزمان يكون عنده عبيد واماء فلا يامرهم بواجب ولا ينهاهم عن حرام بل يكون العبد

دعوی کرتی ہیں اونکی پاس غلام لونڈیاں ہیں پر اونکو کسی واجب کا حکم کرتی ہیں اور نہ حرام سی روکتی ہیں بلکہ غلام لونڈیوں کو

الجارية في ملكه عدة سنين لا يصليان الصلوة المفروضة ويرتكبان امورا كثيرة من المناهي والمنكرات

اونکی ملک میں کئی کئی برس گذر جاتی ہیں کہ فرض نماز نہیں پڑہتی اور بہتیری اعمال مناہی اور منکرات کی

وهو يراهما ويتغافل عنهما ويظن ان اثمهما عليهما لا عليه ولا يعلم ذلك المسكين انه مؤاخذ بما صدر عنهما

وہ میاں دیکہا کرتی ہیں اور کچہہ نہیں کہتی اس خیال میں ہیں کہ اونکا گناہ اونپر ہی مجہپر نہیں ہی اور بیچارہ کو یہہ خبر نہیں کہ جو گناہ اونسی ہوگا تو مجہہ پر الزام جاویگا

ومسئول عنه ومعاقب عليه يوم القيمة لما روي عن عمر بن الخطاب انه عليه السلام قال كلكم راع

اور اوسی پوچہہ ہوگی اور قیامت کی دن اوسپر عذاب ہوگا کیونکہ عمر بن الخطاب سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا تم سب نگہبان ہو

وكلكم مسئول عن رعيته فاذا علم الانسان ان يسئل عن عبيده واماءه يوم القيمة لا يتركهم كالبهائم

اور نگہبانی کی سب سی پوچہہ ہوگی جب آدمی کو یہہ معلوم ہو کہ قیامت کو غلام لونڈیوں کی مجہسی پوچہہ ہوگی تو اونکو شتر بی مہار

المرسلة بلا ضابط ديني ولا زاجر شرعي بل يشدهم بزمام الشريعة ويقيدهم بالاحكام الدينية ويصونهم

بی ضابطہ دینی اور بغیر زاجر شرعی کی کیوں چہوڑی بلکہ اونکو شریعت کی رسی میں باندہی اور احکام دینی میں گہیری اور عذاب اخروی کی

عن موجبات العقوبات الاخروية اذ قال الله تعالى يا ايها الذين امنوا قوا انفسكم واهليكم نارا الاية

اسباب سی بچاوی اللہ تعالی فرماتا ہی ای ایمان والو بچاؤ اپنی جانوں کو اور اپنی گہر والوں کو اس آگ سی

وان کان الاصل فیه ان یطلق علی القرابة لکن یطلق علی الاتباع ایضا ولا یبعد ان یکون المراد ههنا هذا
اگرچہ اصل میں قرابت دار پر بولتے ہیں لیکن اتباع کو بھی کہتے ہیں اور کیا بعید ہی کہ یہاں عموم کی جہت سے

المعنی لعمومه فعلی هذا یجب علی المؤمن ان یعلم عبیده واماءه من احکام الاسلام قدر ما یجب علیهم
یہی معنی مراد ہوں اس تقریر کی موافق مؤمن پر واجب ہی کہ اپنی غلام لونڈیوں کو احکام دینی جسقدر اونپر واجب ہیں سکھا دیوی

ثم یامرهم باداء الفرائض والواجبات وینهاهم عن ارتکاب المعاصی والمحرمات بالرفق اولا فان ابوا
پھر اونسی فرائض اور واجبات ادا کرائی اور معاصی اور محرمات پر عمل کرنیسی منع کردی پہلی تو نرمی سی پھر اگر نہ مانیں

یغلظ الکلام علیهم فان ابوا یضربهم فمن لم یدخل منهم طریق الصلاح بعد ذلك یبیعه لانه مادام
تو زبانی دھمکا کر پھر بھی اگر باز نہ آویں تو مار کر پھر بھی اگر کوئی اونمیں سی طریقہ خوبی کا نہ لی تو اوسکو بیچ ڈالی اسلئی کہ جب تک اسکی ملک

فی ملکه یجب علیه حفظه کما قال قاضیخان فی فتاویه رجل له عبد مریض لا یقدر علی الوضوء عن
میں رہیگا اوسکی حفاظت کا ذمہ دار ہی چنانچہ قاضیخان اپنی فتاوی میں کہتے ہیں ایک شخص کی پاس غلام بیمار ہی وضو نہیں کر سکتا

محمد یجب علی المولی ان یوضیه لانه مادام فی ملکه کان علیه تعاهده لکن ینبغی ان یعلم ان المولی و
امام محمد سی ہی کہ مولی پر وضو کرانا واجب ہی اسلئی کہ جبتک اسکی ملک میں ہی تب تک اوسکا ذمہ دار ہی لیکن سمجھنا چاہیئی کہ مولی کو اگرچہ غلام کا مارنا

ان جاز له ان یضرب عبده اذا اتی بما لا یوجب الحد لکن اذا اتی بما یوجب الحد فلیس له ان یقیم علیه
جایز ہی اگر وہ ایسی خطا کری کہ جسمیں حد نہ آتی ہو لیکن اگر ایسا کام کریگا جسمیں حد آتی ہو تو مولی کو اختیار نہیں ہی کہ مقدمہ پیش کئی بغیر حاکم

الحد الا باذن الحاکم بعد المرافعة الیه وثبوته عنده فاذا اقام علیه الحد ولم ینزجر یبیعه ولو بثمن بخس
ثابت کر کر حکم لیکر اسپر حد جاری کری پھر جب اوسپر حد جاری ہو چکی تو بھی نہ باز آوی تو بیچ ڈالی اگرچہ کم داموں سا

لما روی عن ابی هریرة رض انه قال اذا زنت امة احدکم فتبین زناها فلیجلدها بجد ولا یثرب علیها ثم ان
اسلئی کہ ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جب کسی کی لونڈی زنا کری اور وہ ظاہر ہو جاوی تو اوسکو حد مارنی چاہیئی اور اوسکو کچھ سرزنش نکری پھر اگر

زنت فلیجلدها بجد ولا یثرب علیها ثم ان زنت الثالثة فلیبعها ولو بحبل من شعر وفی ذکر الامة علی الاطلاق
دوبارہ زنا کری تو پھر حد مارنی چاہیئی اور کچھ سرزنش نکری پھر اگر تیسری دفعہ زنا کری تو اوسکو بیچ ڈالی اگرچہ بالوں کی رسی کی اور مطلق لونڈی کی ذکر کرنی میں

اشعار بان حدها منکوحة کانت او غیرها الجلد لانه نصف جلد الحرائر لقوله تعالی فان اتین بفاحشة
یہ اشارہ ہی کہ لونڈی کی حد منکوحہ ہو یا غیر منکوحہ درہ ہیں اتنا ہی کہ آزاد عورت سی آدھی بدلیل اس آیت کی پھر اگر کریں بیحیائی کا کام

فعلیهن نصف ما علی المحصنت من العذاب والمراد بالفاحشة فی الایة الزنا وبالمحصنت الحرائر وبالعذاب
تو اونپر ہی آدھی مار جو کی بیبیوں پر مقرر ہی اور مراد لفظ فاحشہ سی اس آیت میں زنا ہی اور محصنات سی مراد آزاد عورتیں ہیں اور عذاب سی مراد

الجلد لا الرجم لانه لا ینتصف واستدل الشافعی بهذا الحدیث علی ان للمولی اقامة الحد علی مملوکه وقال
درے ہیں سنگسار نہیں ہی کیونکہ سنگسار کا آدھا نہیں ہی اور امام شافعی نی اس حدیث سی استدلال کیا ہی کہ مولی کو اپنی غلام پر حد جاری کرنیکا اختیار ہی اور

الحنفیون لیس له ذلك الا باذن الامام لقوله علیه السلام اربع الی الولاة وذکر منها الحدود والولاة جمع الوالی
حنفی کہتی ہیں کہ بدون اذن امام کی مولی کو اختیار نہیں ہی بدلیل اسحدیث کی کہ چار باتیں والیوں کی اختیار میں ہیں اونہی میں حدود کو ذکر کیا اور ولاة جمع والی کی

وهو اذا اطلق ینصرف الی من له ولایة عامة وهو السلطان او نائبه واما التصریح بالنهی عن التثریب
اور اسکو بلا قید بولتی ہیں تو وہ حاکم مراد ہوتا ہی جسکو حکومت عام ہو یعنی بادشاہ یا اوسکا نائب اور صریح ممانعت سرزنش سی لونڈیوں کو

علیها بعد الامر بجلدها فلان عقوبة الزنا قبل ان یشرع الجلد کان التثریب وهو التوبیخ والتعییر
بعد حکم دینی مار زنی کی اسواسطی ہی کہ زنا کی عقوبت درہ مقرر ہونی سی پہلی تثریب تھی یعنی جھڑکنا اور شرم دلانی

فيكون معنى الحديث لا يقتصر على تعييرها بل ليقم عليها الحد وقيل معناه لا تثريب عليها بعد اقامة الحد
تو معنی حدیث کی یہ ہوئی کہ سرزنش پر اکتفا نکریں بلکہ اسپر حد جاری کیجاوی اور بعضی کہتی ہیں کہ اسکی معنی یہہ ہیں کہ جب حد جاری ہوچکی تو اب سرزنش نہیں ہی

عليها واما الامر ببيعها في الثالثة فلما فيه من ترك المخالطة مع الفساق واهل المعاصي فان قيل كيف يكره
اور حکم بیچنیکا تیسری دفعہ میں اسلئی ہی کہ اسمیں فساق اور فجار سکا ملاپ اور صحبت چھوٹتی ہی پھر اگر کوئی اعتراض کری یہ کیونکر

شيئا لنفسه ويرتضيه لاخيه المسلم مع انه عليه السلام قال لا يؤمن احدكم حتى يحب لاخيه ما يحب
کہ ایک شی کو اپنی لئی برا سمجھی اور بھائی مسلمان کی لئی پسند کری باوجودیکہ نبی علیہ السلام نی فرمایا ہی مومن ہوگا کوئی تم میں سی جبتک کہ پسند کری واسطی بھائی

لنفسه فالجواب انه يبيعها على قصد ان تستعف عند مشتريها بضبطها او بالاحسان اليها والتوسعة عليها
مسلمان کی جو پسند کری اپنی لئی تو اسکا جواب یہہ ہی کہ اس نیت سی بیچی کہ مشتری کی پاس جاکر اوسکی ضبط یا احسان کرنی سی اور فراخی رزق سی عفیفہ ہوجاوی

وذكر في نصاب الاحتساب ان من اعتاد ان يشتم مماليكه كل يوم وكل ساعة لا يقبل شهادته وان كان
اور نصاب الاحتساب میں مذکور ہی جسکی یہہ عادت پڑجاوی کہ غلاموں کو ہر روز اور ہر وقت گالیاں دیا کری تو اوسکی گواہی مردود ہی اور اگر کبھی کبھی گالی دیتا ہو

احيانا تقبل ان لم يكن قذفا وان كان قذفا يسقط العدالة ويوجب الجلد لكن لا يضرب في الدنيا لان المولى
تو گواہی اوس صورت میں قبول ہوگی کہ وہ گالی قذف نہووی اور اگر قذف ہو تو وہ عادل نہیں رہتا اور درّے مارنی آتی ہیں لیکن دنیا میں نہیں اسلئی کہ مولی ہے

لا يعاقب في الدنيا بسبب عبده بل يضرب في الاخرة لما روى عن ابي هريرة انه عليه السلام قال من قذف
دنیا میں غلام کی جہت سی عقاب نہیں ہوتا بلکہ آخرت میں لگینگی کیونکہ ابوہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جو شخص اپنی غلام کو

مملوكه وهو برئ مما قال جلد يوم القيمة الا ان يكون كما قال وذكر الفقيه ابو الليث في التنبيه عن عامر الشعبي
گالی دی اور وہ اوسکی گالی سی پاک ہو تو قیامت کی دن درّے لگینگی ہاں اگر اوسکی کہنی کی موافق ہو تو خیر اور فقیہ ابو اللیث تنبیہ میں عامر شعبی سی روایت کرتا ہی

انه قال استسقى رجل من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من اهل بيت فدعت المرأة خادمتها فابطأت
کہ ایک شخص نی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سی ایک اہل بیت سی پانی مانگا سو بی بی گھروالی نی لونڈی کو بلایا اوسنی دیر کی

فقذفتها فقال ذلك الرجل اما انك تستجدين لها يوم القيمة او تقيمين اربعة انها كما قلت فاعتقها
بیبی نی اوسکو گالی دی پھر اوس شخص نی کہا کہ بیشک قیامت کی دن تیری حد لگیگی یا چار گواہ لاؤ کہ یہ لونڈی ایسی ہی جو تو کہتی ہی پھر بی بی نی اوسکو آزاد کیا

قال عسى ان يكفر هذا عنك هذا الحديث وان دل على ان قذف المملوك يوجب الحد لكن لا
اوس شخص نی کہا امید ہی کہ تیرا یہہ عوض ہو جاوی اس حدیث سی اگرچہ معلوم ہوتا ہی کہ غلام کو گالی دینی سی حد لازم آتی ہی لیکن حد

يوجبه لعدم الاحصان فيه لان شرط الاحصان في حد القذف خمسة الحرية والاسلام والعقل و
واجب نہیں ہوتی اسلئی کہ محصن نہیں ہی اسلئی کہ حد قذف میں احصان کی شرطیں پانچ ہیں آزادگی اور اسلام اور عقل اور

البلوغ والعفة عن الزنا فمن لم يوجد فيه واحد من هذه الشروط الخمسة لا يكون محصنا فقذفه
بلوغ اور پاک ہونا زنا سی پھر جسمیں ان پانچ شرطوں میں سی کوئی سی ایک بھی موجود نہو گی تو وہ محصن نہیں ہوگا ایسی کی قذف سی حد نہیں آتی

لا يوجب الحد بل يوجب التعزير البالغ غايته وهو تسعة وثلثون سوطا عند ابي حنيفة وعند ابي يوسف في
بلکہ بڑی سی بڑی تعزیر آتی ہی اور وہ نزدیک امام ابو حنیفہ کی انتالیس درّے ہیں اور امام ابو یوسف کی نزدیک ایک

رواية خمسة وخمسون وفي رواية تسعة وسبعون فان لم يضرب في الدنيا يضرب في الاخرة بسياط
روایت میں پچپن درّے ہیں اور ایک روایت میں اناسی درّے ہیں سو دنیا میں اگر نہ لگینگی تو آخرت میں سب کی سامنی آگ کی درّے لگینگی

من النار على رؤس الاشهاد ومن يوجد فيه هذه الشروط الخمسة كلها يكون محصنا ويوجب قذفه الحد
اور جسمیں یہہ پانچوں شرطیں تمام موجود ہوں تو وہ محصن ہی اوسکی قذف سی حد لازم آتی ہی

وهو ثمانون سوطاً للحر ونصفها للعبد مع عدم قبول شهادتهما ولو بعد التوبة لقوله تعالى والذين يرمون
یعنی اسی درّہ آزاد کی لئے اور آدہی غلام کی لئے اور گواہی بہی مقبول ہوگی اگرچہ توبہ کریں بدلیل اس آیت کی اور جو لوگ عیب لگاتی ہیں

المحصنت ثم لم يأتوا باربعة شهداء فاجلدوهم ثمانين جلدة ولا تقبلوا لهم شهادة ابداً واولئك هم
قیدوالیوں کو پہر نہ لائی چار شاہد تو مارو اونکو اسی چوٹ قمچی کی اور نہ مانو اونکی کوئی گواہی کبہی اور وہی لوگ ہیں

الفسقون الا الذين تابوا من بعد ذلك واصلحوا فانه تعالى قد بين في هذه الآية ان الذين يرمون المحصنت
بی حکم مگر جنہوں نی توبہ کی اس پیچہی اور سنوار پکڑی کیونکہ اللہ تعالی نی اس آیت میں بیان فرمایا ہی کہ جو لوگ تہمت زنا کی کرتی ہیں پاک عورتوں پر

بالزنا ثم لم يأتوا باربعة شهداء يتوجه عليهم ثلثة احكام وجوب جلدهم ورد شهادتهم وكونهم فاسقين الا
پہر نہیں لاتی چار گواہ تو اونپر تین حکم جاری ہونگی بالضرور درہ مارنی اور گواہی مردود اور وہ فاسق ہیں پر اتنا ہی

انهم ان تابوا واقروا بالكذب براءة المقذوف واستحلوا منه واصلحوا ما افسدوا من كسر العرض وهتك الستر
کہ اگر وہ توبہ کریں اور اپنی جہوٹ اور مقذوف کی برائت کی قائل ہوں اور اوس سی معاف کرالیں اور جو خرابی کی تہی اوسکو درست کریں یعنی ابی آبروئی اور پردہ دری

ارتفع عنهم الفسق للاستثناء الواقع في الآية ولا يرتفع عنهم الجلد ولا رد الشهادة عند العلماء الحنفية والحاصل
تو فسق دور ہو جائیگا اسلئی کہ آیت میں استثناء واقع ہی اور درّہ معاف نہیں ہوگی اور نہ گواہی مقبول ہوگی نزدیک علماء حنفیہ کی اور حاصل یہ ہی

ان في الآية تصريحاً بترتيب الاحكام الثلثة عليهم بمجرد العجز عن اقامة البينة بلا اشتراط الكذب في الحقيقة
کہ آیت میں صاف تینوں حکم اونپر مرتب کردی ہیں گواہ گذارنی سی عاجز ہوتی ہی لازم ہیں اور کچہہ شرط نہیں ہی کہ حقیقت اور نفس الامر میں

ونفس الامر لان القذف خبر يحتمل الصدق والكذب الا انهم بهتك ستر العفة بلا فائدة حيث عجزوا عن الاثبات
جہوٹ ہووی اسلئی کہ تذف خبر ہی احتمال صدق اور کذب دونوں کا رکہتی ہی لیکن وہ عفت کی پردہ دری بلا فائدہ کرکر ثابت نکر سکی

كانوا فاسقين مستحقين للعقوبة التي هي الجلد ورد الشهادة وان كانوا صادقين في نفس الامر اذ قال الله تعالى
فاسق ہو گئی اور سزا اور اس عذاب کی ہوئی یعنی درہ اور رد شہادت اگرچہ واقع میں سچی ہی ہوں اسلوسطی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی

لولا جاءوا عليه باربعة شهداء فاذ لم يأتوا بالشهداء فاولئك عند الله هم الكذبون فعلم من هذا ان ما لا حجة
کیوں نہ لائی وہ اس بات پر چار شاہد پہر جب نہ لائی شاہد تو اللہ کی ہاں وہ ہی ہیں جہوٹی اس سی معلوم ہوا کہ جس بات پر حجت نہ ہوگی

عليه فهو في حكمه تعالى كذب ولذلك ترتب عليه الحد لعدم الفائدة في الاخبار به من الحسبة
وہ حکم الہی میں جہوٹ ہی اسی لئی اوسپر حد قائم ہوئی کیونکہ اس خبر میں کوئی سا فائدہ نہیں ہی نہ تنبیہ

والزجر والسياسة بل هو مجرد هتك الستر وكسر العرض وهذا اذا كانوا صادقين فكيف اذا كانوا
اور نہ زجر اور سیاست بلکہ یہہ صرف پردہ دری اور بی آبروئی ہی یہہ اس صورت میں ہی اگر سچی ہوں پہر کیا کہوں اگر

كاذبين وهم يحسبونه هيناً وهو عند الله عظيم ولهم في الآخرة عذاب اليم نعم من رأى رجلاً يزني
جہوٹی ہوں اور وہ لوگ سہل سمجہتی ہیں اور وہ اللہ کی ہاں بڑا ہی اور اونکی لئی ہی آخرت میں دکہہ کی مار ہی ہاں جو شخص کسیکو زنا کرتی دیکہی

يحل له ان يقتله وانما لا يقتله لانه لا يصدق انه قتله لانه رآه يزني

تو اوسکو اوسکا قتل کرنا حلال ہی اور قتل اسلئی نہیں کرتا کہ ثابت نکرسکیگا کہ میں نی زنا کرتا دیکہہ کر قتل کیا ہی

المجلس السابع والسبعون

ستترویں مجلس

في بيان حرمة اللواطة وعقوبتها وغيرها

اغلام کی حرمت کی بیان میں اور اوسکی سزا وغیرہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اخوف ما
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا مجہکو بڑی سی بڑا خوف

اخاف على امتي عمل قوم لوط هذا الحديث من حسان المصابيح رواه جابر وفيه تنبيه عظيم على كون عملهم
اپنی امت پر عمل قوم لوط کا ہی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہی جابر کی روایت سی اور اس میں بڑی تنبیہ ہی کہ اونکا یہہ عمل

من اعظم الذنوب ولهذا عاقبهم الله تعالى بما لم يعاقب به امة من الامم وجمع عليهم من انواع العذاب ما لم
اعظم المعاصی سے ہی اسیلئے اللہ تعالی نے اونکو ایسا عذاب دیا کہ تمام امتوں میں سے کسیکو نہیں دیا اور اونپر کئی قسم کی عذاب جمع کردئی جو اور کسی

يجمعه على غيرهم من بني آدم وذمهم وكرر قصتهم في عدة سور من كتابه الكريم حتى يرتدع من علمهم الذين يؤمنون
بنی آدم پہ جمع نہیں کئی اور اونکی برائی بیان کی اور بار بار اونکا قصہ اپنی کتاب کریم کی کئی سورتوں میں بیان کیا تاکہ جو لوگ خدا اور قیامت کی

بالله واليوم الآخر اشد الانزجار ويحترزوا عنه وعن مباديه كالنظر والمصاحبة واللمس والقبلة اشد
دن پر ایمان لاتی ہیں اس سے خوب باز آویں اور اوس سے اور اوسکی اسباب سے جیسا دیکھنا اور پاس بیٹھنا اور ہاتھ لگانا اور منہ چومنا

الاحتراز ولا يقربوا منه ولا يحوموا حوله فضلا عن ان يفعلوه اذ قد روي ان طباع جميع الحيوانات
خوب احتراز کریں اور اوسکی پاس نہ پہنچیں اور اوسکی گرد نجاویں کرنیکا تو کیا ذکر ہی اسواسطی کہ روایت ہی کہ تمام حیوانات کی طبیعتیں بجز سور اور بندر کی اوسی

يأباه الا الخنازير والقرد وفي رواية الا الخنزير والحمار فمن يميل طبعه اليه يكون في الدناءة والخساسة
نفرت کرتی ہیں اور ایک روایت میں ہی سوای سور اور گدہی کی پھر جسکی طبیعت اوسپر مایل ہووی تو وہ دناءت اور خساست

والخباثة مثل الخنزير والقرد والحمار بل هو ادنى منها حالا لما روي انه عليه السلام قال الخنازير والقرد
اور خباثت میں سور اور بندر اور گدہی کی برابر ہی بلکہ اون سے بہی بدتر اسواسطی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا سور اور بندر

اعقل عند الله تعالى ممن يرتكب المعاصي وذلك لان من يرتكب المعاصي على الاستمرار من غير التوبة والاستغفار
اللہ کی نزدیک اون سے زیادہ ہوشیار ہیں جو معاصی اختیار کرتا ہی اسلئے کہ جو شخص معاصی میں ہمیشہ گرفتار رہتا ہی بی توبہ اور استغفار کی

يكون من الذين قال الله تعالى فيهم اولئك كالانعام بل هم اضل فانه تعالى شبههم بالبهائم في كون مشاعرهم
وہ اون لوگوں میں ہی جنکو اللہ تعالی فرماتا ہی وہ جیسے چوپائی بلکہ اونسی زیادہ بی راہ کیونکہ اللہ تعالی اونکو بہایم سے تشبیہ دی کہ اونکی دل و دماغ

متوجهة الى اسباب الدنيا ومقصورة عليها وعدم التفكر فيما يقرع اذانهم من الآيات وعدم الانتفاع بها بل
اسباب دنیوی کی طرف متوجہ ہوکر اوسی کی ہو رہی اور اونکا کچہ فکر نہیں ہی جو آیات سنتی ہیں اور اونسی نہ کچہ نفع لیتی ہیں بلکہ ایسی لوگوں کو

جعلهم اضل منها لانها تدرك ما من شانها ان تدركه من المنافع والمضار وتجتهد غاية جهدها في جلب
اونسی بہی گمراہ تر ٹہرایا کیونکہ ڈنگر تو وتنا سمجہتی ہیں جو اونکی سمجہنے کی لایق ہی فائدہ اور نقصان کو منفعت کی وصول میں اور مضرت کی دفع میں خوب کوشش کرتی ہیں

ما ينفعها وسلب ما يضرها وتنقاد لصاحبها وتميز من يحسن اليها ممن يسيء اليها وهؤلاء ليسوا كذلك حيث لا يميزون
اور اپنی مالک کی مطیع رہتی ہیں اور اپنی محسن اور ایذا رسان میں تمیز کرتی ہیں اور یہہ لوگ بدکار ایسی نہیں ہیں کیونکہ یہہ منفعت

بين المنافع والمضار ويجتهدون غاية جهدهم في جلب ما يضرهم وسلب ما ينفعهم ولا ينقادون لربهم ولا يعرفون
اور مضرت میں فرق نہیں کرتی اور مضرت حاصل کرنیکو اور منفعت کہونی پر ٹوٹ پڑتی ہیں اور اپنی پروردگار کی فرمان بردار نہیں کرتی اونکی احسان

احسانه اليهم من اساءة الشيطان الذي هو عدو لهم ويقدمون على العذاب الاليم ولا يقدمون على
کی تمیز کرتی ہیں شیطان کی بدی سی جو کہ اونکا بڑا ہی دشمن ہی اور سخت عذاب پر دوڑتی ہیں اور عیش دایمی

النعيم المقيم ويكونون من الذين قال الله تعالى فيهم يعلمون ظاهرا من الحيوة الدنيا وهم عن الآخرة هم
کی طرف متوجہ نہیں ہوتی اور اون لوگوں میں داخل ہیں جنکو اللہ تعالی فرماتا ہی جانتی ہیں اوپر اوپر دنیا کا جینا اور وہی لوگ آخرت سی

غافلون يعني انهم يعلمون ظاهرا حقيرا خسيسا من الدنيا وهو ما يشاهدونه من زخارفها ولذاذها وسائر
خبر نہیں رکہتی یعنی وہ لوگ دنیا میں سی یہہ ہی حقیر بی حقیقت کو سمجہ رہی ہیں اور وہ ہی جو دیکہتی ہیں دنیا کی زیب و زینت اور لذتیں اور تمام

احوالها الموافقة لشهواتهم الملائمة لاهوائهم وهم عن الآخرة التي هي مطلب الاعلى والمقصد الاقصى غافلون
حالات جو اونکی شہوات کی موافق ہیں اور ہوا و ہوس کی مناسب اور یہہ لوگ آخرت سی جو بڑا مطلب اور غایت درجہ کا مقصد ہی غافل ہو رہی ہیں

لا يخطرونها ببالهم ولا يدركون من احوال الدنيا ما يؤدي الى معرفتها ولا يتفكرون فيها حتى يحصل لهم علم بها
اسکا خیال دلمیں نہیں لاتی اور دنیا کی حالات میں سی اوسپر نظر نہیں ڈالتی جس سی آخرت کی سمجھ آوی اور نہ اوسمیں فکر کرتی ہیں کہ انکو آخرت کا علم آوی

فان العلم بامور الاخرة موقوف على العلم بوجود الباري تعالى وقدرته وارادته وعلمه وحيوته وذلك العلم لا يحصل
کیونکہ علم اخروی امور کا وجود باری تعالی اور اوسکی قدرت اور ارادہ اور علم اور حیات کی علم پر موقوف ہی اور یہ علم بدون نگاہ

الا بالنظر الى المصنوعات والتفكر في احوالها المتغيرة وهم قصروا النظر على الظاهر الخسيسة كالبهائم ولم يتفكروا في
کرنیکی مصنوعات میں اور بغیر فکر کرنیکی بدلتی حالات میں حاصل نہیں ہوسکتا اور اونہوں نی ڈنگروں کی طرح صرف ظاہر ہی حقیقت پر نگاہ کررکھی ہی

عجائب صنعه تعالى ليستدلوا بها على وجوده وصفاته التي يتوقف عليها وجود الممكنات فيعلموا ان ما اخبر به من امور
اور عجائبات صنع الہی میں فکر نہیں کرتی تاکہ اوسکی وسیلہ سی اوسکی وجود اور صفات پر استدلال کرسکیں جسپر وجود ممکنات کا موقوف ہی اور معلوم کریں کہ امور اخروی جنکی خبر

الاخرة امور ممكنة يلزم ثبوتها وكون المكلفين فيها فريقين فريق في الجنة وفريق في السعير بحكم صلاح الاعمال
الہی ہی امور ممکنہ ہیں انکا ثبوت لازم ہی اور مکلف لوگ اسمیں دو قسم پر ہیں اعمال کی خوبی اور بدی کی لحاظ سی ایک قسم جنت میں اور ایک قسم دوزخ میں پھر بیشک سبب

وفسادها ثم ان سبب محبة العبد المعاصي والفجور فساد العلم او فساد القصد او فسادهما جميعا بل قد قيل فساد
آدمی کی محبت کا معاصی اور فجور سی یا برا علم کا فساد ہی یا برا قصد کا فساد یا دونوں کا فساد بلکہ بعضی کہتی ہیں

القصد من فساد العلم فان من علم ما في المضار من المضرة حقيقة العلم لا يميل اليه الا ترى ان من علم
قصد کا فساد بھی علم کی فساد سی ہی اسلئی کہ جسکو خوب معلوم ہووی کہ مضر چیز میں نقصان ہی تو وہ ہرگز رغبت نہیں کرتا تو دیکھتا نہیں کہ جسکو یقینی معلوم ہو

من طعام لذيذ انه مسموم لا يقدم عليه فعلى هذا ان الايمان الحقيقي هو الذي يحمل صاحبه على فعل
کہ فلانی لذیذ کہانی میں زہر ملا ہی تو اوسمیں ہاتھ نہیں ڈالتا اس بیان کی موافق بیشک حقیقی ایمان وہ ہی جس سی آدمی منفعت اخروی کو اختیار کری

ما ينفعه في الاخرة وترك ما يضره فيها فاذا لم يفعل ما ينفعه في الاخرة ولم يترك ما يضره فيها لا يكون ايمانه حقيقيا
اور مضرات اخروی کو چھوڑی پھر اگر آدمی نہ تو منفعت اخروی پر عمل کری اور نہ مضرات اخروی کو چھوڑی تو اوسکا ایمان حقیقی نہیں ہی

بل لسانيا لا قلبيا فان المؤمن بالنار حقيقة الايمان حتى كانه يراها لا يسلك طريقها الموصلة اليها فضلا
بلکہ زبانی ہی دلی نہیں کیونکہ جو شخص دوزخ پر ایسا حقیقی ایمان لایا گویا اوسکو دیکھ رہا ہی تو ایسا راہ نہیں چلیگا جو اودہر لیجاوی اور سعی کرکر

عن ان يسعى في دخولها والمؤمن بالجنة حقيقة الايمان حتى كانه يراها لا يمهل عن طلبها بل يسعى في دخولها
داخل ہونیکا تو کہاں مرتبہ اور جو جنت پر ایسا حقیقی ایمان لایا ہی گویا کہ اوسکی آنکہ کی سامنی ہی اوسکی طلب میں سستی نہیں کریگا بلکہ سعی کرکر داخل ہوگا

وهذا امر يجده الانسان في نفسه عند سعيه في امور الدنيا من دفع ما يضره وجلب ما ينفعه فعلى هذا كل من اعتاد
اور یہہ تو ایسی بات ہی کہ آدمی جب دنیاوی کاموں میں لگتا ہی تو اپنی دلمیں سوچ لی کہ نقصان سی حتی المقدور بچتا ہی اور منفعت کو حاصل کرتا ہی اس بیان کی موافق

ان يعمل عمل قوم لوط لا يكون ايمانه حقيقيا بل لسانيا لان جرمه لا يشبه سائر الجرائم ولهذا اختلف العلماء
جسکی عادت عمل قوم لوط کی پڑجاوی تو اوسکا ایمان حقیقی نہیں ہی بلکہ زبانی ہی کیونکہ اسکی خطا اور خطاؤں سی نہیں ملتی اسی لئی اسکی حد میں علماء کو اختلاف ہی

في حده فذهب قوم الى ان الفاعل يحد حد الزنا فانه ان كان محصنا يرجم وان لم يكن محصنا يجلد مائة جلدة
ایک گروہ کا یہہ مذہب ہی کہ فاعل پر حد زنا کی جاری ہو پھر اگر فاعل محصن ہی تو سنگسار کریں اور اگر محصن نہیں تو سو دُرّہ ماریں

وهو قول الشافعي وابي يوسف ومحمد بن الحسن والحسن البصري وعطاء والنخعي وقتادة والاوزاعي وذهب قوم
اور یہی قول شافعی اور ابو یوسف اور محمد بن الحسن اور حسن بصری اور عطاء اور نخعی اور قتادہ اور اوزاعی کا ہی اور ایک قوم کا یہہ مذہب ہی

الى انه يرجم محصنا كان او غير محصن وكذا المفعول به وهو قول مالك واحمد واستدلوا على ذلك بان الله تعالى
کہ سنگسار کریں محصن ہو یا غیر محصن اور ایسی ہی مفعول بہ کو اور قول مالک اور احمد کا یہہ ہی اور انکا استدلال یہہ ہی کہ اللہ تعالی

اهلك قوم لوط بالرجم كما قال فی محكم تنزيله وامطرنا عليهم حجارة من سجيل ووجه الاستدلال ان شرايع
نے قوم لوط کو پتھراؤ سے ہلاک کیا چنانچہ اپنی کتاب میں فرمایا ہے اور برسائے ہم نے اوپر پتھر جان کنکر کے وجہ استدلال کی یہہ ہے کہ پہلی شریعتیں

من قبلنا شريعة لنا اذا قصته بلا انكار ولم يظهر نسخها وقد حكيت بلا انكار ولم يظهر نسخها بل روی انه عليه السلام
بعینہ ہماری شریعت ہیں اگر اونکا بیان بلا انکار چلا آوے اور اونکا نسخ ظاہر نہووے اور اسکی حکایت بلا انکار ہے اور اسکا نسخ بھی ظاہر نہیں ہے بلکہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام

قال من وجدتموه يعمل عمل قوم لوط فاقتلوا الفاعل والمفعول به واتفق عليه الصحابة وان اختلفوا فی كيفيته فان
فرمایا جسکو دیکھو کہ عمل قوم لوط کا کرتا ہے تو فاعل اور مفعول ہر دو کو قتل کرو اور صحابہ تمام اسپر متفق ہیں اگرچہ طریقہ قتل میں مختلف ہیں کیونکہ

اربعة من الخلفاء احرقوه وهم ابوبكر وعلی وعبد الله بن زبير وهشام بن عبد الملك ويروی عن ابی بكر انه قال هدم
چار خلفاء نے اسکو جلا دیا ہے یعنی ابوبکر اور علی اور عبد اللہ بن زبیر اور ہشام بن عبد الملک نے اور ابوبکر سے یہہ بھی روایت ہے کہ کہتا تھا اوسکے اوپر

عليه البيت وقال ابن عباس ينظر اعلی بناء فيرمی منه منكوسا ثم يتبع بالحجارة لان قوم لوط اهلكوا كذلك حيث
گھر کو گرا دیں اور ابن عباس کہتے ہیں ایک بلند مکان تجویز کر کے اوسپر سے سر کے بل گرا دیں پھر ترت پتھر ماریں اسلئے کہ قوم لوط اسیطرح ہلاک کیا گیا ہے کیونکہ

حملت قريتهم ونكست بهم ولا شك فی اتباع الهدم بهم حال نزولهم وذكر صدر الشريعة فی درر الاحكام ان الصحابة
اونکے گانوکو اوٹھا کر اولٹا دیا تھا اور بیشک جب وہ گرے ترت اونکے اوپر مکان گرے اور صدر الشریعہ نے درر الاحکام میں ذکر کیا کہ صحابہ

اختلفوا فی موجبه من الاحراق بالنار وهدم الجدار والتنكيس من محل مرتفع واتباع الاحجار وعند ابی حنيفة يعزر
اسکی سزا میں یعنی آگ میں جلانا اور اوپر دیوار گرانا اور اونچے مکان سے اوندھا گرا کر ترت پتھر مارنے میں اختلاف کرتے ہیں اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک کوئی ایسی

بامثال هذه الامور وهذا هو المناسب فی هذا المحل لغلظ الجناية ووجود الموافقة للصحابة فان التعزير بهذا الوجه و
تعزیر کریں اور اس محل میں یہہ ہی مناسب ہے کیونکہ گناہ بہت سخت ہے اور صحابہ کی رائے سے اتفاق ہے بیشک اسطرح کی تعزیر

ان كان فوق الحد لكن يجوز على طريق السياسة حتى لا يبقى للوطی رخصة فی الميل الی اللواطة فان عدم لزوم الحد
اگرچہ حد سے زیادہ ہے لیکن سیاست کی واسطے جایز ہے تاکہ لوطی کی واسطے لواطت کی طرف میلان رغبت کا باقی رہے اور حد کا لازم نہونا

فيها عند ابی حنيفة ليس لخفة امرها فان حرمتها عنده وعند جميع العلماء اعظم من حرمة الزنا بل لكون خبثها
اس گناہ میں امام ابو حنیفہ کے نزدیک اسلئے نہیں ہے کہ بسبب وہ ہلکا ہے کیونکہ اسکی حرمت تو اونکی اور تمام علماء کی نزدیک زنا کی حرمت سے بڑھکر ہے بلکہ اسکی خباثت

مركوزا فی الطباع لان المحل مستقذر لا يميل اليها من له طبع سليم ولا نستند علی زاجر للامتناع عنها بل اكتفی فيها
جو دلوں میں گڑی ہوئی ہے کیونکہ یہہ جگہ نجس ناپاک ہے جسکی طبیعت سلیم ہے ادہر کبھی خیال نہیں کرتا اور اسکو کسی زاجر مانع کی حاجت ہے بلکہ اسمیں نفرت طبعی

بالمانع الطبعی كما اكتفی به فی اكل الرجيع وشرب البول لكن لما كان فی النفوس الخبيثة المتعدية لحدود الله تعالى اقوی الدواعی
روکنے کو کافی ہے جیسے کہ نفرت طبعی گوہ کھانے اور موت پینے میں کافی ہے لیکن چونکہ خبیث نفسوں کو جو حدود الٰہی سے تجاوز کرتے ہیں اودہر بڑا شوق ہے تو خوب سختی کے

اليها وجب الزجر عنها بابلغ وجه فانها فی هذا الزمان قد شاعت فی هذه الامة المحمدية وانتشرت بين عربها وعجمها وعالمها
روکنے کو واجب ہوا کیونکہ لواطت اس زمانہ میں درمیان امت محمدی کے بہت پھیل گئی ہے اور درمیان عرب اور عجم کے اور عالم اور

جاهلها وخواصها وعوامها وبلغت مبلغا كانوا يفتخرون بها ويلومون من لا امرد له ويطعنون فيه ويقولون انه
جاہل اور خاص وعام میں منتشر ہو کر یہہ نوبت ہو گئی ہے کہ اسمیں فخر کرتے ہیں اور جسکے پاس امرد نہووے اوسکو ملامت اور طعن کرتے ہیں کہتے ہیں یہہ

ليس بآدمی ولا مذاق له ويفتخرون بقيام الامرد بين ايديهم ويلبسونه احسن الثياب من المحرمات ليری على احسن
کیا آدمی ہے اسکو کچھ مذاق نہیں ہے اور ناز کرتے ہیں کہ اونکے سامنے امرد موجود ہے اور اسکو اچھے اچھے حرام کپڑے پہناتے ہیں تاکہ اچھی صورت نظر آوے

الهيئة وقد روی انه عليه السلام قال من سره ان يتمثل له الرجال قياما فليتبوأ مقعده من النار فان هذا الوعيد
اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جسکو پسند آوے کہ مرد اوسکی آگے تصویر کی طرح کھڑے رہیں تو وہ اپنی بیٹھک دوزخ میں بنا دے بیشک یہہ وعید

في قيام الرجال فكيف في قيام المردة الذين لا يجوز النظر اليهم على ما ذكر في النوازل ان الغلام اذا كان صبيحا لا يجوز
مردوں کی قیام میں بھی پس امردوں کی قیام پر جنکی طرف دیکھنا ہی جایز نہیں دیکھنی کیا ہوتا ہے چنانچہ نوازل میں مذکور ہے کہ اگر لڑکا خوبصورت ہو تو اوسکی طرف دیکھنا جایز نہیں ہے

النظر اليه لما روى انه عليه السلام قال واياكم ومجالسة اولاد الاغنياء فان لهم صورة العورة وفتنتهم اشد من
کیونکہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا بچو اولاد اغنیا کی ہمنشینی سے کیونکہ انکی صورت عورت کی سی ہوتی ہے اور اونکا فتنہ عورتوں کی

فتنة النساء وذكر في ملتقط الناصري ان الغلام اذا بلغ مبلغ الرجال ولم يكن صبيحا فحكمه حكم الرجال وان كان
فتنہ سے بڑھکر ہے اور ملتقط ناصری میں مذکور ہے کہ لڑکا جب مردوں کی حد کو پہنچی اور خوب صورت نہو تو اوسکا حکم مردوں کا سا ہے اور اگر

صبيحا فحكمه حكم النساء وهو عورة من قرنه الى قدمه لا يحل النظر اليه عن شهوة واما السلام والنظر لا عن شهوة
خوب صورت ہو تو اوسکا حکم عورتوں کا سا ہے اور وہ عورت ہے سر سے پانوں تک بنظر شہوت اوسکو دیکھنا حلال نہیں ہے اور سلام کرنی اور بے شہوت دیکھنے میں

فلا باس به ولهذا لم يؤمر بالنقاب وقد جاء في الاخبار ان عبد الله بن عمر كان جالسا في باب داره مع بعض اصحابه
کچھ مضائقہ نہیں اور اسی لئے اوسکو منہ ڈھکنے کا حکم نہیں ہے اور اخبار میں آیا ہے کہ عبد اللہ بن عمر اپنی گھر کی دروازہ میں اپنی یاروں کی ساتھ بیٹھے تھے سو دیکھا انہوں نے

فرأى غلاما صبيحا قد اقبل من السكة فقام ودخل داره فلما قالوا ذهب خرج من الدار فقيل له هذا من عندك
ایک لڑکا خوب صورت دیکھا کہ کوچہ میں سے سامنے آگیا تو کھڑے ہو کر گھر میں گھس گئے جب یاروں نے کہا وہ چلا گیا تب گھر میں سے نکلے کسی نے پوچھا یہ اپنی طرف سے احتیاط ہے

يا ابا عبد الرحمن ام سمعت شيئا من رسول الله عليه الصلوة والسلام فقال سمعت رسول الله عليه السلام يقول النظر
یا ابو عبد الرحمن یا کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے جواب دیا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے کہ لڑکوں کی طرف

اليهم حرام والكلام معهم حرام ومجالستهم حرام وقال القاضي سمعت الامام يقول ان مع كل امرأة شيطانين ومع
دیکھنا حرام ہے اور بولنا حرام ہے اور ہمنشینی حرام ہے اور قاضی کہتا ہے میں نے امام سے سنا ہے کہتے تھے بیشک ہر عورت کی ساتھ دو شیطان ہوتے ہیں اور ہر

كل صبي ثمانية عشر شيطانا وكان محمد بن الحسن صبيحا وكان ابو حنيفة يجلسه خلفه او خلف سارية المسجد
خوبصورت لڑکے کی ساتھ اٹھارہ شیطان ہوتے ہیں اور محمد بن الحسن خوبصورت تھے امام ابو حنیفہ باوجود کمال تقوی کی اونکو اپنی پشت پیچھے بٹھایا کرتے تھے یا مسجد کی ستون

حتى لا يقع عليه بصره مخافة خيانة العين مع كمال تقواه وقال سفيان يكون في هذه الامة ثلثة اصناف من
تاکہ اونپر نگاہ نہ پڑے مبادا آنکھ سے خیانت ہو جائے اور سفیان کا قول ہے کہ اس امت میں تین قسم کی لوطی ہونگے

اللوطيين صنف ينظرون وصنف يصافحون وصنف يعملون والشر في الصبيان اكثر من النساء لان من مال قلبه الى
ایک قسم بانپنی والی نظرباز اور ایک قسم دست بوسی کرنیوالی اور ایک قسم عمل کرنیوالی اور لڑکوں میں بہ نسبت عورتوں کی بڑا فتنہ ہے اسلئی کہ اگر کسیکا دل عورت پر

امرأة يمكن استباحتها بالنكاح والنظر الى وجه الصبي يورث الحب فلا يمكن استباحة اللواطة بوجه من الوجوه
مبتلا ہو تو اوسکا مباح کرنا بوسیلہ نکاح کی ممکن ہے اور لڑکوں کو دیکھنا جو عشق پیدا کرتا ہے تو لواطت کا مباح ہونا ہرگز کسی صورت میں ممکن نہیں ہے

فاذا غلب عليه محبته يرتكب الفعل القبيح ويكون من الهالكين المستهزئين بايات الله تعالى ودينه اذ قد يشتد بينهما
پھر جب اوسکا عشق غالب ہو جائگا تو فعل بد کریگا اور ہلاک ہو کر آیات اور دین الٰہی سے ٹھٹھا کرنیوالوں میں ٹھہریگا کیونکہ بعضی دفعہ دونوں میں

الاتصال ويحصل فيهما من الاقتران والمخالطة مثل ما يحصل بين الزوجين حتى ان فجار الفسقة يسمونهما زوجين
نہایت محبت ہو جاتی ہے اور ہر دم کی ملاقات اور رلنا ملنا ایسا ہوتا ہے جیسے میاں بی بی میں یہاں تک کہ فاسق بدکار اونکو خصم جورو نام رکھتے ہیں

ويقولون تزوج فلان بفلان والحاضرون يسمعون قولهم ويرون حالهم ولا يمنعونهم بل يضحكون ويعجبهم مثل ذلك
اور کہتے ہیں فلانے نے فلانے کو جورو بنایا ہے اور پاس بیٹھنے والے انکی یہ باتیں سنا کرتے ہیں اور انکا حال دیکھا کرتے ہیں اور منع نہیں کرتے بلکہ ہنسا کرتے ہیں اور ایسی ہی باتیں

المزاح ولا يبالون بخروج الايمان والاسلام عنهم وقد قال قاضيخان في فتاواه يكره بيع الغلام الامرد من رجل فاسق
پسند آتی ہیں اور ایمان اور اسلام جاتے رہنے کا کچھ خیال نہیں کرتے اور قاضیخان نے اپنی فتاوی میں کہا ہے امرد غلام کا مرد فاسق کے ہاتھ بیچنا مکروہ ہے

يعلم انه يعصي الله تعالى به لانه اعانة على المعصية واتفق العلماء من السلف والخلف على كون اللواطة حراما
اور جانتا ہو کہ اسکا نافرمان ہے کیونکہ یہ بھی معصیت کی امداد ہے اور تمام علماء متقدمین اور متاخرین لواطہ کو حرام کہتے ہیں

لانه تعالى خلق الخلق ذكرا وانثى وخلق لكل منهما اعضاء ليصرف كل واحد من تلك الاعضاء الى ما خلق
کیونکہ اللہ تعالی نے خلق کو نر اور مادہ پیدا کیا ہے اور ہر ایک کو اعضاء الگ الگ دیئے تاکہ ہر ایک نر و مادہ اپنے اپنے تمام اعضاء کو اوسی صرف کرے جس واسطے پیدا کئے ہیں

له وجعل الانثى محلا للحرث كما اخبر به في كتابه وقال نساؤكم حرث لكم فأتوا حرثكم انى شئتم فهل يليق للعاقل
اور عورت کو محل پیدائش کا بنایا چنانچہ اپنی کتاب میں خبر دی ہے عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تمہاری سو جاؤ اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو پھر عاقل کو کیا

ان يصرف عضوا من اعضائه الى غير ما خلق له وهل يمكن له الحرث فيما ليس محلا للحرث فان قيل سلمنا ان الغلام
کہ اپنی کسی عضو کو تمام اعضا میں سے خلق الہی کے بے محل صرف کرے بھلا کھیتی کب ممکن ہے ایسی جگہہ جو محل کھیتی کا نہیں پھر اگر کوئی کہے کہ یہ تو مانا کہ لڑکا

ليس محلا للحرث لكنه محل لقضاء الشهوة واستيفاء اللذة فاذا كان مملوكا لم لا يجوز لصاحبه ان يتصرف فيه
کھیتی کا محل نہیں ہے لیکن محل قضاء شہوت کا اور استیفاء لذت کا تو ہے پھر اگر وہ مملوک ہووے تو مالک کو کیوں نہیں ویسا تصرف کرنا جائز ہے

كما يتصرف في سائر املاكه من المأكولات والملبوسات فالجواب ان الانسان وان كان له ان يتصرف في ماله لكنه
جیسے اور تمام املاک میں تصرف کرتا ہے کھانے اور پہننے میں تو جواب یہ ہے کہ بیشک آدمی کو اگرچہ اوسکی مال میں ہر طرح کا تصرف حاصل ہے پر اوسکو

محجور عن التصرف التام فيه لان ما في يده من المال ليس له في الحقيقة بل هو في يده عارية اذن له في الشرع ان يتصرف
تمام میں پوری تصرف سے ممانعت ہے اسلئے کہ جو مال اسکی قبضہ میں ہے حقیقت میں اسکا نہیں ہے بلکہ اسکی قبضہ میں مستعار ہے شرع نے یہ اجازت دی ہے کہ اوس میں

فيه بوجه ومنع عن التصرف فيه بوجه اخر ولم ياذن له الشرع ان يتصرف في هذا المحل المكروه لغاية خباثة ونهاية
ایک طرح کا تصرف کرے اور ممانعت ہے کہ ایک اور وجہ سے تصرف نکرے اور شرع نے اجازت نہیں دی کہ اس محل مکروہ میں تصرف کرے کیونکہ غایت درجہ کی خباثت اور نہایت درجہ کی

قذارته الا ترى ان وطي الزوجة في القبل مع كونه حلالا قد وقع المنع عنه حال الحيض لاجل الاذى بقوله تعالى
نجاست ہے کیا معلوم نہیں کہ جماع بی بی کا قبل میں باوجودیکہ حلال ہے کبھی اوس سے بھی ممانعت ہے جیسے حیض میں گندگی کی سبب سے واسطے ارشاد الہی کے

ويسئلونك عن المحيض قل هو اذى فاعتزلوا النساء في المحيض وهي ايام يسيرة من الشهر فكيف لا يمنع عن موضع
اور پوچھتے ہیں تجھسے حکم حیض کا تو کہہ وہ گندگی ہے سو تم پرے رہو عورتوں سے حیض کی وقت اور وہ تمام مہینے میں چند روز ہوتا ہے پھر کیونکر نہ ممانعت ہوگی ایسی جگہ

لا يفارقه النجاسة التي اشد من دم الحيض اصلا فعلم من هذا ان مجرد الملك لا يقتضي التصرف فيما لم ياذن فيه
جہاں سے نجاست کبھی دور نہیں ہوتی جو کہ حیض کی خون سے زیادہ تر نجس ہے اس سے معلوم ہوا کہ صرف ملکیت سے یہ نہیں ہو سکتا کہ بدون اذن شرع کے سب تصرف کیا کرے

الشرع الا ترى ان الامة المجوسية او الوثنية مع كونها محلا للحرث لا يجوز لصاحبها ان يتصرف فيها بالتقبيل والتفخيذ
دیکھتا نہیں کہ لونڈی مجوسیہ آتش پرست یا وثنیہ بت پرست باوجودیکہ محل کھیتی کا ہے لیکن اوسکی مالک کو جائز نہیں کہ اوس میں کچھ تصرف کرے بوسہ لینا یا تفخیذ وغیرہ

وغيرها من دواعي الجماع فضلا عن الجماع وكذا البهيمة مع كونها محلا لقضاء الشهوة لا يجوز لمالكها قضاء الشهوة فيها
جو جماع کی لوازم ہیں جماع کی تو کہاں نوبت ہے اور ایسی ہی چوپایہ باوجودیکہ اوس سے قضاء شہوت ہو سکتی ہے پر مالک کو چوپایہ سے قضاء شہوت جائز نہیں ہے جب یہ بات مستحکم ہوئی

اذا تقرر هذا فالواجب على كل مسلم ان يحترز عن هذا الفعل القبيح لما روي انه عليه السلام قال من عمل قوم لوط
تو ہر مسلم پر واجب ہے کہ ایسی فعل بد سے کنارہ کرے کیونکہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جسنے قوم لوط کا سا عمل کیا

يعذب في النار منكوسا وروي ايضا انه عليه السلام قال اذا علا الذكر الذكر اهتز العرش وتقول السموات مرنا
دوزخ میں اوندھا اوسکو جلایا جاویگا اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ جب مرد پر مرد چڑھتا ہے تو عرش کانپ اٹھتا ہے اور افلاک کہتے ہیں کہ اے رب ہمکو

يا رب باهلاكه وتقول الارض يا رب مرنا ان نبتلعه فيقول الله تعالى دعوه فان طريقه على وقوفه بين يدي
حکم دے اسکو ہلاک کر ڈالیں اور زمین کہتی ہے اے رب ہمکو حکم ہو تو اسکو نگل جاویں اللہ تعالی فرماتا ہے تم جانے دو اسکا رستہ میری طرف ہے آخر میری سامنے کھڑا ہونا ہے

وروي ايضا انه عليه السلام قال لو اغتسل اللوطي بالبحار السبع لم يجئ يوم القيامة الا جنبا ذكر في الفتاوى
اور یہ بھی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا لوطی اگرچہ ساتوں دریا میں نہاوے پر قیامت کے دن ناپاک ہی آویگا اور فتاوی

الصغرى عن سفيان ان اللواطة لا تكون في الجنة لان الله تعالى استبعدها واستقبحها وقال ما سبقكم بها
صغریٰ میں سفیان سے نقل ہے کہ لواطت جنت میں نہیں ہوگی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسکو بہت مستبعد اور برا ٹھہرایا ہے اور فرمایا تم سے پہلے نہیں کی

من احد من العلمين وسماها خبيثة حيث قال ونجيناه من القرية التي كانت تعمل الخبائث والجنة منزهة
یہ کسی نے جہان میں اور اسکا نام خبیثہ رکھا جہاں کہ بیان کیا ہے اور بچایا ہم نے اسکو اوس بستی سے جو کرتی تھی گندے کام اور جنت میں

عن الخبائث قيل قد يعلم من هذا ان الجنة لكونها طيبة لطيفة في غاية اللطافة اذا كانت لا تقبل اللواطة
خبائث کا کیا کام ہے کسی نے یہ تقریر کی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جنت چونکہ طیب اور غایت درجہ کی پاکیزہ ہے جب اسمیں لواطت نہیں ہو سکتی

لكونها فعلا خبيثا يلزم ان لا يقبل من يفعلها في الدنيا لكونه خبيثا حسيا في غاية الخباثة والخساسة لان
کیونکہ فعل خبیث ہے تو لازم آتا ہے کہ جو اسکو دنیا میں کرے … کیونکہ غایت درجہ کا خسیس ہے اسلئے کہ

المتصف بالخبث خبيث الا ان يتداركه الله بالتوبة النصوح الماحية لجميع الذنوب المجلس الثامن
جو خباثت کا کام کرے وہ بھی خبیث ہوتا ہے مگر اس صورت میں کہ اللہ تعالیٰ توبہ خالص سے اسکا تدارک کرے جس سے تمام گناہ دور ہو جاتے ہیں اٹھترویں مجلس

والسبعون في بيان حرمة شرب الخمر وبيان عقوبتها

قال رسول الله صلى الله
میں بیان شراب کی حرمت … اور اوسکی عقوبت کا … رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم من شرب الخمر في الدنيا فمات وهو يدمنها ولم يتب منها لم يشربها في الاخرة هذا الحديث
علیہ وسلم نے فرمایا جسنے دنیا میں شراب پی پھر مر گیا اور ہمیشہ پیتا رہا اور توبہ نکی تو قیامت میں اوسکو نہ پیویگا یہ حدیث

من صحاح المصابيح رواه ابن عمر ومعناه ان من داوم على شرب الخمر فمات ولم يتب منها لا يدخل الجنة
مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہے ابن عمر کی روایت ہے اسکے معنی یہ ہیں جو ہمیشہ شراب پیتا رہے پھر مر گیا اور توبہ نہ کی تو جنت میں نہیں جاویگا

ولا يشرب من خمرها لان نوعا من شرابها الخمر لقوله تعالى وانهر من خمر لذة للشاربين يعني ان في
اور نہ وہاں کی شراب نصیب ہوگی اسلئے کہ ایک قسم وہاں کی شراب خمر ہے دلیل اسکی آیت کہ اور نہریں ہیں شراب کی جسمیں مزہ ہے پینے والوں کا مراد یہ ہے کہ

الجنة انهارا من خمر لذيذة ليس فيها كراهة الطعم والريح ولا غائلة السكر والخمار وانما هي تلذذ محض
جنت میں مزہ دار شراب کی نہریں ہیں جسمیں نہ بدمزگی ہے اور نہ بو مکروہ ہے اور نہ نشہ اور خمار کا وہ خالص مزہ ہی مزہ ہے

يتلذذ بها الشاربون فمن يدخل الجنة لا بد ان يشرب منها ولا يكون محروما عنها فيكون عدم شربه
پینے والی مزہ اوڑاوینگے پھر جو جنت میں جاویگا وہ بالضرور پیویگا اوسسے محروم ہرگز نہ ہوگا اب مطلب شراب کا

منها كناية عن عدم دخوله فيها بسبب شرب الخمر في الدنيا لان خمر الدنيا حرام نجس نجاسة غليظة لا يحل
اشارہ ہے کہ دنیا کی شراب پینے سے جنت میں نہ جاویگا کیونکہ دنیا کی شراب حرام ناپاک مغلظہ ہے اوسکا پینا حلال نہیں

شربها ومن شربها طائعا ولو قطرة يقام عليه الحد وهو ثمانون جلدة للحر ونصفها للعبد فان لم يضرب
ہے اور جو شخص خوشی خاطر اگرچہ ایک قطرہ پیوے اوسپر حد جاری کیجاویگی یعنی اسی دُرّہ آزاد کی اور چالیس دُرّہ غلام کی اگر دنیا میں مار نہ لگی

في الدنيا يضرب في الاخرة بسياط من النار على رؤس الاشهاد ويكفر مستحلها ويحرم بيعها وشراؤها واكل
تو آخرت میں آگ کے دُرّہ سے سب کے سامنے لگیگی اور جو شخص حلال سمجھے وہ کافر ہے اور اوسکا بیچنا اور خریدنا اور اوسکی قیمت

ثمنها ويمنع اهل الذمة من اظهار شربها وبيعها وقد ذكر في كتب الفقه ان اجارة بيت بالامصار وبقراها
کھانا حرام ہے اور ذمی لوگ … منع کیے جاویں اور فقہ کی کتابوں میں مذکور ہے کہ گھر کو کرایہ دینا شہروں میں اور … قریوں میں شراب

ممن يبيع فيه الخمر مسلما كان او كافرا لا يجوز لانه اعانة على المعصية وقد قال الله تعالى وتعاونوا على البر
فروش کو مسلم ہو یا کافر جایز نہیں ہی اسواسطی کہ معصیت کی امداد ہی اور اللہ تعالی کا یہہ حکم ہی اور آپسمین مدد کرو نیک کام پر اور
والتقوى ولا تعاونوا على الاثم والعدوان وما نقل عن ابي حنيفة انه جوز ذلك في السواد فمراده بالسواد على
پرہیزگاری پر اور مدد نکرو گناہ پر اور زیادتی پر اور یہہ روایت جو ابو حنیفہ سی منقول ہی کہ سواد میں بیچنا یا کرایہ دینا جایز ہی سواد کی مراد سواد ہی
ما صرح به العلماء سواد الكوفة لان غالب اهلها كان اهل الذمة واما سواد بلادنا فاعلام الاسلام فيها
موافق تصریح علماء کی گروہ کوفہ کا ہی اسلئی کہ اکثر باشندہ ذمی تھی اور ہماری شہروں کا گردا گرد سو اسلام کی نشانیاں
ظاهرة فلا يمكنون فيها كما لا يمكنون في الامصار وهو الصحيح وقد ذكر في نصاب الاحتساب ان المحتسب لو احرق بيت
غالب ہیں یہاں اونکو اتنی قدرت کہاں جیسی شہروں میں قدرت نہیں یہہ صحیح ہی اور نصاب الاحتساب میں مذکور ہی کہ محتسب اگر ایسا مکان جو
الخمار المشهور لا يضمن اذا علم انه لا ينزجر بدونه لتعينه طريقا للحسبة نعم ان اصحابنا لم يرو عنهم في
شراب خانہ مشہور ہو پھونک دی تو ضمان نہیں آتا اگر سمجھی کہ بدون اسکی نہ باز آویگا کیونکہ یہی طریقہ احتساب کا ہی ہان ہماری علماء سی دربارہ جلا دینی کلال خانہ کی
احراق البيت شيء وانما روي عنهم هدم البيت وكسر الدنان لكن ذكر في الفصل الثامن من كتاب الصلوة من
کوئی روایت نہیں ہی اونسی یہی روایتیں ہیں کہ کلال خانہ کو گرا دی اور مٹکی توڑ دی لیکن محیط کی آٹھویں فصل میں کتاب الصلوۃ میں مذکور ہی
المحيط انه عليه السلام قال لقد هممت ان آمر رجلا يصلي بالناس وانظر الى قوم يتخلفون عن الجماعة فاحرق
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا میں نے ارادہ کیا تھا کہ ایک شخص واسطی امامت نماز جماعت کی مقرر کروں اور میں اون لوگوں کو دیکھوں جو جماعت سی پیچھی رہ جاتی ہیں پھر اونکی گھر
بيوتهم وهذا الخبر يدل على جواز احراق بيت من يتخلف عن الجماعة لان الهم على المعصية لا يجيء من الرسول لانه
پھونک دوں اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ تارک جماعت کا گھر پھونک دینا جایز ہی اسواسطی کہ عزم معصیت کا رسول سی نہیں ہو سکتا کیونکہ یہہ بھی
معصية فاذا علم جواز احراق البيت على ترك السنة المؤكدة فما ظنك في احراق البيت على ترك الواجب
معصیت ہی پھر جب گھر کا پھونک دینا سنت مؤکدہ کی ترک سی جایز ہو تو اب گھر جلانی میں ترک واجب اور فرض پر تیرا خیال کیا ہی
والفرض وقد ذكر في الباب الثلثين من شرح ادب القاضي للخصاف ان عمر خطب الناس يوما فقال بلغني ان في بيت
اور خصاف کی شرح ادب القاضی کی تیسویں باب میں مذکور ہی کہ عمر رضی اللہ عنہ نی ایکروز لوگوں کو خطبہ سنایا کہا میں نی سنا ہی کہ
فلان وفلان مسكرا فاني آتي بيوتهما فان كان حقا احرق بيوتهما وهما رجلان رجل من قريش ورجل من
فلانی اور فلانی کی گھر میں شراب ہی میں اونکی تلاشی لونگا اگر سچ نکلا تو اونکی گھر پھونک دونگا اور وہ دو شخص ایک تو قریش میں سی تھا اور ایک
ثقيف فسمع القريشي بذلك فحذر واخرج ما في بيته من المسكر واراقه ولم يفعل الثقفي وكان اسمه رشد فاتى
ثقیف میں سی سو قریشی نی یہہ بات سنی ڈر ا اور جو اوسکی گھر میں نشہ تھا سب پھینک دیا اور ثقفی نی کچھ پروا نکی اور اوسکا نام رشد تھا پھر
عمر بيت القريشي فلم يجد فيه شيئا من المسكر واتى بيت الثقفي فوجد فيه خمرا فاحرق بيته وقال انت
عمر نی قریشی کی گھر کی تلاشی لی تو نشہ کچھ نہ پایا پھر ثقفی کی گھر گئی تو وہان شراب موجود تھی سو اوسکا گھر پھونکدیا اور فرمایا تو رشد
بمرشد قد علم من هذا الاثر ان المحتسب اذا بلغه خبر من المنكرات ينبغي له ان يعلنه ويهدد عليه لان عمر
نہیں ہی اور اس اثر سی معلوم ہوا کہ محتسب جب منکرات کی خبر سنی تو اوسکو چاہیی کہ مشہور کری اور دھمکاوی کیونکہ عمر نی
لما بلغه خبر المسكر اعلنه في خطبته ووعظه وهدد عليه باحراق البيت واتعظ القريشي فلم يحرق بيته
جب شراب کی خبر سنی تو خطبہ اور وعظ میں ظاہر کیا اور گھر پھونکنی سی دھمکایا اور قریشی نی تو نصیحت مانی اوسکا گھر بچا
ولو يتعظ الثقفي فاحرق بيته لانه هدد به فلا يليق بالسياسة ان يهدد بشيء ثم لا ياتي به وقد روي ان نفرا
اور ثقفی نی پند نمانی سو اوسکا گھر جلا دیا کیونکہ یہی دھمکی دی تھی پھر سیاست کی خلاف ہی کہ دھمکی تو دیوی اور اوسپر عمل نکری اور روایت ہی کہ اہل شام

اهل الشام شربوا الخمر وقالوا هی لنا حلال لانه تعالی قال لیس علی الذین امنوا وعملوا الصلحت جناح فیما طعموا
میں سے چند آدمیوں نے شراب پی اور کہنے لگے کہ ہمکو حلال ہے اسلئے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کئے انپر نہیں گناہ جو کچھ پہلے کھا چکے

فکتب فیهم الی عمر بذلك وكتب عمر ان ابعثوا بهم الی فلما قدموا جمع لهم عمر رض اصحاب رسول الله علیه السلام
سو یہ حال عمر کی پاس لکھی آئی عمر نے جواب لکھا کہ اونکو یہاں بھیجدو جب وہ آئے تو عمر رض نے اونکی لئے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جمع کر کر

وشاورهم فیهم فقالوا یا امیر المؤمنین انهم افتروا علی الله تعالی وشرعوا فی دینه ما لم یاذن به فاضرب اعناقهم
مشورہ کیا سب نے کہا یا امیر المؤمنین ان لوگوں نے اللہ پر افترا کیا اور اوسکی دین میں نیا راہ نکالا جسکی اجازت نہیں ہے سو انکو قتل کر

وعلی فی القوم ساکت فقال له عمر ما تری فیهم یا علی فقال اری ان تستتیبهم فان تابوا فاضرب کل واحد منهم
اور علی رض سب میں چپ تھے عمر رض نے اونسے پوچھا یا علی اس باب میں آپکی کیا رائے ہے کہا میری نزدیک انسے توبہ کراؤ اگر توبہ کریں تو ہر ایک کی

ثمانین جلدة وان لم یتوبوا فاضرب اعناقهم فاستتابهم فتابوا وضرب کل واحد منهم ثمانین جلدة والجواب
اسی اسی درے مارو اور اگر توبہ نکریں تو انکو قتل کرو سو اونسے توبہ کرائی تو انہوں نے توبہ کی اور ہر ایک کی اسی اسی درے ماری اور جواب

عن الآیة التی استدلوا بها علی اباحة الخمر ما روی عن ابن عباس انه قال لما نزل تحریم الخمر قالوا یا رسول الله کیف
اوس آیت کا جس سے انہوں نے اباحت خمر پر حجت کی تھی یہہ ہے جو روایت ہے ابن عباس سے کہ جب شراب کی حرمت قرآن میں آئی تو لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ

باخواننا الذین ماتوا وهم یشربون الخمر فنزل قوله تعالی لیس علی الذین امنوا وعملوا الصلحت جناح فیما طعموا
ہماری بھائیوں کا کیا حال ہوگا جو مر گئے اور شراب پیتے تھے تب یہہ آیت اتری جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کئے اونپر نہیں گناہ جو کچھ پہلی کھا چکی

یعنی ان الذین شربوا الخمر قبل تحریمها لا اثم علیهم انما الاثم علی الذین یشربونها بعد تحریمها فان قیل تحریم
مراد یہہ ہے کہ جنہوں نے حرام ہونے سے پہلے شراب پی وہ گنہگار نہیں ہیں گنہگار وہی ہیں جو بعد حرمت کے پیتے ہیں اگر کوئی کہے کہ حرمت

شرب ما یزیل العقل الذی هو ملاك معرفة الله تعالی وشکر نعمه حسن لا شبهة فیه فلم کان حلالا للامم
ایسی چیز کے پینے کی جو عقل کو کہو دیوے کہ وہ معرفت الہی اور نعمتوں کی شکر کی جڑ ہے بہت خوب ہے اسمیں کچھ شبہہ نہیں ہے پھر پہلی امتوں کی واسطے کیوں حلال تھی

السالفة مع احتیاجهم الی ذلك فالجواب ان العقل لا یزول بشرب القلیل منه وانما یزول بالسکر والسکر حرام
اسکی وہ بھی تو حاجتمند تھی سو جواب یہہ ہے کہ تھوڑے سے میں عقل کم نہیں ہوتی عقل جب ہی جاتی ہے کہ نشہ چڑھے اور نشہ

فی جمیع الادیان لکن القلیل من الخمر قد حرمت علی هذه الامة المشهود لهم بالخیریة تکرمة لهم من الله تعالی
تمام دینوں میں حرام رہا ہے لیکن اس امت کی حق میں جسکی عمدگی کی گواہی گذر چکی ہے تھوڑی سی شراب بھی حرام ہو گئی ہے یہہ اللہ تعالی کی طرف سے کرامت ہے

لئلا یقعوا فی المحظور الذی هو السکر لان قلیلها یدعو الی کثیرها وهذا من خواصها ولهذا یزداد لذة شاربها
تاکہ نشہ میں جو کہ ممنوع ہے مبتلا نہو جاویں کیونکہ تھوڑی شراب بہت کا مزہ لگا دیتی ہے یہہ ہی اسکا خاصہ ہے اسیلئے شرابی کا مزہ شراب بڑھاتی ہی

بالاستکثار منها بخلاف سائر المشروبات فان قیل الداعی المذکور کان موجودا فیها فلم لم تحرم ابتداء ولم حرمت
زیادہ پینے سے برخلاف اور شربتوں کی اگر کوئی کہے کہ داعی یعنی خاصہ مذکور تو اوسمیں ہمیشہ موجود تھا پھر پہلی ہی ابتداء اسلام میں کیوں نہ حرام ہوئی

بالتدریج فالجواب ان الشهادة بالخیریة لم تکن اذ ذاك واما التدریج الطاری فلئلا یقع النفرة عن الاسلام فانهم فی
اور پھر آہستہ آہستہ کیوں حرام ہوئی تو جواب یہہ ہے کہ عمدگی کی گواہی ابتدا میں کہاں تھی اور یہی آہستگی سو اسلئے کہ اسلام کی نفرت لوگوں میں نہ آجاوے کیونکہ وہ لوگ

الجاهلیة کانوا مؤلفین بشربها فلکونهم مؤلفین بشربها اظهر الله تعالی فضله واحسانه ولم یحرمها دفعة واحدة
جاہلیت میں شراب کی بڑی شوقین تھی تو انکی شوق کی لحاظ سے اللہ تعالی نے اپنا فضل اور احسان ظاہر فرمایا یکلخت حرام نہ کی

بل بالتدریج حتی تواردت فی شانها اربع ایات نزل فی مکة قوله تعالی ومن ثمرات النخیل والاعناب تتخذون
بلکہ تدریج سے حرام کی یہاں تک کہ شراب کی باب میں چار آیتیں اوتریں مکہ میں تو یہہ آیت آئی اور میووں سے کھجور کی اور انگور کی بناتے ہو

منه سكرا ورزقا حسنا والمراد من السكر الخمر فقال كبراء الصحابة لو كان فيها خير لم تميز من الرزق الحسن

اوس سی نشہ اور روزی خاصی اور سکر سی شراب مراد ہی بڑی بڑی فہیم صحابہ قایل ہوئی کہ اگر شراب مین کچھ خوبی ہوتی تو رزق حسن سی الگ کیون ہوتی

فتركوها وخفى على غيرهم ان توصيف المعطوف بالحسن لا يخلوا عن الدلالة على ان فی المعطوف عليه قبحا فلم يتركوها

سو انہون نے ترک کی اور اور لوگون پر یہہ امر پوشیدہ رہگیا کہ معطوف کی موصوف ہونی مین خوبی سی تیرہ ہی دلالت ہی کہ معطوف علیہ مین کچھ برائی ہی سو انہون نی نہین چھوڑی

ثم ان عمر ومعاذا ونفرا من الصحابة قالوا يا رسول الله افتنا فی الخمر والميسر فان احدهما مذهبة للعقل والاخر

پہر عمر اور معاذ اور کئی اور صحابہ نی عرض کیا یارسول اللہ ہمکو شراب اور جوئی کا حکم بتاؤ بیشک ایک تو عقل کھو دیتا ہی اور دوسرا مال تلف

متلف للمال فنزل قوله تعالى يسئلونك عن الخمر والميسر قل فيهما اثم كبير ومنافع للناس واثمهما اكبر من نفعهما

کرتا ہی تب یہہ آیت آئی تجہسی پوچھتی ہین حکم شراب اور جوئی کا تو کہہ انمین گناہ بڑا ہی اور فائدی ہی ہین لوگون کو اور انکا گناہ فائدی سی بڑا ہی اس آیت مین

فانه تعالى لم يحرمهما بل ذمهما ونبه بذلك على ان اجتنابهما اولى من اقترافهما لان الحكم فی الامور للاغلب فامتنع كثير

بیشک اللہ تعالی نی شراب حرام تو نہیں کی بلکہ اوسکی ہجو کی اور اس سی آگاہ کیا کہ شراب سی کنارہ کرنا مست برتنی کی اولی ہی اسلئی کہ ہر کار مین حکم غالب پر ہوتا ہی پہر بہت لوگ

منهم عنهما فقالوا لا حاجة لنا فيما فيه اثم كبير وقال بعضهم ناخذ نفعهما ونترك اثمهما فلم يمتنعوا عنهما ثم ان عبد

دونوں سی باز آئی کہا ہمکو اوسکی کچھ حاجت نہین جسمین بڑا گناہ ہوتا ہو اور بعضی لوگ کہنی لگی ہم انکا فائدہ حاصل کرتی ہین اور گناہ ترک کرتی ہین سو دونوں سی باز نہ آئی پہر عبد الرحمن

الرحمن بن عوف صنع طعاما فدعا جماعة من الصحابة واتاهم بخمر فشربوا وسكروا وحضرت صلوة المغرب فقدموا

بن عوف نی ضیافت کا کہانا پکا کر ایک جماعت صحابہ کو طلب کیا اور شراب پیش کی پہر سب نی پی اور مست ہوگئی اور وہین مغرب کا وقت ہوگیا تو انہون نی ایک کو

احدهم فقرأ قل يا ايها الكافرون اعبد ما تعبدون بحذف لا الى اخر السورة بحذف لا فنزل قوله تعالى يا ايها الذين امنوا

امام کیا اونی اسطور پڑہا قل یاایہا الکافرون اعبد ما تعبدون آخر سورة تک یہی طرح لفظ لا کا ترک کر پڑہا پہر یہہ آیت اوتری اے ایمان والو

لا تقربوا الصلوة وانتم سكرى فهذه الاية اشد من الاولى لانه تعالى حرم فيها السكر فی مواقيت الصلوة لان مرجع

نزدیک نہو نماز کی جب تم کو نشہ ہو یہہ آیت پہلی آیت سی تیز ہی اسلئی کہ اللہ تعالی نی اس آیت مین اوقات نماز مین نشہ حرام کر دیا اسلئی کہ مآل

النهی ليس هو المقيد مع بقاء القيد مرخصا بحاله بل مرجع النهی انما هو القيد مع بقاء المقيد لازما بحاله

نہی کا مقید نہین ہی اگر قید جوں کی توں مرخص ہی بلکہ مآل نہی کا وہ قید ہی مقید سمیت لازم بحال

لان الصلوة كانت على المؤمنين كتابا موقوتا فكانه تعالى قال يا ايها الذين امنوا لا تسكروا فی اوقات الصلوة فترك

کیونکہ نماز مسلمانون پر فرض وقت بندہی ہوئی ہی تو گویا اللہ تعالی نی فرمایا اے ایمان والو نماز کی وقت نشہ مت کیا کرو پہر اکثر لوگون نی

اكثرهم شربها فشربها اقلهم فی غير اوقات الصلوة فمنهم من كان يشربها بعد صلوة العشاء فيصبح وقد زال عنه

شراب پینا ترک کیا اور کچھ لوگ سوای اوقات نماز کی پیتی رہی پہر بعضی ایسی تہی کہ نماز عشا کی بعد پیتی صبح ہوتی تک نشہ دور ہو جاتا

السكر ومنهم من كان يشربها بعد صلوة الصبح فيصحوا عند مجیء وقت الظهر فخلا اكثر اوقاتهم عن الشرب ثم قل

اور بعضی صبح کی نماز کی بعد پیتی تو وہ ظہر کی وقت تک ہوشیار ہو جاتی سو انکا اکثر وقت شراب سی صاف جاتا تہا اسمین دشوار کا

نقلهم الى التحريم المطلق ثم ان عتبان بن مالك دعا رجالا من المسلمين وشوى لهم راس بعير فاكلوا وشربوا الخمر

حرمت مطلقہ کی اوپر سہل ہوگئی پہر عتبان بن مالک نی کئی شخص مسلمان بلاکر اونکی لئی اونٹ کی سری بھونی پہر انہون نی کہانا کہایا اور شراب پی

فلما سكروا تفاخروا وتناشدوا الاشعار وكان فيهم سعد بن ابی وقاص فانشد شعرا فيه هجاء الانصار فاخذ رجل

جب مست ہوئی اپنی اپنی شیخی کرنی لگی اور شعر پڑہنی شروع کئی اس جماعت مین سعد بن ابی وقاص بہی تہی انہون نی انصار کی ہجو کی شعر پڑہنی شروع کئی پہر ایک شخص

منهم لحی البعير فضرب به راس سعد فشجه موضحة فانطلق سعد الى رسول الله عليه السلام فشكى اليه وكان

او نمین سی اونٹ کا جبڑا لیکر سعد کی سر پر جڑا کہ سر کہل گیا پہر سعد نی رسول اللہ صلی اللہ کی پاس آکر فریاد کی اور

اللهم

عمر حاضرا فقال اللهم بین لنا فی الخمر بیانا شافیا فنزل قوله تعالی یایها الذین امنوا انما الخمر والمیسر والانصاب
عمر اوس وقت حاضر تہی دعا کی یا الٰہی ہمپر شراب کا بیان شافی کہولدی پہر یہہ آیت اوتری ای ایمان والو یہہ جو ہی شراب اور جوا اور بت

والازلام رجس من عمل الشیطن فاجتنبوه لعلکم تفلحون انما یرید الشیطن ان یوقع بینکم العداوة والبغضاء
اور پانسی گندی کام ہین شیطان کی سو انسی بچتی رہو شاید تمہارا بہلا ہو شیطان یہہ ہی چاہتا ہی کہ ڈالی تم مین دشمنی اور بیر

فی الخمر والمیسر ویصدکم عن ذکر الله وعن الصلوة فهل انتم منتهون فقال عمر انتهینا یا رب فدلت هذه الایة
شراب سی اور جوئی سی اور روکی تمکو اللہ کی یاد سی اور نماز سی پہر اب تم باز آؤ گی عمر نی کہا ابہی ہم باز آئی اس آیت سی

علی تحریم الخمر قطعا من عشرة اوجه احدها انه تعالی قرنها بالمیسر الذی هو القمار وهو حرام بالاتفاق وکذا ما
شراب کی قطعی حرمت دس وجہ سی معلوم ہوتی ہی ایک یہہ کہ اللہ تعالی نی شراب کو میسر کی ساتہہ ذکر کیا میسر جو قمار ہی اور وہ بالاتفاق حرام ہی اور ایسی ہی جو

قرن به والثانی انه تعالی قرنها بالانصاب وهی فی الحرمة کذلک والثالث انه تعالی قرنها بالازلام وهی فی الحرمة
اوسکی ساتہہ ہووی اور دوسری یہہ کہ اللہ تعالی نی اوسکو انصاب کی ساتہہ ملایا انصاب بہی حرمت مین ویسی ہی ہین تیسری یہہ کہ اللہ تعالی نی ازلام کی ساتہہ متصل کیا وہ بہی حرمت

کذلک والرابع انه تعالی سماها رجسا وهو اسم للحرام النجس العین والخامس انه تعالی جعلها من عمل الشیطن تنبیها
ویسی ہی ہین اور چوتہی یہہ کہ اللہ تعالی نی اوسکا نام رجس رکہا اور رجس حرام نجس العین کو کہتی ہین اور پانچوین یہہ کہ اللہ تعالی نی اوسکو عمل شیطان کا قرار دیا اس تنبیہ کی

علی ان تعاطیها شر بحت والسادس انه تعالی امر باجتنابها والامر للوجوب فیلزم الامتثال والسابع انه تعالی وعد
واسطی کہ اسکا برتنا سر محض ہی اور چہٹی یہہ کہ اللہ تعالی نی ہمکو اوس سی کنارہ کرنیکا ارشاد کیا اور امر ہی مامور بہ واجب ہو جاتا ہی پہر اوسکی تعمیل ضروری ہی اور ساتوین یہہ کہ اللہ تعالی

الفلاح علی ذلک الاجتناب والفلاح لا یحصل الا باجتناب المحرم والثامن انه تعالی قال انما یرید الشیطن ان یوقع
نی اوس کنارہ کشی پر فلاح کا وعدہ فرمایا اور فلاح حرام سی کنارہ کشی بغیر حاصل نہین ہو سکتی آٹہوین یہہ کہ اللہ تعالی نی فرمایا شیطان یہہ ہی چاہتا ہی کہ تمہاری درمیان مین

بینکم العداوة والبغضاء وما یؤدی الی ذلک فهو حرام والتاسع انه تعالی بین ان مراد الشیطان ان یصدهم
دشمنی اور بیر پیدا کر دی اور جس سی دشمنی وغیرہ پیدا ہو وہ حرام ہی نوین یہہ کہ اللہ تعالی نی بیان کیا کہ شیطان کی یہہ غرض ہی کہ باز رکہی

عن ذکر الله وعن الصلوة وذلک حرام والعاشر انه تعالی امر بالانتهاء عنها والانتهاء لا یجب الا عما هو حرام
اور نماز سی روکدی اور یہہ سب حرام ہی دسوین یہہ کہ اللہ تعالی نی فرمایا اس سی باز آؤ اور باز آنا اوس سی واجب ہوتا ہی جو حرام ہووی

ثبت بهذه الوجوه حرمة الخمر قطعا فترکوا شربها جمیعا حتی روی عن انس انه قال کنت مع جماعة من الصحابة
اب ان وجوہات سی حرمت شراب کی قطعی ثابت ہوئی پہر سب نی اوسکا پینا ترک کیا یہان تک کہ انس سی روایت ہی کہ وہ کہتا ہی کہ مین صحابہ کی جماعت کی ساتہہ

فی دار ابی طلحة الانصاری وهو یشربون الخمر وانا ساقیهم اذ مر علینا رجل فقال ان الخمر قد حرمت فوالله
ابو طلحہ انصاری کی گہر مین تہا اور وہ شراب کا چل رہا تہا اور مین اونکو پلاتا تہا ناگاہ وہان ایک شخص آگیا کہا شراب تو بیشک حرام ہو گئی پہر خدا کی قسم

ما توقفوا وما سئلوا عنها حتی قالوا اهرق ما فی انائک یا انس فاهرقته وما عادوا فیها ابدا حتی لقوا الله تعالی وروی
ذرہ دیر نکی اور نہ کچہہ کہا یہہ ہی کہا انس جتنی تیری برتن مین ہی گرا دی سو مینی گرا دی اور کبہی پہر کبہی نہ پی یہان تک کہ مر گئی اور

عن علی انه قال لو وقعت قطرة منها فی البیر فبنیت مکانها منارة لم اؤذن علیها ولو وقعت قطرة منها
علی رضی سی روایت ہی کہ کہتی تہی کہ اگر شراب کی ایک بوند کوئی مین گر جاوی پہر کوئی کی جگہ مینار بناوین تو مین اوسپر اذان نہ پڑہوں اور اگر شراب کی ایک بوند

فی البحر ثم جف فنبتت فیه الکلاء لم ارعه وروی عن عثمان انه قال اجتنبوا الخمر فانها ام الخبائث
دریا مین گر پڑی پہر وہ خشک ہو کر گہاس جم آوی تو مین نہ چراوں اور عثمان رض سی روایت ہی کہ وہ کہتی تہی کنارہ کرو شراب سی بیشک یہہ تمام خبائث کی ماں ہی

فوالله لا یجتمع الایمان والخمر فی قلب رجل الا یوشک ان یذهب احدهما بالاخر
قسم ہی اللہ کی کہ کسی شخص کی دل مین ایمان اور شراب دونوں جمع نہیں ہوتی مگر قریب ہی کہ انمیں سی کوئی ایک دوسری کو کہودی

يعني ان شارب الخمر اذا سكر يجري على لسانه كلمة الكفر فانه وان لم يعتبر ارتداده في حال السكر لعدم القصد
مراد یہ ہی کہ شرابی جب مست ہوتا ہی تو اوسکی زبان پر کلمہ کفر کا آجاتا ہی اب حالت مستی میں قصد اور اعتقاد نہوتی سی اگرچہ اوسکی ارتداد کا اعتبار نہیں ہی

والاعتقاد لكن يتعود لسانه ذلك ويخاف عليه عند الموت ان يجري على لسانه كلمة الكفر ويخرج من الدنيا على
پر اوسکی زبان کو یہی عادت پڑجاتی ہی اور سپر یہ خوف ہوتا ہی کہ مرتی دم بہی اوسکی زبان سی کلمہ کفر کا نکلی اور دنیا سی کافر ہوکر جاوی

الكفر لان اكثر ما ينزع الايمان من العبد عند الموت ليس الا بسبب ذنوبه التي يفعلها في حياته فيبقى في النار
کیونکہ اکثر آدمی کا ایمان مرتی وقت جو کہ جاتا ہی سو صرف سبب گناہوں کی جو زندگی بہر کرتا رہتا ہی پہر ہمیشہ کو دوزخ میں پڑا رہیگا

ابدا وقد روي ان اهل النار يساقون الى النار فاذا دنوا منها يستقبلهم الملئكة بمقامع من حديد فاذا
اور روایت ہی کہ دوزخیوں کو جب دوزخ کی طرف لیجاتی ہیں جب وہ نزدیک ہوجاتی ہیں تو سامنی کی فرشتی لوہی کی گرز لیکر آتی ہیں جب

دخلوها لا يبقى منهم عضو الا يلزمه عذاب اما حية تنهشه واما عقرب تلسعه او نار تسفعه او ملك
وہ دوزخ میں داخل ہوجاتی ہیں تو اونکا کوئی عضو ایسا باقی نہیں رہتا کہ عذاب ہو یا تو اوسکو سانپ ڈستا ہی یا بچھو ڈنک مارتا ہی یا آگ جلا کر کوبلا کر دیتی ہی یا فرشتہ

يضربه بمقمع فاذا ضربه الملك ضربة يهوي في النار مقدار اربعين عاما لا يبلغ قعرها وقعرها ثم يرفعه
گرز سی مارتا ہی جب اوسکی فرشتہ ایک چوٹ لگاتا ہی تو چالیس برس کی مسافت پر آگ کی اندر دہس جاتا ہی ابہی اوسکی تہ کو نہیں پہنچتا کہ آگ کی لپٹ

اللهب فاذا بدا راسه يضربه الملك ضربة اخرى فيهوي فيها فيعذب فيها ما شاء الله تعالى ان يعذبوا ثم
پہر اوچہال دیتی ہی وہیں اوسکا سر نکلتا ہی کہ فرشتہ دوسری چوٹ لگاتا ہی پہر آگ میں اترجاتا ہی پہر یہی عذاب ہوتی جاویگا جب تک مرضی الٰہی عذاب دینی کی ہوگی

يدعون خزنة جهنم قائلين لهم ادعوا ربكم يخفف عنا يوما من العذاب فلا يجيبونهم ثم يدعون مالكا فلا
پہر دوزخ کی نگہبانوں کو پکار کر یہ کہینگی انکو اپنی رب سی کہو کہ ہمپر ہلکا کری ایکدن تہوڑا عذاب سو وہ کچہہ جواب نہ دینگی پہر وہ مالک کو پکارینگی وہ بہی

يجيبهم فيقولون قد دعونا الخزنة ودعونا المالك فلم يجيبونا هلموا فلنجزع فلا يغني عنهم ثم يقولون هلموا
جواب نہ دیگا پہر کہینگی ہم نگہبانوں کو پکار چکی اور مالک کو پکار چکی سو کوئی جواب نہیں دیتا آؤ ہم آپ فریاد کریں سو کچہہ فائدہ نہوگا پہر کہینگی آؤ

فنصبر فيصبرون ولا يغني عنهم فيقولون سواء علينا اجزعنا ام صبرنا ما لنا من محيص فهذا العذاب
صبر کریں پہر صبر کرینگی اور کچہہ فائدہ نہوگا پہر کہینگی برابر ہی ہماری حق میں ہم بیقراری کریں یا صبر کریں ہکو خلاصی نہیں بس یہ عذاب

ان كان للكفار لكن المسلم اذا شرب الخمر يجري على لسانه كلمة الكفر ويتعود لسانه ان يتكلم بكلمة الكفر
اگرچہ کفار کی لئی ہی لیکن مسلم بہی اگر شراب پیتا ہی تو اوسکی زبانسی کلمہ کفر کا نکلجاتا ہی اور اوسکی زبان کو عادت پڑجاتی ہی کہ کلمہ کفر کا بکا کری

فينزع عنه الايمان فيصير من جملة الكفار فيبقى ابدا في عذاب النار فينبغي للمؤمن ان يمتنع عن شربها و
سو اوسکا ایمان جاتا رہتا ہی اور کفار میں داخل ہوجاتا ہی پہر ہمیشہ کو دوزخ میں پڑا رہیگا سو اب مؤمن کو چاہئی کہ شراب پینی سی باز رہی اور

ينقطع عمن يشربها ويتفكر في هول يوم القيمة فان من يتفكر في هوله لا يميل قلبه الى شربها والى صحبة من
شرابی کی پاس نہ بیٹہی اور قیامت کی ہول کا خیال رکہی کیونکہ جو شخص قیامت کی ہول کا خیال رکہتا ہی اوسکا دل نہ شراب پینی کو چاہی نہ شرابی کی صحبت کو

يشربها لكن لا بد من معرفة حقيقتها وهي التي من ماء العنب اذا غلا واشتد وقذف بالزبد واذا لم يقذف بالزبد
لیکن شراب کی حقیقت بہی دریافت کرنی چاہئی شراب وہ ہی جو انگور کی شیرہ کی ہوتی ہی جب خوب جوش کہا کر کف گرانی لگی اور جبتک کف نہ گرانی لگی

لا يصير خمرا عند ابي حنيفة وعندهما اذا اشتد يصير خمرا وان لم يقذف بالزبد واما المثلث وهو ما طبخ
امام ابو حنیفہ کی نزدیک خمر نہیں ہوتی اور صاحبین کی نزدیک جب خوب جوش کہا جاوی خمر ہوجاتی ہی اگرچہ کف نہ آوی اور مثلث وہ ہوتی ہی کہ انگور کا شیرہ

من عصير العنب حتى ذهب ثلثاه وبقي ثلثه ثم غلا واشتد وصار مسكرا فعند محمد واكثر الفقهاء قليله وكثيره
پکتی پکتی دو تہائی جل کر ایک تہائی رہ جاوی پہر خوب جوش کہا کر مسکر ہو جاوی سو امام محمد اور اکثر فقہا کی نزدیک سیر بہی تہوڑی اور بہت

حرام وكذا كل ما هو مسكر من كل شراب سواء كان مما يتخذ من الحبوب كالحنطة والشعير والذرة او من الالبان
سب حرام ہی اور ایسی ہی ہر ایک شراب میں سے جو مسکر ہو برابر ہی کہ دانہ سے بنتی ہو جیسے گیہوں اور جو اور جوار یا دودھ

والعسل والتين وعند ابي حنيفة وابي يوسف يحل شربه ما لم يسكر واذا اسكر الشارب لا يحل شربه حتى قال ابو
اور شہد اور انجیر سے اور امام ابو حنیفہ و امام ابو یوسف کے نزدیک جب تک نشہ نہ لاوے پینا حلال ہی اور جب پینے والے کو مست کردے تو پینا حلال نہیں ہی

الليث في التنبيه الشارب المطبوخ اعظم ذنبا واثما من شارب الخمر لان شارب الخمر مقر بانه شرب الخمر الحرام فيصير
الليث تنبیہ میں کہتا ہی کہ مطبوخ کا پینے والا بڑا گنہگار ہی شراب پینے والے سے اسلئے کہ شراب پینے والا قائل ہی کہ پیتا شراب حرام ہی سو وہ فاسق

فاسقا وشارب المطبوخ يشرب المسكر ويراه حلالا وقد اجمع المسلمون على ان شرب المسكر حرام واذا استحل ما هو
ہوتا ہی اور مطبوخ پینے والا مسکر پیتا ہی اور حلال جانتا ہی اور مسلمان اسپر سب متفق ہیں کہ مسکر کا پینا حرام ہی اور جب حرام بالاجماع کو حلال سمجھے تو

حرام بالاجماع يصير كافرا وشرب المطبوخ ما لم يسكر انما يحل اذا لم يقصد به اللهو والطرب واما اذا قصد به اللهو
کافر ہو جاتا ہی اور مطبوخ غیر مسکر کا پینا جبھی تک حلال ہی کہ اوس سے لہو اور طرب مقصود نہو اور اگر بہ نیت لہو اور

الطرب فلا يحل شربه حتى سئل عنه ابو حفص الكبير فقال لا يحل شربه فقيل له خالفت الشيخين فقال لا انهما
طرب کی پیویں تو حلال نہیں ہی یہاں تک کہ ابو حفص کبیر سے پوچھا تو کہا اوسکا پینا حلال نہیں ہی کسی نے کہا شیخین کی خلاف کرتے ہو جواب دیا نہیں اسلئے کہ وہ دونو

كانا يجوزانه لاستمراء الطعام والناس في زماننا يشربونه للفجور والتلهي فعلم من هذا ان الخلاف فيما قصد به التقوي
ہضم طعام کی لئے حلال کہتے تھے اور اس زمانہ کے لوگ فجور اور لہو کی لئے پیتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ خلاف اوس صورت میں ہی کہ مقصود عبادت کی قوت ہو

على العبادة واما اذا قصد به التلهي فلا يحل اتفاقا بل اذا شرب الماء وغيره من المباحات بلهو وطرب على هيئة
اور اگر صرف لہو مقصود ہو تو اتفاقا حلال نہیں بلکہ اگر پانی وغیرہ مباحات لہو اور طرب سے فاسقوں کی وضع پر پیوے

الفسقة حرمت ايضا المجلس التاسع والسبعون في بيان حرمة الغلول ووجوب التقسيم بين
تو بھی حرام ہی اناسی مجلس میں بیان غنیمت کی چوری کی حرمت کا اور تقسیم واجب ہونیکا غانمین میں

الغانمين كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ادوا الخياط والمخيط واياكم والغلول فانه عار على
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے ادا کر دیا کرو سوئی اور دھاگا اور بچو غنیمت کی چوری سے قیامت کی دن

اهله يوم القيامة هذا الحديث من حسان المصابيح رواه عبادة بن الصامت والمراد من الغلول الخيانة في
غلول کرنیوالوں پر بڑی شرم ہوگی یہہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں ہی عبادة بن الصامت کی روایت سے اور مراد غلول سے غنیمت کی

الغنيمة ما اخذ من الكفار عنوة وهي لم تكن حلالا للامم السالفة لكن الله تعالى تفضل لهذه الامة فجعلها
خیانت ہی اور غنیمت وہ مال ہی جو غالب ہوکر کافروں سے چھین لیں اور غنیمت پہلی امتوں کو حلال نہ تھی لیکن اللہ تعالی نے اس امت پر اپنا فضل کرکر انکو غنیمت

حلالا لهم حيث قال فكلوا مما غنمتم حلالا طيبا وحكمها بعد اخراجها الى دار الاسلام ان يجمع ما في ايدي الغزاة
حلال کردی ہی چنانچہ فرمایا ہی سو کھاؤ جو غنیمت لاؤ حلال ستھری اور غنیمت کا حکم جب دار الاسلام میں لی آویں تو یہہ ہی کہ جو غازیوں کی پاس ہو وہی سب یکجا

حتى ما فضل من ماكلهم ومعالفهم سوى النفل بسياتي بيانه ثم يخرج منها الخمس لليتمى والمسكين وابن السبيل ثم
جمع کریں یہاں تک کہ جو کھا کر اور دواب کی گھاس سے بچ رہی بجز نفل یعنی عطاء زاید کی جسکا بیان اب آتا ہی پھر اوس میں سے پانچواں حصہ یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کی

يقسم باقيها بين الغانمين فيعطى للراجل سهم وللفارس سهمان عند ابي حنيفة وعند غيره يعطى للفارس ثلثة
نکال کر پھر باقی غانمین میں یعنی لشکر میں بانٹ دیں اب امام ابو حنیفہ کی نزدیک پیادہ کو ایک حصہ اور سوار کو دو ہرا حصہ اور سوائی اونکی اور کہتے ہیں کہ سوار کو تہرا حصہ ہی

اسهم وليس للامام على ما ذكر في فتاوي قاضيخان ان يقسم الغنائم في دار الحرب قبل اخراجها الى دار الاسلام الا
اور موافق مذکور فتاوی قاضیخاں کی امام کو یہہ اختیار نہیں ہی کہ غنایم کو دار الحرب کی اندر دار الاسلام میں لانی سے پہلی تقسیم کردے ہاں

ان يفتح بلدة من بلاد اهل الحرب ويقسم الغنائم فيها ثم يجوز قسمته لانه لما فتحها صارت تلك البقعة من
اگر کوئی شہر اہل حرب کی شہروں میں سے فتح کرکر اوسمیں غنایم تقسیم کردے تو اب تقسیم جایز ہے کیونکہ جب امام نے شہر فتح کرلیا تو وہ جگہہ دار الاسلام کی ہوگئی

دار الاسلام فيجوز قسمة الغنائم فيها هذا حكم الشرع في الغنيمة لكن في هذا الزمان قد ترك هذا الحكم
پہر اوسمیں قسمت غنایم کی جایز ہے غنیمت میں شرع کا تو یہہ حکم ہے لیکن اس زمانہ میں یہہ حکم چہوٹ چہاٹ کر ایسا ہوگیا ہے

وجعل كالشريعة المنسوخة حيث لا يقسم الغنائم بين الغانمين ولا يخرج خمسها لان العادة في هذا الزمان
جیسے دین منسوخ کیونکہ نہ تو غنایم لشکر پر بٹتی ہیں اور نہ اوسمیں سے خمس نکلتا ہے کیونکہ اس زمانہ میں یہہ عادت ہے

ان العسكر اذا دخلوا دار الحرب وغلبوا على الكفار ينتهبون اموالهم فياخذ بعضهم شيئا كثيرا وبعضهم
کہ جب لشکر دار الحرب میں جاکر کفار پر غالب آتا ہے اور اونکا مال لوٹتے ہیں تو کوئی تو بہت کچھ لیلیتا ہے اور کوئی تہوڑا

شيئا قليلا وبعضهم لا ياخذ شيئا بل يبقى محروما ثم يتفرقون على تلك الحالة بلا قسمة بينهم ولا اخراج الخمس
اور کسیکو کچھہ نہیں ملتا بلکہ محروم رہ جاتا ہے پہر ایسے ہی ادہر ادہر ہوجاتے ہیں اور اونمیں قسمت نہیں ہوتی اور نہ خمس نکلتا ہے

وهذا هو الغلول الذي ورد من الشارع وعيدات شديدة في احاديث كثيرة منها ما روي عن ابي هريرة ان
اور یہہ ہی غلول ہے جسمیں شارع نے بہت حدیثوں میں سخت سخت وعید فرمائی ہے ایک یہہ ہے جو ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ

رجلا اهدى لرسول الله صلى الله عليه وسلم غلاما يقال له مدعم فبينما هو يحط رحلا لرسول الله صلى الله
ایک شخص نے غلام واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہدیہ بہیجا اسکا نام مدعم تہا جب وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کجاوہ اوتار رہا تہا

عليه وسلم اذ اصابه سهم من عدو فقتله فقال الناس هنيئا له الجنة فقال رسول الله عليه السلام كلا
ناگاہ دشمن کی طرف سے اوسکی تیر آ لگا اور اوسکو مار ڈالا سو لوگ بولے اسکو جنت مبارک ہو پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہرگز نہیں

والذي نفسي بيده ان الشملة التي اخذها يوم خيبر من المغانم لم يصبها المقاسم لتشتعل عليه نارا فلما
قسم ہے اوس ذات کی کہ میری جان اوسکے قبضہ میں ہے وہ کملی جو خیبر کے دن تقسیم سے پہلے غنیمت میں سے لیلی تہی آگ کا شعلہ ہو رہا ہے جب

سمع الناس ذلك فزعوا فجاء رجل بشراك او شراكين فقال اصبت هذا يوم خيبر فقال رسول الله صلى
پہر لوگوں نے سنا تو کانپ اوٹہے پہر ایک شخص ایک تسمہ پاپوش کا یا دو تسمے لایا عرض کیا یہہ خیبر کے دن میں نے لی تہی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

الله عليه وسلم من نار شراك او شراكان من نار ومنها ما روي عن زيد بن خالد ان رجلا من اصحاب النبي عليه السلام
فرمایا آگ کا ایک تسمہ ہے یا دو تسمے آگ کے ہیں اور اون حدیثوں میں سے ایک یہہ ہے جو زید بن خالد سے روایت ہے کہ ایک صحابی نے

توفي يوم خيبر فذكروا ذلك لرسول الله عليه السلام فقال صلوا على صاحبكم فتغير وجوه الناس فقال ان
خیبر کے روز وفات پائی سو یہہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کی آپ نے فرمایا اپنے یار پر تم ہی نماز پڑہو یہہ سنکر لوگوں کے چہرے بدل گئے پہر فرمایا

صاحبكم قد غل في سبيل الله ففتشنا متاعه فوجدنا خرزا من خرز يهود لا يساوي درهمين ومنها ما روي
تمہارے یار نے غنیمت میں خیانت کی ہے سو ہمنے اوسکی اسباب میں ڈہونڈہا تو ایک مہرہ یہود کی مہروں میں سے پایا دو درم کا بہی نہیں تہا اور ایک یہہ ہے

عن عبد الله بن عمرو انه عليه السلام كان اذا اصاب غنيمة امر بلالا فينادي في الناس فيجيئون بغنائمهم فيخمسه
جو عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام بوقت حصول غنیمت کی بلال کو فرما دیتے وہ لوگوں میں پکار دیتا وہ اپنی اپنی غنیمت لاکر جمع کردیتے پہر آپ خمس نکالکر

ويقسم فجاء رجل بعد ذلك بزمام من شعر فقال هذا فيما اصبناه من الغنيمة فقال النبي عليه السلام اسمعت
تقسیم کردیتے پہر ایک شخص بعد تقسیم کے ایک روز بالوں کی رسی لیکر آیا اور عرض کیا غنیمت میں سے یہہ لی تہی پس نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ تو نے بلال کو

بلالا ينادي ثلثا قال نعم قال فما منعك ان تجيء به فاعتذر فقال كن انت الذي تجيء به يوم القيمة فلن اقبل عنك
تین بار پکارتے سنا تہا عرض کیا ہاں فرمایا پہر تو کیوں نہ لایا اوسنے کچھہ عذر کیا پہر فرمایا تو ہی رکہہ قیامت کے روز لیکر آئیو میں تجہسے نہیں لیتا

واما امتنع النبی علیہ السلام من اخذ الزمام لانہ کان فیہ لجمیع الغانمین شرکۃ وقد تفرقوا ولم یمکن ایصال

اور نبی علیہ السلام نے وہ رسی اسواسطے نہ لی کہ اوسمیں تمام لشکر کی شرکت تھی وہ سب اودہر اودہر ہو گئی تھی اور ہر ایک کا

نصیب کل واحد منہم من ذلک الزمام الی صاحبہ فترکہ فی یدہ لیکون اثمہ علیہ لانہ ھو الغاصب

حصہ اوس میں سے حصہ دار کو پہنچانا ممکن نہیں تہا اور اوسہی کی پاس اسلئے رہنے دی کہ اوسکا گناہ اوسی پر رہے کیونکہ وہ ہی غاصب تہا

فعلی ھذا ما یاخذہ غزاۃ زماننا من الغنائم بلا قسمۃ ولا اخراج الخمس لا یحل لاحد منہم ان یاکل منہا لان

ان روایات کی موافق ہمارے زمانہ کی غازی جو غنائم لا قسمت لیلیتی ہیں اور خمس بہی نہیں نکالتی تو اونکو اوسمیں سی کہانا حلال نہیں ہی کیونکہ

اخذھم لم یکن علی طریق الشرع ومع ھذا تسمع کثیرا منہم یقولون لقد وصلنا من اھل الحرب مال ھو حلال

اونکا قصہ شرع کی موافق نہیں ہی اس پر سننی میں آتا ہی کہ اکثر اون کہتی ہیں ہمنی کفار کا ایسا حلال مال حاصل کیا ہی

لنا من المال الموروث من ابائنا وامہاتنا ولا یعرف ھؤلاء المغرورون انہم اخذوہ علی غیر طریق الشرع فلا یکون حلالا

کہ ماں باپ کی میراث کا سا نہیں ہوتا اور ان مغرور لوگوں کو یہ خبر نہیں ہی کہ انہوں نی خلاف شرع لیلیا ہی پہر حلال کیونکر ہوگا

اذ فیہ حق الفریقین من المستحقین احدھما الیتمی والمساکین وابن السبیل لان الخمس حقہم وھو باق فیہ والثانی

کیونکہ اسمیں حق دو فریق مستحق کا ہی ایک فریق تو یتیم اور مساکین اور مسافر ہیں اسلئے کہ خمس انہیں کا حق ہی کہ وہ اوسمیں باقی ہی اور دوسرا فریق

الغزاۃ الذین کانوا معہم لان الباقی بعد الخمس حقہم وھو باق فیہ لم یقسم بینہم علی طریق الشرع فکیف یکون حلالا

وہ غازی ہیں جو اون کی ہمراہ تہی اسلئے کہ خمس نکالکر جو بچا اسمیں اونکا ہی حق ہی وہ اوسمیں باقی ہی کہ بطور شرع انہیں تقسیم نہیں ہوا پہر حلال کیونکر ہوگا

بل لو کان الماخوذ جاریۃ لا یجوز للاخذ علی ھذا الوجہ ان یتصرف فیہا لکونہا مشترکۃ مستحقۃ البعض ولو

اسیطرح کی لی ہوئی اگر لونڈی ہووی تو لینی والیکو اصلا تصرف جائز نہیں ہوگا کیونکہ وہ مشترک ہی کچہ اسکا حق ہی اگرچہ

بعد اخراج خمسہا لبقاء حق باقی الغزاۃ فیہا ولا خلاف ان الجاریۃ المشترکۃ یحرم وطئہا علی جمیع الشرکاء ولا فرق

خمس نکل چکا ہو کیونکہ حق لشکر کا اسمیں باقی رہتا ہی اور اسمیں کسیکو خلاف نہیں ہی کہ مشترک لونڈی سی تمام شرکا کو وطی حرام ہی اور حرمت میں

فی الحرمۃ بین من قل نصیبہ اوکثر وقد اتفقوا علی ان احدا من الغانمین لا یجوز لہ ان یطاء جاریۃ من السبی قبل القسمۃ

اسکی کچہ فرق نہیں ہوتا کہ حصہ تہوڑا ہو یا بہت اور اسپر سب متفق ہیں کہ لشکر میں سی کسیکو جائز نہیں ہی کہ قیدیوں میں سی لونڈی کو قسمت سی پہلی وطی کری

واختلفوا فیما یجب علیہ اذا وطئہا فقال مالک یحد لانہ زان وقال ابو حنیفۃ لا حد علیہ بل علیہ عقوبۃ

اور اسمیں اختلاف ہی کہ واطی پر کیا لازم آتا ہی اگر وطی کری سو امام مالک کہتی ہیں حد آتی ہی کیونکہ وہ زانی ہی اور ابو حنیفہ کہتی ہیں اوسپر حد نہیں ہی لیکن اوسپر عذاب ہی

وان حصل منہا ولد فہو مملوک یرد الی الغنیمۃ فاذا کان الامر کذلک یخاف علی من یقتل الکافر لکفرہ

اور اگر بچہ جنی تو وہ غلام ہی غنیمت میں شامل کیا جاوی جب حال یہہ ہی تو خوف ہی اوسپر جو کافر کو کفر کی سبب قتل کرتا ہی ایسا نہو

ان یکفر ھو بنفسہ باستحلال الغنائم الغیر المقسومۃ والفروج المشترکۃ ثم یسری

کہ وہ آپ کافر ہو جاوی غنایم لا تقسیم کو اور فروج مشترکہ کو حلال سمجہ کر پہر یہ فساد

ھذا الفساد الی کل من یتملک منہم الجواری وغیرھا وھذا داء عضال عسیر الزوال لان

آگی کو چلیگا جو جو شخص کہ لونڈیاں وغیرہ اونسی خریدیگا یہہ بڑا سخت مرض ہی اسکا جانا دشوار ہی کیونکہ

اکثر الاجناد فی ھذا الزمان نبذوا احکام الاسلام وراء ظہورہم کانہم

اس زمانہ کی اکثر لشکریوں نی احکام اسلامی پس پشت ڈالدئی ہیں گویا کہ اونکو

لم یکلفوا بہا فلا یبالون بما فعلوا فکیف یمکن العلاج بجمع ما فی ایدیہم من الغنائم

کچہ حکم ہوا ہی نہیں سو جو کرتی ہیں اونکی کچہ پروا نہیں ہی پہر اسکا کیا علاج کہ جو جو غنائم اونکی قبضہ میں ہی کہیں سی جمع کریں

ويقسم بينهم مع عدم انقيادهم الى الشرع فلما تعذر جمعها وتقسيمها بينهم صارت في يد كل احد منهم بمنزلة اللقطة
اور کیونکر تقسیم کریں ان میں حالانکہ وہ تابع شرع کی نہیں ہیں پھر جب جمع کرنا اور انہیں تقسیم دشوار ہوئی تو جو جو انکے ہاتھ آیا ہی لقطہ کی برابر ہی

فمن كان فقيرا يجوز له ان يتصرف فيه ومن كان غنيا لا يجوز له ان يتصرف فيه بل يلزمه ان يتصدق
پھر جو شخص فقیر ہو تو اسے یہی کہ اس میں اسکو تصرف جائز ہو اور جو غنی ہیں انکو جائز نہیں ہی کہ اس میں تصرف کریں بلکہ لازم ہی کسی فقیر پر خیرات کریں

به على فقير ثم ان اراد ان يتملكه من ذلك الفقير اما بالاستيهاب او بالشراء هذا اذا كان ما في يده ماخوذا من غير تنفيل
پھر اگر چاہیں کہ اوس فقیر ہی سے پھر مالک ہو جاوی تو یا بطور ہبہ کی یا خرید کرکے سب اوس صورت میں ہی کہ جو اسکی قبضہ میں ہی بغیر تنفیل لیا ہو

واما اذا كان لغيره بطريق التنفيل فهو له خاصة لا يشاركه فيه احد لكن لا يملكه الا بعد اخراجه الى دار الاسلام
اور جس صورت میں کہ بطور تنفیل یعنی انعام کی لیا ہو تو وہ خاص اسکی ملک ہی اور اس میں کوئی شریک نہیں ہی لیکن اوسکا مالک نہیں ہوتا جب تک دار اسلام میں نہ لی آوی

حتى لو قال الامام او امير العسكر من اصاب جارية فهي له فاصاب احد من الغزاة جارية واستبراها لا يحل له
یہاں تک کہ اگر امام نے یا سالار لشکر نے حکم دیا کہ جسکی لونڈی ہاتھ آوی وہ اوسی کی ہی پھر کسی غازی کو لونڈی ہاتھ آوی اور حیض سے پاک بھی کرلی تو بھی نہ وطی

وطيها ولا بيعها قبل اخراجها الى دار الاسلام والمراد من التنفيل التحريض على القتال باعطاء شيء زائد على سهم الغنيمة
حلال ہی اور نہ اوسکی بیع جب تک دار اسلام میں نہ لی آوی اور مراد تنفیل سی لڑائی کی رغبت دلانی ہی کچھ حصہ غنیمت سی زیادہ دیکر

وهو مندوب لقوله تعالى يا ايها النبي حرض المؤمنين على القتال فينبغي للامام او لامير العسكر ان يتنفل بان يقول
اور رغبت دلانی مستحب ہی بدلیل اس آیت کی اے نبی شوق دلا مسلمانوں کو لڑائی کا سو امام کو یا سالار لشکر کو چاہیے کہ عطا زیادہ دیوی اس طور کہیں

من قتل قتيلا فله سلبه او يقول لسرية ما اصبتم فهو لكم او ربعه او ثلثه ونحو ذلك ولا ينفل بكل الماخوذ
جسنی مارا کسی کافر کو تو اوسی کا ہی سامان اوسکا یا چھوٹی لشکر کو حکم دی کہ لوٹ سب تمہاری ہی یا اوسکا چوتھائی یا تہائی یا مانند اسکی اور تمام لوٹ کو معاف نکردی

لان فيه ابطال حق الكل وان فعل ذلك مع سرية يجوز اذ قد يكون المصلحة فيه كذا ذكر في الهداية وذكر في شرح المجمع
کیونکہ اس میں سبکا حق تلف ہوتا ہی اگر ایسا حکم سریہ کو دی تو جائز ہی اسلیے کہ بعضی وقت اسی میں مصلحت ہوتی ہی ہدایہ میں یہی مذکور ہی اور شرح مجمع میں مذکور ہی

ان الامام لا ينفل بكل الماخوذ اذ فيه ابطال القسمة المشروعة في الغنيمة وذكر في السير الكبير ان الامام اذا قال للعسكر
کہ امام تمام لوٹ لشکر کو نفل نکردی کیونکہ اس میں قسمت جو غنیمت میں شرعا چاہیے باطل ہوتی ہی اور سیر الکبیر میں مذکور ہی کہ امام اگر تمام لشکر کو حکم دی کہ

جميعا ما اصبتم فهو لكم بعد الخمس لا يجوز لان المقصود من التنفيل التحريض على القتال وانما يحصل ذلك بتخصيص
لوٹ تمہاری ہی خمس نکالکر تو جائز نہیں ہی اسلیے کہ غرض تنفیل سے لڑائی پر ابھارنا ہوتا ہی یہہ جب ہوتی ہی کہ کسی کسی کو خاص کر

البعض بشيء وفي التعميم ابطال تفضيل الفارس على الراجل وكذا اذا قال ما اصبتم فهو لكم ولم يقل بعد الخمس اذ فيه
کچھ مقرر کردیں اور تعمیم میں سوار کی فضیلت جو پیادے پر ہی باطل ہوتی ہی اور ایسی ہی جائز نہیں اگر حکم دی کہ لوٹ ہی سب تمہاری اور بعد الخمس نکہی اسلیے کہ اس میں

ابطال الخمس الذي اوجبه الله تعالى في الغنيمة فعلى هذا ما ذكر في فتاوى قاضيخان ان الامام اذا قال من اصاب شيئا
خمس جو اللہ تعالی نے غنیمت میں واجب کیا ہی باطل ہوتا ہی اس بنا کی موافق جو فتاوی قاضی میں مذکور ہی کہ امام حکم دی کہ جسکو جو شی ہاتھ لگی

فهو له فاصاب واحد منهم شيئا في دار الحرب يكون له خاصة ولا يجب فيه الخمس ولا يشاركه فيه غيره وان
وہ اوسی کی ہی پھر کسیکو کوئی شی دار الحرب میں ہاتھ لگی تو خاص اوسی کی ہو جاوی گی اس میں خمس واجب نہیں اور نہ کوئی اس میں شریک ہی اور اگر

مات في دار الحرب فما اصابه يكون ميراثا عنه وكذا ما ذكر في منية المفتي ان الامام اذا قال من اصاب شيئا فهو له
دار الحرب میں وہ مر جاوی تو وہ شی اوسکی میراث ہوویگی اور ایسی ہی جو کہ منیۃ المفتی میں مذکور ہی کہ امام اگر حکم دی جسکو جو ہاتھ آوی وہ اوسی کا ہی

يدخل الامام في التنفيل ينبغي ان يحمل على كون قول الامام مقولا لسرية لا لكل العسكر لئلا يلزم منه المخالفة لما ذكر
تو امام بھی تنفیل میں داخل ہوتا ہی سو دونوں روایت قاضی خان اور منیۃ المفتی کی چاہیے کہ محمول اس حال پر ہوں کہ امام یہہ حکم سریہ کو دی تمام لشکر کو نہیں تاکہ مسئلہ مسلم کا خلاف نہ ہو

الكتب ولا يظن جواز التنفيل العام وأما دخول الامام في التنفيل فلان هذا به معهم لا يكون التنفيل عاما وأما تمام تصحيح

ہوجاتی ہے اور یہ گمان نہووے کہ تنفیل عام جائز ہے اور امام تنفیل میں اسلیے داخل ہوتا ہے کہ اوسکی ساتھ جاتا ہے اسلیے نہیں کہ تنفیل عام ہوتی ہے اور دونوں تصریح کی

به واكتفيا بالاطلاق لاعتمادهما على ظهور الامر وشهرته نظرا الى قانون الفقه وبناء على قاعدة الاصول من ان

اور مطلق پر اکتفا کرلیا اسلیے کہ دونو کو یہ اعتماد تھا کہ بلحاظ قانون فقہ اور قاعدہ اصول کے یہ ظاہر اور مشہور ہے کہ دو جہتوں سے محکم بات مراد ہوتی ہے

المحتمل يحمل على المحكم والحاصل ان من اخذ شيئا في دار الحرب بغير التنفيل لا يكون له بل يكون غنيمة يجب فيها الخمس

اور حاصل یہ ہے کہ جسنے کوئی چیز دار الحرب میں بلا تنفیل لوٹی تو وہ اوسکی نہوگی بلکہ غنیمت ہوویگی اوسمیں خمس واجب ہوگا

على ما ذكر في فتاوى قاضيخان ان سرية اذا خرجوا بغير تنفيل الامام او خرجوا لطلب العلف فما اصابوا يكون غنيمة يجب فيها

موافق روایت فتاوی قاضیخان کی کہ سریہ اگر بغیر تنفیل امام کی لڑائی کو جاوے یا گھاس وغیرہ کی تلاش میں جاوے تو جو اونکی ہاتھ آویگا غنیمت ہوویگا اوسمیں

الخمس ولا يختص بالسرية وكذا لو قتلوا كافرا يكون سلبه غنيمة ولا يختص به القاتل وذكر فيها ايضا ان الغازي اذا اخذ

خمس واجب ہے اور سریہ کی اوسمیں کچھ خصوصیت نہیں ہے اور ایسی ہی اگر کافر کو قتل کریں تو اوسکا اسباب غنیمت ہوگا اوس سے قاتل کو کچھ خصوصیت نہیں اور اوسی میں یہ بھی مذکور ہے

في دار الحرب شيئا من المباحات التي لا تكون في يد احد ان كان له قيمة كالطير والسمك والخشب والكنز يكون ذلك

کہ غازی اگر دار الحرب میں کوئی ایسی چیز مباحات میں سے لیوی جو کسیکی نہیں ہوتی اگر اوسکی کچھ قیمت ہے جیسے پرند یا مچھلی یا لکڑی یا خزانہ تو یہ سب

الشيء غنيمة يجب فيها الخمس وان لم يكن له قيمة فهو لمن اخذه ولا خمس فيه لانه بمنزلة الماء والكلاء ثم ذكر فيها

غنیمت ہوگی اوسمیں خمس واجب ہے اور اگر اوسکی کچھ قیمت نہیں تو اوس سپاہی کی ہے اوسمیں خمس نہیں ہے کیونکہ پانی اور گھاس کی برابر ہے پھر یہ بھی

ايضا ان الغازي اذا ذبح غنم الغنيمة او بقرها للاكل عند الحاجة رد جلدها الى الغنيمة لان الجلد ليس بماكول ولا

اوسی میں مذکور ہے کہ غازی اگر غنیمت کی بکری یا گائے کہانے کی لیے حاجت کی وقت ذبح کرڈالی تو اوسکا چمڑا غنیمت میں شامل کردے کیونکہ چمڑا نہ کہانے کی چیز ہے اور نہ

من العلف وذكر في الهداية ان المسلمين اذا خرجوا من دار الحرب لا يجوز لهم ان يعلفوا دوابهم من الغنيمة ولا ان

گھاس ہے اور ہدایہ میں مذکور ہے کہ مسلمان جب دار الحرب سے باہر نکل آویں تو اونکو جائز نہیں کہ اپنے جانوروں کو غنیمت میں سے چارہ دیویں یا آپ

ياكلوا منها لان الضرورة قد ارتفعت والاباحة باعتبارها ومن فضل معه علف او طعام رده الى الغنيمة قبل القسمة

اوسمیں سے کہاویں کیونکہ ضرورت کا وقت گذر گیا اور اباحت ضرورت کی واسطے تہی اور جسکی پاس گھاس یا کہانا بچ رہا تو قسمت سے پہلے غنیمت میں شامل کردے

وان انتفع به رد قيمته الى المغنم وبعد القسمة ان كان غنيا تصدق به وان انتفع به تصدق بقيمته وان كان

اور اگر اوسکو برت لیا تو اوسکی قیمت غنیمت میں شامل کردے اور قسمت کی بعد اگر غنی ہے تو خیرات کردے اور اگر اوس سے نفع اوٹھایا تو اوسکی قیمت خیرات کردے اور اگر

من المحاويج انتفع به لانه صار في حكم اللقطة لتعذر الرد على الغانمين فاذا كان الحكم في الغنيمة كذلك مع ان

محتاج ہے تو برت لے کیونکہ اب حکم پائی پڑی کا سا ہے اب غانمین پر تقسیم کرنا دشوار ہے اور جب غنیمت میں یہ حکم ہے باوجودیکہ

للغانمين فيها حقا لكونهم شركاء فيها فما ظنك في مكاسب الظلم من الغصب والغارات التي شاعت في بلاد الاسلام

غانمین کا اوسمیں حق ہوتا ہے کیونکہ اوسمیں سب شریک ہیں پہر تیرا کیا خیال ہے ظلم کی کمائی میں غصب اور لوٹ سی جو ان دنوں بلاد اسلام میں پہیل رہی ہے

في هذه الايام لاسيما عند تحصيل بيت المال فان الذين نصبوا لتحصيله ياخذون اموال الناس ظلما في البنادر و

خاص کر بروقت تحصیل بیت المال کی بیشک جو لوگ اوسکی تحصیل پر متعین ہوتے ہیں وہ لوگوں کا مال ظلم سے بندروں میں اور

الاسواق وغيرها باسم العشر والزكوة ويشددون على اصحابها تشديدا عظيما وقد كان النبي عليه السلام اذا بعث

بازاروں وغیرہ میں عشر اور زکوۃ کی بہانہ چہین لیتی ہیں اور مالکوں پر بڑی ہی سختی کرتی ہیں اور نبی علیہ السلام کا یہ حال تہا کہ جب

من اصحابه احدا لبعض امره يقول بشروا ولا تنفروا ويسروا ولا تعسروا اي بشروا الناس بالاجر على الطاعات وانواع الخيرات

کسی صحابہ کو کسی کام کو بہیجتی تو فرمادیتی مژدہ دو اور نہ گہبرا دینا آسانی کرنا تنگ نکرنا یعنی لوگوں کو طاعات اور انواع خیرات پر ثواب کا مژدہ سنانا

التی من جملتہا اعطاء ما یجب علیہم من العشر والزکوة ولا تقنطوہم من رحمة اللہ تعالیٰ عند ارتکابہم المنکرات و

کہ جیسے ادا عشر اور زکوة واجب ہی داخل ہی ثواب کی بشارت دینا اور اونکو رحمت الٰہی سی مایوس نہ کرنا اگر اونسی کچھ عمل برے ہو جاویں

مباشرتہم للمحرمات بل رغبوہم الی التوبة والطاعات وطیبوا انفسہم بقبولہا وسہلوا علیہم الامور باخذ ما یجب علیہم

اور حرام فعل کر بیٹھیں بلکہ اونکو توبہ اور عبادات پر رغبت دلانا اور اونکی دلیں خوشی راضی کرو کہ وہ قبول لیں اور اونپر آسانی رکھنا اونکی واجبات

من العشر والخراج وزکوة السوائم واموال التجارة بسہولة ولطف ولا تستددوا علیہم بالاخذ ما لا یجب علیہم او باخذ اکثر

عشر اور خراج اور چارپایہ چرندہ اور تجارت کی مال کی زکوة لینی میں سہولت اور لطف کرنا اور اونپر سختی نکرنا کہ جو اونپر واجب نہیں ہی وہ لیا کرو یا زیادہ

مما یجب علیہم اذ روی انہ علیہ السلام قال لا یدخل الجنة صاحب مکس وفی حدیث اخر انہ علیہ السلام قال صاحب

سی زیادہ لیا کرو کیونکہ آیا ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جنت میں نہیں جاویگا صاحب مکس اور ایک اور حدیث میں ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا صاحب

المکس فی النار قال البغوی اراد بصاحب المکس من یاخذ من التجار مکسا باسم العشر اذا مروا علیہم وقال الحافظ و

مکس دوزخ میں ہی بغوی کہتا ہے کہ صاحب مکس سی مراد وہ شخص ہی جو سوداگروں سی عشر کا نام رکھکر محصول لیتا ہی جب اوسکی پاس کو گذرتے ہیں اور حافظ کہتے ہیں اور

اما الان فانہم یاخذون مکسا باسم العشر ومکوسا اخر لیس لہا اسم بل کل ما یاخذونہ حرام وسحت وقد قال اللہ تعالیٰ

اب تو وہ لوگ ہیں کہ ایک خراج تو عشر کی نام سی لیتے ہیں اور کتنی ہی اور خراج لیتے ہیں کہ انکا کچھ بھی نام نہیں ہی بلکہ جو وہ لیتے ہیں سب حرام اور نہایت مردار ہی اور

ویل للمطففین الذین فاذا کان حال المطفف ہکذا مع ان اخذہ شیء قلیل من راس الکیل والوزن فماذا یکون

خرابی ہی کم تولنی والوں کی جب حال کم تولنی والیکا یہ ہی باوجودیکہ وہ کیل یا وزن میں سی تھوڑا سا رکھ لیتا ہی پھر اون لوگوں کا کیا حال ہوگا

حال الملتزمین الذین یاخذون اموال الناس بلا کیل ولا وزن ویقولون ہو حق السلطان او حق فلان ویخرجون

جو خواہ مخواہ مال لوگوں کا لیتے ہیں نہ ناپیں اور نہ تولیں اور بیان کرتے ہیں یہ سلطان کا حق ہی یا فلانی کا حق ہی اور ایمان سی باہر

عن الایمان اذ قد ذکر فی کثیر من کتب الفتاوی ان من قال لبیت المال ہذا مال السلطان یکفر فکیف لغیرہ بل انہم

ہو جاتی ہیں اسلئی کہ اکثر فتاووں میں مذکور ہی کہ جو شخص بیت المال کو کہی یہ بادشاہ کا مال ہی وہ کافر ہو جاتا ہی پھر کیونکر نہو جب اور کا بتاوی

یخونون فی بیت المال ایضا وقد روی انہ علیہ السلام بین فی ہذا الحدیث ان یتصرفون فیہ بغیر امر اللہ تعالیٰ

بلکہ وہ لوگ بیت المال میں بھی خیانت کرتی ہیں اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی اس حدیث میں بیان فرمایا جو لوگ بیت المال میں راہ نکالتی ہیں اور اوسمیں بے حکم

ورسولہ فلہم النار یوم القیمة فان بیت المال علی ما ذکر فی البزازیة وغیرہا اربعة انواع الاول الصدقات وما

خدا اور رسول کی تصرف کرتی ہیں سو اونکی لئی قیامت کی دن آگ ہی کیونکہ بیت المال موافق بیان بزازیہ وغیرہ کی چار قسم کا ہی اول تو صدقات اور جو

فی معناہا کالعشر فیصرف الی المصارف التی ذکرت فی قولہ تعالیٰ انما الصدقت للفقراء والمسکین والعاملین علیہا والمؤلفة

اسکی مثل ہی جیسی عشر سو خرچ ہوگا ان مصارف پر جو اس آیت میں مذکور ہیں زکوة جو ہی سو حق ہی مفلسوں کا اور محتاجوں کا اور اوسکی کام پر جانیوالوں کا اور

قلوبہم وفی الرقاب والغارمین وفی سبیل اللہ وابن السبیل فہم ثمانیة اصناف لکن سقط منہم مؤلفة القلوب وبقی

جنکا دل پرچانا ہی اور گردن چھڑانی میں اور جو تاوان بھریں اور اللہ کی راہ میں اور راہ کی مسافر کو یہ آٹھ قسم کی لوگ ہیں پر انمیں سی مؤلفة القلوب اب باقی نہیں رہی اور

سبعة اصناف وہم الفقراء والمسکین والعاملون والمکاتبون والمدیونون ومنقطع الغزاة وابناء السبیل والثانی

یہ سات قسم کی رہیں فقیر اور مسکین اور اوگاہی کرنیوالی اور مکاتب غلام اور قرضدار لوگ اور مفلس غازی اور مسافر اور دوسرا

خمس الغنائم والمعادن والرکاز فیصرف الی ما ذکر فی قولہ تعالیٰ واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ خمسہ وللرسول

بیت المال غنیمتوں کا خمس اور کانوں کی آمد اور دبا خزانہ اسکا مصرف اس آیت میں مذکور ہی اور جان رکھو کہ جو غنیمت لاؤ کچھ چیز سو اللہ کی واسطی اوسمیں سی پانچواں حصہ

ولذی القربی والیتمی والمسکین وابن السبیل وہم ستة اصناف لکن ذکر اللہ تعالیٰ للتبرک وسہم الرسول وذوی القربی

اور قرابت والی کی اور یتیم کی اور محتاج کی اور مسافر کی یہ چھ قسم کی لوگ ہیں لیکن اللہ کا نام تو برکت کی واسطی ہی اور حصہ رسول کا اور ذوی القربی کا

قال ان رجالا یتخوضون فی مال اللہ بغیر حق فلہم النار یوم القیمة

ساقط فبقي ثلثة اصناف وهم اليتمى والمسكين وابن السبيل الا ان فقراء ذوي القربى يدخلون فيهم
ساقط ہیں اب تین قسم باقی رہی یتیم بچے اور مساکین اور مسافر اتنا ہی کہ ذوی القربی میں سے فقرا انمیں داخل

ويقدمون عليهم دون اغنياءهم والثالث ما يوخذ من خراج الارض وجزية الرؤس وما اهدي الى الامام
اور او نپر مقدم ہیں غنی لوگ داخل نہیں ہیں اور تیسرا بیت المال وہ ہے جو زمینوں کا محصول حاصل ہوتا ہے اور جزیہ آدمی سری کا اور امام کو جو اہل حرب

من اهل الحرب وما ياخذه العاشر من تجار اهل الذمة والمستامن فيصرف الى مصالح المسلمين من سد الثغور
دیوین اور جو کہ عاشر ذمی اور مستامن تاجر دنسی لیوی یہہ سب مسلمانوں کی مصالح میں خرچ میں آویگا یعنی راہ آمد کفار کا روکنا

وعمارة الرباطات والجسور وحفر انهار العامة وارزاق العلماء النافعين والقضاة العادلين والغزاة
اور خانقاہوں کی تیاری اور پل بنانی اور عام نہریں کہدوانی اور علماء نفع رسان اور عادل قاضیوں کی اور غازیوں

والمحتسبين والرابع اللقطة وتركة الميت الذي لا وارث له فيصرف الى معالجة المرضى وادويتهم والعمتهم
اور محتسبوں کی مشاہرہ اور چوتہا بیت المال پایا ہوا مال اور لاوارث میت کا ترکہ یہہ خرچ ہوگا بیماروں کی علاج اور ادویات اور کہانی میں

واكفان الموتى ونفقة اللقيط ومن هو عاجز عن الكسب فعلى الامام ان ينظر في هذه الاموال ويضعها مواضعها
اور مردوں کی کفنوں میں اور نا وارث بچوں اور کمائی سی عاجزوں کی نفقہ میں سو امام کو لازم ہی کہ ان تمام مالوں کو غور کر کر الگ الگ محل میں صرف رکہی

فان الشارع قدر لها المصارف وجعل لكل مال قوما فان تعدى فيه وصرفه الى شهواته ولذاته يكون من
کیونکہ شارع انکا مصرف مقرر کر چکا ہی اور ہر یک مال کی لئی حق دار ٹہرا دیا ہی پہر جو کوئی اسمیں تعدی کر کی اپنی ہوا اور ہوس اور لذت میں صرف کر ڈالی

الخاسرين لانه تعالى لم يوله على المسلمين ليكون رئيسا اكالا شاربا مستريحا بل لينصر الدين ويدفع فساد المفسدين
وہ ٹوٹی والا ہی کیونکہ اوسکو اللہ تعالی نی والی مسلمانوں کا اسلئی نہیں کیا کہ سردار ہو کر کہاوی پیوی چین اوڑاوی بلکہ اسلئی کہ دین کی مدد اور مفسدوں کا فساد رفع کری

وينظر الى العلماء والفقراء وسائر المستحقين وينزلهم منازلهم ويعطيهم كفايتهم من بيت المال الذي هو امانة
اور علماء اور فقراء اور تمام حق داروں پر شفقت رکہی اور اونکی مراتب میں فرق نکری اور اونکو بقدر کفایت بیت المال میں سی جو اوسکی پاس امانت ہی عطا کیا کری

عنده ليس له فيه الا كواحد منهم اذ قد ذكر في التجنيس ان الواجب على الائمة والسلاطين والولاة ان يصرفوا هذه
اور امام کا اوسمیں بہی اتنا ہی حق ہی جتنا کسی ایک کا اونمیں سی اسواسطی کہ تجنیس میں مذکور ہی کہ اماموں اور سلاطین اور والیوں پر یہہ واجب ہی کہ یہہ حقوق

الحقوق الى اربابها ولا يحبسوها عنهم وان قصروا فيه فوباله عليهم يسئلون عنه يوم القيمة وذكر في المجمع
حق داروں کو پہنچا دیں اونسی روک نرکہیں اور اگر اسمیں کچہہ قصور کریں تو اوسکا وبال اونکی اوپر ہی قیامت کی دن اونکی پوچہہ ہوگی اور شرح مجمع میں ذکر ہی

ان الواجب على الامراء ان يجعلوا لكل نوع من تلك الاموال بيتا على حدة ويصرفوا كلا منها الى مصرفه ولو اخذوا منها لانفسهم
کہ امراء پر واجب ہی کہ ہر قسم کی بیت المال کی لئی مکان جدا جدا بنالی اور ہر قسم کی خزانہ کو اوسکی مصرف پر خرچ کری اور اگر امراء اوسمیں سی کچہہ اپنی لئی

اكثر مما يكفيهم او خلطوها او صرفوها الى غير المصارف ولم يراعوها يكونون من الظالمين وقال الزيلعي وعلى الامام ان
قدر کفایت سی زیادہ لیں یا اوسکو ملا جلا کر بی محل صرف کر دیں اور رعایت نکریں تو وہ ظالم ہونگی اور زیلعی کہتا ہی اور امام کو لازم ہی

يجعل لكل نوع من هذه الانواع بيتا يخصه ولا يخلط بعضه ببعض لان لكل نوع حكما يختص به وان لم يكن في بعضها
کہ ہر قسم کی خزانہ کی واسطی خاص خاص مکان تیار کری اور ایک کو دوسری میں نہ ملاوی کیونکہ ہر خزانہ کا جدا خاص حکم ہی اور اگر اتفاقا کسی ایک خزانہ میں

شئ فللامام ان يستقرض عليه من النوع الاخر ويصرفه الى اهل ذلك النوع ثم اذا حصل من ذلك النوع شئ يرده
کچہہ نہ رہی تو امام کو اختیار ہی کہ اوس خزانہ پر دوسری خزانہ سی قرض لیکر مقروض خزانہ کی حق داروں پر صرف کردی پہر جب اوس خزانہ میں مال آجاوی تو اوسکا

في المستقرض منه الا ان يكون المصروف من الصدقات او من خمس الغنائم على اهل الخراج وهم فقراء فانه لا يرد فيه
خزانہ مستقرض منہ میں ادا کر دی مگر اوس صورت میں کہ مصرف صدقات سی یا خمس غنایم سی اہل خراج پر ہو وی اور وہ لوگ فقیر ہوں تو اب کچہہ ادا کرنا نہیں

شيئا لانهم يستحقون بالفقر وكذا في غيره اذا صرفه الى المستحق ويجب على الامام ان يتقي الله تعالى ويصرف الى
اسواسطی کہ فقر کی جہت سی وہ حق دار ہیں اور ویسی ہی اور خزانہ میں اگر حق دار پر خرچ ہوا ہو اور امام پر واجب ہی کہ اللہ سی ڈری اور ہر ہر مستحق کو

كل مستحق قدر حاجته من غير زيادة وان قصر في ذلك كان الله تعالى عليه حسيبا وذكر في المحيط ان الامام ان
بقدر حاجت دیدیا کری زیادہ نہ دیوی اور اگر اسمین قصور کریگا تو اللہ اوسپر حساب لینی والا ہی اور محیط میں مذکور ہی کہ امام اگر بیت المال

استقرض على مال بيت الصدقات من بيت مال الخراج وصرفه الى الفقراء لا يصير قرضا عليهم لان الخراج له حكم
صدقات پر بیت المال خراج سی قرض لیکر فقرار پر صرف کردی تو قرض نہیں ہوتا اسلیے کہ خراج کو حکم

الفيء والغنيمة وللفقراء فيه حظ وانما لا يعطى لهم لاستغنائهم بالصدقات فاذا احتاجوا اليه يصرف اليهم فعلى الامام
فی اور غنیمت کا ہی اور فقرار کا اسمین حصہ ہوتا ہی اور اونکو دیتی اسلئے نہیں کہ صدقات کی جہت سی مستغنی ہوتی ہیں جب اونکو ادہر احتیاج ہوئی تو دینا چاہئے سو امام کو

ان يتقي الله في صرف هذه الاموال الى مصارفها وفي ايصال هذه الحقوق الى اربابها على ما يرى من تفضيل وتسوية
لازم ہی کہ اللہ سی ڈریکا ان اموال کو اسکی حق داروں پر صرف کری اور یہ حقوق حق داروں کو پہنچاوی جیسا نیک سمجھی کم وزیادہ یا برابر برابر

من غير ان يميل في ذلك الى الهوى ولا يحبسها عنهم ولا يجعل لهم الا قدر ما يكفيهم ويكفي اعوانهم بالمعروف وان قصر
اسمین نفس کی طرف داری نکری اور اوسکو حق داروں سی روک نرکھی اور ونکا اتنا ہی مقرر کری جو اونکو اور اونکی مددگاروں کو دستور کی موافق کفایت کرجای اور اگر

في ذلك وقعد عنهم كان الله عليه حسيبا فقد ظهر من هذا ان السلطان ليس ما في يده من بيت المال ملكا له بل
اسمین قصور کرکی بیٹھ رہیگا تو اللہ تعالی اوسپر حساب لینی والا ہی اس سی معلوم ہوا کہ جو سلطان کی قبضہ میں ہوتا ہی خزانہ بیت المال کا اوسکی ملک نہیں ہوتا بلکہ

هو امانة عنده يجب عليه ان يصرفه الى مصارفه لكن لما كان هو ايضا من المصارف جاز له ان ياخذ من مال الخراج
اوسکی پاس امانت ہوتا ہی اوسپر واجب ہی کہ اوسکو مصارف مقرری پر خرچ کری لیکن چونکہ سلطان بھی مصارف میں داخل ہی تو اوسکو جایز ہی کہ خراج کی مال میں سی

قدر كفايته فقط لا غير ولو اخذ اكثر من قدر كفايته وصرفه الى مماليك اصطفاها وزينها بانواع الملابس المحرمة
بقدر کفایت لیلی زیادہ نہیں اور اگر قدر کفایت سی زیادہ لیکر اپنی محبوب غلاموں پر صرف کری اور اونکو اچھی اچھی کپڑی جو پہننی حرام ہیں پہنا اوبچاکر

وافتخر بقيامها بين يديه يكون من الخائنين وقد روي انه عليه السلام قال من سره ان يتمثل له الرجال قيام
عزت کی واسطی سامنی کھڑا رکہی خیانت والوں میں ہی اور روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا جسکو پسند آوی کہ اوسکی آگی آدمی تصویر کی طرح کھڑی رہیں

فليتبوا مقعده من النار ثم ينبغي ان يعلم ان من له عطاء من بيت المال ان كان من المصارف يجوز له ان يصرفه
تو اپنا ٹھکانا دوزخ میں کرلی پھر جان رکھو کہ جسکی لیے بیت المال میں سی روزینہ مقرر ہو اگر وہ شخص مصارف میں داخل ہی تو اوسکو جایز ہی کہ اپنی کام میں لاوی

الى مصالحه وان لم يكن من المصارف لا يجوز له ان يصرفه الى مصالحه بل يلزمه ان يتصدق به الى الفقراء وان
اور اگر مصارف میں نہیں ہی تو اوسکو جایز نہیں ہی کہ وہ روزینہ اپنی کام میں لگاوی بلکہ اوسکو لازم ہی کہ فقرار کو خیرات دیدی اور اگر

مات لا يورث عنه بل يصير محلولا فللسلطان او نائبه ان يقرر فيه من كان من المصارف وان قرر فيه من
چھوڑ مریگا تو وہ وراثت میں نہیں آویگا بلکہ فقرار کو حلال ہوگا سو سلطان یا اوسکی نائب کو لازم ہی کہ اوسکی جگہہ ایسی کو مقرر کردی جو مصارف میں داخل ہو اور اگر اتفاقا

ليس من المصارف يجب عليه ان يخرجه ويقرر فيه من هو من المصارف وان لم يفعل يكون اثما بوجهين كما ذكر في البزازية
ایسی کو مقرر کردی جو مصارف میں نہیں ہی تو اوسپر واجب ہی کہ اوسکو موقوف کری اور ایسی کو قایم کری جو مصارف میں داخل ہو اگر نہیں کریگا تو دو وجہ سی گنہگار ہوگا چنانچہ بزازیہ میں

ان من له عطاء في الديوان ان مات عن ابنين فاصطلحا ان يكتب في الديوان اسم احدهما وياخذ العطاء ولا يكون
کہ جسکی لیی روزینہ کچہری میں مقرر ہووی اگر وہ دو بیٹی چھوڑ کر مرجاوی اور وہ دونو صلح کرلیں کہ دفتر میں ایک کی نام پر لکھا رہی وہ ہی روزینہ لیا کری اور

للاخر شيء من العطاء ويبذل له من كان له العطاء مالا معلوما فالصلح باطل ويرد بدل الصلح والعطاء للذي جعل الامام
دوسرا روزینہ سی محروم اور وہ روزینہ لینی والا کچھ مال متعین اوسکو دیدیا کری تو یہ صلح باطل ہی اور بدل صلح کا بھی وہ مال پھیر دیا جاویگا اور وہ روزینہ اوسکا

العطاء له لان الاستحقاق للعطاء باثبات الامام لا دخل فيه برضى الغير وجعله غير ان السلطان ان منع المستحق
جسکی بنی امام تجویز کری اصلی کہ حقیقت روزینہ کی امام کی تجویز پر ہی کسیکی رضامندی اور اقرار کریکا اسمین کچھ دخل نہین ہی سوا اسکی کہ سلطان اگر مستحق کو روک دیگا

يقع في الظلم مرتين في قضية واحدة حرمان المستحق واثبات غير المستحق مقامه يسر الله علينا امورنا ايسارنا
کوئی تو ایک مقدمہ مین دو ہرا گناہ ہوگا مستحق کا محروم کرنا اور غیر مستحق کا اوسکی جگہ قایم کرنا الٰہی عمل مطابق اپنی رضامندی کی ہمپر آسان کر

المجلس الثمانون في بيان ظهور الفتن وما يخالف الشرع وكيف يعمل حينئذ قال رسول الله
اسی مجلس مین بیان فتنون اور مخالف شرع کی ظہور کا کہ اسوقت کسطرح عمل کیا جاوی رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم بادروا بالاعمال فتنا كقطع الليل المظلم يصبح الرجل مؤمنا ويمسي كافرا ويمسي مؤمنا ويصبح
صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا جلدی کرلو اعمال فتنون سی پہلی جیسی ٹکڑی اندھیری رات کی صبح کو شخص مؤمن ہوگا اور شام کو کافر یا شام کو مؤمن ہوگا اور صبح کو

كافرا يبيع دينه بعرض من الدنيا هذا الحديث من صحاح المصابيح رواه ابو هريرة فانه عليه السلام اشار فيه الى
کافر اپنا دین بعوض سامان دنیا کی بیچ دیگا یہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثون مین سی ہی ابو ہریرہ کی روایت سی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اشارہ فرمایا طرف

ظهور الفتن المتكاثرة المتراكمة كتراكم ظلام الليل المظلم لا يعرف احد طريق الخلاص منها وامر بالمسارعة الى الاعمال
ظہور بہت فتنون کی تہ بر تہ جیسی اندھیرا تاریک شب کا تہ بر تہ ہوتا ہی کہ کسیکو رستہ مخلصی کا معلوم نہین ہوگا اور حکم دیا جلدی اعمال صالحہ کی فتنہ

الصالحة قبل مجيئها اذ عند مجيئها يشتد الامر ولا يقدر احد فيها على الاشتغال بالاعمال الصالحة بل يصبح الرجل
پیدا ہونی سی پہلی اسلئی امر فرمایا کہ جب فتنہ پیدا ہو جائیگا تو بڑی مشکل پڑی گی پھر نیک عمل کرنیکی کسیکو طاقت نرہیگی بلکہ آدمی صبح کو

مؤمنا ويمسي كافرا ويمسي مؤمنا ويصبح كافرا وسبب وقوع المسلم في الكفر عند ظهور الفتن يحتمل ان يكون بوقوع
مؤمن ہوگا تو شام کو کافر یا شام کو مؤمن تو صبح کو کافر اور فتنون کی ظہور پر مسلمان کفر میں شاید کہ اسلئی مبتلا ہونگی کہ اونمین لڑائی ان

القتال بينهم فيستحل كل واحد منهم دم الآخر وماله فيكفر كل واحد منهم باستحلال دم الآخر وماله ويحتمل ان يكون
ہونگی سو ہر یک طرفین سی ایک دوسریکا خون اور مال حلال سمجھیگا سو ہر یک دوسریکا خون اور مال حلال سمجھکر کافر ہو ونگا اور شاید کہ ایسی کہ

بوقوع الاختلاف بينهم فيغلب الكفار على بلادهم فيدعونهم الى دينهم فيرتد بعضهم لطلب الجاه والمال منهم
آپسمین مختلف ہو جاوین سو کفار اونکی ملک پر غالب ہو جاوینگی پھر وہ اپنی دین کی دعوت کرینگی پھر کوئی تو جاہ اور مال کی ہوس مین مرتد ہو جاویگا

كما اشير اليه في آخر الحديث حيث قيل يبيع دينه بعرض من الدنيا فان العرض بفتح الراء متاع الدنيا وحطامها
چنانچہ آخر حدیث مین یہہ ہی اشارہ ہی چنانچہ فرمایا کہ اپنا دین بعوض سامان دنیا کی بیچ دیگا بیشک عرض را کی زبر کا دنیا کی سامان اور نفع کو کہتی ہین

ويحتمل ان يكون بغلبة الظلم والفساد عليهم فلا يراعون الشرع في الحكومات بل يخرجون منه الى انواع الظلم و
اور شاید کہ بسبب کثرت ظلم اور فساد کی کہ فیصلون میں شرع کی رعایت نہین کرینگی بلکہ شرع سی نکلکر قسم قسم کی ظلم اور

السياسات ويسفكون الدماء ويأخذون الاموال بغير حق ويعتقدون انهم على الحق في ارتكابهم تلك الآثام
سیاست مین مبتلا ہونگی اور خون بیزی کرینگی اور ناحق لوگون کی مال چھین لینگی اور اپنی تئین ان گناہون کی عمل کرنی مین حق پر سمجھین گی

ولا يدرون انهم بذلك الاعتقاد يخرجون من الاسلام وربما يصلبون السارق ويقتلونه باعتقاد جواز
سات جگہہ جانی کی اجازت دیوی　ماں باپ کی ملاقات اور دونوں کی بیمار پرسی اور دونوں کی یا ایک کی تعزیت اور محرموں کی ملاقات اور یہہ سات جگہہ بیان

السبعة قال فان کانت قابلة او غسالة او کانت لها حق علی آخر او لآخر علیها حق تخرج بالاذن وبغیر الاذن

کرکر کہا ہی　پہر وہ عورت اگر دائی یا مردہ شو ہوی　یا اوسکا کسی پر حق آتا ہو　یا اور کسیکا حق اسپر آتا ہو تو جایا کری اجازت سی اور بی اجازت

وفیما عدا ذلك من زیارة الاجانب وعیادتهم والولیمة لا یاذن لها ولو اذن وخرجت کانا عاصیین والاذن

اور انکی سوای غیروں کی ملاقات کی پہلی　یا غیر کی عیادت کو　اور ولیمہ میں جانی کی اجازت نہ دی اور اگر اوسی اجازت دی اور وہ گئی تو دونو گنہگار ہونگی اور اجازت

قد یکون بالسکوت وهو کالقول لان النهی عن المنکر فرض وان ارادت ان تخرج الی مجلس العلم بغیر رضی الزوج لیس

کبہی چپ رہنی سی بہی ہوتی ہی اور سکوت ماسند قولی کی ہوتا ہی اسلئی کہ ممانعت بری بات کی فرض ہی اور اگر عورت علم کی مجلس میں بغیر خوشی خاوند کی جانا چاہی

لها ذلك الا ان تقع لها نازلة وامتنع الزوج من السؤال لها فحینئذ یسعها الخروج من غیر رضی الزوج لان طلب العلم

تو یہہ اختیار نہیں ہی ہاں اگر عورت پر کوئی واقعہ گذری اور خاوند اوسکو نہ پوچھ دیوی تو اب مضایقہ نہیں ہی کہ بی مرضی خاوند کی چلی جاوی اسلئی کہ علم کی تلاش

فیما یحتاج الیه فرض علی کل مسلم ومسلمة فیقدم علی حق الزوج وان سئل الزوج من العالم واخبرها بذلك لا یسعها

حاجت کی وقت ہر مسلم مرد اور عورت پر فرض ہی سو یہہ تلاش خاوند کی حق پر مقدم ہی اور اگر خاوند نی کسی عالم سی پوچھکر بتادیا تو اب نکلنی کا اختیار نہیں ہی

الخروج وان لم یقع لها نازلة لکن ارادت ان تخرج الی مجلس العلم لتعلم مسئلة من مسائل الوضوء والصلوة ان

اور اگر عورت کو کوئی واقعہ تو پیش نہیں آیا پر مجلس علم میں اسلئی جانا چاہتی ہی کہ کچھ مسئلہ وضو　اور نماز　کی سیکھ لی　اگر

کان الزوج یحفظ المسائل ویذکرها عندها فله ان یمنعها وان کان لا یحفظ فالاولی ان یاذن لها احیانا

اوسکا خاوند مسائل یاد رکہتا ہی اور اوسکو بتادیتا ہی تو خاوندکو اختیار ہی کہ جانی نہ دی اور اگر اوسکو مسائل نہیں آتی تو بہتر ہی کہ کبہی کبہی جانی　دیا کری

وان لم یاذن لا شیء علیه ولا یسعها الخروج ما لم یقع علیها نازلة وان خرجت من بیت زوجها بغیر اذنه یلعنها

اور اگر نہ جانی دیوی تو اوسکو کچھ گناہ نہیں ہی اور نہ اوسکو جانیکا اختیار ہی جبتک کوئی واقعہ پیش نہ آوی اور اگر وہ خاوند کی گہر میں سی اوسکی بی اجازت چلی جاوی

کل ملك فی السماء وکل شیء تمر علیه الا الانس والجن فخروجها من بیته بغیر اذنه حرام علیها قال ابن الهمام وحیث

تو آسمان و زمین کی فرشتی اور ہر شی جسپر گذرتی ہی وہ لعنت کرتی ہیں سوائی انسان اور جن کی سو عورت کا نکلنا خاوند کی گہر میں سی بی اجازت حرام ہی ابن ہمام کہتا ہی

ابیح لها الخروج فانما یباح بشرط عدم الزینة وتغییر الهیئة الی ما لا یکون داعیا الی نظر الرجال واستمالتهم قال الله

اور عورتکو جہاں جانا جایز ہی تو اس شرط سی ہوا کہ بی زینت کی ہی اور بدلی ایسی صورت کی جس سی مردوں کو لوبہر دیکہنی کی رغبت　نہو چاہئی　اوسکی اسلئی اللہ تعالی

ولا تبرجن تبرج الجاهلیة الاولی والتبرج علی ما ذکره فی الصحاح اظهار المراة زینتها ومحاسنها للرجال والمراة کلما

اور دکہاتی نہ پہرو جیسی دیکہانا دستور تہا پہلی وقت نادانی کی اور تبرج موافق بیان صحاح کی عورت کا ظاہر کرنا اپنی زینت اور خوبی کو سامنی مردوں کی سو عورت جتنی

کانت مخفیة من الرجال کان دینها اسلم لما روی انه علیه السلام قال لابنته فاطمة ای شیء خیر للمراة قالت ان

مردوں سی پوشیدہ ہی تو اوسکا دین سلامت ہی　اسلئی کہ نبی علیہ السلام نی اپنی بیٹی فاطمہ سی پوچہا عورت کی لئی کیا بات بہتر ہی عرض کیا

لا ترى رجلا ولا يراها رجل فاستحسن قولها وضمها اليه وقال ذرية بعضها من بعض وكان اصحاب
نہ وہ کسی مرد کو دیکھے اور نہ کوئی مرد اوسکو دیکھے اور آپنے اونکا قول پسند کر کے سینہ سے لگا لیا اور فرمایا اولاد ایک کی ایک سے ہے اور اصحاب

النبي صلى الله عليه وسلم يسدون الثقب والكوى في الحيطان لئلا تطلع النساء على الرجال ورأى معاذ امرأته
نبی علیہ السلام کے دیواروں کی سوراخ اور جہروکے بند کر دیا کرتے تھے تاکہ عورتیں مردوں کے سامنے نہ آوین اور معاذ نے اپنی بی بی کو دیکھا

تطلع في كوة فضربها فينبغي للرجل ان يفعل كذلك ويمنع امرأته عن مثل ذلك ثم ان كان في قلبها بدعة يزيلها
کہ سوراخ سے جہانکتی تھی سو اوسکو مارا اب مرد کو چاہیے کہ ایسا ہی کیا کرے اور اپنی بی بی کو ایسی حرکات سے منع کرے پھر اگر عورت کے دل میں کوئی بدعت ہووے تو دفع

ويلقنها اعتقاد اهل السنة والجماعة ويعلمها من احكام الصلوة والحيض والنفاس ما تحتاج اليه وان تساهلت
کردے اور اوسکو عقیدہ اہل سنت اور جماعت کا بتادے اور احکام نماز کے اور حیض اور نفاس کی جتنی حاجت ہو سکھا دیوے اور اگر عورت دین کے

في امر الدين او كانت تاركة للصلوة يؤدبها لكن يتدرج في تاديبها فيقدم اولا الوعظ والتخويف بالله تعالى
باب میں سستی کرے یا بے نماز ہووے تو اوسکو ادب دیوے لیکن آہستہ آہستہ ادب دیوے پہلے سمجہا دے اور خدا سے ڈراوے

فان لم ينجع يولي اليها ظهره في المضجع او ينفرد عنها بالفراش ويهجرها الى ثلث ليال فان لم ينجع يضربها ضربا
اگر وہ نمانے تو سوتے ہوئے اوسکی طرف سے منہ پھیر کر بیٹھ کر دے یا اوس سے جدا سوئے اور تین رات تک چھوڑ رکھے پھر بھی نہ مانے تو اوسکو اتنا مارے

غير مبرح ولا يضرب وجهها لورود النهي عنه فان لم ينجع يطلقها كما قال قاضيخان في فتاويه رجل له امرأة
کہ ہڈی نہ ٹوٹے اور مونہہ پر نہ مارے اسکی ممانعت آئی ہے پھر بھی نہ مانے تو طلاق دیدیوے چنانچہ قاضیخان اپنی فتاوی میں کہتا ہے ایک مرد ہے کہ اوسکی بی بی

لا تصلي يطلقها وان لم يكن له مال يوفي مهرها وقال البزازي لان يلقى الله تعالى ومهرها في عنقه اولى من
بے نماز ہے طلاق دیدے اگرچہ اتنا مال نہووے کہ اوسکا مہر پورا کر دے اور بزازی کہتا ہے اگر مہر گردن پر لیکر اللہ سے ملے تو اس سے بہتر ہے کہ بے نماز عورت سے وطی کرے

ان يطئ امرأة لا تصلي وقد مدح الله تعالى اسمعيل النبي عليه السلام بقوله وكان يأمر اهله بالصلوة والزكوة
اور بیشک اللہ تعالی نے اسماعیل نبی علیہ السلام کی اس آیت میں مدح کی ہے اور حکم کرتا تہا اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوۃ کا

وقالوا حمل اهل بيته على الصلوة سبب لانفتاح باب الرزق وقال صاحب الخلاصة للزوج ان يضرب المرأة على
اور کہتے ہیں اپنے اہل بیت کو نماز پر قایم کرنا سبب کشادگی دروازہ رزق کا ہے اور خلاصہ والا کہتا ہے خاوند کو اختیار ہے کہ بی بی کو چار حالتوں پر

اربع خصال او ما هو في معنى الاربع احدها خروجها عن منزله بغير اذنه بعد ايفاء مهرها والثانية ترك الزينة
مارے یا کوئی اور بات ان چار کی مانند ہو ایک تو خاوند کے گہر سے بے اجازت باہر جانا بعد مہر لینے کے دوسری سنگار نہ کرنا

اذا اراد الزوج الزينة والثالثة ترك الاجابة اذا اراد الزوج الجماع وهي طاهرة والرابعة ترك الصلوة وبمنزلة
اگر خاوند کا دل سنگار کو چاہے تیسری کہا نہ ماننا جس وقت خاوند جماع کا ارادہ کرے اور وہ عورت پاک ہو چوتھی نماز نہ پڑھنی اور قایم مقام

ترك الصلوة ترك الغسل عن الجنابة والحيض ثم انه ان اراد ان يتزوج باخرى وعلم انه يعدل بينهما يجوز له ذلك
ترک نماز کے ہے جنابت یا حیض سے غسل نہ کرنا پھر مرد اگر اور عورت سے نکاح کیا چاہے اور جانے کہ میں دونوں میں عدالت کرونگا تو یہ امر جایز ہے

لكن ان لم يفعل فهو ماجور لتركه ادخال الغم عليها لاسيما اذا كانت امرأة صالحة فان صلاحها وعفتها نعمة عظيمة
لیکن اگر نکرے تو ثواب پاویگا کیونکہ اپنی بی بی کو غم نہیں دیا خاص ایسی صورت میں کہ وہ بی بی صالحہ ہو بیشک عورت کی صلاحیت اور عفت بڑی نعمت ہے

لا يكافيها شكر وان خاف انه لا يعدل بينهما لا يجوز له ان يفعل ذلك لان الله تعالى وان جعل له ذلك حلالا حيث
اسکا شکر ادا نہیں ہو سکتا اور اگر یہ خوف ہووے کہ دونوں میں عدالت نہو سکے گی تو دوسرا نکاح جایز نہیں ہے اسلئے کہ اللہ تعالی نے اگرچہ حلال تو کر دیا ہے چنانچہ

قال فانكحوا ما طاب لكم من النساء مثنى وثلث وربع الا انه تعالى عقيب ذلك قال فان خفتم ان لا تعدلوا فواحدة
فرمایا ہے تو نکاح کرو جو تمکو خوش آوے عورتیں دو دو تین تین چار چار لیکن اسکے بعد فرماتا ہے پھر اگر ڈرو کہ برابر نرکہو گے تو ایک ہی بس ہے

قال من كانت له امرأتان او اكثر يجب عليه ان يقسم ويعدل بينهن سواء كان صحيحا او مريضا فيكون عند

لیکن جسکی نکاح میں دو عورتیں یا زیادہ ہوں تو اوسپر واجب ہے کہ اوس میں وقت کی تقسیم اور عدالت کرے برابر ہے کہ اچھی بھلی ہو یا بیمار سو ہر ایک کی پاس

كل واحدة منهن يوما وليلة او ثلثة ايام ولياليها ولا يقيم عند احدهن اكثر من ذلك الا باذنهن والثيب و

ایک دن رات یا تین دن رات رہا کرے اور کسی کی پاس اس سے زیادہ نہ رہا کرے مگر اوروں کی اجازت سے اور اوس تقسیم میں

البكر والمراهقة والبالغة والعاقلة والمجنونة والمسلمة والكتابية والصحيحة والمريضة سواء في القسم وكذ

رانڈ اور کواری اور قریب بلوغ اور جوان اور ہوشیار اور باؤلی اور مسلمہ اور کتابیہ اور اچھی بھلی اور بیمار سب برابر ہیں اور ایسے ہی

الجديدة والعتيقة سواء في القسم عندنا سواء كانت الجديدة بكرا او ثيبا فانه ان اقام عند الجديدة ثلثة ايام

نئی اور پرانی قسم میں ہماری نزدیک برابر ہیں برابر ہے کہ نئی باکرہ ہو یا رانڈ اگر چاہے کہ نئی کی پاس تین دن

او سبعة ايام يقيم عند العتيقة كذلك ولا يميل الى بعضهن لما روي انه عليه السلام قال من كانت له امرأتان

یا سات دن رہے تو پرانی کی پاس بھی ویسا ہی رہے اور کسی ایک کی طرف زیادہ میلان نہ کرے کیونکہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جسکی نکاح میں دو ہوں

فمال الى احدهما دون الاخرى وفي رواية ولم يعدل بينهما جاء يوم القيمة واحد شقيه ساقط يعني ان احد جنبيه

پھر وہ ایک طرف پیار کرے سوا دوسری کی اور ایک روایت میں ہے دونوں میں برابری نکرے تو قیامت کی دن آویگا اور اوسکی ایک کروٹ گری ہوئی ہوگی اور یہ ہے کہ ایک

يكون مجروحا ساقطا بحيث يراه اهل العرصات ليكون له هذا زيادة في التعذيب فان الافتضاح اشد العذاب

کروٹ زخمی ہوگی گری ہوئی ایسا کہ اوس میدان والے سب دیکھیں گے تاکہ یہ اور زیادہ عذاب ہووے کیونکہ بےعزتی کا بڑا عذاب ہوتا ہے

لكن ينبغي ان يعلم ان القسم والعدل انما يجب في العطاء والمبيت دون الحب والوقاع لان الحب لا يدخل تحت الاختيار

لیکن جاننا چاہیے کہ تقسیم اور برابری خرچ دینے میں اور سونے میں واجب ہے محبت میں اور صحبت میں واجب نہیں ہے اسلئے کہ محبت اختیار میں نہیں ہوتی

والوقاع يبتني على النشاط فلا يقدر على التسوية فيهما لما روي انه عليه السلام كان يقسم بين نسائه فيعدل ثم

اور صحبت کرنا نشاط پر موقوف ہے سو ان دونوں میں برابری اختیار میں نہیں ہے اسلئے کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام اپنی ازواج میں عدالت سے تقسیم کرتے تھے

يقول اللهم هذا قسمي فيما املك فلا تلمني فيما تملك ولا املك قيل اراد به الحب لان عائشة رض كانت احب نسائه

پھر فرماتے تھے کہ یہ میری تقسیم ہے جس میں مختار ہوں سو مجھکو ملامت مکرنا جسکا تو مالک ہے اور میں مالک نہیں ہوں کہتے ہیں اس سے مراد محبت ہے اسلئے کہ عائشہ رضی آپکو ازواج

اليه وكانت سائر نسائه يعرفن ذلك الا انه عليه السلام كان يقسم بينهن ويعدل في العطاء والمبيتوتة حتى

سے زیادہ محبوب تھیں اور تمام ازواج اس حال سے آگاہ تھیں لیکن نبی علیہ السلام سب کو دینے میں اور سونے میں برابر برابر رکھتے تھے یہاں تک

في مرضه الذي توفي فيه اذ روي انه عليه السلام كان يطاف به محمولا في مرضه في كل يوم وليلة فيبيت عند كل

واحدة منهن وكان يقول اين انا غدا فعلمت ازواجه انه يريد يوم عائشة فاذن له ان يكون حيث شاء فقال

تھے اور پوچھا کرتے کل کہاں کی باری ہے سو ازواج مطہرہ سمجھ گئیں کہ عائشہ کی باری ڈھونڈتے ہیں یہ سب نے اجازت دیدی کہ جہاں چاہیں رہیں پھر آپنے

فقد ضمن بذلك فقيل نعم قال حولوني الى بيت عائشة فكان في بيتها حتى مات عندها ومما يجب على الزوج من

پوچھا تم سب اسپر راضی ہو سب نے عرض کیا ہاں فرمایا مجھکو عائشہ کی گھر لیچلو سو عائشہ کی گھر رہے یہاں تک کہ اونکے پاس وفات کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ایک حق بی بی کا خاوند پر

حقها ان يؤدي اليها مهرها كاملا ان كان قادرا على ادائه وان لم يكن قادرا على ادائه ينوي ان يؤدي اليها اذا قدر

یہ ہے کہ دینکا مہر پورا ادا کردے اگر ادا کر سکتا ہے اور اگر ادا نہیں کرسکتا تو ادا کرنے کی نیت رکھے جب طاقت پاوے اسلئے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے

لانه تعالى قال واتوا النساء صدقتهن نحلة اي فريضة من الله تعالى يعني اعطاء النساء مهورهن مما فرضه الله تعالى

اور دیدو عورتوں کو مہر انکے خوشی سے یعنی اللہ کا فرض کیا ہوا ہے مطلب عورتوں کا مہر دینا اللہ تعالی کی طرف اور دین میں

في الملة والدين فمن نوى ان لا يؤدي اليها مهرها يجيء يوم القيمة زانيا لما روي انه عليه السلام قال ايما رجل تزوج
فرض کیا ہی پہر جسکی یہہ نیت ہوئی کہ بی بی کا مہر ادا نکری تو قیامت کی دن زانیوں کی صورت میں آویگا اسلئی کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا کہ جو شخص عورت
امرأة على ما قل من المهر او اكثر ليس في نفسه ان يؤدي اليها حقها لقي الله تعالى يوم القيمة وهو زان ولا يطلب منها
سی نکاح کری مقدار مہر کی کمتر ہو یا اتنی زیادہ پر کہ اوسکا حق ادا کرنیکی قدرت نہو تو قیامت کی دن خدا کی سامنی ایسا ہو ویگا جیسا زانی اور بی بی سی ادا مہر کی
المهلة لاداء مهرها الا ان يكون فقيرا او توهبه المرأة طوعا لا كرها ولا يكلفها ان تهب له مهرها لان الله تعالى نعلها
نئی مہلت نہ مانگی ہان اگر کنگال ہو یا بی بی اپنی خوشی سی مہلت دیدی نہ ذبردستی نہیں اور بی بی کو تکلیف نہ دی کہ بخشو لی اسواسطی کہ اللہ تعالی اجداس آیت کی
قال وآتوا النساء صدقاتهن نحلة فان طبن لكم عن شيء منه نفسا فكلوه هنيئا مريئا معناه على ما في التيسير وانوار
مہر دی ڈالو عورتوں کی مہر اونکی خوشی سی پہر اگر وہ اوسمیں سی کچہہ چہوڑ دیں تمکو خوشی سی تو وہ کہاؤ رچتا پچتا سو اسکی معنی موافق تیسیر اور انوار
التنزيل انهن ان وهبنا لكم بعضا من الصداق عن غاية الرضا وطيب القلب بلا اكراه ولا افتداء من سوء العشرة فلتنفعوا
التنزیل کی یہہ ہیں کہ عورتیں اگر تمکو کچہہ مہر میں سی اپنی عین رضامندی اور دلکی خوشی سی بی زور اور بی خوف بد معاملگی کی بخشدیں تو کہاؤ پیو
به بلا تبعة فعلم من هذا ان الاستنكار في الاستيهاب مكروه لانه تعالى كما جعل عقد النكاح بيد الزوج ان شاء
پیچہی نہ پڑو اس سی معلوم ہوا کہ بہت کچہہ کہہ کر بخشوانا مکروہ ہی اسواسطی کہ اللہ تعالی جیسی عقد نکاح کو خاوند کی اختیار میں رکہا ہی چاہی
يمسكها وان شاء يرسلها بلا اختيار منها كذلك جعل حلقة سلسلة المهر في رقبته وذمته فعقد النكاح يجرها اليه
عورت کو رکہی اور چاہی چہوڑ دی عورت کو کچہہ اختیار نہیں ایسی ہی حلقہ مہر کی زنجیر کا اوسکی گردن میں اور ذمہ پر رکہا ہی سو عقد نکاح سی عورت کو خاوند
وسلسلة المهر تجره اليها فاستيهاب كل المهر ابطال لحقها وابقاء لحقه وفيه ترك المعادلة وهو نوع من الظلم ولا يطلقها
کہینچتا ہی اور مہر کی زنجیر سی عورت خاوند کو کہینچتی ہی سو تمام مہر کا بخشوا لینا اوسکی حق تلفی اور اپنا حق باقی رکہنا ہی اور اسمیں بی انصافی ہی او یہہ طرحکا ظلم ہی اور بی ضرورت
بغير ضرورة الا ان تكون سيئة الخلق فاسدة الدين تاركة الصلوة لان الطلاق وان كان مباحا لكنه من ابغض
بی بی کو طلاق نہ دی ہان اگر بد خو بد دین بی نماز ہووی اسلئی کہ طلاق اگرچہ مباح ہی پر یہہ مباح اللہ کی ہان
المباحات عند الله تعالى لما فيه من ايذاء الغير ولا يباح ايذاء الغير من غير ضرورة الا بجناية من جانبها واذا عزم
بہت ناپسند ہی اسی کہ اسمیں غیر کی ایذا ہی اور بی ضرورت کسیکو ایذا دینی مباح نہیں ہی ہان اگر اوسکی کچہہ خطا ہووی پہر اگر کسی
على تطليقها بسبب الضرورة ينبغي له ان يراعي عدة امور احدها ان يطلقها في طهر لم يجامعها فيه لان الطلاق في الحيض
ضرورت سی طلاق کا ارادہ کری تو لائق یوں ہی کہ کئی باتوں کا لحاظ رکہی ایک یہہ کہ اوسکو ایسی طہر میں طلاق دیوی جسمیں جماع نکیا ہو اسلئی کہ طلاق حیض میں
والطهر الذي جامعها فيه حرام والثاني ان يقتصر على طلقة واحدة ولا يجمع الثلث لانه بدعي قبيح والطلقة الواحدة
اور جس طہر میں کہ جماع کیا ہو حرام ہی دوسری یہہ کہ ایک ہی طلاق پر اکتفا کری تینوں طلاق نہ جمع کری اسلئی کہ طلاق قبیح ہی اور ایک طلاق میں بہی
بعد انقضاء العدة تفيد المقصود مع انها بعد من الندم لتمكنه من التدارك بالرجعة في العدة وتجديد النكاح بعد
بعد گذر جانی عدت کی مقصود حاصل ہو سکتا ہی باوجودیکہ ندامت سی بچی ہی کیونکہ عدت کی اندر رجعت سی اور بعد عدت کی از سر نو نکاح سی تدارک کا اختیار
العدة واما اذا طلقها ثلثا فربما يندم ولا يمكنه التدارك الا بالحلة وعقد الحلة منهي عنه ويكون هو الساعي فيه
باقی رہتا ہی اور اگر اوسکو تینوں طلاق دیں تو بعضی وقت شرمسار ہوتا ہی اور اوسکا تدارک بدون حلالہ کی نہیں ہو سکتا اور عقد حلالہ ممنوع ہی اور اس عقد کا یہہ ہی ساعی ہی
ويحتاج الى الصبر مدة مع كون قلبه معلقا بزوجة الغير يرجوان يطلقها حتى تعود اليه بعد انقضاء عدتها وكل
اور مدت تک صبر کرنا پڑتا ہی اس حال میں کہ اسکا دل بیگانی بی بی سی لگا رہتا ہی اس امید پر کہ طلاق دی تو بعد عدت کی میری پاس آوی یہہ تمام خرابی
ذلك ثمرة الجمع وفي الواحدة يحصل المقصود من غير محظور والثالث ان يتلطف في تطليقها من غير عنف واستخفاف
طلاق جمع کرنیکا پہل ہی اور ایک طلاق میں بلا کراہت مقصود حاصل ہوتا ہی اور تیسری یہہ کہ طلاق دینی میں لطف برتی خشونت اور حقارت نکری

يطيب قلبها بان يعطيها شيئا زائدا على مهرها على سبيل المتعة وهي درع وخمار وملحفة عوضا عن ايحاشها

یا اوسکا دل خوش کردے اسطور کہ مہر سے زیادہ کچھہ جوڑہ وغیرہ بطور متعہ کے یعنی کرتا اور دوپٹہ اور چادرہ وحشت اور غم کے بدلہ میں دیدے

والرابع ان لا يفشي سرها ثم انه ان طلقها على مال وهو خلع يكره له ان ياخذ ذلك المال ان كان النشوز من

چوتھے یہہ کہ اوسکا بھید نہ ظاہر کرے پھر اگر اسنے مال کے بدلہ طلاق دی جسے خلع کہتے ہیں تو خاوند کو مکروہ ہے کہ اوس مال کو لیلے اگر بدخوئی ناسازگاری

جانبه لانه اوحشها بالارسال فلا يزيد في ايحاشها باخذ المال وقد قال الله تعالى وان اردتم استبدال زوج مكان

خاوند کی طرف سے ہی آئی کہ اوسکو چھوڑنے سے ایک تو رنج دیا پھر اوسکا مال لیکر وحشت نہ بڑہاوے اور اللہ تعالی فرماتا ہے اور اگر بدلا چاہو ایک عورت کی جگہ

زوج وآتيتم احداهن قنطارا فلا تاخذوا منه شيئا فانه تعالى نهى عن اخذ الشئ اليسير من القنطار الذي هو المال

دوسری عورت اور دے چکے ہو ایک کو ڈہیر مال تو پھیر نہ لو اوسمیں سے کچھہ بیشک اللہ تعالی نے قنطار میں سے جو بہت مال ہوتا ہے تھوڑا سا بھی لینے سے منع کیا ہے

الكثير فضلا عن الكثير وان كان النشوز من جانبها يكره له ان ياخذ الزائد على ما دفع اليه من المهر ثم انه ان

بہت لینے کا تو کیا بات ہے اور اگر ناسازگاری عورت کی جانب سے ہے تو اوس سے زیادہ لینا جو مہر اوسکو دے چکا ہے مکروہ ہے پھر اگر مرد نے

اكرهها على الخلع والتزمت ان تعطيه مالا للخلاص منه واسقطت ما عليه من المهر ونحوه يقع الطلاق بلا لزوم

پھیر خلع کی زبردستی کی اور عورت نے اپنا پلہ چھڑانے کو مان لیا کہ مال دونگی یا جو خاوند کے ذمہ مہر وغیرہ تہا ساقط کردیا تو بدون لازم ہونے

ما التزمته من المال وبلا سقوط ما عليه من المهر ونحوه لان الرضا شرط في لزوم المال وسقوطه والاكراه يعدم

مال مانی ہوئی کے اور بدون ساقط ہونے مہر وغیرہ کے جو خاوند کے ذمہ تہا طلاق پڑجاوے گی اسلئے کہ مال لازم ہوجانے میں اور ساقط ہونے میں رضامندی شرط ہے

الرضا على ما بين في موضعه هذا الذي ذكر الى ههنا ما كان على الزوج من حقوق الزوجة واما ما كان على الزوجة

زبردستی میں رضامندی نہیں ہوتی چنانچہ اپنی جگہ میں بیان ہوچکا ہے یہاں تک وہ حقوق بیان ہوئے جو بی بی کے حق خاوند کے ذمہ میں اور رہے خاوند کے حقوق

من حقوق الزوج فالقول الثاني فيه ان النكاح نوع رق والزوجة رفيقة الزوج كما قال النبي عليه السلام

جو بی بی کے ذمہ ہیں سو قول ثانی اوسمیں یہہ ہے کہ نکاح غلامی کی قسم ہے اور زوجہ خاوند کی لونڈی ہوتی ہے چنانچہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

النكاح رق فلينظر احدكم اين يضع كريمته فانه عليه السلام بين في هذا الحديث ان الاحتياط في حقها اهم

کہ نکاح غلامی ہے سو تم دیکھہ لو کہ اپنی پیاری بچی کو کہاں دیتے ہو بیشک نبی علیہ السلام نے اس حدیث میں بیان فرمایا کہ عورت کے حق میں احتیاط ضرور تر ہے

لكونها رقيقة بالنكاح لا مخلص لها بوجه من الوجوه الا بتطليق الزوج واما الزوج فهو قادر على الخلاص منها

کیونکہ وہ نکاح کے سبب سے لونڈی ہوجاتی ہے بدون خاوند کے چھوڑے کسیطرح نہیں چھوٹ سکتی اور رہا خاوند سو طلاق دیکر عورت سے آپ چھوٹ سکتا ہے

بتطليقها فاذا كانت المرأة رقيقة الزوج يلزمها ان تصبر على غيرته وترجو على ذلك من الله الثواب فان ذلك

پھر جب عورت خاوند کی لونڈی ہوئی تو لازم ہے کہ خاوند کی غیرت پر صبر کرے اور اسپر اللہ تعالی سے ثواب کی امیدوار رہے اور بیشک اسکا یہی

جهادها لما ورد في الحديث ان جهاد المرأة حسن التبعل وهو حسن المعاشرة مع زوجها فعليها ان تطيعه في كل

جہاد ہے اسلئے کہ حدیث میں آیا ہے کہ عورت کا جہاد حسن تبعل ہے یعنی خاوند کے ساتھہ نیک گذران پس عورت کے ذمہ ہے کہ خاوند کی اطاعت کرے

ما يامرها بما لا معصية فيه اذ قد ورد في عظيم حقه عليها اخبار كثيرة من جملتها ما روي انه عليه السلام قال

جو کہے جسمیں گناہ نہو اسلئے کہ حدیثیں بہت وارد ہوئی ہیں کہ خاوند کا بی بی پر بڑا حق ہے ازانجملہ وہ کہ روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا

لو كنت آمرا احدا ان يسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها من عظم حقه عليها وقالت عائشة اتت فتاة

اگر میں کسیکو سجدہ کا حکم دیتا کسیکے لئے تو البتہ عورت کو حکم دیتا کہ خاوند کو سجدہ کیا کرے کیونکہ خاوند کا بی بی پر بڑا حق ہے اور عائشہ رضی کہتی ہیں ایک جوان عورت

الى النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا نبي الله اني فتاة اخطب فما حق الزوج على الزوجة فقال النبي عليه السلام

نبی علیہ السلام کے پاس آئی عرض کیا اے نبی اللہ کہ میں جوان عورت ہوں نکاح کیا چاہتی ہوں سو خاوند کا بی بی پر کیا حق ہے پس نبی علیہ السلام نے فرمایا

كان من قرنه الى قدمه صديدا فلحسته ما ادت شكره وقال ابن عباس اتت امرأة الى النبي صلى الله عليه وسلم
اگر خاوند کی سر سے پاؤں تک پیپ بہتی ہو پھر بی بی چاٹ لے تو بھی اوسکا شکر ادا نہیں کیا اور ابن عباس کہتے ہیں ایک عورت نبی علیہ السلام کے پاس آئی
وقالت يا نبي الله اني امرأة ايم واني اريد ان اتزوج فما حق الزوج على المرأة فقال النبي عليه السلام من حق الزوج
عرض کیا یا نبی اللہ میں عورت بے خاوند ہوں میرا ارادہ نکاح کا ہے سو خاوند کا بی بی پر کیا حق ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا ایک حق خاوند کا
على المرأة اذا ارادها في نفسها وهي على ظهر البعير ان لا تمنعه ومن حقه ان لا تعطي شيئا من بيته الا باذنه
بی بی پر یہہ ہے کہ اگر خاوند اوسکی طرف رغبت کرے اور وہ عورت اونٹ کی کمر پر ہو تو انکار نہ کرے اور خاوند کا ایک یہہ حق ہے کہ اوسکی گھر میں سے اوسکی بے اجازت
فان فعلت كان الوزر عليها والاجر له ومن حقه ان لا تصوم تطوعا الا باذنه فان فعلت جاعت وعطشت
کچھہ نہ دے اگر دیگی تو وہ گنہگار ہوگی اور ثواب خاوند کو ہوگا اور اوسکا حق یہہ ہے کہ نفل روزہ اوسکی بے اجازت نہ رکھے اگر روزہ رکھیگی تو بھوکی پیاسی مرے گی
ولم يقبل منها ومن حقه ان لا تخرج من بيته الا باذنه فان فعلت لعنتها الملئكة حتى ترجع الى بيتها وروي
اور قبول نہ ہوگا اور اوسکا حق یہہ ہے کہ اوسکی گھر میں سے بے اجازت باہر نہ جاوے اگر جاویگی تو جبتک پھر آویگی اوسکو فرشتے لعنت کیا کرینگے اور روایت ہے
انه عليه السلام قال اني رايت ليلة اسري بي امرأة معلقة بلسانها فقلت يا جبرئيل ما شانها فقال انها
کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ معراج کی شب کو میں نے ایک عورت دیکھی کہ زبان اوسکی مروڑی ہے میں نے پوچھا یا جبرئیل اسکی کیا خطا ہے عرض کیا یہہ عورت
كانت تؤذي زوجها وجيرانها بلسانها ورايت امرأة اخرى معلقة بثديها وهي التي ترضع بغير اذن زوجها و
زبان سے خاوند اور ہمسایوں کو ستاتی تھی اور ایک اور عورت دیکھی کہ اپنی پستان لٹکی ہے وہ ایسی تھی کہ خاوند کی بے اجازت دودھ پلاتی تھی اور
رايت اخرى معلقة برجليها وهي التي تخرج بغير اذن زوجها ورايت اخرى معلقة بيديها وهي التي تفسد مال زوجها
ایک اور عورت دیکھی کہ اپنی پاؤں سے لٹکی تھی وہ خاوند کی بے اجازت گھر سے چلی جاتی تھی اور ایک اور دیکھی کہ اپنی ہاتھ سے لٹک رہی تھی وہ وہ تھی کہ خاوند کا مال خراب کرتی
وروي عن ابي هريرة انه عليه السلام قال اذا دعا الرجل امرأته الى فراشه فابت فبات غضبان لعنتها الملئكة
اور ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب کوئی مرد اپنی بی بی کو اپنی بستر پر بلاوے اور وہ نہ آوے پھر وہ مرد خفہ ہوکر سورہے تو صبح تک فرشتے اوس عورت پر لعنت
حتى تصبح وفي رواية انه عليه السلام قال والذي نفسي بيده ما من رجل يدعو امرأته الى فراشه فتابى الا
کرتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا قسم ہے اپنی مالک کی کہ جو مرد اپنی بی بی کو اپنی بستر پر بلاوے اور وہ نہ آوے تو
كان الذي في السماء ساخطا عليها حتى يرضى عنها والحاصل ان اللازم لها ان تطلب رضاه ولا تمنع نفسها عنه
جو کہ آسمان میں ہے اوس سے بیزار ہوگا جبتک خاوند راضی ہووے حاصل یہہ ہے کہ بی بی کو لازم ہے کہ خاوند کی رضا طلب کرتی رہے اور آپکو اوسکی حوالہ کردے
ولا تتعلل بالحيض ولا تؤخر الاجابة بل تطيعه فور طلبه ان كانت طاهرة عن الحيض واما في حال الحيض فتخبره
اور حیض کا بہانہ نہ کرے اوسکی حکم بجا لانے میں دیر نہ کرے بلکہ ترت کہتے ہی اطاعت کرے اگر حیض سے پاک ہووے اور حیض کی حالت میں اپنا حال
عن حالها وتلبس اخلاق ثيابها تقليلا لميل الزوج اليها ويستحب لها اذا دخل وقت الصلوة ان تتوضأ وتجلس في
جتادے اور پرانی کپڑے پہن لے تا کہ خاوند کا دل اودہر نہ لگ جاوے اور حائضہ کو مستحب ہے کہ جب نماز کا وقت آوے تو وضو کرکر گھر میں
مسجد بيتها وتسبح وتهلل قدر اداء الصلوة كيلا يزول عنها عادة العبادة وقد روي انه عليه السلام قال اذا استغفرت
نماز کی چبوترے پر جتنی دیر نماز کو لگتی ہے سبحان اللہ اور لا الہ الا اللہ پڑھا کرے تا کہ عبادت کی عادت نہ جاتی رہے اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جب حائضہ عورت
الحائض في وقت كل صلوة سبعين مرة كتب له الف ركعة وغفر لها سبعون ذنبا ورفع لها درجة واعطى لها لكل
ہر نماز کی وقت ستر بار استغفار پڑھتی ہے تو اوسکو ہزار رکعت کا ثواب ہوتا ہے اور ستر گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور اوسکا درجہ بڑھ جاتا ہے اور استغفار کی
حرف من استغفارها نور وكتب بكل عرق في جسدها حج وعمرة وفي غير حال الحيض تلبس احسن ثيابها وتط
ہر ہر حرف کی بدلہ نور ملتا ہے اور بدن کی رگوں کی شمار پر حج اور عمرہ لکھا جاتا ہے اور اگر پاک ہو تو اچھا لباس پہنا کرے اور جہاں تک ہو سکے

المودة الی زوجها ما استطاعت وتکون متعطرة متنظفة فی نفسها ومستعدة فی الاحوال کلها لاستمتاع الزوج
خاوند سی پیار ظاہر کیا کری اور خوشبو اور پاکیزہ اور ہر وقت خاوند کی تمتع کی لئی جب وہ رغبت کری تیار رہا کری

بها متی شاء وتکون قاعدة فی قعر بیتها ملازمة لمغزلها من حین زفت الیه الی ان تزف الی القبر ولا تخرج من بیتها
اور گہر کی اندر تنہا بیٹہی رہا کری اوسدن سی کہ خاوند کی ان گئی ہی یہانتک کہ قبر مین جاوی اور گہر مین سی خاوند کی بی اجازت

الا باذن زوجها واذا خرجت باذنه تخرج مختفية فی هیئة رثة وتطلب المواضع الخالية دون الشوارع والاسواق
نہ جایا کری اور اگر باجازت جاوی تو چہپ کر بری صورت بناکر اور خالی اوجاڑ رستی کو جاوی سڑک اور بازارون مین کو

ولا تخرج عطرة متبرجة ولا تتحدث مع رجل فی الطریق لما روی ان عمر رای امراة مع رجل یتحدثان فی الطریق
اور خوشبو لگاکر زیب زینت سی نہ جاوی اور رستہ میں کسی مرد سی بات نکری کیونکہ روایت ہی کہ عمر رض نی ایک عورت کو مرد سی رستہ مین بات کرتی ہوئی دیکہا

فضربهما بالدرة فقال رجل یا امیر المؤمنین هی امراتی فقال له عمر لم کانت امراتك فلم لم تدخلها فی بیتك
سو دونوکو تعزیر دی اوس مرد نی عرض کیا یا امیر المؤمنین یہہ میری بی بی ہی عمر نی جواب دیا اگر تیری بی بی ہی تو اپنی گہر مین کیون نہین بیٹہاتا

حتی لا یتهمك احد فی الطریق ولا تخرج الی الحمام وان اذن لها زوجها لما روی عن عائشة انه علیه السلام قال الحمام
تاکہ رستہ مین تجہہ پر کوئی تہمت نہ لی اور حمام مین نہ جاوی اگرچہ خاوند اجازت دیدی کیونکہ عائشہ رض سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نی فرمایا حمام

حرام علی نساء امتی فان اقتضت الضرورة الی دخولها فی الحمام لعذر المرض والنفاس یشترط ان تدخل بمئزر ولا تکون
میری امت کی عورتون پر حرام ہی اور اگر بسبب مرض یا نفاس کی حمام مین جانیکی ضرورت آگئی تو شرط یہہ ہی کہ ازار پہن کر جاوی اور حمام مین کوئی

فیه احد من النساء مکشوفة العورة ولا تخرج بزینة فاذا لم یوجد واحد من هذه الشروط لا یحل لها الخروج الی الحمام
عورت ننگی نہووی اور سنگار کرکر نہ نکلی اور ان شرطون مین سی ایک بہی فوت ہوویگی تو حمام مین جانا حلال نہین ہی

وکذا لا یحل لها الخروج الی المقابر لما ذکر فی نصاب الاحتساب ان القاضی سئل عن جواز خروج المراة الی المقابر فقال لا
اور ایسی ہی عورت کو گورستان مین جانا حلال نہین کیونکہ نصاب الاحتساب مین مذکور ہی کہ قاضی سی کسی نی پوچہا کیا عورت کو گورستان مین جانا جایز ہی جواب دیا

تسئل عن الجواز فی مثل هذا وانما تسئل عن مقدار ما یلحقها من اللعن فانها کلما نوت الخروج کانت فی لعنة الله تعالی
اس باب میں جواز کو کیا پوچہتا ہی یہہ پوچہہ اوسپر کتنی لعنت پڑتی ہی کیونکہ عورت جب جانیکا ارادہ کرتی ہی تو خدا کی اور فرشتون کی

وملئکته واذا خرجت تحفها الشیاطین من کل جانب واذا اتت القبر یلعنها روح المیت واذا رجعت کانت فی
لعنت میں ہوتی ہی اور جب چلی تو ہر طرف سی شیطان اوسکی ساتہہ ہوتی ہین اور جب قبر پر پہنچی تو مردہ کی روح لعنت کرتی ہی اور جب ہٹتی ہی تو

لعنة الله تعالی وملئکته حتی تعود الی منزلها وفی الخبر ایما امراة خرجت الی مقبرة یلعنها ملئکة السموات
اللہ تعالی کی اور فرشتون کی لعنت میں ہوتی ہی جبتک اپنی گہر مین آئی اور حدیث مین ہی کہ جو عورت گورستان مین جاتی ہی تو اوسکو فرشتی ساتون آسمان

والارضین السبع وتمشی فی لعنة الله تعالی وایما امراة دعت للمیت بخیر ولم تخرج من بیتها یعطیها الله تعالی
اور زمین کی لعنت کرتی ہین اور خدا کی لعنت مین جاتی ہی اور جو عورت گہر مین بیٹہی ہوئی مردی کی حق مین دعاء خیر کرتی ہی تو اوسکو اللہ تعالی ثواب حج

ثواب حجة وعمرة وعن سلمان وابی هریرة انه علیه السلام ذات یوم خرج من المسجد فوقف علی باب داره واتت
اور عمرہ کا دیتا ہی اور سلمان اور ابو ہریرہ سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام ایک روز مسجد سی نکل کر اپنی گہر کی دروازہ پر ٹہر گئی پہر حضرت فاطمہ رض آگئین

فاطمة فقال لها من این جئت قالت خرجت من منزلة فلانة التی ماتت فقال علیه السلام هل ذهبت
آپ نی فرمایا تو کہان سی آئی عرض کیا فلانی عورت جو مر گئی ہی اوسکی گہر سی آئی ہون پہر نبی علیہ السلام نی پوچہا کیا اوسکی قبر پر بہی گئی تہی

قبرها قالت معاذ الله افعل بعد ما سمعت منك ما سمعت فقال علیه السلام لو زرت قبرها لم ترحی رائحة الجنة
عرض کیا خدا کی پناہ کیا آپسی سنکر جو سنا ہی ایسا کرتی پہر نبی علیہ السلام نی فرمایا اگر تو اوسکی قبر پر جاتی تو جنت کی بو نہ سونگہتی

وروي انه عليه السلام لما قدم المدينة خرج الى جنازة فرأى النساء يتبعن الجنازة فقال لهن أتحملن مع من
اور روایت ہے کہ جب نبی علیہ السلام مدینے میں تھے تو ایک جنازہ کے ساتھ چلے پھر عورتوں کو دیکھا کہ جنازہ کے پیچھے آتی ہیں آپ نے اونسے پوچھا کیا تم سب کے ساتھ
يحمل فقلن لا فقال عليه السلام اتصلين مع من يصلي فقلن لا فقال عليه السلام انصرفن مأزورات
جنازہ اوٹھاؤگی عرض کیا نہیں پھر نبی علیہ السلام نے فرمایا کیا تم سب کے ساتھ نماز پڑھوگی عرض کیا نہیں پھر آپ نے فرمایا گنہگار ہوکر بے ثواب جاؤ
غير مأجورات فدل ذلك على ان المرأة لا يباح لها الخروج الى المقبرة ولا تشييع الجنازة بل يكره بها ان يكون من همتها
اس سے معلوم ہوا کہ عورت کو گورستان میں جانا جائز نہیں ہے اور نہ جنازہ کی ہمراہ جایا کرے بلکہ عورت کو لازم ہے کہ تمام ہمت
اصلاح شأنها وتدبير منزلها ولا تدخل في بيت زوجها من يكره دخوله فيه من الرجال والنساء وتقدم حقه على
اپنا حال درست اور گھر کا کاروبار کیا کرے اور خاوند کے گھر میں کسی مرد یا عورت کو جسکا آنا خاوند ناپسند کرتا ہو نہ آنے دے اور اپنی اور تمام سگی سودوں کی
حق نفسها وسائر اقاربها ولا ترفع صوتها فوق صوته ولا تجهر له بالقول ولا تكون منفعتها عن كسبه اذا
حق پر خاوند کا حق مقدم رکھے اور اپنی آواز خاوند کی آواز پر بلند نہ کرے اور خاوند کے پیچھے چیخ کر نہ بولے اور اپنا خرچ خاوند کی حرام کمائی میں سے نہ کرے
كان حراما اذ قد كانت النساء في السلف اذا خرج الرجل من منزله تقول له امرأته وابنته اياك وكسب الحرام فانا
کیونکہ سلف کی عورتیں ایسی تھیں کہ جب مرد گھر میں سے باہر جاتا تو اوسکی جورو بیٹی کہہ بیٹیاں حرام کمائی سے پرہیز کرنا ہمیں تو بھوک پر صبر ہو سکتا ہے آگ پر
نصبر على الجوع ولا نصبر على النار وتكون قانعة من زوجها بما رزقه الله تعالى ولا تكلفه ما لا يطيقه ولا تدخل
صبر نہیں ہو سکتا اور جو خدا تعالی نے خاوند کو رزق دیا ہے اوسپر قناعت کرے اور خاوند کو طاقت سے زیادہ تکلیف نہ دے اپنی خرچ کا غم نہ کرے
غما في امر النفقة بل تكون صابرة متوكلة كما حكي ان رجلا من السلف هم بالسفر وكره جيرانه سفره فقالوا لزوجته
بلکہ صبر اور توکل پر رہے چنانچہ حکایت ہے کہ ایک شخص سلف میں سے سفر کا ارادہ کیا ہمسایوں کو اوسکا سفر پسند نہ آیا ہمسایوں نے اوسکی بی بی سے کہا
لم ترضين بسفره ولم يدع لك نفقة فقالت زوجي عرفته اكالا وما عرفته رزاقا ولي رزاق يذهب الأكال ويبقى
تو اوسکے سفر پر کیوں راضی ہوگئی اور وہ تیرے لئے خرچ نہیں دے گیا اوسنے جواب دیا میں اوسکو کھانے والا جانتی ہوں رزاق نہیں جانتی اور میرے لئے رزاق اور ہے کھانے والا جاتا ہے
الرزاق ولا تتفاخر بجمالها بل تكون كما روي عن الاصمعي انه قال دخلت البادية فرأيت امرأة من احسن الناس وجها
اور رزاق باقی ہے اور اپنی جمال پر ناز نہ کیا کرے بلکہ ایسی ہو جیسی اصمعی سے روایت ہے کہ وہ کہتا ہے کہ میں جنگل میں گیا تو میں ایک عورت نہایت خوبصورت پاس
تحت رجل قبيح الوجه في الغاية فقلت يا عجبا مثلك تحت مثله فقالت يا هذا قد اخطأت في قولك لعله احسن
ایک مرد نہایت بدصورت کے دیکھی میں نے کہا کیا عجب ہے تجھ سی پری ایسی کے نیچے وہ بولی اے شخص تو نے بیجا کہا شاید کہ اسنے اپنی خالق کی
فيما بينه وبين خالقه فجعلني ثوابه ولعلي اسأت فيما بيني وبين خالقي فجعله عقوبتي افلا ارضى الله لي مما
کوئی عبادت کی ہے سو مجھکو اوسکے لئے اوس عبادت کا ثواب ٹھہرایا ہے اور شاید مجھ سے اپنی خالق کی کوئی خطا ہوگئی ہے سو اسکو میری لئے عذاب مقرر کیا ہے پھر اللہ سے
يجب من حقه عليها ديانة ان تفعل كل خدمة في داخل الدار من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها حتى لو لم تفعل
کیوں نہ پسند کروں اور حق خاوند کا اپنی پر ازروی دیانت کی واجب ہے یہ ہے کہ گھر میں تمام کاروبار جیسے سالن روٹی پکانا کپڑے دھونی وغیرہ کیا کرے یہاں تک کہ اگر کچھ
شيئا منها تكون آثمة وان لم تجبر عليها وترى تقصيرها في خدمته ولا تسأل طلاق ضرتها لان لها ما قدر لها ولا
نہ کرے گی تو گنہگار رہوگی اگرچہ اسمیں کچھ اوسپر زور نہیں ہے اور خاوند کی خدمت میں اپنی آپکو مقصر سمجھتی رہے اور اپنی سوکن کی طلاق کی خواہش نہ کرے کیونکہ جو اسکی قسمت
تمنعه عن نكاح ثلث سواها لانه تعالى جعل له ذلك حلالا بشرط العدل حيث قال فانكحوا ما طاب لكم من النساء
سو ملیگا اور خاوند کو دو تین نکاح سے منع نہ کرے کیونکہ اللہ تعالی نے اوسکو یہ اختیار دیا ہے بشرط عدالت حلال ہے چنانچہ فرمایا ہے تو نکاح کرو جو تمکو خوش آویں عورتیں
مثنى وثلث وربع فان خفتم الا تعدلوا فواحدة وتصبر على غيرة الضرائر راجية من الله تعالى الثواب كما صبرت
دو دو تین تین چار چار پھر اگر ڈرو کہ برابر نہ رکھوگے تو ایک ہی اور سوکنوں کی رشک پر صبر کرے اللہ تعالی سے امیدوار ثواب کی رہے جیسے نبی علیہ السلام کی

أزواج النبي عليه السلام حتى وهبت سودة نوبتها لعائشة حين أيست وعلمت محبته عليه السلام لعائشة ولا
ازواج نبی کی صبر کیا سال تک کہ سودہ نے بڑہاپے میں اپنی باری سال بھر کو دیدی جب اونکو عائشہ کی حق میں نبی علیہ السلام کی محبت معلوم ہوئی اور

تسأل الطلاق من غير بأس وفاقة لما روي أنه عليه السلام قال أيما امرأة سألت زوجها الطلاق فحرام عليها
بدون الا میری کا اور فاقہ کی طلاق سے مانگی اسلیے کہ روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جو عورت اپنی خاوند سے طلاق مانگی تو اوسپر جنت کی بو حرام ہی

رائحة الجنة ولا تظهر زينتها لغير زوجها ومحارمها لأنه تعالى قال في حق المؤمنات ولا يبدين زينتهن
دوسرا اپنی خاوند اور محرموں کی اپنا سنگار نہ دکہاوے اسلیے کہ اللہ تعالی نے مؤمنات کی حق میں فرمایا ہی ورنہ کہولیں اپنی سنگار

إلا لبعولتهن أو آبائهن أو آباء بعولتهن أو أبنائهن أو أبناء بعولتهن أو إخوانهن أو بني إخوانهن
مگر اپنی خاوند کی آگی یا اپنی باپ کی یا سسری یا اپنی بیٹی کی یا سوتیلی بیٹی کی یا اپنی بہای کی یا اپنی بہتیجوں کی یا اپنی بہانجوں کی

أو نسائهن والزينة ما تتزين به المرأة من اللباس والحلي وغيرهما وهي ظاهرة وباطنة أما الظاهر فلا يجب
یا اپنی عورتوں کی اور زینت وہ ہی جو عورت کپڑوں اور زیور وغیرہ سی سنگار کرتی ہی اور زینت ایک ظاہر کی ہی اور ایک باطن کی ظاہر کی زینت کا چھپانا تو واجب نہیں

سترها ولا يحرم على الأجنبي النظر إليها لقوله تعالى ولا يبدين زينتهن إلا ما ظهر منها لكن اختلف فيها فقيل هي
اور اجنبی مرد کو اوسے دیکھنا بہی حرام نہیں ہی بدلیل اس آیت کی اور نہ دکہاویں اپنا سنگار مگر جو کہلی چیز ہی لیکن اسمیں اختلاف ہی کوئی کہتا ہی کہ زینت

الثياب وهذا قول ابن مسعود وقيل هي الكحل والخاتم وهذا قول ابن عباس وروي عن أصحابنا أنه أراد بهما
ظاہری صرف کپڑی ہیں یہ قول ابن مسعود کا ہی اور کوئی کہتا ہی سرمہ اور انگوٹھی ہی یہ قول ابن عباس کا ہی اور ہماری علماء سی روایت ہی کہ ان دونوں سی مراد

الوجه والكفين لأن الكحل من زينة الوجه والخاتم من زينة الكف فلما أبيح النظر إلى زينة الوجه والكف كان
چہرہ اور دونوں ہاتھ ہیں اسلیے کہ سرمہ چہرہ کی زینت ہی اور انگوٹھی ہاتھ کی زینت ہی جب چہرہ و ہاتھ کی زینت کا دیکھنا مباح ہوا تو یہ ہی

إباحة النظر إلى الوجه والكف هذا إذا كان النظر بغير شهوة وأما إذا كان بالشهوة فلا يجوز إلا عند العذر وهو
اباحت چہرہ اور ہاتھ دیکھنے کی ہی اور یہ اباحت اوس صورت میں ہی کہ بغیر شہوت نظر کری اور اگر نگاہ شہوت سی ہو دیکھنا جائز نہیں ہی مگر عذر کی وقت اور وہ عذر

القضاء من القاضي والشهادة من الشاهد والعلاج من الطبيب وكذلك إذا أراد الرجل أن يتزوج امرأة يجوز
قضا قاضی کی ہی اور گواہی گواہ کی اور علاج طبیب کا اور ایسی ہی اگر کوئی مرد کسی عورت سی نکاح کا ارادہ کری تو اوسکو جائز ہی

له أن ينظر إليها لكن لا يجوز له أن ينظر إليها حاسرة ولا إلى شيء ما هو عورة في حقه بل إنما يباح له أن ينظر إلى وجهها
کہ اوس عورت کو دیکھ لی پر یہ جائز نہیں ہی کہ ننگی کر کر دیکھی اور نہ ایسا عضو جو اوسکی حق میں عورت ہو بلکہ اتنا ہی مباح ہی کہ فقط چہرہ

وكفيها فقط لأنها ليست بعورة في حقه وذكر في شرح الكرخي أن النظر إلى وجه الأجنبية ليس بحرام لكن يكره
اور دونوں ہاتھ دیکھے لی کیونکہ اوسکی حق میں عورت نہیں ہی اور شرح کرخی میں مذکور ہی کہ اجنبی عورت کا منہہ دیکھنا حرام نہیں ہی لیکن بی ضرورت مکروہ ہی

بغير حاجة إذ لا يؤمن عن الشهوة وذكر في نصاب الاحتساب أن الحرة تمنع من كشف الوجه والكف والقدم لما
اسلیے کہ شہوت کا ڈر ہی اور نصاب الاحتساب میں مذکور ہی کہ حرہ کو منہہ اور ہاتھ اور پاوں کہولنا حیسا اجنبی کی نظر پڑتی ہی ممنوع ہی

يقع عليه نظر الأجنبي لأنها لا تأمن عن شهوة بعض الناظرين إليها إلا أن يكون عجوزًا فحينئذ يجوز النظر إلى وجهها
کیونکہ یہہ ڈر ہی کہ بعضی دیکھنی والی شہوت سی نظر کریںگی ہاں اگر بڑہیا ہو تو اس اوسکا چہرہ دیکھنا جائز ہی

ويحل مصافحتها عند الأمن عن الشهوة لكن لا تخلو برجل شابًا ولا شيخًا إلا أن الخلوة بالأجنبية وإن كان معها غيرها
اور بی شہوت اوس سی مصافحہ کرنا بہی حلال ہی لیکن ہمراہ کسی مرد کی خلوت میں نہ جاوی جوان ہو یا بوڑہا اسلیے کہ خلوت اجنبی عورت کی ساتھ اگرچہ اوسکی ساتھ اور

من النساء مكروه كراهة تحريم لما روي عن ابن عباس أنه عليه السلام قال لا يخلون رجل بامرأة إلا مع ذي محرم
عورتیں ہوں مکروہ تحریمی ہی کیونکہ ابن عباس سی روایت ہی کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کوئی مرد کسی عورت کی ساتھ خلوت میں نہ ہووی مگر اوس وقت کہ اوسکی ساتھ

واما الزينة الباطنة فهي القرط والقلادة والدملج والخلخال واختلف في السوار فروى عن عائشة رض انها من
اور باطنی زینت بالی اور ہار اور بازوبند اور پازیب اور کنگن میں اختلاف ہے سو عائشہ رضی سے روایت ہے کہ کنگن
الزينة الباطنة وهو الاشبه لمجاوزتها الكف وهذه الزينة الباطنة يحرم ان ينظر اليها الاجانب لا المحارم
باطنی زینت میں ہے اور یہی بات حق معلوم ہوتی ہے اسواسطے کہ کلائی سے اوپر ہوتا ہے اور یہ زینت باطنی ہے اجنبی مردوں کو نظر کرنا حرام ہے محرم کو حرام نہیں
لانه تعالى قد سوى في ذلك بين الزوج ومن ذكر معه فاقتضى ذلك اباحة النظر الى مواضع الزينة لهؤلاء المذكورين
اسواسطے کہ اللہ تعالی نے اس باب میں خاوند کو اور جو اوسکے ساتھ آیت میں مذکور ہیں سب کو برابر کر دیا ہے یعنی ان لوگوں کو مواضع زینت پر نظر کرنی مباح ہے
كما هو للزوج والمراد من نسائهن المؤمنات قال ابن عباس رض ليس للمسلمة ان تتجرد بين نساء اهل الذمة ولا تبدي
جیسی خاوند کو جائز ہے اور مراد نسائہن سے مومنات ہیں ابن عباس رض کہتے ہیں مسلمہ کو جائز نہیں ہے کہ اہل ذمہ کی عورتوں میں ننگی ہووے اور نہ کافر عورت کو
للكافرة الا ماتري للاجانب الا ان تكون امة لها ان تظهر زينتها الباطنة للاجانب فانها ان اظهرتها لهم لا يكون لها
سواے وہ کہ ظاہر کرے جو اجنبی مرد کے لیے جائز ہے ہاں اگر لونڈی ہو تو اوسکو جائز ہے کہ اپنی باطنی زینت اجنبی مردوں سے ظاہر کردے لونڈی اگر باطنی زینت اجنبی مرد کو دکھاویگی تو حرام
حرمة كما روى عن ابي بكر الاعمش انه خرج الى بعض الرستاق وكانت النساء على شط النهر كاشفات الرؤس والذرع
نہیں ہے جیسا کہ ابوبکر اعمش سے روایت ہے کہ وہ کسی گاؤں میں گیا وہاں عورتیں نہر کے کنارہ پر سر ننگی اور بانہیں کھولے ہوئی تھیں
وهو جعل يخالطهن ولا يتحاشى عن النظر اليهن فقيل له كيف فعلت هذا فقال لا حرمة لهن انما اشك في ايمانهن
اور یہ اونکے ساتھ مل رہا تھا اور اونکے دیکھنے سے پرہیز نہیں کرتا تھا کسی نے اوس سے کہا تو نے یہ کیا کیا جواب دیا انکی حرمت نہیں ہے مجھکو انکے ایمان میں شک ہے
كلهن حربيات وروى عن عمر انه هجم في المدينة على نائحة رض فضربها بالدرة حتى سقط خمارها فقيل له يا امير المؤمنين
یہ تمام حربی عورتیں ہیں اور عمر رض سے منقول ہے کہ وہ مدینہ میں کسی نوحہ گر عورت کو جا پکڑا اور درہ سے اتنا مارا کہ اوڑھنی اوسکی گر گئی کسی نے کہا یا امیر المومنین
قد سقط خمارها فقال لا حرمة لها في الشريعة فقوله لا حرمة لها في الشريعة قيل معناه انها لما اشتغلت بما لا يحل
اسکی اوڑھنی اوتر پڑی ہے جواب دیا اسکی شریعت میں کچھ حرمت نہیں ہے پس اس عبارت سے کہتے ہیں مراد یہ ہے کہ جب اس عورت نے ایسا کام کیا جو
في الشريعة اسقطت حرمتها والتحقت بالاماء فلا يلزم الاحتراز عن النظر اليها

المجلس التاسع والتسعون والمائة

شریعت میں حلال نہیں ہے تو اسنے اپنی حرمت آپ کھو دی لونڈیوں میں مل گئی سو اسکی دیکھنے کا احتراز ضروری نہیں ہے ‏ مجلس اس حدیث کی بیان میں

في بيان قوله عليه السلام استوصوا بالنساء خيرا

کہ عورتوں کی حق میں اچھی وصیت پکڑو آخر تک

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استوصوا بالنساء خيرا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورتوں کی باب میں اچھی وصیت پکڑو
فان المرأة خلقت من ضلع فان اعوج شيء في الضلع اعلاه فان ذهبت تقيمه كسرته وان تركته لم يزل اعوج
کیونکہ عورت پسلی سے پیدا ہوئی ہے بیشک پسلی میں ٹیڑھی جگہ اوپر کی ہے اگر تو اوسکو سیدھی کرتا ہے تو توڑ دیگا اور اگر ویسی حال پر رکھا تو ٹیڑھی رہیگی
هذا الحديث منه رواه ابو هريرة ومعنى الاستيصاء قبول الوصية فكانه عليه السلام قال اني اوصيكم بالنساء
یہ حدیث یقینا آپ کا ہے ابو ہریرہ کی روایت ہے اور معنی استیصاء کی وصیت قبول کرنی سو گویا نبی علیہ السلام نے یہ فرمایا میں تمکو عورتوں کی باب میں
خيرا فاقبلوا وصيتي فيهن واعملوا بهن خيرا ولا تغضبوا عليهن اذا فعلت فعلا غير مرضي عندكم مالم يكن فيه
اچھی وصیت کرتا ہوں انکی حق میں میری وصیت پوری کرو اور انکی ساتھ بھلائی کرو اور اگر تمہاری خلاف مرضی کوئی کام کریں تو اونپر غصہ مت کرو جبتک اوس میں
اثم فانهن خلقن من شيء اعوج وهو الضلع لما ثبت في الاخبار ان اول النساء وهي حوا خلقت من ضلع آدم النبي
گناہ ہو کیونکہ عورتیں ٹیڑھی چیز سے پیدا ہوئی ہیں یعنی پسلی سے اسلئے کہ حدیثوں سے ثابت ہے کہ پہلی عورت یعنی حوا آدم نبی علیہ السلام کی پسلی سے پیدا ہوئی ہے
كما قال الله تعالى خلقكم من نفس واحدة وخلق منها زوجها فيكون في هذا الحديث اشارة الى المرأة خلقت
چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے بنایا تمکو ایک جان سے اور اوسی سے بنایا اوسکا جوڑا سو اس حدیث میں اشارہ ہے کہ عورت کی پیدایش ہے

فيه اعوجاج لا يستطيع احد ان يقيمها ويغيرها عما خلقت عليه فلا ينكر اعوجاجها لانها من ابتداء خلقتها
کہ جسمین کجی ہی کسیکی یہ طاقت نہین ہی کہ اوسکو سیدہی کردی یا اوسکی عادت بدلدی سو اوسکی کجی بری نہین ہی کیونکہ ابتداء پیدایش
واصل فطرتها ركب فيها الاعوجاج فلا يمكن الانتفاع بها الا بمداراتها والصبر على اعوجاجها اذ لو شرعت ان تقيمها
اور اصل فطرت سی عورت کی ذات مین کجی داخل ہی سو عورت سی منفعت حاصل کرنی بدون مدارات کی اور اوسکی کجی پر صبر کرنیکی نہین ہوگی اسلئی کہ اگر تو اوسکو راست
وتجعلها مستقيمة في افعالها واقوالها لا يمكنك الانتفاع بها بل يؤدي الى كسرها وهو طلاقها فلما علم من هذا
درست کیا چاہی اور تمام افعال اور اقوال مین سیدہی بنادی تو ممکن نہین کہ تو اوس سی نفع لی سکی بلکہ آخر کو ٹوٹ جاویگی یعنی طلاق ہوگی پہر جب اس حدیث سی عورتون
الحديث حال النساء في ابتداء خلقتهن لزم للرجل حسن المعاملة معهن ورعاية حقوقهن والانفاق عليهن بالمعروف
کی ابتداء پیدایش کا حال معلوم ہوا تو مرد کو لازم ہی کہ انکی ساتھ معاملہ نیک اور حقوق کی رعایت کیا کری اور انکا خرچ اچھی طرح دیا کری
اذ قال الفقهاء يجب على الرجل نفقة زوجته سواء دخل بها او لم يدخل بها وسواء مسلمة او ذمية او فقيرة او غنية
اسواسطی کہ فقہاء کہتی ہین کہ خاوند پر بی بی کا خرچ واجب ہی خواہ وطی کی ہو یا نہ کی ہو اور برابر ہی کہ وہ مسلمہ ہو یا ذمیہ ہو یا کنگال ہو یا تونگر
لان غناءها لا يبطل حقها في النفقة سواء كانت كبيرة او صغيرة قابلة للوطي وان لم تكن قابلة للوطي لا يجب عليه
اسلئی کہ تونگری سی اوسکا حق نفقہ کا باطل نہین ہوتا خواہ بالغہ ہو یا نابالغہ قابل وطی کی ہو اور اگر قابل وطی کی نہو تو خرچ واجب نہین
نفقتها والنفقة الواجبة الطعام والكسوة والسكنى على ما روي عن هشام انه قال سألت محمدا عن النفقة فقال هي الطعام
ہی اور نفقہ واجب کہانا ہی اور کپڑا اور رہنی کا گہر موافق روایت ہشام کی کہ وہ کہتا ہی مین نی محمد سی مقدار نفقہ کی پوچہی جواب دیا کہانا
والكسوة والسكنى اما الطعام فالدقيق والماء والحطب والملح والدهن فان قالت المرأة لا اطبخ ولا اخبز قال قاضيخان في
اور کپڑا اور رہنیکا گہر کہانی مین تو آٹا اور پانی اور ایندہن اور نمک اور روغن پہر اگر بی بی کہی کہ مین سالن روٹی نہین پکاتی تو قاضیخان اپنی
فتاواه لا تجبر على الطبخ والخبز بل على الرجل ان يأتيها بطعام مهيئا او يأتيها من يعمل لها عمل الطبخ والخبز هذا في القضاء و
فتاوی مین کہتی ہین سالن روٹی پکانی پر زبردستی نہین ہی مگر خاوند کا ذمہ ہی کہ پکا پکایا تیار کہانا حاضر کری یا ایسا آدمی دی کہ اوسکی لئی سالن روٹی تیار کر دیا کری
اما في الديانة فيجب عليها ان تفعل كل خدمة في داخل الدار من الطبخ والخبز وغسل الثياب وغيرها حتى لو لم تفعل شيئا
اور رہی دیانت سو عورت کو واجب ہی کہ گہر کی اندر کی تمام کاروبار سالن روٹی پکانا کپڑی دہونی وغیرہ سب کیا کری اگر کچہہ بہی نہ کیا کریگی
منها تكون اثمة وان لم تجبر عليها وان كان لها خادم يجب على زوجها نفقة خادمها ان كان الخادم يطبخ ويخبز لان نفقته
تو گنہگار ہوگی اگرچہ اوسپر کچہہ زور نہین ہی اور اگر بی بی کی پاس کوئی خادم ہو تو خاوند پر اوس خادم کا خرچ بہی واجب ہی اگر وہ خادم سالن روٹی پکاتا ہو اسلئی کہ
في مقابلة خدمته واذا لم يطبخ ولم يخبز لا يجب عليه نفقته بخلاف المرأة فان نفقتها ليست في مقابلة الخدمة بل في
اسکا خرچ بعوض خدمت کی ہی اور اگر سالن روٹی نہ پکاوی تو اوسکا خرچ واجب نہین برخلاف عورت کی کیونکہ بی بی کا خرچ کچہہ خدمت کی بدلہ نہین ہی بلکہ
مقابلة الاحتباس فقد حبست نفسها لحق زوجها فكانت نفقتها على زوجها وينبغي ان يوسع عليها في النفقة اذا وسع الله
رک رہنی کی بدلہ ہی سو وہ اپنی تئین خاوند کو دی چکی اب اوسکا خرچ خاوند کی ذمہ ہی اور لایق ہی کہ جب اللہ تعالی خاوند کو وسعت دی تو عورت کا خرچ
تعالى عليه ويعتدل فيها بلا تقتير ولا اسراف اذ قال الله تعالى كلوا واشربوا ولا تسرفوا واهم ما يجب عليه ان يطعمها من
بہی بڑہا دی اور بدون کمی زیادتی کی اعتدال پر رکہی اسلئی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہاؤ اور پیو اور مت اوڑاؤ اور ضروری خاوند پر یہہ ہی کہ اوسکو
الحلال ولا يدخل مداخل السوء لاجل نفقتها فان ذلك خيانة عليها لا رعاية لحقها وينبغي له ان يأمرها بالتصدق
حلال کہانا کہلاوی اور اوسکی خرچ کی لئی برا طریقہ یعنی چوری چکاری سا اختیار کری کیونکہ یہہ اوسکی حق تلفی ہی اوسکی حق کی رعایت نہین ہی اور خاوند کو چاہئی کہ اجازت دیدی
ببقايا الطعام وما يفسد لو ترك واما الكسوة فقدر تقديرها محمد بدرعين وخمارين وملحفة في كل سنة والمراد بالدرع
بچا کہانا اور ایسی چیز جو رکہی رکہی بگڑ جاوی خیرات کر دیا کری اور کپڑی کا اندازہ امام محمد نی یہہ کیا ہی کہ دو کرتی اور دو اوڑہنی اور ایک چادر ہر سال اور مراد کرتی

والخمار صيفيا وشتويا فالصيفي ما يكون رقيقا يصلح في زمان الحر والشتوي ما يكون ثخينا يصلح لدفع البرد ولم يذكر
اور دوپٹہ بھی گرمی جاڑے کی ہیں گرمی کا باریک ہو جو گرمیوں میں کام آوے اور جاڑے کا وہ جو گاڑھا ہو جس میں سردی دور ہو اور موزے
الخف والكعب لأن ذلك إنما يحتاج إليه للخروج وليس على الزوج تهيئة أسباب الخروج ولم يذكر السراويل ولا بد منه في الشتاء
اور جوتی کا ذکر نہیں کیا اسلئے کہ انکی حاجت باہر جانیکے لئے ہوتی ہے اور خاوند کے ذمہ نہیں ہے کہ باہر پھرنیکا سامان تیار کیا کرے اور ازار کو بھی ذکر نہیں کیا اور ازار جاڑے میں
حتى قال قاضيخان في فتاواه هذا في عرفهم وأما في ديارنا فيجب السراويل وثياب أخر كالجبة والفراش الذي تنام عليه
ضرور چاہیئے یہاں تک کہ قاضی خان نے اپنی فتاوی میں کہا ہے یہہ انکا چلن ہے اور ہمارے ملک سو ازار بھی واجب ہے اور اور کپڑے جیسے جبہ اور بچھونا جسپر سووے
واللحاف وما يدفع الحر والبرد ويجب لخادمها قميص وإزار وكساء وخف لأنها تحتاج إلى الخروج للمصالح الخارجة من الرسالة
اور لحاف اور اسی جس سے گرمی جاڑا دفع ہو اور خادم کی واسطے قمیص اور ازار اور چادر اور جوتی واجب ہے کیونکہ خادم کو باہر کی کار بار کی واسطے باہر جانے کی حاجت ہے
إلى الأبوين ونحو ذلك ولا يجب لها الخمار لأن شعرها ليس بعورة وأما السكنى فحقها في الدار بيت على حدة تأمن على متاعها
جیسے بیبی کے ماں باپ کی پاس بھیجنا اور مانند اسکی اور اسکی لئے اوڑھنی واجب نہیں ہے کیونکہ اسکی سر کے بال عورت نہیں ہیں اور رہنے کا گھر سو اسکا حق احاطہ کے اندر الگ کوٹھا ہے کہ اپنی چیز کی
ولا تستحي عن غيرها في معاشرة زوجها فإن كان للزوج أحماء من والدة أو أخت أو ولد من غيرها فقالت اجعلني في بيت على
فکر نہ ہو اور خاوند کی ساتھ رہنے میں غیر سے حیا نہ آوے پھر اگر خاوند کی اقربا ہوں بھائی بہن ہو یا اور بیبی کی اولاد ہو اور بی بی کہے مجھکو اور گھر تجویز کر دے
كان لها ذلك لأنها لا تأمن على متاعها وتستحي عن المعاشرة مع زوجها إن كان البيت في الدار واحدا وإن كان متعددا
تو بی بی کا حق ہے اسلئے کہ چیز بست کا ڈر رہتا ہے اور خاوند کی ساتھ رہنے میں حیا آتی ہے اگر وہ کوٹھا احاطہ میں ایک ہی ہووے اور اگر کئی کوٹھے ہوں
فأعطاها بيتا يغلق ويفتح لم يكن لها أن تطلب بيتا آخر إن لم يكن في الدار من أحماء الزوج من يؤذيها إلا أن يكون
اور اسکو ایسا کوٹھا حوالہ کیا جسمیں کھولنے بند کرنیکا بلا شرکت اختیار ہو تو اب اسکا حق نہیں کہ اور گھر مانگے اگر اوس احاطہ میں خاوند کی بہائی بند ستانیوالے نہوں مگر اوس صورت
الزوج يضربها ويؤذيها فشكت إلى القاضي وسئلت أن يسكنها بين قوم صالحين يعرفون إحسانه وإساءته فالقاضي
